Government of Karnataka

# سماجی سائنس

# Social Science

9

نویں جماعت کے لئے

9th Standard

حصّہ اوّل

(Part-I)

KARNATAKA TEXTBOOK SOCIETY(R.)
100 Feet Ring Road, Banashankari 3rd Stage,
Bangalore - 560 085.

©KTBS
Not to be republished

## ಮುನ್ನುಡಿ

2005ನೇ ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಪಠ್ಯಕ್ರಮದ ಆಧಾರದ ಮೇಲೆ ರಚಿತವಾದ ಕರ್ನಾಟಕ ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯವಸ್ತುವಿನ ಆಧಾರದ ಮೇಲೆ ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘವು 2010 ನೇ ಸಾಲಿನಿಂದ ಒಂದನೇ ತರಗತಿಯಿಂದ ಹತ್ತನೇ ತರಗತಿವರೆಗಿನ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ರಚನಾ ಕಾರ್ಯದಲ್ಲಿ ತೊಡಗಿದೆ. ಒಟ್ಟು 12 ಭಾಷೆಗಳಲ್ಲಿ ಭಾಷಾ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಹಾಗೂ ಕೋರ್ ವಿಷಯಗಳನ್ನು 7 ಮಾಧ್ಯಮಗಳಲ್ಲಿ ರಚನೆ ಮಾಡಲಾಗುತ್ತಿದೆ. 1 ರಿಂದ 4 ನೇ ತರಗತಿಯವರೆಗೆ ಪರಿಸರ ವಿಜ್ಞಾನ, ಗಣಿತ ಮತ್ತು 5 ರಿಂದ 10 ನೇ ತರಗತಿಯವರೆಗೆ ಕೋರ್ ವಿಷಯಗಳಾದ ಗಣಿತ, ವಿಜ್ಞಾನ ಮತ್ತು ಸಮಾಜ ವಿಜ್ಞಾನಗಳಿರುತ್ತವೆ.

**2005ರ ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಪಠ್ಯಕ್ರಮವು ಈ ಕೆಳಗಿನ ವೈಶಿಷ್ಟ್ಯಗಳನ್ನು ಹೊಂದಿದೆ.**

- ಕಲಿಕೆಯನ್ನು ಜೀವನದ ಅವಶ್ಯಕತೆಗಳೊಂದಿಗೆ ಜೋಡಿಸುವುದು
- ಕಂಠಪಾಠ ವಿಧಾನದಿಂದ ಕಲಿಕೆಯನ್ನು ಮುಕ್ತಗೊಳಿಸುವುದು
- ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಹೊರತಾಗಿ ಪಠ್ಯಕ್ರಮವನ್ನು ಶ್ರೀಮಂತಗೊಳಿಸುವುದು
- ಜ್ಞಾನದ ಅಭಿವೃದ್ಧಿಗೆ ಕಲಿಕಾ ಅನುಭವಗಳನ್ನು ಬಳಸುವುದು
- ಭಾರತದ ಪ್ರಜಾಸತ್ತಾತ್ಮಕ ನೀತಿಯನ್ವಯ ಮಕ್ಕಳ ಅವಶ್ಯಕತೆಗಳಿಗೆ ತಕ್ಕಂತೆ ಸ್ಪಂದಿಸುವುದು
- ಶಿಕ್ಷಣವನ್ನು ಇಂದಿನ ಹಾಗೂ ಭವಿಷ್ಯದ ಜೀವನಾವಶ್ಯಕತೆಗಳಿಗೆ ಹೊಂದುವಂತೆ ಮಾಡುವುದು
- ವಿಷಯಗಳ ಮೇರೆಗಳನ್ನು ಮೀರಿ ಅವುಗಳಿಗೆ ಸಮಗ್ರದೃಷ್ಟಿಯ ಬೋಧನೆಯನ್ನು ಅಳವಡಿಸುವುದು
- ಶಾಲೆಯ ಹೊರಗಿನ ಬದುಕಿಗೆ ಜ್ಞಾನ ಸಂಯೋಜನೆ
- ಮಕ್ಕಳಿಂದಲೇ ಜ್ಞಾನವನ್ನು ಅಭಿವೃದ್ಧಿ ಪಡಿಸುವುದು.

ನೂತನ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳಲ್ಲಿ ನೂತನ ವಿಧಾನಗಳಾದ ಅಂತರ್ಗತ ವಿಧಾನ (Integrated Approach), ರಚನಾತ್ಮಕ ವಿಧಾನ (Constructive Approach) ಹಾಗೂ ಸುರುಳಿಯಾಕಾರದ ವಿಧಾನ (Spiral Approach) ಗಳನ್ನು ಅಳವಡಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ವಿಷಯ ಹಾಗೂ ಅಭ್ಯಾಸಗಳು ವಿದ್ಯಾರ್ಥಿಗಳನ್ನು ಯೋಚನೆ ಮಾಡುವಂತೆ ಮಾಡಿ, ಚಟುವಟಿಕೆಗಳ ಮೂಲಕ ಜ್ಞಾನ ಹಾಗೂ ಸಾಮರ್ಥ್ಯಗಳನ್ನು ಪಡೆಯುವಂತೆ ಮಾಡುವ ಪ್ರಯತ್ನ ಮಾಡಲಾಗಿದೆ. ಪಠ್ಯವಸ್ತುಗಳೊಂದಿಗೆ ಅತ್ಯಂತ ಅವಶ್ಯಕ ಜೀವನ ಮೌಲ್ಯಗಳನ್ನು ಅಂತರ್ಗತವಾಗಿ ಬಳಸಲಾಗಿದೆ. ಈ ನೂತನ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳು ಪರೀಕ್ಷಾ ದೃಷ್ಟಿಯಿಂದ ರಚಿತವಾಗಿಲ್ಲ. ಬದಲಾಗಿ ಅವುಗಳು ವಿದ್ಯಾರ್ಥಿಗಳ ಸರ್ವಾಂಗೀಣ ವ್ಯಕ್ತಿತ್ವ ವಿಕಸನಕ್ಕೆ ಪೂರಕವಾಗಿವೆ. ತನ್ಮೂಲಕ ಅವರನ್ನು ಸ್ವತಂತ್ರ ಭಾರತದ ಸ್ವಸ್ಥಸಮಾಜದ ಉತ್ತಮ ಪ್ರಜೆಗಳನ್ನಾಗಿ ಮಾಡುವ ಪ್ರಯತ್ನ ನಡೆದಿದೆ.

5ನೇ ತರಗತಿಯ ಸಮಾಜ ವಿಜ್ಞಾನ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕದಲ್ಲಿ ಒಂದು ಹೊಸತನವನ್ನು ತರಲಾಗಿದೆ. ಕರ್ನಾಟಕದ ನಾಲ್ಕು ವಿಭಾಗಗಳಿಗೆ ಬೇರೆ ಬೇರೆ ಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ತಯಾರಿಸಲಾಗಿದೆ. ಅವುಗಳಲ್ಲಿನ ಮೊದಲ ಅಧ್ಯಾಯ ಆಯಾ ವಿಭಾಗದ ಇತಿಹಾಸ, ಭೌಗೋಳಿಕ ಲಕ್ಷಣಗಳು, ಜನಜೀವನ, ಸಂಸ್ಕೃತಿ, ಸಂಪ್ರದಾಯಗಳು ಹಾಗೂ ಆ ವಿಭಾಗದ ಜನಜೀವನವನ್ನು ಶ್ರೀಮಂತಗೊಳಿಸಿದ ವಿವಿಧ ಕ್ಷೇತ್ರಗಳಲ್ಲಿನ ಹಿರಿಯನಾಯಕರ ವಿಚಾರ ಮಾಹಿತಿ ಇತ್ಯಾದಿಗಳನ್ನು ಕೊಡಲಾಗಿದೆ. ಎನ್‌ಸಿಎಫ್ 2005 ರ ಮಾರ್ಗಸೂಚಿಯಂತೆ ಇತಿಹಾಸ, ಭೂಗೋಳ, ರಾಜ್ಯಶಾಸ್ತ್ರ, ಅರ್ಥಶಾಸ್ತ್ರ ಹಾಗೂ ವಾಣಿಜ್ಯಶಾಸ್ತ್ರಗಳ ಅಂಶಗಳನ್ನು 8 ರಿಂದ 10ನೇ ತರಗತಿಯಲ್ಲಿ ಸೇರಿಸಲಾಗಿದೆ. ಅನೇಕ ಅವಶ್ಯಕ ವಿಚಾರಗಳನ್ನು ಆವರಣಗಳಲ್ಲಿ ಕೊಡಲಾಗಿದೆ. ಮಕ್ಕಳು ಸ್ವಂತವಾಗಿ ಕಲಿಯುವುದಕ್ಕೆ ಅವಕಾಶ ಮಾಡಿಕೊಡುವ ನಿಟ್ಟಿನಲ್ಲಿ ಅನೇಕ ಪ್ರಾಜೆಕ್ಟ್‌ಗಳನ್ನು ಸೂಚಿಸಲಾಗಿದೆ. ಆದರೆ, ಕಂಠಪಾಠ ಮಾಡುವ ಅಂಶಗಳಾದ ಇಸವಿಗಳು, ಅನಾವಶ್ಯಕ ವಿಷಯಗಳನ್ನು ಕಡಿಮೆ ಮಾಡುವುದರ ಮೂಲಕ ಕಲಿಕಾ ಹೊರೆಯನ್ನು ಕಡಿಮೆ ಮಾಡಲಾಗಿದೆ.

ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘವು ಈ ಪುಸ್ತಕದ ತಯಾರಿಯಲ್ಲಿ ಸಹಕರಿಸಿದ ಸಮಿತಿಯ ಅಧ್ಯಕ್ಷ ರಿಗೆ, ಸದಸ್ಯರಿಗೆ, ಕಲಾಕಾರರಿಗೆ, ಪರಿಶೀಲಕರಿಗೆ, ಸಂಯೋಜಕ ಅಧಿಕಾರಿಗಳಿಗೆ, ಶಿಕ್ಷಣ ಮಹಾವಿದ್ಯಾಲಯಗಳ ಸಿಬ್ಬಂದಿವರ್ಗದವರಿಗೆ, ಜಿಲ್ಲಾ ತರಬೇತಿ ಸಂಸ್ಥೆಗಳು, ರಾಜ್ಯ ಮಟ್ಟದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಪಾದಕ ಮಂಡಳಿಯ ಸದಸ್ಯರಿಗೆ ಮತ್ತು ಪುಸ್ತಕವನ್ನು ಸುಂದರವಾಗಿ ಮುದ್ರಿಸಿದ ಮುದ್ರಕರಿಗೆ ತನ್ನ ಹೃತ್ಪೂರ್ವಕ ಕೃತಜ್ಞತೆಗಳನ್ನು ಸಲ್ಲಿಸುತ್ತದೆ.

**ಪ್ರೊ. ಜಿ. ಎಸ್. ಮುಡಂಬಡಿತ್ತಾಯ**
ಮುಖ್ಯ ಸಂಯೋಜಕರು
ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಪರಿಷ್ಕರಣೆ ಹಾಗೂ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ರಚನೆ
ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ, ಬೆಂಗಳೂರು

**ನಾಗೇಂದ್ರ ಕುಮಾರ್**
ವ್ಯವಸ್ಥಾಪಕ ನಿರ್ದೇಶಕರು
ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ
ಬೆಂಗಳೂರು

© KTBS Not to be republished

## ಅಧ್ಯಕ್ಷರ ನುಡಿ

ಪಠ್ಯಕ್ರಮ ಬದಲಾಗಬೇಕು ಎಂಬ ಮಾತು ಸಾರ್ವಜನಿಕರಿಂದ ಮೊದಲಿನಿಂದಲೂ ಕೇಳಿ ಬರುತ್ತಿತ್ತು. ಇದಕ್ಕೆ ಓಗೊಟ್ಟು ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗೆ ಕರ್ನಾಟಕ ಸರಕಾರ ಮುಂದಾಗಿದೆ. ಇದರ ಪರಿಣಾಮವಾಗಿ ಒಂಬತ್ತನೆಯ ತರಗತಿಯ ವಿದ್ಯಾರ್ಥಿಗಳಿಗಾಗಿ ರಚಿಸಿರುವ ಪ್ರಸ್ತುತ ಈ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕವು ಬದಲಾಗುತ್ತಿರುವ ವರ್ತಮಾನ ಸಮಾಜದ ಸನ್ನಿವೇಶಗಳಿಗೆ, ವಿದ್ಯಾರ್ಥಿಯು ತನ್ನನ್ನು ತೊಡಗಿಸಿಕೊಳ್ಳಲು ಅನುಕೂಲವಾಗುವಂತೆ ರಚಿಸಲಾಗಿದೆ. ಮೊದಲಬಾರಿಗೆ ಇತಿಹಾಸ, ರಾಜ್ಯಶಾಸ್ತ್ರ, ಭೂಗೋಳಶಾಸ್ತ್ರ ಮತ್ತು ಅರ್ಥಶಾಸ್ತ್ರಗಳೊಂದಿಗೆ ವ್ಯವಹಾರ ಅಧ್ಯಯನ ಮತ್ತು ಸಮಾಜಶಾಸ್ತ್ರ ಅಧ್ಯಯನಗಳನ್ನು ಹೊಸದಾಗಿ ಸೇರ್ಪಡೆಗೊಳಿಸಿದೆ.

ಗ್ರಾಮ ಮತ್ತು ನಗರ ಪ್ರದೇಶಗಳನ್ನು ಗಮನದಲ್ಲಿಟ್ಟುಕೊಂಡು ಅವರ ಸೃಜನಶೀಲತೆಗೆ ನಿಲುಕುವ ಹಾಗೆ ಈ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕವನ್ನು ಸರಳವಾಗಿ ಓದಿಕೊಂಡು ಹೋಗುವಂತೆ ರಚಿಸಲಾಗಿದೆ. ಈ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕದಲ್ಲಿ ಮಕ್ಕಳನ್ನು ಹೆಚ್ಚು ಹೆಚ್ಚು ಕ್ರಿಯಾಶೀಲವಾಗಿಸುವ ಚಟುವಟಿಕೆಗಳನ್ನು ಹಾಗೂ ಯೋಜನಾಕಾರ್ಯಗಳಿಗೆ ಅವಕಾಶ ಕಲ್ಪಿಸಲಾಗಿದೆ. ಇಂದಿನ ಸ್ಪರ್ಧಾತ್ಮಕ ಹಾಗೂ ಮಾಹಿತಿ ಯುಗಕ್ಕೆ ಅನುಕೂಲವಾಗುವಂತೆ ಹೆಚ್ಚಿನ ವಿಷಯಗಳನ್ನು ನೀಡಲಾಗಿದೆ. ಕ್ಲಿಷ್ಟವಾದ ಪದಗಳನ್ನು ತೆಗೆದು ಸರಳ ಶಬ್ದಗಳ ಜೋಡಣೆ, ಕಠಿಣ ಪದಗಳಿಗೆ ಅರ್ಥ, ವಿಷಯಕ್ಕನುಗುಣವಾಗಿ ಮಾತ್ರ ಇಸವಿಗಳನ್ನು ನೀಡಿದ್ದು, ಈ ಎಲ್ಲ ಉತ್ತಮ ಅಂಶಗಳನ್ನು ಅಳವಡಿಸಿಕೊಳ್ಳಲಾಗಿದೆ. ಹೀಗಿದ್ದು ನಾವು ಎಲ್ಲ ದೃಷ್ಟಿಯಿಂದ ಯಶಸ್ವಿಯಾಗಿದ್ದೇವೆಯೇ ? ಹಾಗೇನಿಲ್ಲ. 2005ನೇ ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಪಠ್ಯಕ್ರಮದ ಆಧಾರದ ನೀತಿಯ ಚೌಕಟ್ಟಿನಲ್ಲಿಯೇ ಈ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ರಚನೆಗೊಂಡಿದೆ.

ಈ ಪಠ್ಯವನ್ನು ಸದಸ್ಯರು ಯಶಸ್ವಿಯಾಗಿ ಪೂರೈಸಲು ನೆರವಾದವರು ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ರಚನಾಸಮಿತಿ ಸಂದರ್ಭಾನುಸಾರ ಸಲಹೆ ಸೂಚನೆಗಳನ್ನು ನೀಡಿದ ಪರಿಶೀಲನ ಸಮಿತಿ, ಸಂಪಾದಕ ಮಂಡಳಿ, ಅನುವಾದಕರು ಹಾಗೂ ಮುಖ್ಯ ಸಲಹೆಗಾರರಿಗೆ ನಮ್ಮ ಕೃತಜ್ಞತೆಗಳು ಸಲ್ಲುತ್ತವೆ.

ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಯೋಜನೆಯನ್ನು ಸಮರ್ಥವಾಗಿ ಹೊರತರಲು ನಿರಂತರವಾಗಿ ಶ್ರಮಿಸಿರುವ ಈ ಯೋಜನೆಯ ಮುಖ್ಯ ಸಂಯೋಜಕರಾದ ಪ್ರೊ.ಜಿ.ಎಸ್. ಮುಡಂಬಡಿತ್ತಾಯರವರಿಗೆ ಹಾಗೂ ಎಲ್ಲಾ ರೀತಿಯ ಸಹಕಾರ ನೀಡಿದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘದ ಅಧಿಕಾರಿಗಳಿಗೆ, ಪ್ರೋತ್ಸಾಹ ನೀಡಿದ ತುಮಕೂರು ವಿಶ್ವವಿದ್ಯಾನಿಲಯದ ಮಾನ್ಯ ಕುಲಪತಿಗಳು ಮತ್ತು ಕುಲಸಚಿವರಿಗೆ ನಮ್ಮ ಕೃತಜ್ಞತೆಗಳು.

**ಡಾ. ಎಂ. ಕೊಟ್ರೇಶ್**
**ಎ.ಎಸ್. ದೀಕ್ಷಿತ್**
ಅಧ್ಯಕ್ಷರು, ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ರಚನಾ ಸಮಿತಿ.

©KTBS Not to be republished

## ರಚನಾ ಸಮಿತಿ

**ಅಧ್ಯಕ್ಷರು**

**ಡಾ. ಎಂ. ಕೊಟ್ರೇಶ್,** ಸಹಪ್ರಾಧ್ಯಾಪಕರು, ಇತಿಹಾಸ ಮತ್ತು ಪುರಾತತ್ವ ಅಧ್ಯಯನ ಮತ್ತು ಸಂಶೋಧನಾ ವಿಭಾಗ, ತುಮಕೂರು ವಿಶ್ವವಿದ್ಯಾನಿಲಯ, ತುಮಕೂರು–572103.

**ಶ್ರೀ ಎ.ಎಸ್. ದೀಕ್ಷಿತ್,** ನಿವೃತ್ತ ಪ್ರಾಂಶುಪಾಲರು, ವಾಣಿ ವಿದ್ಯಾಸಂಸ್ಥೆ, ಬಸವೇಶ್ವರನಗರ, ಬೆಂಗಳೂರು–79

**ಸದಸ್ಯರು :**

**ಡಾ. ಬಸವರಾಜ ಎನ್ ಅಕ್ಕಿ,** ಸಹಪ್ರಾಧ್ಯಾಪಕರು, ಸರ್ಕಾರಿ ಪ್ರಥಮದರ್ಜೆ ಕಾಲೇಜು, ಆಳ್ನಾವರ, ಧಾರವಾಡ ತಾ॥

**ಶ್ರೀ ಎನ್. ಸತ್ಯಪ್ರಕಾಶ,** ಮುಖ್ಯಶಿಕ್ಷಕರು, ವಿದ್ಯಾವರ್ಧಕ ಸಂಘ ಪ್ರೌಢಶಾಲೆ, ರಾಜಾಜಿನಗರ ಒಂದನೇ ಬ್ಲಾಕ್, ಬೆಂಗಳೂರು – 10.

**ಶ್ರೀ ಟಿ. ನಿಂಗಯ್ಯ,** ಸಹಪ್ರಾಧ್ಯಾಪಕರು, ಸರ್ಕಾರಿ ಪ್ರಥಮ ದರ್ಜೆ ಕಾಲೇಜು, ಗುಬ್ಬಿ, ತುಮಕೂರು ಜಿಲ್ಲೆ.

**ಶ್ರೀ ಬಿ.ಕೆ. ವಾಸುಕಿ,** ಸಹಶಿಕ್ಷಕರು, ವಿವೇಕಾನಂದ ಗಿರಿಜನ ಸನಿವಾಸ ಪ್ರೌಢಶಾಲೆ, ಬಿಳಿಗಿರಿರಂಗನಬೆಟ್ಟ, ಚಾಮರಾಜನಗರ ಜಿಲ್ಲೆ.

**ಶ್ರೀ ಬಿ. ಹನುಮಂತರಾವ್,** ಉಪನ್ಯಾಸಕರು, ಸರ್ಕಾರಿ ಪದವಿಪೂರ್ವ ಕಾಲೇಜು, ಚಿಕ್ಕಬಳ್ಳಾಪುರ.

**ಶ್ರೀ ಕುಮಾರಸ್ವಾಮಿ,** ಪ್ರಾಂಶುಪಾಲರು, ವಿದ್ಯಾವಾಹಿನಿ ಪದವಿಪೂರ್ವ ಕಾಲೇಜು, ತುಮಕೂರು.

**ಶ್ರೀ ಎಸ್.ಹೆಚ್. ಕುರಕುಂದಿ,** ಚಿತ್ರಕಲಾ ಶಿಕ್ಷಕರು, ಸರ್ಕಾರಿ ಪ್ರೌಢಶಾಲೆ, ಮಾಸಣಗಿ, ಬ್ಯಾಡಗಿ ತಾ॥, ಹಾವೇರಿ ಜಿಲ್ಲೆ.

**ಪರಿಶೀಲಕರು**

**ಡಾ. ರಾಜಾರಾಂ ಹೆಗಡೆ,** ಪ್ರಾಧ್ಯಾಪಕರು, ಇತಿಹಾಸ ವಿಭಾಗ, ಕುವೆಂಪು ವಿಶ್ವವಿದ್ಯಾನಿಲಯ, ಶಂಕರಘಟ್ಟ, ಶಿವಮೊಗ್ಗ.

**ಪ್ರೊ. ಟಿ.ಡಿ. ದೇವೇಗೌಡ,** ಪ್ರಾಧ್ಯಾಪಕರು, ರಾಜ್ಯಶಾಸ್ತ್ರ ವಿಭಾಗ, ಡೀನ್ (ಅಧ್ಯಯನ ಕೇಂದ್ರಗಳು), ಕರ್ನಾಟಕ ರಾಜ್ಯ ಮುಕ್ತ ವಿಶ್ವವಿದ್ಯಾನಿಲಯ, ಮೈಸೂರು.

**ಡಾ. ಶೌಕತ್ ಅಝೀಮ್,** ಪ್ರಾಧ್ಯಾಪಕರು, ಸಮಾಜಶಾಸ್ತ್ರ ವಿಭಾಗ, ಕರ್ನಾಟಕ ವಿಶ್ವವಿದ್ಯಾನಿಲಯ, ಧಾರವಾಡ.

**ಪ್ರೊ. ಪಿ. ಮಲ್ಲಪ್ಪ,** ನಿವೃತ್ತ ಪ್ರಾಧ್ಯಾಪಕರು, ಭೂಗೋಳಶಾಸ್ತ್ರ ವಿಭಾಗ, ಜೆ.ಎಸ್.ಎಸ್. ಮಹಾವಿದ್ಯಾಲಯ, ಮೈಸೂರು.

**ಡಾ. ಎಸ್.ಆರ್. ಕೇಶವ,** ಅಧ್ಯಾಪಕರು, ಅರ್ಥಶಾಸ್ತ್ರ ವಿಭಾಗ, ಬೆಂಗಳೂರು ವಿಶ್ವವಿದ್ಯಾನಿಲಯ, ಬೆಂಗಳೂರು.

**ಡಾ. ಕೆ.ಆರ್. ಶ್ರೀಲಕ್ಷ್ಮಿ,** ಸಹಪ್ರಾಧ್ಯಾಪಕರು, ವಾಣಿಜ್ಯಶಾಸ್ತ್ರ ವಿಭಾಗ, ಸರ್ಕಾರಿ ಪ್ರಥಮದರ್ಜೆ ಕಾಲೇಜು, ಜಯನಗರ, 6ನೇ ಬ್ಲಾಕ್, ಯಡಿಯೂರು, ಬೆಂಗಳೂರು.

**ಸಂಪಾದಕ ಮಂಡಳಿ**

**ಡಾ. ಎಂ.ವಿ. ಶ್ರೀನಿವಾಸ್,** ನಿವೃತ್ತ ಪ್ರಾಧ್ಯಾಪಕರು ಇತಿಹಾಸ ವಿಭಾಗ, ಮೈಸೂರು ವಿಶ್ವವಿದ್ಯಾನಿಲಯ, ಮೈಸೂರು.

**ಡಾ. ಆರ್.ಎಲ್.ಎಂ. ಪಾಟೀಲ್,** ನಿವೃತ್ತ ಪ್ರಾಧ್ಯಾಪಕರು, ರಾಜ್ಯಶಾಸ್ತ್ರ ವಿಭಾಗ, ಬೆಂಗಳೂರು ವಿಶ್ವವಿದ್ಯಾನಿಲಯ, ಬೆಂಗಳೂರು.

**ಡಾ. ಈಶ್ವರಪ್ಪ,** ಪ್ರಾಧ್ಯಾಪಕರು, ಭೂಗೋಳಶಾಸ್ತ್ರ ವಿಭಾಗ, ಬೆಂಗಳೂರು ವಿಶ್ವವಿದ್ಯಾನಿಲಯ, ಬೆಂಗಳೂರು.

**ಅನುವಾದಕರು**

**ಶ್ರೀ ಜಿ.ಎನ್. ಕೆಂಪಯ್ಯ,** ಉಪನ್ಯಾಸಕರು, ಸರ್ಕಾರಿ ಪದವಿಪೂರ್ವ ಕಾಲೇಜು, ಮಸ್ಕಲ್, ತುಮಕೂರು ತಾಲ್ಲೂಕು.

**ಶ್ರೀ ಎ.ಎಸ್. ದೀಕ್ಷಿತ್,** ನಿವೃತ್ತ ಪ್ರಾಂಶುಪಾಲರು, ವಾಣಿ ವಿದ್ಯಾಸಂಸ್ಥೆ, ಬಸವೇಶ್ವರನಗರ, ಬೆಂಗಳೂರು.

**ಮುಖ್ಯ ಸಂಯೋಜಕರು**

**ಪ್ರೊ. ಜಿ. ಎಸ್. ಮುಡಂಬಡಿತ್ತಾಯ,** ಪಠ್ಯಕ್ರಮ ಪರಿಷ್ಕರಣೆ ಮತ್ತು ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ರಚನೆ, ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ, ಬೆಂಗಳೂರು.

**ಮುಖ್ಯಸಲಹೆಗಾರರು**

**ಶ್ರೀ ನಾಗೇಂದ್ರಕುಮಾರ್,** ವ್ಯವಸ್ಥಾಪಕ ನಿರ್ದೇಶಕರು, ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ, ಬೆಂಗಳೂರು.

**ಶ್ರೀಮತಿ ನಾಗಮಣಿ ಸಿ.,** ಉಪನಿರ್ದೇಶಕರು, ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ, ಬೆಂಗಳೂರು.

**ಕಾರ್ಯಕ್ರಮ ಸಂಯೋಜಕರು :**

**ಶ್ರೀ ಎ.ಟಿ. ರಂಗದಾಸಪ್ಪ,** ಹಿರಿಯ ಸಹಾಯಕ ನಿರ್ದೇಶಕರು, ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ, ಬೆಂಗಳೂರು.

©KTBS Not to be republished

## ಪರಿಷ್ಕರಣೆ ಕುರಿತು

ಒಂದರಿಂದ ಹತ್ತನೇ ತರಗತಿಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಬಗ್ಗೆ ಪ್ರಕಟಗೊಂಡ ಸಾರ್ವಜನಿಕ ಅಭಿಪ್ರಾಯಗಳನ್ನು ಗಮನಿಸಿ ಮಾನ್ಯ ಮುಖ್ಯಮಂತ್ರಿಯವರೂ ಅರ್ಥಸಚಿವರೂ ಆಗಿರುವ ಶ್ರೀ ಸಿದ್ದರಾಮಯ್ಯನವರು ತಮ್ಮ 2014–15 ರ ಬಜೆಟ್‌ನಲ್ಲಿ ತಜ್ಞರ ಸಮಿತಿಯನ್ನು ರಚಿಸುವ ಘೋಷಣೆ ಮಾಡಿದರು. ತಜ್ಞರು ಅನುಸರಿಸಬೇಕಾದ ಮೂಲ ಆಶಯವನ್ನು ಹೀಗೆ ಹೇಳಿದರು: "ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಸಾಮಾಜಿಕ ಸಾಮರಸ್ಯ, ನೈತಿಕಮೌಲ್ಯಗಳು, ವ್ಯಕ್ತಿತ್ವವಿಕಸನ, ವೈಜ್ಞಾನಿಕ ಮತ್ತು ವೈಚಾರಿಕ ಮನೋಭಾವ, ಜಾತ್ಯತೀತತೆ ಮತ್ತು ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಬದ್ಧತೆಗಳಿಗೆ ಅನುವಾಗುವಂತೆ ತಜ್ಞರ ಸಮಿತಿಯನ್ನು ಪುನರ್ ರಚಿಸಲಾಗುವುದು" – ಇದು ಬಜೆಟ್ ಭಾಷಣದಲ್ಲಿ ಸಾದರಪಡಿಸಿದ ಆಶಯ.

ಆನಂತರ ಶಿಕ್ಷಣ ಇಲಾಖೆಯು ಒಂದರಿಂದ ಹತ್ತನೇ ತರಗತಿಯವರೆಗಿನ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗಾಗಿ 27 ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಿ ದಿನಾಂಕ: 24.11.2014 ರಂದು ಆದೇಶ ಹೊರಡಿಸಿತು. ಈ ಸಮಿತಿಗಳು ವಿಷಯವಾರು ಮತ್ತು ತರಗತಿವಾರು ಮಾನದಂಡಕ್ಕನುಗುಣವಾಗಿ ರಚಿತವಾದವು. ವಿವಿಧ ಪಠ್ಯವಿಷಯಗಳಿಗೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದ ತಜ್ಞರು, ಅಧ್ಯಾಪಕರು ಈ ಸಮಿತಿಗಳಲ್ಲಿದ್ದಾರೆ. ಈಗಾಗಲೇ ಲಿಖಿತವಾಗಿ ಬಂದಿರುವ ಅನೇಕ ಆಕ್ಷೇಪಗಳು ಮತ್ತು ವಿಶ್ಲೇಷಣೆಗಳನ್ನು ಪರಿಶೀಲಿಸಿ, ತಪ್ಪು ಒಪ್ಪುಗಳ ಬಗ್ಗೆ ನಿರ್ಣಯಿಸಿ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವ ಹೊಣೆಹೊತ್ತ ಈ ಸಮಿತಿಗಳಿಗೆ 'ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಲ್ಲಿ ಪಠ್ಯವಸ್ತುವನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸಿ ನಂತರ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವ' ಸ್ವಾತಂತ್ರ್ಯವನ್ನು 24.11.2014ರ ಆದೇಶದಲ್ಲೇ ನೀಡಲಾಗಿತ್ತು. ಆನಂತರ 19.09.2015 ರಂದು ಹೊಸ ಆದೇಶ ಹೊರಡಿಸಿ 'ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಲ್ಲಿ ಪುನರ್ ರಚಿಸುವ' ಸ್ವಾತಂತ್ರ್ಯವನ್ನು ನೀಡಲಾಯಿತು. ಹೀಗೆ ಸಮಗ್ರ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗೊಂಡ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು 2016–17 ರ ಬದಲು 2017–18ನೇ ಶೈಕ್ಷಣಿಕ ವರ್ಷದಲ್ಲಿ ಜಾರಿಗೊಳಿಸಲಾಗುವುದೆಂದು ಇದೇ ಆದೇಶದಲ್ಲಿ ತಿಳಿಸಲಾಯಿತು.

ಅನೇಕ ವ್ಯಕ್ತಿಗಳೂ ಸಂಘಟನೆಗಳೂ ಸ್ವಯಂಪ್ರೇರಿತರಾಗಿ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಮಾಹಿತಿದೋಷ, ಆಶಯದೋಷಗಳನ್ನು ಪಟ್ಟಿಮಾಡಿ ಶಿಕ್ಷಣ ಸಚಿವರಿಗೆ, ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘಕ್ಕೆ ಕಳುಹಿಸಿದ್ದರು. ಅವುಗಳ ಪರಿಶೀಲನೆ ಮಾಡಿದ್ದಲ್ಲದೆ, ಸಮಿತಿಗಳಾಚೆಗೆ ಅನೇಕ ಸಂವಾದಗಳನ್ನು ಏರ್ಪಡಿಸಿ ವಿಚಾರ ವಿನಿಮಯ ಮಾಡಿಕೊಂಡಿದ್ದೇವೆ. ಪ್ರಾಥಮಿಕ ಮತ್ತು ಪ್ರೌಢಶಾಲಾ ಅಧ್ಯಾಪಕರ ಸಂಘಗಳ ಜೊತೆ ಚರ್ಚಿಸಿದ್ದಲ್ಲದೆ ಪ್ರಶ್ನಾವಳಿ ಸಿದ್ಧಪಡಿಸಿ ಅಧ್ಯಾಪಕರಿಗೆ ಕಳಿಸಿ ಅಭಿಪ್ರಾಯಗಳನ್ನು ಸಂಗ್ರಹಿಸಲಾಗಿದೆ. ಅಧ್ಯಾಪಕರು, ವಿಷಯ ಪರಿವೀಕ್ಷಕರು ಮತ್ತು ಡಯಟ್ ಪ್ರಾಂಶುಪಾಲರ ಪ್ರತ್ಯೇಕ ಸಭೆಗಳನ್ನು ನಡೆಸಿ ವಿಶ್ಲೇಷಣಾತ್ಮಕ ಅಭಿಮತಗಳನ್ನು ಪಡೆಯಲಾಗಿದೆ. ವಿಜ್ಞಾನ, ಸಮಾಜವಿಜ್ಞಾನ, ಗಣಿತ, ಭಾಷೆ ಸಾಹಿತ್ಯಗಳಿಗೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದ ತಜ್ಞರಿಗೆ ಮೊದಲೇ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಕಳುಹಿಸಿ ಆನಂತರ ಸಭೆ ನಡೆಸಿ ಚರ್ಚಿಸಲಾಗಿದೆ. ಮಹಿಳಾ ಸಂಘಟನೆ ಹಾಗೂ ವಿಜ್ಞಾನ ಸಂಬಂಧಿ ಸಂಸ್ಥೆಗಳನ್ನು ಆಹ್ವಾನಿಸಿ ಚಿಂತನೆ ನಡೆಸಲಾಗಿದೆ. ಹೀಗೆ ಎಲ್ಲಾ ಮೂಲಗಳಿಂದ ಪಡೆದ ಅರಿವಿನ ಆಧಾರದ ಮೇಲೆ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಕಡೆ ಪರಿಷ್ಕರಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಬಹುಮುಖ್ಯವಾದ ಇನ್ನೊಂದು ಸಂಗತಿಯನ್ನು ಇಲ್ಲಿ ಹೇಳಬೇಕು. ಕೇಂದ್ರೀಯ ಶಾಲಾ (NCERT) ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಜೊತೆ ರಾಜ್ಯದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ತೌಲನಿಕವಾಗಿ ಅಧ್ಯಯನ ಮಾಡಿ ಸಲಹೆಗಳನ್ನು ನೀಡಲು ವಿಜ್ಞಾನ, ಗಣಿತ ಮತ್ತು ಸಮಾಜ ವಿಜ್ಞಾನಕ್ಕೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದಂತೆ ತಜ್ಞರ ಮೂರು ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಲಾಯಿತು. ಈ ಸಮಿತಿಗಳು ನೀಡಿದ ತೌಲನಿಕ ವಿಶ್ಲೇಷಣೆ ಮತ್ತು ಸಲಹೆಗಳನ್ನು ಆಧರಿಸಿ ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಗುಣಮಟ್ಟವನ್ನು ಹೆಚ್ಚಿಸಲಾಗಿದೆ. ಕೇಂದ್ರೀಯ ಶಾಲಾ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳಿಗಿಂತ ನಮ್ಮ ರಾಜ್ಯದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಗುಣಮಟ್ಟ ಕಡಿಮೆಯಾಗದಂತೆ ಕಾಯ್ದುಕೊಳ್ಳಲಾಗಿದೆ. ಜೊತೆಗೆ ಆಂಧ್ರ, ತಮಿಳುನಾಡು, ಮಹಾರಾಷ್ಟ್ರಗಳ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಜೊತೆ ನಮ್ಮ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಶೀಲಿಸಲಾಗಿದೆ.

©KTBS Not to be republished

ಇನ್ನೊಂದು ಸ್ಪಷ್ಟನೆಯನ್ನು ನೀಡಲು ಬಯಸುತ್ತೇನೆ. ನಮ್ಮ ಸಮಿತಿಗಳು ಮಾಡಿರುವುದು ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯೇ ಹೊರತು ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಸಮಗ್ರ ರಚನೆಯಲ್ಲ. ಆದ್ದರಿಂದ ಈಗಾಗಲೇ ರಚಿತವಾಗಿರುವ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಸ್ವರೂಪಕ್ಕೆ ಎಲ್ಲಿಯೂ ಧಕ್ಕೆಯುಂಟುಮಾಡಿಲ್ಲ. ಲಿಂಗತ್ವ ಸಮಾನತೆ, ಪ್ರಾದೇಶಿಕ ಪ್ರಾತಿನಿಧ್ಯ, ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಸಮಗ್ರತೆ, ಸಮಾನತೆ, ಸಾಮಾಜಿಕ ಸಾಮರಸ್ಯಗಳ ಹಿನ್ನೆಲೆಯಲ್ಲಿ ಕೆಲವು ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗಳು ನಡೆದಿವೆ. ಹೀಗೆ ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವಾಗ ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ ಚೌಕಟ್ಟು ಮತ್ತು ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ ಚೌಕಟ್ಟುಗಳನ್ನು ಮೀರಿಲ್ಲವೆಂದು ತಿಳಿಸಬಯಸುತ್ತೇನೆ: ಜೊತೆಗೆ ನಮ್ಮ ಸಂವಿಧಾನದ ಆಶಯಗಳನ್ನು ಅನುಸರಿಸಲಾಗಿದೆ. ಸಮಿತಿಗಳು ಮಾಡಿದ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯನ್ನು ಮತ್ತೊಮ್ಮೆ ಪರಿಶೀಲಿಸಲು ವಿಷಯವಾರು ಉನ್ನತ ಪರಿಶೀಲನ ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಿ ಅಭಿಪ್ರಾಯಪಡೆದು ಅಳವಡಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಹೀಗೆ ಕ್ರಮಬದ್ಧವಾಗಿ ನಡೆದ ಕೆಲಸಕ್ಕೆ ತಮ್ಮನ್ನು ತಾವು ಸಂಪೂರ್ಣ ತೊಡಗಿಸಿಕೊಂಡ 27 ಸಮಿತಿಗಳ ಅಧ್ಯಕ್ಷರು ಮತ್ತು ಸದಸ್ಯರನ್ನು ಹಾಗೂ ಉನ್ನತ ಪರಿಶೀಲನಾ ಸಮಿತಿಯ ಸಮಸ್ತರನ್ನು ಮತ್ತು ಪರಿಷ್ಕೃತ ಪಾಠಗಳ ರಚನೆ ಮಾಡಿದ ತಜ್ಞರನ್ನು ಕೃತಜ್ಞತೆಯಿಂದ ನೆನೆಯುತ್ತೇವೆ. ಅಂತೆಯೇ ಸಮಿತಿಗಳ ಕೆಲಸ ಸುಗಮವಾಗಿ ನಡೆಯುವಂತೆ ವ್ಯವಸ್ಥೆಮಾಡಲು ಕಾರ್ಯಕ್ರಮ ಅಧಿಕಾರಿಗಳಾಗಿ ನಿಷ್ಠೆಯಿಂದ ದುಡಿದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘದ ಎಲ್ಲಾ ಅಧಿಕಾರಿಗಳನ್ನೂ ನೆನೆಯುತ್ತೇವೆ. ಸಹಕರಿಸಿದ ಸಿಬ್ಬಂದಿಗೂ ನಮ್ಮ ವಂದನೆಗಳು. ಅಭಿಪ್ರಾಯ ನೀಡಿ ಸಹಕರಿಸಿದ ಸರ್ವ ಸಂಘಟನೆಗಳು ಮತ್ತು ತಜ್ಞರಿಗೆ ಧನ್ಯವಾದಗಳು.

**ನರಸಿಂಹಯ್ಯ**
ವ್ಯವಸ್ಥಾಪಕ ನಿರ್ದೇಶಕರು
ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ (ರಿ)
ಬೆಂಗಳೂರು-85

**ಪ್ರೊ. ಬರಗೂರು ರಾಮಚಂದ್ರಪ್ಪ**
ಸರ್ವಾಧ್ಯಕ್ಷರು
ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಪರಿಷ್ಕರಣ ಸಮಿತಿ
ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ (ರಿ)
ಬೆಂಗಳೂರು-85

©KTBS Not to be republished

# ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಪರಿಷ್ಕರಣ ಸಮಿತಿ

**ಸರ್ವಾಧ್ಯಕ್ಷರು**

**ಪ್ರೊ. ಬರಗೂರು ರಾಮಚಂದ್ರಪ್ಪ,** ಅಧ್ಯಕ್ಷರು, ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಪರಿಷ್ಕರಣ ಸಮಿತಿ, ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ, ಬೆಂಗಳೂರು.

**ಅಧ್ಯಕ್ಷರು**

**ಡಾ. ಅಶ್ವತ್ಥ ನಾರಾಯಣ,** ಪ್ರಾಧ್ಯಾಪಕರು, ಇತಿಹಾಸ ವಿಭಾಗ, ಮೈಸೂರು ವಿಶ್ವವಿದ್ಯಾನಿಲಯ, ಮಾನಸ ಗಂಗೋತ್ರಿ ಮೈಸೂರು.

**ಸದಸ್ಯರು**

**ಡಾ. ಅಶ್ವತ್ಥ ನಾರಾಯಣ,** ಪ್ರಾಧ್ಯಾಪಕರು, ಇತಿಹಾಸ ವಿಭಾಗ, ಬೆಂಗಳೂರು ವಿಶ್ವವಿದ್ಯಾನಿಲಯ, ಬೆಂಗಳೂರು.

**ಡಾ. ಜೆ. ಸೋಮಶೇಖರ್,** ಪ್ರಾಧ್ಯಾಪಕರು, ರಾಜ್ಯಶಾಸ್ತ್ರ ವಿಭಾಗ, ವಿಜಯನಗರ ಶ್ರೀ ಕೃಷ್ಣದೇವರಾಯ ವಿಶ್ವವಿದ್ಯಾನಿಲಯ, ಬಳ್ಳಾರಿ.

**ಡಾ. ಎಚ್.ಡಿ. ಪ್ರಶಾಂತ್,** ಪ್ರಾಧ್ಯಾಪಕರು, ಅಭಿವೃದ್ಧಿ ಅಧ್ಯಯನ ವಿಭಾಗ, ಕನ್ನಡ ವಿಶ್ವವಿದ್ಯಾಲಯ, ಹಂಪಿ, ವಿದ್ಯಾರಣ್ಯ.

**ಪ್ರೊ. ಎಸ್.ಟಿ. ಬಾಗಲಕೋಟಿ,** ಪ್ರಾಧ್ಯಾಪಕರು, ಅರ್ಥಶಾಸ್ತ್ರ ವಿಭಾಗ, ಕರ್ನಾಟಕ ವಿಶ್ವವಿದ್ಯಾಲಯ, ಧಾರವಾಡ.

**ಪ್ರೊ. ಪಿ ಮಲ್ಲಪ್ಪ,** ನಿವೃತ್ತ ಪ್ರಾಧ್ಯಾಪಕರು, ಭೂಗೋಳಶಾಸ್ತ್ರ ವಿಭಾಗ, ಜೆ.ಎಸ್.ಎಸ್. ಮಹಾವಿದ್ಯಾಲಯ, ಮೈಸೂರು.

**ಡಾ. ಬಿ. ಶೇಖರ್,** ಪ್ರಾಧ್ಯಾಪಕರು, ವಾಣಿಜ್ಯಶಾಸ್ತ್ರ ವಿಭಾಗ, ತುಮಕೂರು ವಿಶ್ವವಿದ್ಯಾನಿಲಯ, ತುಮಕೂರು.

**ಶ್ರೀ. ಎ.ಎಸ್. ದೀಕ್ಷಿತ್,** ನಿವೃತ್ತ ಪ್ರಾಂಶುಪಾಲರು, ವಾಣಿ ವಿದ್ಯಾಸಂಸ್ಥೆ, ಬಸವೇಶ್ವರನಗರ, ಬೆಂಗಳೂರು.

**ಶ್ರೀ. ಈರಣ್ಣ. ಎಂ. ಅಂಬಿ,** ಸಹ ಶಿಕ್ಷಕರು, ಸರ್ಕಾರಿ ಪ್ರೌಢಶಾಲೆ, ತಡಕೊಡು, ಧಾರವಾಡ ತಾ. ಮತ್ತು ಜಿಲ್ಲೆ.

**ಶ್ರೀ. ಡಿ.ಎನ್. ವೆಂಕಟೇಶ್,** ಚಿತ್ರಕಲಾ ಶಿಕ್ಷಕರು, ಸರ್ಕಾರಿ ಪ್ರೌಢಶಾಲೆ, ಉರಮಾರಕಸಲಗೆರೆ, ಮಂಡ್ಯ ತಾ. ಮತ್ತು ಜಿಲ್ಲೆ.

**ಉನ್ನತ ಪರಿಶೀಲನಾ ಸಮಿತಿ**

**ಶ್ರೀ. ಅಶೋಕ ಶೆಟ್ಟರ್,** ಸಹ ಪ್ರಾಧ್ಯಾಪಕರು, ಇತಿಹಾಸ ಮತ್ತು ಪ್ರಾಕ್ತನಶಾಸ್ತ್ರ ವಿಭಾಗ, ಕರ್ನಾಟಕ ವಿಶ್ವವಿದ್ಯಾಲಯ, ಧಾರವಾಡ.

**ಡಾ. ಎಂ.ಎಸ್. ತಳವಾರ್,** ನಿವೃತ್ತ ಪ್ರಾಧ್ಯಾಪಕರು, ಶಿಕ್ಷಣ ವಿಭಾಗ, ಬೆಂಗಳೂರು ವಿಶ್ವವಿದ್ಯಾನಿಲಯ, ಬೆಂಗಳೂರು.

**ಡಾ. ದಶರಥ್ ನಾಯಕ್,** ಪ್ರಾಧ್ಯಾಪಕರು, ಅರ್ಥಶಾಸ್ತ್ರ ವಿಭಾಗ, ಗುಲ್ಬರ್ಗಾ ವಿಶ್ವವಿದ್ಯಾನಿಲಯ, ಕಲಬುರಗಿ.

**ಡಾ. ಹಸೀನ್ ತಾಜ್,** ಪ್ರಾಧ್ಯಾಪಕರು, ಶಿಕ್ಷಣ ವಿಭಾಗ, ಬೆಂಗಳೂರು ವಿಶ್ವವಿದ್ಯಾನಿಲಯ, ಬೆಂಗಳೂರು.

**ಅನುವಾದಕರು**

**ಮಕ್ಸುದ್ ಹುಸೇನ್ ಎ ಖಾಜಿ,** ಸ.ಶಿ. ಅಂಜುಮಾನ್ ಬಾಲಕರ ಪೌಢಶಾಲೆ, ನೌನಗರ, ಬಾಗಲಕೋಟೆ.

**ಮಹಮ್ಮದ್ ಸಿರಾಜುದ್ದೀನ್,** ಸ.ಶಿ. ಸರ್ಕಾರಿ ಬಾಲಕರ ಪದವಿ ಪೂರ್ವ ಕಾಲೇಜು (ಪ್ರೌಢಶಾಲಾ ವಿಭಾಗ) ಕೋಲಾರ

**ಅನ್ವರುಲ್ ಹಸನ್,** ಸ.ಶಿ. ಸರ್ಕಾರಿ ಬಾಲಕಿಯರ ಪದವಿ ಪೂರ್ವ ಕಾಲೇಜು (ಪ್ರೌಢಶಾಲಾ ವಿಭಾಗ) ಮುಳಬಾಗಿಲು

**ಸಲಹೆಗಾರರು**

**ಶ್ರೀ. ನರಸಿಂಹಯ್ಯ,** ವ್ಯವಸ್ಥಾಪಕ ನಿರ್ದೇಶಕರು, ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ, ಬೆಂಗಳೂರು.

**ಶ್ರೀಮತಿ. ನಾಗಮಣಿ ಸಿ.,** ಉಪನಿರ್ದೇಶಕರು, ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ, ಬೆಂಗಳೂರು.

**ಕಾರ್ಯಕ್ರಮ ಸಂಯೋಜಕರು**

**ಶ್ರೀ. ಸಿದ್ದಯ್ಯ ಟಿ.ಜಿ,** ಹಿರಿಯ ಸಹಾಯಕ ನಿರ್ದೇಶಕರು, ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ, ಬೆಂಗಳೂರು.

© KTBS Not to be republished

# فہرست ابواب


| نمبر شمارہ | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | **تاریخ** | |
| 1 | عیسائیت اور مذہب اسلام | 1 |
| 2 | عہد وسطیٰ کا ہندوستان اور سیاسی صورت حال | 8 |
| 3 | ہندوستان کے مذہبی مصلحین | 22 |
| 4 | وجیانگر اور بہمنی سلطنتیں | 28 |
| | **علمِ سیاسیات Political Science** | |
| | ہمارا دستور | 46 |
| | مرکزی حکومت | 59 |
| | ریاستی حکومت | 72 |
| | **سماجیات Sociology** | |
| 1 | خاندان | 80 |
| 2 | سماجیت | 87 |
| | **جغرافیہ** | |
| 1 | ہماری ریاست کرناٹک | 92 |
| 2 | طبعی حصے | 96 |
| 3 | کرناٹک کی آب وہوا مٹی جنگلات اور حیوانات | 101 |
| 4 | کرناٹک کے آبی وسائل | 110 |
| 5 | کرناٹک کی زمینی وسائل | 116 |
| | **معاشیات** | |
| 1 | قدرتی وسائل | 127 |
| 2 | بھارت کے انسانی وسائل | 138 |
| | **تجارتی تعلیم** | |
| 1 | تجارتی انتظامیہ | 147 |


کمپوزینگ: سید نصیرالدین اسحاقی

©KTBS Not to be republished

# تاریخ

## باب:1

# عیسائیت اور مذہب اسلام

اس باب میں درج ذیل نکات معلوم کرلیں گے۔

- عیسائیت اور مذہب اسلام کا جنم
- عیسیٰ مسیح اور حضرت محمدؐ کے حالاتِ زندگی اور تعلیمات
- عیسائیت اور اسلام مذاہب کی اشاعت اور ان کے عطیہ جات
- عیسائیت اور اسلام مذاہب میں فرقے۔

زمانہ قدیم سے کئی مذاہب کی تشکیل اور آغاز کو تاریخ عالم میں دیکھا گیا ہے۔ان میں بدھ،جین ، ہندوا اور دیگر مذاہب قبل مسیح عیسوی میں تشکیل پا کر دنیا کے متعدد مما لک میں اشاعت پائے۔عیسائیت اور اسلام مذاہب سن عیسوی کی پہلی صدی اور اسکے بعد تشکیل پا کر آج دنیا کے اہم مذاہب کی حیثیت حاصل کر چکے ہیں۔ان مذاہب کو سامی (وسطی ایشیاء کی نسل کے لوگوں کو سامی نسل قرار دیا جاتا ہے) مذاہب قرار دیا گیا ہے۔یہ دونوں مذاہب وسطی ایشیاء میں پیدا ہوکر دنیا کے مختلف مما لک میں اشاعت پا چکے ہیں۔

### عیسائیت (عیسائی مذہب):

عیسائی مذہب کا جنم پہلی صدی عیسوی کے آغاز میں رومی حکومت کے صوبۂ فلسطین کے نزراتھ نامی مقام میں ہوا۔حضرت عیسیٰؑ اسکے بانی ہیں۔عیسائی مذہب کی تشکیل سے قبل صوبۂ فلسطین کے یہودی قوم کے لوگ کئی ضعیف الاعتقادات اور رومی حکومت کے مظالم تھے تب حضرت عیسیٰؑ نے جنم لیا اور عیسائیت کی تشکیل ہوئی۔

©KTBS Not to be republished

# حضرت عیسیٰؑ کے حالاتِ زندگی اور تعلیمات:


حضرت عیسیٰ

حضرت عیسیٰؑ کے بچپن سے متعلق کوئی تفصیل نہیں ملتی۔ حضرت عیسیٰ کی پیدائش پہلی عیسوی صدی میں یروشلم سے قریب بیت اللحم مقام پر ایک غریب گھرانے میں ہوئی۔ آپ یوسف اور مریم کی اکلوتی اولاد تھے۔ آپ کو بچپن میں منظم تعلیمی سہولیات میسر نہ آئیں پھر بھی اپنی قوتِ فہم اور سمجھ بوجھ سے مذہبی علوم پر عبور حاصل کیا اور یہودیت کی مذہبی کتب اور فلسفوں کی وضاحت کر کے حیرت میں ڈال دیا۔

حضرت عیسیٰ 30 سال کی عمر میں جان بپاپٹسٹ نامی شخص سے بے حد متاثر ہوئے اور ان سے استفادہ کیا۔ مصائب کے شکار لوگوں کو خدا شناسی کی تعلیم دی اور انہیں قلبی سکون فراہم کیا۔ لہٰذا لوگوں نے انہیں ''مسیحا'' یا ''عظیم محافظ'' قرار دیا۔ دن بہ دن حضرت عیسیٰ کا طرزِ عمل اور رحم دلی نے لوگوں کو اپنی طرف مائل کیا اور آپ کو شہرت حاصل ہوئی۔ بتدریج لوگوں نے انہیں دیوتا ماننا شروع کر دیا۔ یہودی فرقے نے اس کی مخالفت کی اور رومی شہنشاہ سے آپ کے خلاف شکایت کی اور بغاوت کا الزام لگایا مقدمہ کے بعد ''گول گوتھا'' نامی پہاڑ پر جمعہ کے دن حضرت عیسیٰؑ کو صلیب پر لٹکا دیا گیا۔ اس دن کو عیسائی مذہب کے لوگ ''گوڈ فرائی ڈے'' کے طور پر مناتے ہیں۔

## تعلیمات:

حضرت عیسیٰؑ نے 30 سال سے 33 سال کی عمر تک فلسطین صوبہ کے مختلف مقامات کا دورہ کر کے خدا کے بارے میں لوگوں کو سہل اور آسان طریقے سے تعلیم دی۔ ان تعلیمات کے ذریعہ انسانی سماج کو امن اور رحم دلی کی بنا دیں عطا کیں۔ آپ کی تعلیمات حسب ذیل ہیں۔

1) خدا ایک ہے اور خدا سارے مخلوقات کا باپ ہے۔
2) تمام انسانوں میں بھائی چارگی کے جذبات ہونے چاہیں۔
3) مصیبت زدہ لوگوں سے پیار کرنا خدا سے محبت کرنے کے برابر ہے۔
4) لوگوں سے کسی توقع اور امید کے بغیر بے لوث خدمت کرنا چاہیئے۔

©KTBS Not to be republished

5) انسان کی خدمت خدا کی خدمت کے برابر ہے۔

6) انسان اگر اپنی غلطیوں کا اعتراف کرے تو خدا اس کو معافی عطا کرتا ہے۔

7) تم اپنے دشمن سے محبت کرو اور اپنے بدخواہوں کے ساتھ خیر خواہی کا معاملہ کرو۔

## عیسائی مذہب کی تبلیغ و اشاعت:

حضرت عیسیٰؑ نے اپنے اصولوں کو دنیا کے ہر حصّے میں پہنچانے اور ان کے ذریعہ مصائب کے شکار لوگوں کی حفاظت کرنے کی ذمہ داری اپنے 12 حواریوں کو سونپ دی تھی۔ ان میں سنت پیٹر کافی اہم تھا وہ روم پہنچ کر وہاں ایک چرچ قائم کیا اور عالمی سطح پر مبلغین کو روانہ کر کے عیسائی مذہب کی تبلیغ و اشاعت کا آغاز کیا۔ یہ چرچ (گرجا گھر) آج ساری دنیا میں کیتھولک عیسائیوں کا اہم مرکز ہے۔

ابتداء میں رومی شہنشاہوں نے عیسائیت کی تبلیغ پر کوئی پابندی عائد نہیں کی تو رومی سلطنت میں بڑی تیزی سے عیسائیت کی اشاعت ہوئی۔ لیکن پہلی صدی کے بعد بتدریج رومی شہنشاہ مبلغوں پر ظلم و تشدد کر کے مذہبی تبلیغ میں رکاوٹیں پیدا کیں۔ ان باتوں پر توجہ نہ کرتے ہوئے مبلغین نے اپنا کام جاری رکھا۔ بعد ازیں چوتھی صدی میں کانستان ٹائن نامی بادشاہ نے اقتدار حاصل کیا اور 313ء میں عیسائیت کو قومی مذہب کے طور پر قبولیت عطا کی۔ اس کے بعد عیسائیت کو شاہی لپت پناہی ملی اور یہ مذہب روم، یونان، مقدونیہ اور ایشیاء میں پھیلنا شروع ہو گیا۔ رومی گرجا گھر اور مذہبی مبلغین کے ذریعہ تبدیلیٔ مذہب سے عیسائیت کی اعلیٰ پیمانے پر اشاعت ہوئی۔

## عیسائی مذہب کے عطیہ جات:

1) عیسائی مذہب نے دنیا کو بھائی چارے اور امن کے اصول دیے۔

2) گرجا گھر اور چند مبلغین نے تعلیمی مراکز قائم کر کے تعلیم کی ترقی کے ضامن بنے

3) عیسائی مذہب نے فن تعمیر میں 'گوتھک' جیسے نئے طرز کو متعارف کیا۔

4) عیسائی مذہبی مبلغین نے عالمی سطح پر طبی خدمات کی توسیع کی۔

5) عورتوں اور کمزور طبقات کو تعلیم سے آراستہ کرنے سے سماج میں معیاری تبدیلیاں رونما ہوئیں۔

## عیسائی مذہب میں فرقہ بندی:

عیسائیت 16 ویں صدی عیسوی تک رومن کیتھولک کی گرفت میں رہی اس کے بعد چند اسباب کی بناء پر اس

©KTBS Not to be republished


میں انتشار پیدا ہوا۔لوگ بتدریج عیسائی تعلیمات سے دور ہوتے گئے۔گرجا گھروں میں پادری اورزمین داروں کی سرکشی بڑھنے لگی اور مذہب لوگوں کی مخالفت کا نشانہ بن گیا۔اس پس منظر میں جرمنی میں مارٹن لوتھر کی قیادت میں ایکاصلاحی تحریک شروع ہوئی۔اس طرح اورنتیجتاً ''پروٹسٹنٹ'' نامی فرقہ کی تشکیل ہوئی۔اس طرح عیسائی مذہب دو فرقوں میں تقسیم ہوگیا۔وہ ہیں۔

(1) کیتھولک (2) پروٹسٹنٹ

یوروپی سامراجی طاقتور نے جغرافیائی دریافتیں کر کے نئے براعظموں میں اپنے قدم جمائے اور بتدریخ سیاسی طاقت بن کرابھرے۔یہ ارتقاء ہندوستان کے ساتھ ساتھ کئی مما لک میں عیسائی مذہب کے تیزی کے ساتھ پھلنے پھولنے کی وجہ بنی۔

**آپ کومعلوم رہے!** بائبل یاانجیل عیسائیوں کی مقدس کتاب ہے۔اس کے دو حصے ہیں اولڈٹسٹمنٹ (پرانا عہد نامہ) نیوٹسٹمنٹ (نیاعہد نامہ) اس کتاب کی پہلے عبرانی زبان میں تخلیق ہوئی بعدازیں جسمیں اول کے دور حکومت میں اس کا انگریزی میں ترجمہ کیا گیا۔پہلے حصے میں یہودیوں کے مذہبی اعتقادات کی تفصیلات ہیں اوردوسرے حصے میں حضرت عیسیٰؑ کی حیات وتعلیمات کا ذکر موجود ہے۔یہ کتاب دنیا کی ان کتابوں میں شامل ہے جن کا زائدازز بانوں میں ترجمہ کیا گیا ہے۔

## مذہب اسلام:


مکہ معظّمہ

مذہب اسلام کی ابتداء ملک عرب میں ہوئی۔یہ مغربی ایشیاء کا جزیرہ نما ہے۔یہ علاقہ ایک ریگستان ہے اورزراعت کے قابل نہیں ہےاس لیے اہلِ عرب خانہ بدوش کےطور پر رہنے لگے اورجس مقام پرزرخیز زمین اور پانی دستیاب ہو وہاں بسیرا کرنے لگے۔مکہ اور مدینہ شہراسی طرح بسے ہوئے شہر ہیں۔

ابتداء میں اہلِ عرب کئی بتوں کو پوجتے تھے۔پتھر،درخت ،پانی کا چشمہ وغیرہ کوسمجھ کرعبادت کرتے تھے۔ان میں کعبہ اوراس میں موجودہ 360بتوں کی پوجا کرتے تھےاوران دنوں یہ اہل عرب کا سب سے اہم مذہبی مرکز مقام ہوا کرتا تھا۔

**آپ کو معلوم رہے۔** کعبہ۔ یہ مکہ میں موجود ہے اور مسلمانوں کا مقدس مقام ہے۔ مسلمان ہر روز کعبہ رخ ہو کر نماز پڑھتے ہیں اور کعبہ کے سفر کو 'حج' کہا جاتا ہے۔

## حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے حالات زندگی:

بانی اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم 570ء میں مکہ معظّمہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والدین حضرت عبداللہ اور حضرت بی بی آمنہ رضی اللہ عنہا تھیں۔ کم سنی ہی میں آپ کے والدین کا سایہ سر سے اٹھ گیا تو آپ کے چچا کی سرپرستی میں پرورش پائی۔ ابتداء میں آپ بھیڑ بکریاں چراتے تھے۔ اور پھر اپنے چچا کے ہمراہ مکہ اور ملک شام تجارت کے غرض سے جایا کرتے تھے۔ اس دوران آپ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے متعارف ہوئے جو ایک بیوہ تھیں اور ان سے نکاح کیا۔ آپ کے دو بیٹے اور چار بیٹیاں ہوئیں۔ کپڑے کی تجارت کے غرض سے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے کئی مقامات کا سفر کیا تو وہاں انہیں عیسائیت اور یہودیت کو سمجھنے کا موقع ملا۔ مکہ سے قریب غار حرا میں آپ عبادت کیا کرتے تھے۔ آپ کی صداقت اور اصولوں سے لوگ متاثر ہو کر جوق در جوق مائل بہ اسلام ہوئے۔ اکثر آپ اپنے صحابہ کرام سے مخاطب ہو کر درس دیا کرتے تھے اور آپ جو بھی کہتے تھے وہ اللہ کا پیغام ہوتا اور اسکو ذخیرہ کر لیا جاتا قرآن شریف اسلام کی مقدس کتاب ہے۔

پیغمبر اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مکہ معظّمہ سے اسلام کی تبلیغ و اشاعت کا آغاز کیا۔ آپ نے جب کفر اور شرک کی مخالفت کی تو مکہ کے لوگوں نے آپ پر کئی ظلم ڈھائے اور حتی کہ آپ کی جان لینے کی سازش کی۔ لہٰذا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم 622ء میں مکہ سے مدینہ منورہ چلے گئے۔ اس واقعہ کو ہجرت کہا جاتا ہے اور یہیں سے مسلمانوں کا سنِ ہجری یا اسلامی سال کا آغاز ہوتا ہے۔ (مسلمانوں کا قمری کیلنڈر بھی اس پر انحصار کر کے تشکیل کیا گیا ہے)۔

مدینے کے لوگوں نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا استقبال کیا اور انکی تعلیمات پر عمل کرنے کا عزم کیا۔ آٹھ سال کے بعد مکّہ اور مدینے کے درمیان جنگیں ہوئیں۔ مدینے کے لوگوں نے مکہ کے لوگوں کو شکست دے دی تب پیغمبر محمد صلی اللہ علیہ وسلم مکہ معظّمہ داخل ہوئے اس کے بعد مکّہ کے لوگوں نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے تعلیمات اور انکے اصولوں کو مان کر اور ان پر عمل پیرائی کرنے لگے۔ اس طرح سے پیغمبر محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اصول اور مذہب اسلام سارے عرب میں پھیلنے لگا۔ اور 632 سن عیسوی میں حضور محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ظاہری وصال ہوا۔

## مذہب اسلام کی تعلیمات:

اسلام سے مراد واحد خدا کی عبادت کرنا اور مسلم سے مراد اللہ کا معتقد ہے۔ دین اسلام کی تعلیمات حسبِ ذیل ہیں۔

1) اللہ کی عبادت درکار ہے۔ اللہ واحد ہے اور وہی عبادت کے لائق ہے۔

©KTBS
Not to be republished

2) سچائی اور ایمان داری کے ساتھ زندگی بسر کرنا اور بری عادتوں سے دور رہنا چاہیئے۔
3) کمزوروں پر رحم دلی اور عورتوں کا احترام کرنا چاہیئے۔

**مذہب اسلام کے فرائض پانچ ہیں اور وہ ہیں:**

1) **کلمہ**: صرف اللہ ہی عبادت کے لائق ہے اور حضرت **محمد** ﷺ اس کے رسول ہیں۔

2) **نماز**: ہر دن پانچ وقت اللہ کی عبادت کرنا چاہیئے اور قبلہ رُخ ہو کر نماز ادا کرنا چاہیئے۔

3) **روزہ**: ماہ رمضان کے روزے رکھنا۔

4) **زکوۃ**: اپنی آمدنی اور مال میں سے اپنی آمدنی اور وسائل سے متعین کردہ حصہ غریبوں میں زکوۃ کی شکل ہیں۔

5) **حج**: زندگی میں کم از کم ایک دفعہ حج کرنا ضروری ہے۔ (اگر صاحبِ وسائل ہو تو)

**مذہب اسلام کی تبلیغ و اشاعت:**

حضرت **محمد** ﷺ کے ظاہری وصال کے بعد خلفاء نے دین کی تبلیغ و اشاعت کی ذمہ داری اپنے سر لی۔ انہیں پیغمبر کے خلیفہ کہا جاتا ہے۔ خلفاء کرامؓ کی ایماندارانہ کوششوں سے مذہب اسلام صرف ایک ہی صدی میں مغرب میں اسپین سے لے کر مشرق میں ہندوستان تک پہنچ گیا۔ اس کی وجہ مندرجہ ذیل نکات ہیں۔

1) مذہب اسلام کی سادگی کا مذہب ہے۔
2) خلفاء اور صحابہ کرامؓ کی اشاعتی سرگرمیاں
3) مسلمانوں کا عقیدتمندوں کا یقین اور ایمان بھی ایک سبب ہے۔
4) حکمرانوں کی مذہب میں دلچسپی
5) موافق سیاسی حالات

**مذہبِ اسلام کے عطیہ جات اور دین:**

1) خسرہ اور دیگر بیماریوں کے لیے ادویات کی تیاری اور طبی کتابوں کی تخلیق کی ہے۔
2) سائنس اور علم ریاضی میں نئی تحقیقات کا ہونا
3) جغرافیہ اور فلکیات جیسے علوم سے دنیا کو متعارف کرایا۔
4) فن اور فن تعمیر کے ضمن میں اسلام کی دین بہت اہمیت رکھتی ہے۔ اسلامی فن تعمیر جیسے رومن بائجانٹیان اور ایرانی طرز تعمیر کا اطلاق دنیا کی بہت ساری اور اہم تعمیرات میں نظر آتا ہے۔

©KTBS Not to be republished

فرقے : دیگر مذاہب کی طرح اسلام میں بھی فرقے موجود ہیں۔ان میں شیعہ اور سنّی اہم ہیں۔حضرت محمد ﷺ کے جانشینوں کو خلیفہ کہا جاتا ہے۔آپ کے بعد خلفاء مذہبی اور سیاسی پیشوا بنے۔ابوبکر صدیقؓ اسلام کے پہلے خلیفہ تھے۔

## مشقیں

**I. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پر کیجئے۔**

1. حضرت عیسیٰؑ کا مقام پیدائش __________ ہے۔
2. حضرت عیسیٰؑ کو جس پہاڑ پر صلیب سے لٹکایا گیا وہ __________ تھا۔
3. حضرت محمد ﷺ کا مقام پیدائش __________ ہے۔
4. مذہب اسلام کی مقدس کتاب __________ ہے۔
5. محمد ﷺ کے جانشینوں کو __________ کہا جاتا ہے۔

**II. درج ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔**

1. حضرت عیسیٰؑ کے حالات زندگی بیان کیجئے۔
2. حضرت عیسیٰؑ کی تعلیمات کی فہرست لکھئے۔
3. عیسائی مذہب کی اشاعت کیسے ہوئی ؟
4. حضرت محمد ﷺ کے حالاتِ زندگی بیان کیجئے۔
5. ہجرت سے کیا مراد ہے؟
6. مذہب اسلام کے اصول یا فرائض کیا کیا ہیں؟

**III. سرگرمی:**

1. اپنے شہر یا گاؤں کے گرجا گھر اور مسجد جاکر وہاں کے مذہبی رسومات سے متعلق جانکاری اکٹھا کیجئے۔
2. اسلام کے تہذیبی و ثقافتی رسومات کے بارے میں معلومات حاصل کیجئے۔
3. اسلام کے ماننے والے ماہ رمضان کیسے گزارتے ہیں اس کی جانکاری حاصل کیجئے۔

**IV. منصوبہ جاتی عمل:**

عیسائیت اور مذہب اسلام کی اشاعت سے متعلق اپنے اساتذہ کی مدد سے ایک مضمون لکھئے۔

☆☆☆

©KTBS Not to be republished

باب:2

# عہد وسطیٰ کا ہندوستان اور سیاسی صورت حال

اس باب سے درج ذیل نکات سمجھیں گے۔

- شمالی ہندوستان میں حکمرانی کرنے والے راجپوت خاندان
- راجپوت بادشاہوں کا ادب، فن اور سنگ تراشی کے حلقوں میں ان کے کارنامے
- محمود غزنوی اور محمد غوری کے حملوں کے نتائج
- دہلی سلاطین کی حکومت کی بنیاد حکمرانی اور ان کی خدمات اور انتظامیہ

بارہویں صدی کے اواخر سے تیرھویں صدی کے اوائل تک ہندوستان کی تاریخ کو تغیری دور کیا گیا ہے۔ تغیری دور کا مطلب ہے کہ سماج کا ایک دور سے دوسرے دور میں داخل ہونا ہوتا ہے۔اس زمانے میں ہندوستان سماج نے عہد قدیم سے عہد وسطیٰ میں داخل ہوا۔ چھوٹے چھوٹے حکمرانوں کو ترکوں نے کچل دیا۔اس طرح شمالی ہندوستان میں ایک مضبوط و مستحکم حکومت کو قائم کیا۔دھیرے دھیرے اسلام مذہب کے تاثر سے وحدانیت کا دور شروع ہونے لگا۔ان تمام تصورات نے ہندوستان میں عہد وسطیٰ کا دور شروع کیا۔ہندوستان میں ترکوں کی سلطنت کے قیام سے قبل ہی کئی ریاستوں میں سیاسی حالات کا مطالعہ بھی ضروری بن گیا۔

چھوٹی چھوٹی حکومتوں کے حکمرانوں کے علاقے ہی کئی ریاستوں کی سیاست کا تصور دیتے ہیں۔ان سیاسی حالات نے 9ویں صدی سے 13ویں صدی تک شمالی اور جنوبی ہندوستان کے کئی علاقوں پر حکمران کرنے والوں میں راجپوت حکمران سے انکا دور شروع ہوتا ہے۔

## راجپوت خاندان

استھانیشور جو وردھن خاندان کا حکمران تھا، اُس کے زوال کے بعد شمالی اور مغربی ہندوستان کے کئی حصّوں پر عہدِ وسطیٰ کے شروعات تک گرجر پرتی ہار، گڑھوال، پارامار، چوہان سولنکیوں اور چندیل راجپوتوں کے خاندانوں نے حکومت کی جنھوں نے ادب فن اور فن سنگ تراشی کو بہت کچھ دیا۔ 12 ویں صدی کے اواخر میں شمالی ہندوستان میں راجپوت خاندان



©KTBS Not to be republished

جیسے پرتھوراج چوہان جئی چندر گڑھوال پر ماردی دیوار چانڈیلا اعلی حکمران ہوئے تھے۔

**گرجر پرتی ہاراس:** پرتی ہاراس نے اپنے چند کتبوں میں۔رامائن کے زمانے اورنسل سے تعلق رکھنے والے کشریا لکشمن کواپنے خاندان کا بانی کہاہے۔لیکن دستیاب ذرایعوں سے معلوم ہوتا ہے کہ اس حکمرانیت کوناگا بھٹ نے قائم کیا۔

اس کے چار بیٹے چار مختلف شاخوں، جودھپور،نندی پور، بھڑوچ اوراجین سے حکومت چلاتے رہے۔ان میں سے اجین میں حکومت چلاررہا ناگ بھٹ سب سے اہم بادشاہ تھا۔عربوں کے حملوں کا پوری کامیابی کے ساتھ دفاع کیا۔اس نے گجرات، مالوہ اور راجپوت کے بعض علاقوں تک اس نے اپنی حکومت کی توسیع کی۔ایک دوسرا بادشاہ مہر بھوج پالار کے نارئن پال کو ہرا کر اپنی حکومت کی حدود کو بڑھایا۔عرب سیاح سلیمان اورال مسعود نے اس کے دربار میں حاضری دی۔پرتی ہار کے خاندان کے مہیندر پال اور پہلامہی پال کے بعد یہ خاندان بھی کمزور پڑنے لگا۔

**گڑھوال والے:** اس خاندان کی حکومت کی بنیاد رکھنے والا چندر دیو تھا۔شمالی ہندوستان کے اکثر علاقوں کواپنے قبضے میں لاکر اپنی حکومت چلائی وارناسی کو اپنا پایہ تخت بنایا۔ان میں سب سے مشہور گووند چندر تھا۔اس نے پالا سے لیکر مگدھ اور مالوہ پر نہ صرف قبضہ کیا بلکہ کالنگا اوراڑیسہ کے بادشاہوں سے لڑائی بھی کیا اوراپنے علاقوں کی توسیع کی کشمیر گجرات اور چولا راجگان کے ساتھ اس کے تعلقات بہت اچھے تھے۔

**پارامار حکمران:** اپیندرا کرشنا راج اس خاندان کا بانی تھا۔ان کا دارالخلافہ مالوہ علاقے کا دھارا شہر تھا۔اس خاندان کے شیاک بادشاہ نے راشٹرکوٹہ کے دوسرے بادشاہ کو ہرا کران کی غلامی سے آزاد ہوگیا۔اس نے بہت سے تالاب اور مندر تعمیر کئے۔ان کے دربار میں دھننجے،بھٹاہلیادا،دھنک اور پدما گپتا نامی ماہرین علوم تھے۔

پارمرا خاندان کے اہم راجا بھوج نے کلیان کے چالوکیہ اور کالنگا کے گنگا اور شمالی کونکن حکمرانوں کوشکست دی اور پرمرا حکمران قائم کیا اور پھر چالوکیہ سے شکست کھائے پھر چالوکیہ کے خلاف شکست کھا کر سیاسی طریقے سے شکست اور فتح دونوں پر حاوی راج بھوج نے ثقافتی دنیا کا حقیقی شہنشاہ بنا۔اووہ خود ایک شاعر تھا۔اس کے بعد کے حکمران کمزور ہونے کی وجہ سے پرمرا حکمرانیت کا زوال ہونے لگا۔

**سولنکی حکمران:**۔سولنکی خاندان کی حکومت کا بانی اوراس کا پہلا راجہ مولا راجہ تھا۔بھیما رایا بھی اس خاندان کا مشہور بادشاہ ہے۔اسی کے دورحکومت میں محمودغزنوی نے سومناتھ کے مندر پر حملہ کیا۔محمودغزنوی کے حملہ کوروکنے میں




©KTBS Not to be republished

بھیما رایا نا کام ہونے پراس نے اپنا اقتدار اپنے بیٹے کرنا دیوا کے حوالے کر دیا۔اس خاندان کے دور حکومت میں مشہور جین پنڈت ہیم چندر نے دیسی نامہ مالا نامی مشہور لغت پراکرت زبان میں لکھی۔ دوسرا مولا راجہ نے محمود غوری کو مونٹ ابو کے قریب ہرایا۔اس کے بعد علاؤالدین خلجی کے سپہ سالار الغ خاں اور نصرت خان سپہ سالار کو ہرا دیا۔ اس علاقہ کو اپنی حکومت میں ملا لیا۔

**چندیلا حکمران:۔** پارامار خاندان کی تباہی کے بعد چندیلا راجاؤں نے اپنی حکومت قائم کی۔ یہ خاندان پرتی ہار بادشاہوں کے باج گذار تھے۔ ڈنگا اس خاندان کا مشہور بادشاہ تھا۔اس نے پرتی ہار خاندان سے آزادی حاصل کرتے ہوئے اس خاندان کے سارے علاقوں پر قبضہ حاصل کرلیا۔ اس نے پالا راور ادرروں کو ہرا کر اپنی حکومت کی توسیع کی۔ ہندوشاہی راجہ جے پال کو مسلمان بادشاہوں کے خلاف فوجی مدد دی۔اس نے ''مہاراجادھی راج'' یعنی ''شہنشاہ'' کا خطاب حاصل کیا تھا۔اس خاندان کے دور حکومت میں بھاوا بھوتی نے سنسکرت زبان میں ''مالتی مادھوا''، ''اترارا ماچرت'' اور مہاویراچری تا جیسی نظمیں لکھیں۔

ڈنگا راجہ خود صاحب علم وفضل اور کئی ایک علما کی سرپرستی بھی کرتا تھا۔اس حکومت کو خلجی بادشاہون نے فتح کرلیا۔ راجپوت بادشاہوں میں آپس میں حسد وبغض اور آپسی اتحاد کے نہ ہونے کی وجہ سے ان کی حکومت کا خاتمہ ہوگیا۔



پرتھوی راج چوہان

**چوہان خاندان:** راجپوتوں کے خاندان میں سے یہ ایک اہم خاندان ہے۔ بنیادی طور پر اجمیر کا رہنے والا پرتھوی راج چوہان اس خاندان کا مشہور بادشاہ ہے اس نے بندیل کھنڈ اور چند بلا بادشاہوں کو شکست دی۔ تراین کی پہلی جنگ میں محمد غوری پر فتح حاصل کی ترائن کی دوسری جنگ میں جے چندرا کی دھوکہ بازی سے محمد غوری سے دوسری جنگ ہار گیا۔اس کا دارالخلافہ دہلی تھا۔محمد غوری سے شکست کھانے کی وجہ سے دہلی کا علاقہ بھی اس کے ہاتھ سے جاتا رہا اور محمد غوری کے ہاتھوں چلی گئی۔ پرتھوی راج بہادری اور کارناموں کے لیے نہایت مشہور تھا۔ ''پرتھوی راجہ راسو'' کے نام سے ہندی مثنوی میں اس کی بہادری اور کارناموں کی تفصیل ملتی ہے۔اس کے چند ایک غلط فیصلوں کی وجہ سے اسے شکست کا منہ دیکھنا پڑا۔

**راجپوتوں کی خدمات:۔** راجپوت لوگ شتری تھے جو نہایت بہادر جنگجو تھے۔ یہ ہندوؤں کے اکثر تیوہار




©KTBS Not to be republished

منایا کرتے تھے۔عورتوں کو بھی مردوں کی طرح برابر کا حق دیا کرتے تھے۔ان کے پاس ستی کی رسم اور جوہر سویم ور کی رسم بھی تھی۔سویم ور شادی کی رسم بھی شاہی خاندان کی رسم تھی۔راجپوت خاندان کی عورتیں عزت نفس رکھنے والی تھیں اورنہایت ہی دلاور ہوتی تھیں۔ان کے زمانے میں عورتیں ادب،ناچ گانا،موسیقی،نقاشی اورکشیدہ کاری کی ماہر تھیں۔

## راجپوت حکمران:

علما کو بڑھاوا دینے کی وجہ سے ادبی شعبوں کو خوب خوب بڑھاوا ملا۔بھوج اور منجا جیسے راجپوت بادشاہ خود بھی عالم فاضل تھے۔منجا راجہ نے'' پدم گپتا'' ہلا یودا جیسے شاعروں کو اپنے دربار میں پناہ دی تھی۔راجہ بھوج کے زمانے میں شانتی سینا پر بھاچندر سوری، گھنا پال جیسے جین پنڈتوں نے بھی سیاسی سرپرستی حاصل کی۔جے دیوا کی طویل نظم گیتا گووندا بھاراوی کی راتا جورنیا بھرتری ہری کی راونا ودھا مہیندر پال کی'' کاویامی ماسا'' جیسی نظمیں انہیں کے زمانے میں لکھی گئیں۔راج شیکھر کا لکھا ہوا ڈراما بال راماین اور کرپور منجری بھوا بھوتی کا تحریر کردہ مہاویرا چری تا اور اترا راما چری تا تاریخی ادبی تخلیقات کلہن کی راجہ ترنگنی جیانکا کی پرتھوی راجہ وجیا اور ہیم چندر کی کمارا پالا چرتیا بہت اہم ہیں۔راجپوت بادشاہوں کی سوانح حیات'' پرتھوی راجیا'' چند بردائی اور'' بھوجا پربھندا'' نامی کتاب بلّالا نے تحریر کی۔ ان کے زمانے میں گجراتی،راجستھانی اور ہندی زبانوں کو خوب بڑھاوا ملا۔ان کے تعلیمی مرکز نلندہ،کاشی وکرم شیلا اور اجینی کو خوب فروغ دیا۔ راجپوت بادشاہوں نے شمالی ہندوستان کے چتور، مانڈو، رنا تھم بور جودھپور اور گوالیار میں عظیم قلعے تعمیر کئے۔جے پور گوالیار اودے پور کے محلات ماؤنٹ ابو کا دلاور مندر وملا وسائی لونا وسائی،مندر خوبصورت فنکارانہ انداز میں تعمیر کئے گئے ہیں۔



ماؤنٹ ابوبسدی

چندیل راجاؤں نے مدھیہ پردیش کے کھجوراہلو کے کھنڈارایا کا عظیم مندر تعمیر کیا۔ان کے دورِحکومت میں تعمیر شدہ مندروں میں شواور ویشنو کے مندر ہی زیادہ ہیں۔انہوں نے فن نقاشی کو کافی بڑھاوا دیا۔

ان کی نقاشی کے فن کو راجستھانی انداز کا فن اور پہاڑی کلاشیلی میں بانٹا گیا ہے۔ میواڑ بیکانیر، جودھپور، جیسلمیر اور بونی میں راجستھانی انداز کی نقاشی دیکھی جاسکتی ہے کھسولی، جموں گڑھوال میں پہاڑی انداز کی نقاشی کے فن کو دیکھا جاسکتا ہے۔

**ترکوں کی آمد:** راجپوت راجاؤں کی بنائی ہوئی چھوٹی چھوٹی سلطنتوں کے زوال کے بعد شمال ہند میں ترکوں نے اپنی حکومت کی بنیاد ڈالی۔ اسلام مذہب کے اصول پر ترکوں نے اپنی حکومت کا قیام کیا۔عربوں نے 8ویں صدی عیسوی کے شروعات سے ہی سندھ کے علاقے پر قابض ہونے کی کوشش میں رہے تھے لیکن کامیاب نہ ہوئے۔ اسکے بعد سے سندھ کا علاقہ ترکوں کے حملوں میں لگاتار ملوث رہا۔ترک وسطی ایشیاء کے زمینی علاقے میں منگولیہ میں اسلام مذہب کے قبائلی فرقے سے تعلق رکھنے والے تھے۔اور اس فرقے سے تعلق رکھنے والے الپتگین نے افغانستان کے غزنہ علاقے میں 963 عیسوی میں ایک آزاد حکومت بنائی۔ اور انہی کے دور سے غزنی کے ترک اور راجپوت حکمرانوں کے درمیان جنگیں شروع ہوئی۔

## محمود غزنوی 997 سے 1030 سن عیسوی:

محمود غزنوی سبکتگین کا بیٹا تھا جو الپتگیں کا غلام تھا غزنہ میں 999 سن عیسوی میں آزاد ریاست کی بنیاد رکھی۔محمود غزنوی نے ہندوستان پر سترہ حملے کئے اور ہندوستان کی بے انتہا دولت لوٹ کر لے گیا۔اس کے حملے کے وقت ملتان کا بادشاہ راجہ جے پال، بھیما پال چنڈیلا راجہ ترلوچن پال کو ہرایا۔ ناگرکوٹے، تھانیشور، گوالیار، اُجّینی جیسے شہروں پر حملہ کیا۔اس نے گجرات کے مشہور سومناتھ مندر پر زبردست لشکر کے ذریعہ حملہ کیا اور شولنگ اور وہاں کی بے حساب دولت لوٹ کر لے گیا۔غزنوی کے حملوں کے بعد ترکوں کے حملہ کا سلسلہ شروع ہوا۔اس نے شعرا علما اور فنون لطیفہ کو خوب بڑھاوا دیا۔اس کے دربار میں عرب کا مشہور عالم و فاضل و سیاح البیرونی بھی آیا جس نے ''تاریخ الہند'' نامی کتاب لکھی۔ اس کتاب میں اس نے ہندوستان کی زندگی اور علمی مقام کو واضح کیا ہے۔محمد غزنوی نے ہندوستان پر سترہ مرتبہ حملہ کرتے ہوئے زیورات کو غزنوی پہنچایا۔ ہندوستان میں حکومت قائم کی آپسی نفاق سے کمزور ہوئی راجپوت کو بھی اپنا اثر دکھایا۔

©KTBS Not to be republished

## محمد غوری:

افغانستان میں غور علاقے کا شانسانی خاندان سے تعلق رکھنے والے ترکی نسل کے اقتدار پر آئے ہوئے غزنی حکومت کا اختتام ہوا اور اس خاندان سے تعلق رکھنے والے غیاث الدین محمد نے غوری خاندان کا تخت نشین ہوا اور اس نے اپنے بھائی مجاہدین محمد کو ہندوستان میں ترکی حکومت قائم کرنے کے لئے روانہ کیا اس کو محمد غور کا نام دیا گیا۔ محمود غوری ہندوستان میں ترکوں کی حکومت قائم کرنے میں ناکام ہونے کی وجہ سے محمد غوری نے یہ سلسلہ جاری رکھا۔ محمد غوری نے اپنی سلطنت کی توسیع کے ارادہ سے ملتان کا محاصرہ کرتے ہوئے اپنے حملوں کا آغاز کیا۔ ملتان کے علاقہ کو فتح کرنے کے بعد گجرات کے انل واڈا پر حملہ کیا مگر یہ حملہ ناکام ہوگیا۔ اس سے پست ہمت ہو کر پنجاب کے علاقے پیشاور پر حملہ کیا۔

اس کے بعد خسرو ملک کی جانب سے لاہور پر قبضہ کرلیا۔ اس طرح وہ پنجاب میں طاقتور بن گیا۔ پشاور کو اس نے اپنا فوجی مرکز بنالیا۔ اس وجہ سے پنجاب کا پڑوسی علاقہ دہلی اور اجمیر پر حملہ کرنے کی کوشش کی راجپوت بادشاہ پرتھوی راج چوہان کے ساتھ 1191 میں پہلی ترائن لڑائی ہار گیا۔ دوبارہ ہوئی ترائن لڑائی میں پرتھوی راج چوہان کو شکست دی۔ گوندا راؤ اور بھولا پہلی ترائن کی جنگ میں فتح کے وجہ بنے اور اس جنگ میں قتل بھی ہوئے پرتھوی راج چوہان کو قید کرلیا گیا۔ پرتھوی راج پھر دوبارہ اپنی حکومت سنبھالی محمود غزنوی نے اپنے غلاموں کو اپنے علاقوں پر دیکھ بھال کے لئے رکھا اور غور علاقے کو واپس ہوتے ہوئے مارا گیا۔

## سیاسی اثرات:

غوری حکومت کے فتوحات نے کئی سیاسی تبدیلیاں لائیں۔ بارہویں صدی تک موجود چھوٹے چھوٹے سیاسی انتظامات بھی ختم ہوتے گئے۔ ایک وسیع النظر حکومت کو اپنے پاس رکھنے والے مرکزی سلطانوں نے دہلی میں حکومت قائم کی اور اس کے نتیجے میں ہرش کے بعد مکمل شمالی ہند میں یکساں اور واحد انتظامیہ بنا۔

اور اسکا انتظامی طریقہ پچھلے راجپوت انتظامیہ سے بالکل مختلف تھا۔ تمام افسروں کو تقرر کرنے اور برطرف کرنے کا حق سلطانوں کو تھا۔ اور فوج بھی پچھلے طریقے پر قائم نہیں تھی اور فوجیوں کو سلطان براہ راست مقرر کرلیا کرتا تھا۔ اور آٹھویں صدی کے بعد میں سلطانوں کے آبائی وطن سے اور دنیا کے دیگر علاقوں سے تعلقات کا قیام ہوا۔

©KTBS Not to be republished

# سلاطین دہلی

محمد غوری کے زوال کے بعد انکے غلاموں اور ترکوں سے قبضہ کئے ہوئے زمینی علاقوں پر اپنا استحکام مضبوط کرنے لگے۔ اور ان غلاموں میں محمد کا ہم نشین اور اسکا قریبی غلام قطب الدین ایبک نے دہلی جو چاوان کا دارالخلافہ تھا اس پر اپنا مستحکم انتظام کرنے لگا۔ اور ہندوستان میں دیگر سلطانوں نے بھی قطب الدین ایبک کو اپنا سلطان تسلیم کرلیا۔ اس طرح قطب الدین ایبک نے غلاماں خاندان کی بنیاد ڈالی۔ اور ایبک نے جو سلطنت دہلی میں قائم کی تھی اسکے ساتھ ساتھ خلجی تغلق سید اور لودھی خاندان سے مغلوں کی آمد بھی ہوئی۔ غلام، خلجی، تغلق، سید اور لودھی خاندانوں نے دہلی سلاطین کے زمانے میں وہ اور ان کی اولاد نے حکومت کی۔


## خاندان غلامان:

محمد غوری کے فتح شدہ علاقے اسکے جانشینوں نے سنبھالے جوکہ غلام تھے دہلی سلطنت کو قائم کرنے والے قطب الدین ایبک بھی ایک غلام تھا۔ اس لئے اسکے دور حکومت کو بھی خاندان غلاماں ہی کہا جاتا ہے۔ اور اس خاندان غلاماں کے سلطانوں میں التمش، رضیہ سلطان اور بلبن بھی مشہور تھے۔

قطب الدین ایبک نے ہندوستان میں دہلی کی حکومت کو آگے بڑھایا۔ ایبک اور اس کے بعد اس کے جانشینوں نے جوکہ سب کے سب غلام تھے ایبک کی اس قائم کردہ حکومت کو غلام سلاطین کا نام دیا گیا۔

## قطب الدین ایبک:

افغانستان کے ترکوں کی نسل سے تعلق رکھنے والے قطب الدین کو اس کے والدین نے نیشاپور کے قاضی کے ہاتھوں غلام بنا کر فروخت کیا تھا۔ قطب الدین ایبک فارسی اور عربی زبانوں کے ساتھ ساتھ تیراندازی، شہسواری کے ساتھ ساتھ فوجی تربیت میں ماہر تھا۔ غزنہ کا گورنر محمد غوری نے اسے ایک غلام کی طرح خرید لیا۔ ایبک جس وقت غزنہ کا



آپ کو معلوم رہے۔
قطب مینار: قطب مینار جو دہلی میں ہے وہ ہندوستان کا سب سے بلند مینار ہے۔ اس کو قطب الدین ایبک نے تعمیر کرنا شروع کیا اور التمش نے مکمل کیا۔ یہ 225 فیٹ لمبا ہے اس کے اوپر کھدائی یا نقش ہے۔ اس کے پانچ درجوں تک سیڑھیاں ہیں۔

©KTBS Not to be republished

گورنر محمد غوری نے اسے ایک غلام کی توجہ کا سبب بنا۔ ترائن کی دوسری جنگ کے بعد ہندوستان پر حملوں کی ذمہ داری اسے دی گئی۔ ایبک محمد غوری کے زمانے میں شمالی ہندوستان کا گورنر بنا۔ غوری کی وفات کے بعد اس نے خودمختاری کا اعلان کر دیا۔ اقتدار حاصل کرنے کے بعد اپنا مقام مضبوط کرنے کے لیے التمش اور ناصر الدین قباچہ کے ساتھ ازدواجی تعلقات کو بڑھایا ساتھ ہی تاج الدین کی بیٹی سے اس کی شادی ہوئی۔ ناصر الدین اور تاج الدین محمد غوری کے غلام تھے تو التمش ایبک کا غلام تھا۔

قطب الدین ایبک نے دہلی میں قوۃ الاسلام نامی مسجد و مدرسہ تعمیر کیا۔ اس نے یہیں قطب مینار تعمیر کرنا شروع کیا۔ اس کے دربار میں نظامی اور جیسے علما تھے۔ "تاج المآثر" ایبک سے متعلق معلومات کا ذخیرہ رکھنے والی کتاب ہے۔

**التمش:** البری خاندان سے اس کا تعلق تھا اور قطب الدین ایبک کا غلام تھا۔ یہ گوالیار کا انتظام سنبھالتا تھا بعد میں قطب الدین کا جانشین بنا۔ التمش کے بادشاہ بن جانے کو نہ سہتے ہوئے غزنہ کا بادشاہ تاج الدین ایلدوز اور سندھ کا بادشاہ ناصر الدین قباچہ نے اس کے خلاف بغاوت کر دی۔ التمش نے ان دونوں سے لڑائی کرتے ہوئے ان دونوں کو ہرایا اور اس کے بعد ان تھمبور، مانڈورا، گوالیار، بھلسا، اجمیر، بنارس اور قنوج شہروں پر قبضہ کر لیا۔ ہندوستان پر پہلی مرتبہ منگولوں نے چینگز خاں کی قیادت میں حملہ کیا۔ التمش کو مکمل اختیار دینے کا اعلان کر دیا۔

التمش نے اپنی حکومت کو کئی ایک اقطاع (ضلعوں) میں تقسیم کیا۔ ان ضلعوں کے انتظامیہ کے لیے اس نے اقطاع دار (حاکموں) کا انتظام کیا۔ انتظامیہ میں اسے صلاح و مشورہ دینے کے لیے چالیس غلاموں کی جماعت کو بھی نامزد کیا۔ وزیر اعظم اور جیس بھی (مصنف) بھی اسے مشورہ دیتے رہتے۔ التمش نے سونے اور چاندی کے سکوں کے چلن کو جاری کیا۔ اس نے قطب الدین کے زمانۂ حکومت میں جس قطب مینار کی تعمیر شروع ہوئی تھی اسے مکمل کیا۔

### رضیہ سلطانہ:

التمش کا بیٹا رکن الدین فیروز نااہل ہونے کی وجہ سے اس کی بیٹی رضیہ بیگم اس کی جانشین بنی۔ یہ خاتون دہلی کی تخت نشین ہوئی۔ سلطانہ کے نام کا اعزاز پا کر مردوں کی طرح لباس پہنتی اور باقاعدہ جنگوں میں شریک ہوتی تھی۔ سندھ سے لیکر بنگال تک کے وسیع علاقے تک اپنے اقتدار کو پھیلائے رکھی۔ اس کی حکومت کو نہ سہتے ہوئے بعض علاقائی افسروں نے اس سے لڑائی چھیڑی اور اس کا قتل کر دیا۔

### غیاث الدین بلبن:

دہلی حکومت میں التمش کا غلام بلبن جو اپنے آقا کا وفادار تھا عقلمند اور کئی خوبیوں کا مالک تھا۔ ترک غلاموں کا ایک

رکن بنا۔ رضیہ سلطانہ کے دربار میں یہ امیر شکار کے عہدے پر مامور ہوا۔ ترکی سردار کے انتظامیہ کو قابل بناتے ہوئے اپنے قبضہ میں لے لیا۔ منگولوں کے حملہ کو روکنے میں کامیاب رہا اور ریاست میں امن و شانتی کا ماحول پیدا کیا۔

شاہی دربار میں روایات و پاسداری کا چلن عام کیا۔ یہ افغانی انداز کا بھاری بھرشاندار لباس پہنا کرتا۔ اس نے خود کو خلیفۃ اللہ قرار دے کر بلا روک ٹوک حکومت کرتے ہوئے جمہوریت کو قائم کیا۔ جاگیر حاصل کردہ خاندانوں سے زمینوں کو واپس لیا۔ مغلوں کے حملوں سے اپنی حکومت کو بچانے کے لیے سرحدی علاقوں میں قلعے تعمیر کئے۔ نہایت قابل حکمران تھا۔ بلبن کے بعد سلطان کیقباد جو اپنے وزیر کے ہاتھوں مارا گیا۔ جس کے ساتھ ہی ہندوستان میں خاندان غلامان کا خاتمہ ہو گیا۔

## خلجی خاندان (1290 سے 1320 سن عیسوی تک):

خلجی خاندان کی حکومت کا بانی جلال الدین تھا۔ یہ ایک نہایت رحم دل آدمی تھا اور درگذر کرنے والا تھا لہٰذا حکومت کے دیگر افسران نے اس کے خلاف سازشیں کرتے ہوئے طاقتور بن بیٹھے آگے چل کر علاؤالدین کا قتل ہوا اور دہلی کے سلطان بن گئے۔

## علاؤالدین خلجی:

یہ جلال الدین خلجی کے زیر سایہ علاؤالدین کا بچپن گذار۔ یہ ایک بہادر فوجی تھا یہ گورنر اور فوج کا سپہ سالار بھی ہوا۔ سپہ سالار کی حیثیت سے اس نے مالوہ، بھلسہ اور دیوگری پر حملوں میں بے حساب لوٹ لیا۔ دیوگری کے رامچندر سے حاصل کردہ بے انتہا دولت اپنے رہنما اور سرپرست جلال الدین کے قتل پر اکسانے لگی اس طرح علاؤ الدین دہلی کا بادشاہ بن بیٹھا۔

علاؤالدین نے نہ صرف منگولوں کے حملوں کو ناکام کیا اور انہیں پس پا کرنے میں کامیابی حاصل کی اور شمالی وجنوبی ہندوستان کے راجاؤں کو شکست دے کر بے انتہا دولت جمع کر لی۔ گجرات کے واگھیلا نسل کے راجپوت بادشاہ اڈی کرنا دیوا، رنتھمبور کے ہمی رادیوا اور چتور کے راجہ بھیم سنگھ کو ہرایا۔ ان کے علاوہ مالوہ، جالور، بندی، مانڈو اور ٹونک کو فتح کرلیا۔

جنوبی ہند کی لشکرکشی کی مہم کو کامیاب بنانے کا سہرا اس کے سر جاتا ہے اس کے فوجی کمانڈر ملک کافور کے سر جاتا ہے۔ اس نے دیوگری وارنگل، دوارا سمدرا اور مدورائی پر حملہ کر کے اس کی تباہی کا سبب بنا۔ مگر اس نے اپنے فتح کردہ علاقوں کو اپنی حکومت میں شامل کئے بغیر صرف وہاں کی دولت پر اس کی نظر رہی جو اس نے مکمل طور پر لوٹ لی۔

©KTBS Not to be republished

اس تیسرا بیٹا قطب الدین مبارک چار سال تک حکومت کرنے کے بعد خسرو نامی ایک سپاہی کے ہاتھوں مارا گیا۔ آگے چل کر غازی ملک (غیاث الدین تغلق) خسرو کو مار ڈالا اور تغلق خاندان کی بنیاد رکھی۔

**انتظامی سدھار:**

علاؤالدین خلجی کے انتظامیہ میں چند ایک اصلاحات رو بہ عمل لائی گئی مذہبی عطیات انعامات زمینات اور امدادی رقومات کو بند کروایا۔ انتہائی لائق جاسوسی نظام کو قائم کیا۔ شراب بندی، نشہ آور ادویات کی خرید و فروخت پر پابندی، پانسہ کا کھیل (جوا) پر پابندی لگائی۔ سرداروں کی جماعت، عوام سے دوستی اور گھلنے ملنے کے موقع اور بین ذات شادیوں پر روک لگایا۔ عوام سے زیادہ مقدار میں لگان وصول کرنے کا حق دیا۔

| |
|---|
| یہ آپ کو معلوم رہے:۔ دوندیوں کے درمیان کے علاقے کو دوآبہ کہتے ہیں۔ مثال گنگا، جمنا۔ دوآبہ کرشنا، گوداوری، دوآبہ |

**فوجی اصلاحات:۔** فوجیوں کی بھرتی، تربیت ہتھیاروں کی تربیت، گھوڑوں اور نقد روپیوں کی صورت میں تنخواہ دینے کی ذمہ داری فوجی وزیر کو دی گئی۔ ہر ایک سپاہی اور گھوڑوں کے بارے میں تفصیلات دینے کا ریکارڈ رکھا جانے لگا۔ گھوڑوں پر مہر لگانے کی رسم لائی گئی۔ سرحدوں پر قلعے تعمیر کیے گیے۔

**تجارتی اصلاحات:۔** زندگی گذارنے کے لیے ضروری اشیا غذائی اجناس، کھاد، تیل، شکر، نمک، کپڑا وغیرہ کی قیمتوں کو تھوڑے سے فائدہ پر بیچنے کا انتظام کیا۔ صارفین کی طے کردہ قیمتوں پر ہی تجارت کرنے یا بیچنے کا حکم دیا۔ مارکیٹ پر قابو پانے کے لیے سحنائے منڈی نام کے اعلیٰ افسر کا تقرر کیا۔

## تغلق خاندان (1320 سے 1399 صدی عیسوی تک):

تغلق خاندان کا بانی غیاث الدین تغلق تھا۔ اس خاندان کے مشہور بادشاہوں میں محمد بن تغلق اور فیروز تغلق ہیں۔ غیاث الدین اپنے چند ایک کھلے انتظامی طور طریقوں سے دہلی میں امن اور بہترین انتظام والی حکومت قائم کیا۔ مغلوں کے حملوں کو روکنے کیلئے سرحدوں کی حفاظت کرتے ہوئے ان کو مضبوط بنایا۔ کسانوں کے لیے آب پاشی کی خاطر نہریں تعمیر کروایا۔ زمین پر لگان کم کیا۔ گھوڑوں اور پیادہ سپاہیوں کے ذریعہ ڈاک کے نظام میں سدھار لایا۔ دہلی کے قریب تغلق آباد قلعہ تعمیر کروایا وارنگل، مدورائی پر قبضہ کرتے ہوئے گجرات اور بنگال میں بہترین نظم و نسق کی بنیاد رکھی۔

**محمد بن تغلق:**

یہ عربی اور فارسی زبانوں کا ماہر تھا۔ علم ریاضی علم جغرافیہ علم طب، فارسی شاعری، علم ارضیات وغیرہ موضوعات میں



©KTBS Not to be republished

مہارت حاصل تھی۔ بڑا زبردست صاحب علم وفضل ہونے کے باوجوداس کی شخصیت میں کئی ایک کمزوریاں بھی تھیں۔محمد بن تغلق میں تجارتی ذہانت، چالاکی اورصبر، ذہنی توازن، دوربینی، مبنی برحقیقت فیصلہ لینے کی طاقت نہ تھی۔

**انتظامی اصلاحات:۔** اپنی حکومت کے لگان سے تعلق زمین کی ساری تفصیلات پر مشتمل مستند معلومات پرایک رجسٹر تیار کروایا۔محکمۂ کاشتکاری کو قائم کیا۔جوزمین کاشتکاری کے قابل نہیں تھی اسے زراعت کے قابل بنا کراس کا حساب کتاب رکھا۔کسانوں کو مالی امداددی۔دوآبہ کے علاقوں میں زمین کے لگان میں اضافہ کیا۔

| |
|---|
| یہ آپ کو معلوم رہے۔ (1) ٹیکس (خراج) : غیرمسلموں پرزمین کی لگان (2) عُشر: مسلمانوں پر زراعتی ٹیکس (3) زکاۃ: مسلمان رعایا پراوقافی ٹیکس (4) جزیہ: ہندوؤں پر مذہبی ٹیکس۔ |

**دارالخلافہ کی منتقلی:۔** محمد بن تغلق نے اپنی راجدھانی دہلی سے وسطی ہندوستان کے دیوگری کو منتقل کیا۔اس کا اہم مقصدایک عظیم سلطنت کا مرکز ملک کے درمیانی علاقہ میں ہونا چاہیےاس سے مخالفین کے حملوں سے بچنے میں سہولت ہوتی ہے۔منصوبہ اگرعمدہ ہوتواس کی نقل مکانی مناسب سہولیات کے ساتھ نہ ہوسکی۔جس کی وجہ سے لاتعدادلوگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

**علامتی سکوں کا استعمال:۔** سکوں کی قیمت اپنے زمانے کے سونے اور چاندی کے برابر کیا۔»دینار«سونے کے سکے اورعدلی نامی چاندی کے سکے رائج کئے۔ان سکوں کو ماہرانہ انداز میں ایجاد کیا۔چندسالوں بعدتانبہ اورپیتل کے علامتی سکے بھی رائج کئے۔

سکوں کے ڈھالنے کا معاملہ یک طرفہ نہیں تھا۔عوام نے بھی کوں کی ٹکسالی شروع کئےجس کی بناپر بدانتظامی کوموقع مل گیا۔بے حداخراجات والے انتظامی تجربات، زبردست قحط سالی، دارالخلافے کی منتقلی۔دوبارہ اسی مقام پردارالحکومت کی منتقلی سے حالات بگڑ گئے اورخزانے پر بھاری بوجھ ثابت ہوا۔

**دکن طریقہ:۔** محمد بن تغلق نے دکن میں جتنے علاقے جیتے تھےان پراپنی حکومت واقتدار چلایا۔حیدرآباد کے قریب واقع کاکاتی کے وارنگل پرقبضہ کرلیا۔ہوئسلا کا دارالخلافہ دوارا سمدرا کوتباہ وتاراج کیا۔جنوبی ہندوستان میں واقع مدوارئی کو جیت لیا۔اس کے انتظامیہ کو چلانے کے لیے جلال الدین حسن شاہ کو گورنرمقررکیا۔اس طرح ہندوستان میں عظیم سلطنت کی بنیادرکھنے والے بادشاہوں میں محمد بن تغلق پہلا بادشاہ تھا۔محمد بن تغلق دوربینی کی کمی کے سبب زیادہ تعداد والےفوجیوں کی فوج میں اتحاد قائم کیا۔کسی بھی قسم کا حملہ کئے بغیروقت اور پیسہ برباد کرتے ہوئے ملکی خزانے کو بھرپورنقصان پہنچایا۔اس کے آخری گیارہ سال صوبوں کےعروج کا سبب بنے۔

**تغلق کے جانشیں:** محمد بن تغلق کے بعدآنے والا فیروز شاہ تغلق کے زمانے میں کئی ایک عوامی مفاد کے کام

©KTBS Not to be republished

کا ج نافذ کئے گئے۔عوام کی مدد کرنے کے خاطر قرض کی معافی ہوئی۔محمد بن تغلق کے حملہ کا شکار ہوئے لوگوں کو مالی امداد کی رقم ادا کی گئی۔تقریباً بیس قسم کے ٹیکس نکال دئے خانگی معدنیات کے اوپر اور آب پاشی کی سہولت دینے کے لیے ٹیکس وصول کئے جاتے تھے۔

اس نے شہر، مدرسہ، مسجد، بندھ، نالوں کی تعمیر کیا۔اس کے تعمیر کردہ اہم شہروں میں جونپور، فتح آباد، حصار، فیروز پور ہیں۔جونپور اس زمانے کا ایک مشہور تعلیمی مرکز تھا۔مسافروں کی سہولت کی خاطر مسافر خانے تعمیر کروائے۔

**سید خاندان (1414 سے 1451 صدی عیسوی تک):** ملتان کا گورنر خضر خاں سید نے دہلی پر قبضہ کرتے ہوئے، دوآبہ بیان اور گوالیار میں اپنا اقتدار قائم کیا اور فتنوں کو کچل کر ہر طرف امن بہترین انتظام اور تحفظ کو قائم کیا۔محمد شاہ علاؤالدین اور عالم شاہ اس خاندان کے اہم سلاطین ہیں۔عالم شاہ کو بہلول لودھی نے ہرایا اور سید خاندان کی حکومت کا خاتمہ کیا۔

**لودھی خاندان (1451 سے 1526 عیسوی تک):** دہلی پر حکمرانی کرنے والوں میں بادشاہوں میں یہ آخری خاندان تھا۔ بہلول لودھی، سکندر لودھی اور ابراہیم لودھی اس خاندان کے بادشاہ ہیں۔سکندر لودھی نے بہار، بنگال دھولپور اور چندیری کی حکومتوں کا خاتمہ کیا۔دہلی میں امن قائم کرنے کے لیے چند ایک اقدامات کئے۔

اس کا جانشین بننے والا ابراہیم لودھی نااہل تھا۔ہندوستان پر حملہ کرنے کے لیے گورنر عالم خاں اور دولت خاں نے افغانیوں کو دعوت دی۔جس کی بنا پر بابر نے ہندوستان پر حملہ کیا اور پانی پت کی پہلی جنگ 1526 میں ابراہیم لودھی کو شکست دی اس طرح مغلوں کی حکومت کی بنیاد پڑی اور مغل حکومت کا آغاز ہوا۔

## دہلی سلاطین کی خدمات

**انتظامیہ کا نظام:** دہلی کے سلاطین بے لگام بادشاہ تھے۔فوجی سربراہ ہی عدالتی سربراہ ہوتے۔سلاطین کی حکومت قرآنی احکامات کے مطابق ہوتی تھی۔سرداران امیران اور علما انتظامیہ پر اپنے اثرات رکھتے تھے۔مرکزی حکومت میں انتظامیہ چلانے کے لیے فوجی شعبہ، غیر ملکی شعبہ، خطوط نویسی کا شعبہ صدقہ وخیرات اور اعزازات کے علاقے یا شعبے ہوتے ان کی سربراہی کے لیے وزرا اور افسران ہوا کرتے تھے۔

ریاست کو مختلف صوبوں میں تقسیم کیا گیا تھا۔انتظامیہ کی اکائیوں کو شیخ دار، امین اور چوکیدار اس شعبے کے سربراہ ہوا کرتے تھے۔لگان جمع کرنا، امن برقرار رکھنا، تعلیم دینا، پاکی صفائی کا اہتمام کرنا ان کے اہم فرائض تھے۔سلطان کے زمانے میں خراج (زمینی لگان) زکاۃ، عُشر، خُمس (لڑائی میں لوٹی گئی دولت پر ٹیکس) اور جزیہ۔جس جائیداد کا کوئی وارث نہیں ہوا کرتا تھا ایسی جائیداد پر ٹیکس، آمدنی ٹیکس، گھروں پر ٹیکس وغیرہ حکومت کی آمدنی کے اہم ذرائع

©KTBS Not to be republished

تھے۔محصول جمع کرنے کے لیے افسران ہوا کرتے تھے۔قاضی حضرات شہروں اور قصبوں میں انصاف کرنے میں بادشاہ کی مدد کیا کرتے تھے۔


**سماجی انتظامات:۔** سلطان کے دور میں ہندوؤں اور مسلمانوں کے روایتی رسم و رواج موجود تھے۔سلاطین کے انتظامیہ میں شیعہ اور ہندو رعایا پر مذہبی پابندیاں عائد تھیں۔مسلمان سرداروں ہی کو اہم عہدوں پر فائز کیا جاتا تھا۔بادشاہ کو انتظامیہ میں مدد دینے کے خاطر ہندو کندایہ افسران اور کارکنوں کا تقرر کیا جاتا تھا۔اس طرح پیشہ ورانہ دستکاری،عمارتوں کی تعمیر کے کام میں ان کا تقرر کیا جاتا تھا۔

غلامی کا سلسلہ ان بادشاہوں کے زمانے میں خوب خوب ہوا۔جنگ کے قیدیوں کو غلام بنالیا جاتا تھا۔شاہی محلوں میں کئی ایک غلام عورتیں (لونڈیاں) ہوا کرتی تھیں۔عورتوں کو ان کا جائز مقام نہیں ملا تھا۔پردہ اور بچوں کی شادیوں کا رواج تھا۔اونچے طبقہ کی عورتیں فنون لطیفہ میں شامل ہوا کرتی تھیں۔دیہاتی عورتیں:۔زراعت اور گھریلو کاموں میں مصروف رہا کرتی تھیں۔

**مالیاتی انتظام:۔** سلطان نے زراعتی علاقے میں کئی تبدیلیاں کی ٹیکس مقرر کرنے اور اُصول کرنے کے قدیم نظام کو تبدیل کیا،امیر اور غریب دونوں کو ٹیکس ادا کرنا پڑتا تھا اور یہی اس محصولی نظام کی اہم خوبی تھی۔دہلی میں سلاطین اپنے ہی ذاتی کارخانوں کے مالک تھے۔سونا،چاندی تیار کرنے،کشیدہ کاری کرنا،کپڑوں کی صنعت رنگ سازی وغیرہ صنعتیں تھیں۔

**ادب:۔** غیر ملکی ادیب ماہرین تاریخ سلطانوں کے دربار میں پناہ گزیں تھے ان کی اپنی تصانیف عربی، فارسی زبانوں میں ہوا کرتی تھیں۔محمود غزنوی کے دربار میں البیرونی کافی مشہور عالم تھا۔یہ ایک فلسفی ریاضی داں جغرافیہ کا ماہر اور ادیب تھا۔ہندوستان کی سماجی،معاشی مذہبی معاملات پر مشتمل «تاریخ الہند» نامی کتاب لکھی۔عتبی نامی ماہر علوم نے عربی زبان میں ''تاریخ یمنیؒ'' لکھی حسن نظامی نے ''تاج المآثر'' نامی کتاب لکھی۔منہاج سراج نے طبقات ناصری نامی کتاب لکھی۔امیر خسرو نے چھ اہم کتابیں لکھ کر ہندو مسلم تہذیبوں پر مشتمل معلومات فراہم کی ہیں۔ان کو ''طوطیٔ ہند'' کہا جاتا تھا۔ضیاالدین برنی کی تحریریں ''تاریخ فیروز شاہی'' اور خود فیروز تغلق نے فتوحات ''فیروز شاہی'' نامی کتاب لکھی۔

**فن اور فن تعمیرات:۔** دہلی سلاطین نے ہندوستان میں »انڈو اسلامی« نامی نئے فن تعمیر کا تعارف کرایا،کمانوں اور گنبدوں اور میناروں کو اس طرز میں شامل کیا۔دہلی سلاطین نے قلعے،مساجد محلات،عوامی عمارتیں، مدرسے مسافر خانے تعمیر کروائے۔انڈو اسلامک انداز تعمیر کی مثالیں ہیں۔دہلی کا مدرسہ ''قوۃ الاسلام'' مسجد،قطب مینار،عالی دروازہ جمیعتہ خانہ مسجدیں وغیرہ۔



علائی دروازہ



قوت الاسلام

نقل وحمل اور ترسیلی نظام کو ترقی کیا گیا۔ سڑکیں بنگال سے گجرات تک تعمیر کی گئیں۔ غیر ملکی وزراء نے بڑے اور چھوٹے بازاروں سفر کیا اور چند ایک یہی پر رہنے لگے دستکاروں پر بہت ہی بڑی ذمہ داری عائد تھی۔

## مشقیں

**I. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجیے۔**

1۔ گرجر پرتی ہار راجپوت خاندانوں کا بانی ........ تھا۔

2۔ پرتھوی راج چوہان پہلی ترائن جنگ میں ...... کو ہرایا۔

3۔ محمود غزنوی پہلا سپہ سالار ........ تھا۔

4۔ دہلی سلطنت پر حکومت کرنے والی پہلی خاتون ........ تھی۔

5۔ خلجی خاندان کا اہم بادشاہ ............ تھا۔

6۔ سلطان کے زمانے میں دارالحکومت دہلی سے ............ کو منتقل ہوئی۔

**II. درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیے۔**

1۔ راجپوت راجاؤں کی ادب کے حلقے میں دی گئی خدمات کی تفصیل لکھیے۔

2۔ التمش کی حکومت کے انتظامیہ کی تفصیل لکھیے۔ 3۔ علاؤالدین خلجی کی انتظامیہ اصلاحات کیا کیا ہیں؟

4۔ محمد بن تغلق کے انتظامی اصلاحات کو بیان کیجیے۔

5۔ دہلی سلاطین نے فنون اور فن تعمیر میں ان کی خدمات کیا کیا ہیں مثالیں دیجیے۔

**III. سرگرمیاں:** 1۔ ہندوستان کے نقشہ میں راجپوت ریاستوں کی نشاندہی کیجیے۔

2۔ ہندوستان کے نقشہ میں سلاطین نے جن علاقوں کو فتح کیا ان کی نشاندہی کیجیے۔

**IV. منصوبہ جاتی کام:** استاد کی رہنمائی میں اہل سلاطین کی تاریخ عمارتوں کی تصویر اور ان سے متعلق تفصلات جمع کریں اور البم بنائیں۔

***

©KTBS Not to be republished


باب:3

# ہندوستان کے مذہبی وسماجی مصلحین

اس باب میں ہم درج ذیل نکات کو سمجھیں گے۔

- ◄ ہندوستان کے مذہب تبدیل کرنے والے تعارف پیش کردہ فلسفہ،تعلیمات
- ◄ شنکراچاریہ، مادھواچاریہ، رامانج چاریہ، بسونا، حیات اور تعلیمات
- ◄ ادویتا، دویتا، وششتا ادویتا، فلسفہ کے اُصول

ہندوستان کے سماجی وثقافتی تاریخ میں 8 ویں صدی سے 13 ویں صدی کا درمیانی عہد بہت اہم ہوتا ہے۔ اس دور میں شنکراچاریہ ، مادھواچاریہ، رامانوجاچاریہ، جوویدک دور کے مذاہب کے بانی کی طرح زندگی بسر کررہے تھے۔ دویتا، ادویتا اور وششتا ادویتا، نامی تین مذہبی فلسفوں کا ظہور ہوا ذات پات اور فرقوں کے درمیان ہونے والے تفرقات کے خلاف بسویشوارا نے سماجی انقلاب کا اعلان بھی کیا اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے تینوں آچاریہ اور بسویشوار نے اپنے آپ کو ذات پات امیر وغریب سب کو خدا کو سونپنے کی نصیحت کی انہوں نے سماج کو بھکتی کی راہ سے اصلاح کی۔



شنکر آچاریہ

**شنکر آچاریہ :۔** شنکر آچاریہ کیرلا کے کالاڈی قصبہ کے نمبودری برہمن گھرانے میں پیدا ہوئے۔ باپ شیوگرو، ماں آریامبا، شنکر نہایت ذہین تھے۔ اپنی عمر کے ساتویں سال ہی میں سنسکرت کے تمام شلوکوں ( آیات ) میں ماہر ہو گئے تھے۔ گووندا بھگوتاوا نامی اساتذہ کے پاس انہوں نے وید کے شاستروں کی تعلیم حاصل کی۔

شنکر نے اپنیشد اور برہما سوتروں کا گہرا مطالعہ کیا غیر مذہبی اصولوں کی پرزور حمایت کی جس کی بنا پر انہوں نے کہا کہ برہما ایک ہی سچ یا صداقت پر مبنی ہے۔ بقیہ ساری دنیا جھوٹی ہے۔ زندگی ہی برہما ہے اور زندگی برہما سے الگ نہیں ہے۔ دنیا ایک وہم ہے اس کا علم نہیں ہے اور انہیں اس کا بھی علم نہیں ہے کہ برہما ہی سچ ہے اس لیے علم کے راستہ سے دنیا کے وہم کو سمجھ کر بالکل سچائی والے برہما کے ساتھ ہماری زندگی کی روح ملا دینی چاہے صرف اسی وقت ہمیں

Not to be republished ©KTBS


نجات مل سکتی ہے۔اس طرح شنکر نے علم کے راستہ کی تعلیم دی۔

زندگی کی روح کا کوئی علاحدہ وجود نہیں ہے کی پرزور حمایت کرنے والے شنکر اسی کو میں ہی برہما یا ''ادویتا'' کی تبلیغ کی برہما ہی ستیہ، دنیا کے اندر کوئی خوبی یا کیفیت نہیں ہے۔اس میں خوبیاں یا اوصاف نہیں ہیں اور اس کی کوئی شکل بھی نہیں ہے اس پر زور دیا۔(نرگنا، نرکارا، نروی کرا)۔

**شنکرا آچاریہ کی تصانیف:۔** شنکرا بھاشیہ، آنند لہری ساؤندریا لہری، شیوانندلہری، وویکا چوڑامنی، پربدھا سدھاکر، دکشنا مورتی ستوترا جیسی اہم کتابیں ہیں۔شنکر کی بھجا گووندم کی سوتر بھی نہایت مشہور ہے۔

شنکرا آچاریہ پیدل ہی کنیا کماری سے کشمیر تک سارے ہندوستان میں چل پھر کر اپنے مذہبی فلسفہ کی تبلیغ کی۔اپنے مذہبی فلسفہ کی تبلیغ کے لیے ہندوستان کے چاروں سمت چار مٹھوں کی بنیاد رکھی۔شنکرا آچاریہ نے جن مٹھوں کی بنیاد رکھی وہ یوں ہیں۔

| |
|---|
| شنکرا چاریہ شروع کردہ مٹھ:(1) بدری ناتھ۔جیوتر مٹھ (2) دوارکا کالی کا پیٹھا (3) پوری۔گووردھن پیٹھا (4) شرنگیری شاردا پیٹھا۔(5) کانچی کامکشی مٹھ۔ |


رامانج آچار

**رامانج آچاریا۔وششتوادویتا:۔** رامانج آچاریہ چنئی سے قریب شری پریمبدور نامی قریہ میں پیدا ہوئے۔والد کیشوا سومایاجی، والدہ کانتی متی۔جنوبی ہندوستان کے مشہور تعلیمی مرکز کنچی میں یادوا پرکاش کے قریب ویداپینشد کی تعلیم حاصل کی۔پھر اس کے بعد شری رنگا گئے اور وہاں کی مندر کے بڑے پجاری بن گئے۔شیوا دھرم کے ماننے والے چولا راجگان نے رامانج کو تکلیف دینا شروع کیا۔اس وقت کرناٹک کے ہوئسلا راجہ وشنوور دھن نے ان کا استقبال کیا۔میل کوٹے کو جاکر چیلوا نارائنا مندر کی تعمیر کی۔

رامانج آچاریہ نے جس فلسفہ کی تبلیغ کی اسے وششٹھا دیوتھا کہہ کر اور شری ویشنوا کہہ کر بلایا جاتا ہے۔ان کی شاگردوں کو''شری ویشنوا'' کہا جاتا ہے۔

رامانج آچاریہ نے کہا کہ زندگی اور فطرت برہما کے ماتحت ہوتے ہیں۔آتما(روح) اور پرماتما(خدا) کا بیک

©KTBS Not to be republished

وقت آپس میں ملنا ناممکن ہے۔ نجات کے لیےعقیدت اور خودسپردگی اپنے آپ کو حوالے کردینا انتہائی ضروری ہیں۔ ذات پات کی تفریق کا سرے سے انکارکیا۔ رامانج آچاریہ نے بھکتی فلسفہ کوساری ذاتوں کے لوگوں کے لیے ایک ہی انداز کی نصیحت کی۔ کسی بھی قسم کی کوئی خواہش رکھے بغیر خدا کے حوالے خود کو کرنا ہوگا اس پر زور دیا۔ رامانج آچاریہ نے بھکتی کے طریقہ سے نجات حاصل کرنا ممکن ہے۔ اس بات کی پرزور تائید کی۔


رامانج آچاریہ نے عام لوگوں کو ''راہ نجات'' دکھانے کے لیے بے حد محنت کی۔ شری رنگا میں رہتے ہوئے شری رامانج آچاریہ نے شاستروں کی تعلیم حاصل کی۔ انہوں نے خود کئی کتابیں لکھیں۔ ویدانتا سنگرہا، ویدانتا سارا، ویدانتا دیپکا، شری بھاشیہ اوران کی سب سے اہم گرنتھ «گیتا» میں بھکتی فلسفہ کواہمیت دی ہے۔

شمال کے سنت رامانند، رائی داس وغیرہ رامانج آچاریہ کے اس فلسفہ سے بے حد متاثر ہوئے جس کی وجہ سے شمالی ہند میں بھکتی روایت کے فروغ کے لیے راہ ہموار ہوئی۔ وجیانگر کے تلوا، اوڈوراجگاں بھی شری ویشنوا مسلک کے پیروکار بنے۔

آپ کو یہ معلوم رہے۔

**جنوبی ہند کی چند ایک اہم شری ویشنوا مٹھ**

| | |
|---|---|
| (1) یتی راج مٹھ | میل کوٹے اور شری سپر مبدور |
| (2) پرکالا (برھماتنترا مٹھ | میسور |
| (3) اہوبلا مٹھ | آہوبلا گنٹور آندھرا پردیش |
| (4) آنڈوں مٹھ | شری رنگم |
| (5) وامی ملامٹھ | سچیندروم |


مادھوآچاریہ

**مادھوآچاریہ۔ دویتا:۔** یہ کرناٹک کے اڈپی کے قریب پاجکا نامی قریہ میں پیدا ہوئے۔ یہ مدھوا گیھا بھٹ اور ویداوتی کے لڑکے تھے۔ وشنو ان کا معبود دیو تھا۔ مادھو جب ابھی بچہ ہی تھے بے حساب علم حاصل کر چکے تھے۔ ایسی روایت ملتی ہے۔ لازوال معبود (رویشنو) کے ویدا اور اپنیشدوں کی تعلیم حاصل کی۔ انہوں نے ہی مادھوا چاریہ کو سنیاس (ترک دنیا) کا حلف دیا۔ اپنے استاد کے پاس تعلیم حاصل کرتے وقت ہی مادھوا آچاریہ اپنی مرضی سے اپنے علم کی قوت کا استعمال کرتے ہوئے اور مذہبی شاستروں کے اختلافات کو لے کر اپنے اساتذہ ہی کو لا جواب کر دیا۔ انہوں نے ''دویتا سدھا

©KTPS not to be republished

نتھا'' کی اشاعت کے لیے تیرتھ یاترا (مذہبی سفر) اختیار کرتے ہوئے مختلف علاقوں میں پہنچ کر بحث ومباحثوں میں حصہ لیا۔ ہڑگ کے گوپی چندنامی مٹی کے تودے میں رہنے والے شری کرشنا کی مورتی کو لاکراڈپی میں نصب کیا اور شری کرشنا کی پوجا کے اشٹھ مٹھوں کی بنیاد رکھی۔

آپ کو معلوم رہے:۔


***اشٹھ مٹھ***۔ پلی مارو، ادامارو کرشنا پور، پتی گے، شیرور سودے، انے پور اور پیجا ور مٹھ ہیں۔

شری مادھواچاریہ کے مطابق دنیا ایک وہم نہیں یا خیالی چیز نہیں ہے۔ وہ خدا کی طرح ایک اٹل (خیال) کے طور پر ہے۔ خدا کو اس کی مخلوقات حاکم اور محکوم کا تعلق ہے۔ وشنو نارائن دونوں ایک ہی ہیں اور ایک سب سے اعلیٰ وارفع ہے۔ وشنو کی اگر عقیدے کے ساتھ عبادت کی جائے تو روح کو ترقی یا پھر نجات ممکن ہے۔

**مادھواچار کی تصنیفات:**

گیتا ابھیاسا، گیتا تاتوریا نرنیا، مہابھارتا تاتوریا نرنیا، وشنوتتوانرنیا، بھاگوتا تاتوریا نرنیا، سوترا بھاشیہ، مایاوادا کھنڈا وغیرہ ہیں۔ مادھواچاریہ نے فلسفہ کی اشاعت کرنے والے ان کے مشہور شاگردوں میں ششیا ریندر پدمانا بھا، تیرتھ، مزہری تیرتھ، وجیند رتیرتھ اور وادی راج تیترتھ ہیں۔

**بسونا:**۔ بسویشورا۔ بسویشور بیجاپور ضلع کے بسوناباگے واڑی کے مادارسا اور مادالامبکے کے بیٹے ہیں۔ سنسکرت اور کنڑ زبان کی تعلیم حاصل کی اور اپنے مونجی کی رسم کے بعد کوڈلاسنگم کی طرف گئے۔ جہاں شیوا معلمین کی خدمت میں لنگ حاصل کیا اور دھیان میں لگے تپسیہ کرتے رہے۔ اپنے کام کاج میں مہارت کے باعث کلاچری بادشاہ بجلا کے خزانے کے افسر مقرر ہوئے اسی وقت اپنی مذہبی سماجی تحریک کو بسونا نے منگلا ویڈے میں شروع کیا۔ انہوں نے ویراشیوا مذہب کی اصلاح کی۔ اپنے کام کاج مشغولیت سے کلاچری بادشاہ اسی موقعہ پر مذہبی سماجی تحریک کو بسونا نے منگلا دیڈ میں شروع کیا۔



بسونا

بسونا نے خود کو شیوا کے حوالے کر دیا۔ ذات پات کی تفریق نہ کرنے کی ہدایت کی۔ خالص عقیدت ہی شوا تک پہنچنے کا صحیح راستہ ہے اس بات کی تبلیغ کی۔ ہر آدمی محنت کر کے کمائے اور کھائے۔ پیسوں میں چھوٹے بڑے کی تفریق کی مخالفت کی۔ سماج کو خود کفیل بنانے کے لیے کام کے فلسفہ پر زور دیا۔ بسویشور کی

©KTBS Not to be republished

تبلیغ کا مقصد عوام میں کمائی یا محنت کی عادت کو بڑھاوا دینا تھا۔ بسویشور کی ''محنت ہی جنت ہے'' اسی فلسفہ کو روبہ عمل لانے کی بھرپور کوشش کی۔

بسویشور نے بیدر ضلع کے بسواکلیان میں »بسوامنٹپ« نامی ایک خانقاہ جو روحانی تعلیم گاہ تھی کا آغاز کیا۔ ذات اور جنس کی تمیز کئے بغیر سماجی، اقتصادی اور مذہبی مسائل پر بھرپور بحث کی۔ عورتوں کی آزادی، مساوات پر زور دیا۔ یہاں بتاتے گئے بہت سارے نکات وچنوں (شاعری) کے ذریعہ سماج تک پہنچانے کی کوشش ہوئی اور ان چنوں کی تحریک میں ذات پات کی تفریق کے بغیر ان کے پیروکاروں نے ایک جگہ جمع کیا۔

ان کے پیروکاروں میں سب سے اہم الاما پربھو، اکا مہادیوی، سدّ راما، مولیگے ماریا، امبگا رچوڑیاّ، مڈیوالا ماچیاّ، مادارا چنیا، ہرلیا اور کنرّ ی بمیاّ ہیں۔

وچن کار اپنے وچنوں میں انسانی اقدار پر زور دیتے ہوئے ویرشیوا مذہب کی اصلاح کی۔ عوام کی اخلاقی اور پاکیزہ زندگی کی اہمیت کو ابھارا۔ ہر ایک کو مکمل پاک زندگی جینا ہے اس کی پرزور وکالت کی۔

بسونا نے کئی ایک وچن لکھے جن میں ایک درج ذیل ہے۔

دنیا بھر کے انسان یکساں ہیں۔ پیدائش ہی سے کوئی اچھوت نہیں ہوتا۔ ان کے خیالات و عمل اور کام کی وجہ سے وہ اچھوت بن جاتا ہے۔ ان خیالات کو انہوں نے وچنوں کے ذریعہ بتایا۔ کئی ایک وچنوں کے ذریعہ وچن گانے والے اس وقت کے سماج میں موجود کئی ایک غلط حرکتوں کو واضح کرتے ہوئے ان رسومات کے خلاف عوام میں بیداری پیدا کی۔ بسونا کے معتقدوں نے سینکڑوں مٹھوں کی تعمیر کرتے ہوئے سماجی اصلاح کی اور تعلیم کو فروغ دیا۔

بسونا اپنے ایک وچن میں یوں کہتے ہیں۔ ہر ایک آدمی کو ایک باعزت مقام، غریبی مالداری، ذات اور جنس چاہے کچھ بھی ہو شیو کی مہربانی اور اس کی دی گئی نجات کے لائق ہوتا ہے۔ ایسا کرنا کسی کے لیے ابھی ناممکن نہیں ہوتا کیونکہ شیو ہمارے ہی اندر موجود ہے۔

©KTBS Not to be republished

## مشقیں

**I. درج ذیل جملوں میں خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے خانہ پری کیجیے۔**

1. شنکرآچاریہ کیرلا کے ۔۔۔۔۔۔۔ میں پیدا ہوئے۔
2. دنیا ایک وہم ہے برہما ہی سچ ہے اس کی تبلیغ ۔۔۔۔۔ نے کی۔
3. رامانج آچاریہ کے شاگردوں کو ۔۔۔۔۔ کہا جاتا ہے۔
4. دیوتا سدھانتا کے ماننے والے ۔۔۔۔۔ ہیں۔

**II. درج ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔**

1۔ ادویتھا فلسفہ کی تبلیغ کس نے کی؟
2۔ رامانجاچاریہ نے جس فلسفہ کی تبلیغ کی وہ کونسا تھا؟ انہوں نے مذہب کو کس نام سے پکارا؟
3۔ رامانج آچاریہ کی تصانیف کے نام لکھیے۔
4۔ مادھواچار نے کس فلسفے کی تبلیغ کی؟
5۔ بسویشورا کی محنت کے فلسفہ کو واضح کیجیے۔
6۔ انو بھومنٹپ کس نے شروع کیا؟ اس کا مقصد کیا تھا؟
7۔ شنکرا آچاریہ نے کونسی گرنتھ لکھی اس کا نام بتائیے۔

**III. سرگرمی**

1۔ کسی ایک پیٹھے کو جائیے اور وہاں چلنے والی تہذیبی یا سماجی خدمات سے متعلق لکھیے۔
2۔ سارے وچنوں کو جمع کیجیے اور ایک گروپ کی شکل میں اسے گاتے ہوئے واضح کیجیے۔
3۔ بسویشور ہی کی طرح دیگر وچن لکھنے والوں کی تصاویر جمع کیجیے۔

**IV. منصوبے:**

1۔ استاد کی مدد سے دیوتا اور ادیوتا فلسفوں پر ایک مضمون لکھئے۔
2۔ مقامی علاقوں میں پائے جانے وچن لکھنے والوں کو مدرسہ بلائیے اور مختلف وچنوں کو ان کی زبانی سنئے۔

* * *

©KTBS Not to be republished

باب:4

# وجیانگراور بہمنی سلطنتیں

اس باب میں ہم درج ذیل نکات کو سمجھیں گے۔

- وجیانگراور بہمنی سلطنتوں کا قیام
- وجیانگراور بہمنی حکومتوں کے بادشاہی خاندان
- شری کرشنا دیورایا کے کارنامے اور خدمات
- وجیانگر شہنشاہیت کے ثقافتی خدمات
- بہمنی حکومت کی ثقافتی خدمات

ہندوستان کی تاریخ میں وجیہ نگر حکومت ایک دور انقلاب ہے۔ جنوبی ہندوستان کے شاہی خاندان دیوگری کے یادو، ورنگل کے کاکتیا، مدھورے پانڈیا، دوارسمدر (ہلے بیڈ) کے ہوئسلہ اور تنجاور کے چولا۔ علاؤالدین خلجی کے زبردست حملوں کے شکار بنے۔ اس کے نتیجے میں ہر جگہ سیاسی ابتری، ہنگامے، خوف اور مذہبی فسادات، نظر آنے لگے۔ اس موقعہ پر ہندو مذہب اور ہندوستانی تہذیب کو بچانے کا کارنامہ وجیہ نگر حکومت کی جانب سے ہوا۔ اور اس سلطنت سے تین صدیوں تک حکومت کی 15ویں صدی میں یہ سلطنت جنوب میں بحر ہند مشرق میں خلیج بنگال اور مغرب میں بحر عرب تک پھیلی ہوئی تھی۔

ہَکا۔ بُکا لوگوں نے 1336 عیسوی میں تنگا بھدرا ندی کے جنوبی کنارے پر اس سلطنت کی بنیاد ڈالی۔ آگے چل کر ہمپی وجیہ نگر سلطنت کا پایہ تخت بنا۔ اس موقع پر شمالی ہندوستان کے اہم حکمران دہلی کے سلطان تھے۔ کرشنا اور گوداوری کے دوآب علاقے میں اُڑیسہ کے حکمران (گجاپتی) اور شمالی دکن میں بہمنی کے ان تمام کا سامنا کرتے ہوئے وجیانگر حکمران کو عروج پر آنا تھا۔

وجیہ نگر پر حکومت کرنے والے چار خاندان

سنگم | سالوا | تلوا | اروِیڈو

سنگم خاندان 1336-1486 عیسوی مشہور بادشاہان ہری ہراول، بکا رایا، ہری ہرادوم اور پراؤ ڈھا دیوارایا۔ ہری ہراول نے وجیہ نگر حکومت پر جائیداد کا وزن ڈال کر کٹے پھٹے پہاڑوں کے درمیان نئی راجدھانی کو فروغ دیا۔

**بُکا بادشاہ:** مدھرائی کے سلطان کو معزول کرتے ہوئے بکا کے بیٹے کمپنا کو حکومت کی توسیع اس عظیم کامیابی

©KTBS Not to be republished

سے متعلق گنگادیوی کا لکھا ہوا ''شری مدھراوجیم'' سنسکرت کی اس کتاب میں زیادہ معلومات اور تفصیلات ملتی ہیں۔ کونڈاویڈو کے ریڈی قوم کو ہرا کر پنکنڈہ کا علاقہ بُکا نے وجیہ نگر کی سلطنت میں شامل کر دیا۔ بُکا نے جینوں اور ویشنولوگوں کے درمیان اختلافات کو رفع کیا۔ ہمہ مذہبی استحکام کے قوانین پر زور دینے کی بات شیراون بلگولہ کی دستاویزات سے معلوم پڑتی ہیں۔ دارالحکومت میں قلعہ تعمیر کرتے ہوئے۔ مندروں کی بنیاد رکھتے ہوئے۔ کاشتکاری کی سرگرمیوں کو زیادہ حوصلہ افزائی کی۔ ملک چین کے منگ خاندان کے بادشاہ کے دربار کو بکا نے اپنا سفیر بھیجا۔

آپ کو معلوم ہے: ویدوں کی تحریر اس کے زمانے میں تکمیل کو پہنچی۔ اس لیے اس کو ویدک استاپھنا چاریہ کا خطاب ملا اس نے اپنی ریاست کے 26 مقامات پر بازار کا انتظام کیا۔

**ہری ہرا دوم:** چک رایا کا بیٹا ہری ہرا دوم کے ستائیس سالہ دور حکومت میں وجیہ نگر ایک عظیم ریاست بن گئی تھی۔ اس نے کنڈ ویڈو، کرنول، نیلور کے قلعوں کو فتح کیا۔ بہمنی حکومت کے سلطان مجاہد کے انتقال کے زمانے میں اس نے اپنی ریاست گوا سے کونکن ساحل کے شمال تک اپنی حکومت کی توسیع کی۔ کرشنا کے شمال میں واقع پانگل کے قلعہ کو 1398 میں فتح کرلیا۔


آپ کو معلوم ہے: نکولوکونٹی نامی فرانس کا سیاح وجیہ نگر کے بارے مین بہترین انداز سے بیان کرتا ہے کہ اس کی راجدھانی ساٹھ میلوں تک پھیلی ہوئی تھی۔

**دیواریا دوّم (1446-1424):** سنگم ہی کی نسل سے ایک اہم راجا (دیورایا (دوم) پراوڈھا دیوارایا ہے۔ اس نے گجابیٹے کارا« (ہاتھی کا شکاری) نامی خطاب بھی حاصل کیا تھا۔ دیواریا دوم اڑیسہ کے بادشاہ کپلیندر کو ہرا کر کنڈاویڈو کو فتح کرلیا۔ سرحدی علاقوں کے لیڈران کو اپنا غلام بنا کر شمال مشرقی سرحد کو کرشنا ندی تک پھیلایا۔ اس کے بعد کیرلا کو فتح کیا کیرلا اور سری لنکا سے باج گذار کی رقم حاصل کیا۔ جس کی وجہ سے اسے ''دکشنا پتھ کا چکرورتی '' کہا گیا۔ ان فتوحات کی وجہ سے وجیہ نگر کی حکومت سنہالیوں کی سرحدوں سے گلبرگہ تک اور تلنگانہ سے ملبار تک پھیل گئی۔

**یہ آپ کو معلوم ہے:** فارستان کا سفیر عبدالرزاق 1443 اپریل کے اواخر میں وجیہ نگر کی راج دھانی میں تھا۔ اس کی شان وشوکت سے متاثر ہوکر جو بات اس نے کی وہ یوں ہے۔ وجیہ نگر جیسی ریاست نہ آنکھوں نے دیکھی نہ کانوں نے سنی کیونکہ اس کے برابر کوئی شہر دنیا میں ہے ہی نہیں۔

نیونیز کے مطابق دیواریا دوّم کو سیلون، پلی کاٹ، پیگو، سنانیزم (برما کا حصّہ) اور ملیا کے حکمران تحفہ جات دیا کرتے تھے۔ روایتی حریف بہمنی کے احمد شاہ نے بیجاپور تک پیچھا کرتا ہوا مدگل اور بنکاپور تک اپنے قبضہ میں لے لیا دوسرے دیواریا کا سپہ سالار لکھن دنڈیشی ایک بحری فوجی سفر اختیار کرکے کامیاب واپس ہوا۔ یہ بادشاہ نہایت

رواداری تھا اپنی راجدھانی میں اس نے مسجد تعمیر کروائی ساتھ ہی جین مندر اور مندریں ویشوؤں کے لیے تعمیر کروائی گئیں۔ یہ خود ایک شاعر تھا اس کے دربار میں سنسکرت شاعر ڈم ڈما اور لکنا ڈنڈیش ہوا کرتے تھے۔ دیوارایا کے زمانے میں ویراشیو روایت اور ادبی نشاۃ ثانیہ حاصل ہوئی۔ 1446 عیسوی میں دیوارایا دوم کے مرنے کے بعد آنے والے کمزور راجاؤں کے ساتھ سنگم خاندان کی حکومت کا خاتمہ ہو گیا۔



راجہ لانچھنا

## کرشنا دیوارایا (1529-1509):

تلوا خاندان نرسانا یک اور دوسری بیوی ناگالامبیکے کا بیٹا کرشنا دیوارایا وجیہ نگر سلطنت کے راجاؤں میں سب سے زیادہ اہم رہا ہے۔ اس کے دور حکومت میں وجیہ نگر اپنی ترقی کے حدود کو پہنچ گیا۔ دنیا کے مشہور ترین بادشاہ اشوک، سمدر گپتا، ہرش وردھن کی صف میں کھڑا ہونے والا یہ بادشاہ جس نے بیس سال تک حکومت کی۔ جس وقت یہ تخت نشین ہوا اس وقت ملک کے اندر اور بیرون ملک انتہائی پیچیدہ مسائل تھے۔ نئے آبی راہوں سے آنے والے یوروپی قوموں نے یہاں اپنا ٹھکانہ بنانا شروع کر دیا تھا۔ شمال کے مغل بادشاہوں نے جنوب کی طرف قدم بڑھانے شروع کر دئے تھے۔ بہمنی بادشاہیت کے پانچ بادشاہ اپنی ایک الگ طاقت بنالی تھی۔ کرشنا دیوارایا کے خلاف میدان جنگ میں اتر گئے۔ ساتھ اُمتور اور اُڑیسہ کے راجا بھی وجیہ نگر پر اپنی دشمنی ظاہر کرتے رہے۔



شری کرشنا دیورایا

**کرشنا دیورایا کی فوجی خدمات:** رابرٹ سیویل کے مطابق کرشنا دیوارایا ایک غیر معمولی شخصیت کا مالک تھا۔ نہایت ذہین فوجی اور سیاست کا ماہر تھا۔ اس نے تمام جنگوں میں کامیابی حاصل کی اور جنوب میں وجیہ نگر حکومت کی توسیع کی۔ کرشنا دیواریا کی تاج پوشی کے وقت اندرونی فسادات سے وجیہ نگر کا قانونی ضبط قطرے میں تھا۔ 1510 سے 1521 کے انتظام میں عرصہ دراز سے چلنے والی جنگوں اور کامیابیوں سے بھری ہوئی ہے۔ تقریباً 14 اہم جنگیں ہوئیں اور وہ بہمنی، بیجاپور کے عادل شاہی۔ احمد نگر کے نظام شاہی، گولکنڈہ کے قطب شاہی، اُڑیسہ کے گجاپتی اور پالیگاروں کے ساتھ ہوئیں۔ 1509 میں یوسف عادل شاہ نے دوسرے شاہی خاندانوں کے ساتھ اتحاد کرتے ہوئے وجیہ نگر پر حملہ کا اعلان کیا اور اس جنگ میں بیجاپور کے عادل شاہ کی موت بھی ہوئی۔ اُمتور کے مانڈلیکا گنگا راجہ کو ہرا کر اس سے شوانا سمدرا کا قلعہ فتح کر لیا۔ اس کے بعد رائچور کا قلعہ بھی فتح کر لیا۔ گوے کو بیجاپور کے سلطان سے جیتنے کے لیے پرتگالیوں کو مدد دیتے ہوئے ان سے اپنے تجارتی تعلقات بڑھائے اور دے گری کا قلعہ پر حملہ کیا۔ اب چاہے کچھ بھی ہو جائے آج ہی اسی قلعہ کو فتح کر لوں گا۔ یوں کہنے لگا۔ دیورایا کی یہ بات اس کے کام کرنے کے ارادے کو ظاہر کرتی ہے۔ کالنگا کی راجدھانی کٹک کو

©KTBS
Not to be republished

حاصل کرلیا۔ گج پتی پرتاپ ردرا کو ہرا کراس کے ساتھ امن کا معاہدہ کرلیا۔

کرشنا دیوارایا کی جنگوں میں اہم اُڑیسہ کے گجا پتی کے ساتھ ہوئی جنگ اہم ہے اور یہ جنگ 1512 سے 1518 تک کے لمبے عرصہ تک ہوئی۔ کونڈاویڈو، وجئے واڑہ اور کنڈ پیلّی پر قبضہ کیا۔ اور یہ اُڑیسہ کے گجا پتی کے جنوبی حکمرانیت والے علاقہ تھے۔ اور گجا پتی نے کرشنا دیوارایا کی جیت کو تسلیم کرتے ہوئے اپنی بیٹی کی شادی اُس کے ساتھ کردی۔ 1520 میں کرشنا دیوارایا نے بیجاپور کے عادل شاہ کو ہرا کر رائچور کا قلعہ فتح کرلیا رائچور کا محاصرہ شروع کرتے وقت اس نے فوجیوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا اس دنیا میں سبھوں کو مرنا ہے جنگ میں مریں گے تو جنت اور جیتیں گے تو کامیابی کی لکشمی ہاتھ آئے گی اس لیے سب میرے ساتھ آئیں۔ کمزور نہ بنیں۔ رائچور کے بعد اور گلبرگہ کے قلعوں کو بھی جیت لیا۔ بہمنی حکومت کے وزیر اعظم قاسم بریدی کو کرشنا دیوارایا ہرایا اور اسے گرفتار کرلیا۔ بہمنی حکومت کے شہزادوں کو بیدر میں بہمنی تخت پر تخت نشین کروایا۔ اس کو یوانا راجیہ پرتشٹھا پناچاریہ خطاب ملا۔ کرشنا دیوارایا کے انتقال کے موقعہ پر وجیہ نگر حکومت انتہائی وسیع وعریض تھی ہر ایک جانب تک مکمل طور سے پھیلی ہوئی تھی۔

سرگرمی: تینالی راما کرشنا کی عقل مندی سے متعلق کہانیاں پڑھیں۔

کرشنا دیورایا جنگی مہارت کے ساتھ ساتھ نہایت قابل حکمران بھی تھا۔ ملکی سیاست کے معاملہ سے اسے جو مہارت حاصل تھی اسے اس کے تحریر کردہ کتاب ''امکتا مالیادا'' نامی تیلگو میں لکھی ہوئی کتاب اس بات کی وضاحت کرتی ہے۔ زراعت کے پھیلاؤ کے لیے اس نے آب پاشی کی سہولتوں کو فروغ دیا۔ پرتگالیوں سے دوستی کرتا ہوا غیر ملکی تجارت کو فروغ دیا۔ شادیوں پر لگا ٹیکس معاف کردیا۔ فن، ادب اور مذاہب کا سب سے زیادہ بڑا سرپرست تھا۔ اس کے دربار میں آٹھ عظیم فنکار نامی تیلگو کے شاعر تھے یہ خود شاعر تھا۔ کرشنا دیوارایا نے » جامباوتی کلیانا« نامی سنسکرت زبان میں ناٹک لکھا۔ الاسانی پدنا، نندی تمنا، دورجٹی، تینالی رام کرشنا وغیرہ اس کے درباری تیلگو شاعر تھے۔


کرشنا دیوارایا نے ہمپی میں کرشنا مندر کی تعمیر کی۔ اس نے اپنے زمانہ حکومت میں کئی ایک مندروں کی تعمیر کے ساتھ ساتھ ہمپی کا ویروپاکشا مندر اور مہازنگا منٹپ بھی تعمیر کروایا۔ تمام مذہب کے ماننے والوں کو اس کے زمانے میں مذہبی آزادی حاصل تھی۔ اس کی تفصیل پرتگالی سفیر یا سیاح پائیس اور بربوس نے بیان کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک عظیم بادشاہ تھا۔

## وجیہ نگر حکومت کا زوال:

کرشنا دیوارایا کے بعد اچھوتا رایا اور سداشیوارایا نے حکومت کی۔ کرشنا دیورایا کے داماد اروِیڈو کی نسل کا رامارانیا نے انتظامیہ کو سنبھالا رامارائنا اپنے تیئیس سالہ حکومت کے زمانے میں اختیار کردہ لڑائیوں میں اپنے ملک کے



©KTBS Not to be republished




شان میں اضافہ کیا جس کی وجہ سے وجیہ نگر کے دشمنوں میں اضافہ ہوگیا۔

دکن سلاطین کی جانب سے ہونے والے وقتاً فوقتاً حملوں کے جواب میں راما رانیا بیجاپور اور گولکنڈہ کی ریاستوں کو قبضہ میں لے کر جنگی اشتعال دلایا۔ وجیہ نگر حکومت کے فروغ اور خوشحالی پر حسد اور بغض رکھنے والے دکن کے سلاطین مذہب کے نام اپنے تمام اختلافات کو بھلا کر سب متحد ہو گئے۔

©KTBS Not to be republished

آپ کو معلوم رہے: وجے نگر حکومت میں پنکنڈہ، چندراگری پڑے بیڈو، تروواڈی (ٹراونکور) ملاوائی (ملباگل) سانتلی گے (شیموگہ) اور منگلورا اہم علاقے تھے۔

1565 عیسوی میں چار ملکوں کی متحدہ فوج نے وجیہ نگر پر حملہ کیا۔ اس حملہ میں راما راین کی فوج ہار گئی اور راما راین کا قتل ہوگیا۔ کامیابی حاصل کرنے والی دکن کے سلاطین کی فوجیں بھی بھاری بھرکم تھیں وجیہ نگر کی اینٹ سے اینٹ بجادی۔ جس کی وجہ سے اس حکومت کی راجدھانی ہمپی بھی اجڑی ہمپی بن گئی آگے چل کر پنکنڈہ، چندرگری آخر کار ویلور سے اروِیڈو خاندان کے انتظامیہ 1646 عیسوی تک چلتی رہی۔ کرناٹک میں میسور، کیلدی، چترادرگ وغیرہ وجیہ نگر کے جو ماتحت تھے وہ آزاد ہو گئے۔

**آپ کو معلوم رہے** : وجیہ نگر سلطنت کے ادوار کی جانکاری کے لئے سیاحی اور غیر ملکی سیاحوں کے کہانیاں اور قصے اہم ہیں۔ اس دوران کئی غیر ملکی سفیروں نے وجیہ نگر سلطنت کا دورہ کیا۔ ان سیاحی کہانیوں میں وجیہ نگر دور سلطنت کے سیاسی معاشی سماجی ثقافتی اور دیگر معلومات کی آگاہی ہوتی ہے۔ وجیہ نگر کے دور سلطنت میں آنے والے اہم سفیر تھے۔

ہری ہرا اول ۔ ابن بطوطہ (موراکو) پروڈھار یورایہ۔نکولودی کونٹی (وینشیاء) عبدالرزاق (ایران)، نکی ٹن (روس) نرسمہا دوم ۔ لوڈووِیکوڈی ورتیما (اٹلی) کرشنا دیوا رایہ۔ باربوسا (پرتگال) ڈومنگوڈ پیاس (پرتگالی) اچیوتا دیوا ریا۔ نیونیز (پرتگالی)۔ رکس رنگڑی جنگ کے بعد سیزر فریڈرک (وینیس)۔راجہ ویکٹنا اول کی موت کے بعد بیا راڈس (انگلینڈ) وغیرہ،ان کے پاس یوروپی خصوصیات زیادہ ہونے کی وجہ یوروپ سے تجارتی غرض کے لئے مشرقی مما لک کو بحری راستوں کی کھوج تھی۔اسکے ساتھ ساتھ عرب اقتدار میں غیر ملکی تجارت کا پرتگالیوں کی طرف جھکنا تھا۔

## وجیہ نگر کی ادبی وثقافتی خدمات

**انتظامیہ:** وجیہ نگر حکومت کے انتظامیہ نے اپنی روایاتی طور طریقوں کو آگے بڑھایا۔راجہ اپنے بڑے لڑکے کو اپنا جانشین بناتے تھے۔غیر مرکزیت اختیارات والی طاقتور مرکزی حکومت ہوا کرتی تھی۔مجلس وزرا بھرپور فوجیں علاقائی مانڈلیکر یا راجہ ایک راجہ کو پالے گار کو فوجی خدمات کی شرط پر زمین دی جاتی تھی۔نا ینکر (نا یک) ریاستی مجلس، دیہی انتظامیہ ایسی ہی مختلف قسم کے انتظامیہ ہوا کرتے تھے۔تمارسانا بڑا وزیر اعظم ہوا کرتا تھا۔ساری حکومت علاقائی دیہاتی انتظامیہ کی اکائیوں میں بٹی ہوئی تھی۔

سرگرمی گرام: پنچایت کا دورہ کرتے ہوئے گرام سبھا میں چلنے والے طور طریقوں کی جانکاری حاصل کیجیے۔

جو بادشاہ ہوا کرتا تھا وہ عدالتی معاملات میں اختیار اعلیٰ رکھتا تھا۔علاقہ میں علاقائی افسر انصاف کیا کرتا تھا۔ سزائیں انتہائی سخت ہوا کرتی تھیں۔دیہی انتظامیہ آخری اکائی ہوا کرتی تھی۔جہاں گرام سبھا میں انتظامیہ سنبھالتی تھی۔ گوڈا کرنم (شان بھوگ تلوار دیہی انتظامیہ میں مدگار ثابت ہوتے تھے۔ریاستوں میں ضلعی انداز ناڈ گوڈا اور شہروں میں پٹنا سوامی انتظامیہ کی دیکھ بھال کیا کرتے تھے۔

کیا آپ کو معلوم ہے: ہنومانا می خاتوں دیوار یادوم کے دربار میں مخبری کا کام کیا کرتی تھی۔وجیہ نگر حکومت کے زمانے میں بقول عام کھیل کشتی تھا۔ہری یکا نامی خاتون اس زمانے کی مشہور کشتی کی کھلاڑی تھی۔

وجیہ نگر کی حکومت میں ایک قابل ولائق فوج تھی۔مستقل فوج، برابری والی فوج اور سوسبھیا (جو کہ بادشاہ کی حفاظتی فوج ہوا کرتی تھی) سینا اس طرح اس فوج کے تین حصے ہوا کرتے تھے۔جن کو پیدل فوج، گھڑسوار فوج اور ہاتھی سوار فوج ہوا کرتی تھی ساتھ میں توپیں رکھنے والی فوج اس کا اہم حصہ ہوا کرتی تھی۔1368 عیسوی سے ملکی گھوڑے اس

©KTBS Not to be republished

فوج کی دلکشی کا باعث ہوا کرتے تھے۔اس فوج میں بحری فوج بھی ہوا کرتی تھی۔کسی بھی ذات کے لوگ فوج میں بھرتی ہوکر اپنے لیے مناسب عہدہ حاصل کرکے عزت وآبرو پاسکتے تھے۔وکلیگرا،(کسان) بیڈر(مویشی پالنے والے) بھی پالے گار رہوا کرتے تھے۔قلعے اور خندقین بھی جنگ میں اہم کردار ادا کرتے تھے۔

سماجی انتظامات: سماج چار ذاتوں والے انداز پر قائم تھا۔باوجود اس کے مختلف پیشہ ور کی بنیاد پر مختلف ذاتوں کا طور طریق جاری تھا۔دستکاری کے شعبے والے، لوہار، ٹھٹھیرے، بڑھئی، جولاہے، چمار زیادہ تعداد میں ہوا کرتے تھے۔بچوں کی شادی، ستی کی رسم، دیوداسی روایات باقی تھیں۔عام طور پر ایک بیوی سے شادی کرنے کی رسم تو تھی پھر بھی راجا اور مالداروں کی ایک سے زیادہ بیویاں ہوا کرتی تھیں۔عورتوں کو باعزت مقام حاصل تھا۔وجیہ نگر میں خواتین پہلوان ہوا کرتی تھیں اور عورتیں محافظ ہوا کرتی تھیں۔ہولی، دیپاولی اور دسہرہ تیوہار عوامی طور پر منائے جاتے تھے۔دسہرہ کا تیوہار ہمپی میں شاہانہ سرپرستی میں شاندار طریقہ سے منایا جاتا تھا۔موسیقی اور ناچ کو عوام میں بے حد مقبولیت حاصل تھی۔

| |
|---|
| سرگرمی: آج کے میسور والے دسہرے اور وجیہ نگر کے دسہرہ میں موازنہ کیجیے۔ |

**معاشی نظام:**۔وجیہ نگر سلطنت معاشی اعتبار سے خوش حال تھی زمینی لگان ہی سلطنت کی آمدنی کا اہم ذریعہ تھی کسان اور پیدا کرنے والے ایک بٹا چار حصہ سرکار کو ٹیکس کی صورت میں دیا کرتے تھے۔پیشہ ورانہ ٹیکس، گھروں کا کندایہ، راستہ کی چنگی (ٹیکس) بازار کی چنگی، تجارتی ٹیکس، آمدورفت پر ٹیکس مختلف طریقوں سے آنے والے باج گذار آمدنیاں ہی حکومت کے ذرائع تھے۔زراعت مالیاتی نظام کی ریڑھ کی ہڈی تھی۔یہ سال میں دو موسموں کی فصل ہنگار اور مونگار کے طور پر کیا کرتے تھے۔جوار، راگی، دھان گیہوں، باجرا، مونگ، ماش، تور، تل، مونگ پھلی، روئی، گنا، ناریل اہم پیداوار تھیں۔وجیہ نگر کے بادشاہ کنواں، تالاب، نالے کی آب پاشی کے ذریعہ زراعت اور آب پاشی کی ہمت افزائی کرتے۔ان کے زمانے میں گتے داری، معاہدے پر زراعت کرنا، سدھایا ور اور گڑی نام کے پانچ قسم کی زمینات سے متعلق رسمیں جاری تھیں۔

| |
|---|
| سرگرمی: زمانہ قدیم کے پیسے اور سکے یا تصویریں جمع کریں۔ |

وجیہ نگر حکومت کا زمانہ صنعت اور تجارتی حلقوں میں اہم کارنامے سے انجام دینے کے لیے مشہور ہے۔کالی مرچ لونگ الائچی جیسے مسالے، نمک، فولاد، ہیرے، مصری، مشک، صندل، عطریات وغیرہ درآمدی کی جاتی تھیں۔



©KTBS Not to be republished

کپڑے بننے کی صنعت ایک اہم صنعت تھی۔سونے کے سکے جس پر خزیر کی تصویر ہوا کرتی تھی۔سونے کا سکہ اور پگوڈا چاندی کا تارا،تانبہ کے برتن اور پیسہ اور سکہ بھی استعمال میں ہوا کرتا تھا۔

یہ آپ کو معلوم رہے: ضلع اننت پور کے قریب گتی نامی گاؤں کے پاس وجرا کرور موتیوں کا مرکز تھا۔ کالی کٹ میں جواہرات ملا کرتے تھے۔ بھٹکل فولاد کا مرکز ہوا کرتا تھا۔ پلی کاٹ میں گلاب کے پھول کے عطر کشید کر کے خوشبوئیات تیار کی جاتی تھیں۔ وجیہ نگر کی راجدھانی میں پرتگالی سیاح پیسنو کے مطابق روزانہ ایک طرح کا بازار لگا کرتا تھا۔ ویروپا کشا،کرشنا پان سپاری وردارا جما اچھیوت وٹھل اور مالیاونتا یہ سات اہم مارکیٹ تھے۔

آپ کو معلوم رہے۔ بنکاپور، بھٹکل، گوا، شیونا سمندر، رائچور، گنجی، چدمبرم، مدرورائی، رامیشورم اس زمانے کے اہم تجارتی مراکز تھے۔ غیر ملکی تجارت بھی بہت اہم تھی۔ جاوا، سماترا، بورنیا، چین، عربیہ، ایران کے درمیان آپسی لین دین تھی۔ گوا، چال، ہوناور، بارکور، منگلور، نیلوشورا، بھٹکل، کالی کوٹ، مچھلی پٹنم، وشاکھا پٹنم، اور دیگر بندرگاہیں بیرونی ممالک کے لئے کپڑے، دھان، چاول، لوہا، شکر اور مسالہ دار چیزوں کی درآمد کیا کرتے تھے۔ وہاں سے گھوڑے، ہاتھی، موتی، تانبہ، پارہ، سندھور، چینی صوفی کپڑے اور بنفشائی کے کپڑے کو برآمد کرتے تھے۔

**مذہبی انتظام:۔** وجیہ نگر کی حکومت تمام مذاہب والوں کی ہمت افزائی کرنے کا فخر رکھتی ہے۔شری ویشنوا اور جینوں پر مشتمل لوگ اپنے اپنے مذہبی تفریقات کو بھول کر آپس مین باعزت طریقہ سے زندگی گذارتے تھے۔ وجیہ نگر سلطنت کا حکمران جن میں ابتدائی راجگان تھے شیوا اور ویرا شیوا کے مذہب کے سرپرست تھے بعد میں آنے والے بادشاہاں ویشنو کے پرستار تھے۔ وجیہ نگر کے حکمران رام نومی کو خصوصی طریقہ سے مناتے تھے۔

آپ کو معلوم رہے: عیسائی، یہودی، مسلمان یا ہندو کوئی بھی ہو بے خوف ہوکر اس ریاست میں زندگی گذار سکتا ہے۔ بربوس بیرونی سیاح، بھٹکل، ہناور اور منگلور وجیہ نگر کی اہم بندرگاہیں تھیں۔ عرب، چین اور پرتگال وغیرہ دیسوں سے تجارتی تعلقات تھے۔

وجیہ نگر میں مسلمانوں کے لیے مسجدیں، درگاہیں تعمیر کروائی گئی تھیں۔ پرتگالیوں سے تجارتی تعلقات کو بڑھانے والے وجیہ نگر کے راجگان عیسائی مذہب کو بڑھاوا دیتے ہوئے انہیں چرچ بنانے کی اجازت دی۔

**ادب:** ملک میں جو امن اور شانتی کا نظم تھا مالیاتی ترقی کے نتیجے میں ادب بھی آسانی سے پروان چڑھنے لگا۔ کنڑا سنسکرت، تیلگو اور تمل زبانوں کی ادبی کتابیں لکھی گئیں۔

©KTBS Not to be republished

رتنا کرورنی کی لکھی ہوئی ''بھرتیشا وی بھوا'' چامرسا کی لکھی ''پربھولن گا لیلے کماراویاسا کی لکھی'' گدوگنیا بھارتا'' کنڑ کی اہم شاعرانہ کتابیں ہیں۔ بھیما کوی پالکریلے سومناتھ تیلگوتصنیف بسواپرانا کو کنڑ میں بھی لکھا ہے۔ ویراشیوا کے وچنوں کی کتاب ''شنیہ سمپادنے'' لکھی گئی۔لکنا دنڈیشن نے» شوو تتوا چنتامنی «اور کے علاوہ کنڑ ہی میں انسانی صحت سے متعلق کتابیں جانوروں کی صحت سے متعلق، شاعری سے متعلق، جیوتشی (علم نجوم) علم طباخی پر بھی کتابیں لکھی گئیں۔ پرندراداس، کنکا داس، شری پادارایرو، ویاس رایا داس ساہتیہ کو مالامال کیا۔ کنکا داس کی موہنا ترنگنی، نل چرتے ''ری بھکتا ساگر'' اور ''رامادھانیا چریتے'' وغیرہ اہم کتابیں ہیں۔

سنسکرت میں ودھیارنیا کی ''شنکراوجیہ'' اورسر ''وادرشنا سنگرہا'' کی تصنیف عمل میں آئی۔ یہ دونوں بھائی سایانا چاریا ویدارتھا پرکاش نامی وید بھاشا اور ایوروید میں سدھا ندھی، پرشارتھا سدھا ندھی نامی کتابیں لکھیں۔ کمپانارایانا کی بیوی گنگا دیوی نے ''مدھوراوجیم'' نامی کتاب لکھی جس میں کمپانا کے فوجی حملوں اور وہاں کے مقدس مقامات کے ذکر سے متعلق معلومات کو اس نے لکھا ہے۔

دیورایادوم کے دربار کے شاعر شری ناتھ نے» کوی چکرورتی نامی خطاب پایا۔الاسانی پیدنا نے منوچری تم تمنا کی پاریجاتا پہرنم اور تنالی رام کرشنا کی اشٹا رادھیا چرتم اہم کتابیں ہیں۔

تمل شاعر پرم جیوتیر، ویراراگھوا، منڈلا پروشو، گناناپرکاشاہری ہراوغیرہ کرشنا دیوارایا کے دربار میں تھے۔ پرم جیوتیر شاعر نے ترولایاڈل پرانم نامی کتاب لکھی وجیہ نگر حکومت کے زمانے میں سنسکرت، کنڑ، تیلگو، تمل زبانوں کو خوب بڑھاوا ملا۔

**فن اور فن تعمیرات:**۔ وجیہ نگر کے راجگان نے فن اور فن تعمیر کے میدان کے کارنامے ناقابل فراموش ہیں۔ اس طرح یہ بادشاہاں فن تعمیر کے سرپرست کہے جاتے ہیں۔ان کے زمانے میں مندر، محلات قلعے، مینار، مہامنڈپ، عوامی عمارتیں، تالاب، بندھ، نہریں ڈیم وغیرہ تعمیر کروائے گئے تھے۔

سرگرمی:۔ ہمپی کا سفر کرتے ہوئے وہاں کے منادر اور عمارتوں کے بارے میں مزید معلومات حاصل کیجیے۔

**وجیہ نگر کے فن تعمیرات کی اہم خصوصیات:** وجیہ نگر کے راجگان چالوکیہ، چولا اور ہوئسلہ کی فن تعمیرات کے نمونوں کو آگے بڑھایا۔ان کے فن تعمیرات کی سب سے اہم خوبی بے شمار ستونوں کی قطاروں سے مل کر بنا عظیم سبھا منڈپ یا کلیاں منڈپ ہیں۔مندروں کے اونچے اونچے گنبد (رایا گوپورا) کے ساتھ اونچی اونچی کمانیں اور منڈپ ہیں۔ اس فن میں زیبائش کی سج دھج زبردست اور سنجیدہ جذبات کو زیادہ اہمیت دی گئی ہے۔انہوں نے عمارتوں میں سخت کھردرا پتھر استعمال کیا تھا۔

**اہم مندریں:** ان کے زمانے میں تعمیر شدہ مندریں، ہمپے، شرنگیری تروپتی، کنچی، لیپاکشی، کارکلا،

©KTBS Not to be republished

موڈبدری، بھٹکل چدمبرم، کالاہستی، ننڈی، شری شیلا، کولار وغیرہ علاقوں میں دیکھی جاسکتی ہیں۔



ہمپی درپاکشا کا مندر



وجیہ وٹھل کا مندر

شرنگیری کا ودیا شنکر مندر وجیہ نگر کے زمانے کے ابتدائی دور کے مندروں میں ایک اہم مندر ہے۔اس مندر کی دریافت ہندوستان بھر میں نادر ہے۔وجیہ نگر سلطنت میں قائم مندروں میں سب سے زیادہ قدیم ہمپے کا وروپاکشا کا مندر ہے وسیع صحن والے اس مندر میں خوب صورت انداز میں سنگ تراش والے ستون اور آرائش و زیبائش سے منقش چھت بھی ہیں۔

تمہیں معلوم رہے: ان کی تعمیر کردہ مندریں عمارتیں اور نصب کردہ مورتیوں کا ذکر کرتے ہوئے مشہور ماہر اور تاریخ داں پرسی براوئنز وجیہ نگر فن تعمیر میں۔دراوڑ فن تعمیر میں خصوصی ماہرانہ انداز کے طور پر بیان کیا ہے۔

ہمپے میں موجود وجیا وٹھل مندر مزین اور ماہرانہ نقاشی کے لیے مشہور ہے۔سات آوازیں دینے والے ستون۔ وسیع وعریض کلیان منڈپ اور پتھر میں تراشا گیا رتھ سے اس مندر کی خوبصورتی میں اضافہ ہوتا ہے۔

کرشنا دیوارایا کا تعمیر کردہ مہانوامی ٹیلے پر نوراتری میلہ لگتا ہے۔راجدھانی سے بہت دور علاقوں سے بھی راجا، منڈل کے افسران، شہنشاہ کے حکم پر آکر جمع ہوجاتے اس بات کی اطلاع فارستان کا سفیر عبدالرزاق نے دی ہے۔کمل محل، گجاشالے، رانی کا حمام خانہ، انڈو مسلم انداز میں عمدہ دیواروں والا ہے۔لکشمی نرسمہا، چنا جیسا گینش، رائی والا گینش، ادھان ویربھدر نقاشیاں دلکش ہیں۔وجیہ نگر دور کے ہمپے کے قلعے مضبوط سات چکروالے ہیں۔موجودہ قلعوں میں صرف چکر بچے ہوئے ہیں۔

## موسیقی اور ناچ:

وجیہ نگر کے بادشاہان، موسیقی ناچ ناٹک، یکشا گانا جیسے فنون کی سرپرستی کرتے ہوئے ان کو فروغ دیا۔ فنکاروں کو محل اور مندروں میں زیادہ عزت ملا کرتی تھی۔

©KTBS Not to be republished



پتھر کا رتھ

پرندراداس، کنکاداس اپنے بھجن اور کیرین کے ذریعہ کرناٹک موسیقی کی انمول خدمات انجام دی ہیں۔ رقاصائیں بھرپور آرائش وزیبائش کے ساتھ مندروں اور محلوں میں رقص کا مظاہرہ کیا کرتی تھیں۔

**وجیہ نگر حکومت کا زوال:**

وجیہ نگر کی تاریخ میں 1565 میں ہوئی رکس رنگڑی کی جنگ ایک اہم قدم تھی اور یہی وجیہ نگر سلطنت کی زوال کا اہم سبب بنیں۔ یہ جنگ ایک وسیع حکومت کو تکڑے تکڑے کر کے جنوبی ہندوستان کے سیاسی خاکے کو تبدیل کر دیا۔ کرشنا دیواریا کی موت کے بعد انکی حکومت آپسی لڑائیوں اور جھگڑوں میں ملوث ہوگئی اور سدا شیوا تخت نشین ہوکر داماد راما رایہ کے زیر تحت انتظامہ دے دیا۔ راما رایہ کے ہوکر داماد راما رایہ کے زیر تحت انتظامیہ دے دیا۔ راما رایہ کے دور میں ہوئی جنگوں نے حکومت کی توسیع تو کی لیکن کئی حریفوں کو بھی پیدا کیا۔ اور راما رایا کی پالیسیوں نے دکن سلطانوں کو متحد کیا۔

**بہمنی سلطنت:** چودہویں صدی عیسوی میں دکھائی دینے والے ایک اور انقلاب بہمنی سلطنت کا عروج ہے۔ 1347 میں علاؤالدین حسن گنگو بہمن شاہ نے اس سلطنت کی بنیاد رکھی 1347 سے 1686 تک بہمنی اور شاہی خاندانوں نے حکومت کی۔ ان خاندانوں میں محمد شاہ اول محمد شاہ دوم فیروز شاہ، یوسف عادل خاں، ابراہیم عادل شاہ اول، ابراہیم عادل شاہ ثانی اہم ہیں۔ بہمنی سلطنت کی تاریخ کو دو مرحلوں میں دیکھا جاسکتا ہے۔ پہلا مرحلہ (1346-1422) جس کا دارالخلافہ گلبرگہ تھا اور اس کے اہم حکمران تلینگانہ اور وجے نگر کے حکمران تھے۔ آٹھ سلطانوں نے حکمرانی کی شیاب الدین احمد نے راجدھانی بیدر کو منتقل کی اور آخر تک بیدر ہی ان کی راجہ دھانی رہی۔

علاؤالدین حسن گنگو بہمن شاہ کے بیٹے محمد شاہ گلبرگہ کی جو مشہور نہایت کشادہ اور خوبصورت مسجد ہے کو 1367 میں تعمیر کیا۔ اس کے بعد آنے والا فیروز شاہ نے فیروز آباد نامی نئ راجدھانی تعمیر کروایا۔ رصدگاہ تعمیر کروایا۔ یہ بہت بڑا عالم تھا۔


**محمود گاوان (1411 سے 1481)** 1347 سن عیسوی سے 1426 تک گلبرگہ بہمنیوں کی راجدھانی تھی۔ اس مدت میں محمود گاوان نے مکمل یقین سے اور بے غرض ہوکر حکومت چلایا۔ وزیر اعظم بن کر بہمنی حکومت کو اونچلے مقام تک لے گیا۔ قاہرہ میں اسلامی تعلیم اور قانون کی تعلیم حاصل کیا ہوا تھا۔ عربی اور فارسی زبانوں میں مہارت حاصل کی تھی۔ بہمنی بادشاہ ہمایون، نظام شاہ اور محمد شاہ سوم کی حکومت کے زمانے میں وزیر کے طور پر وزیر اعظم

©KTBS Not to be republished

کے طور پر خدمات انجام دیں۔

| آپ کو معلوم رہے محمود گاوان کو تیسرے حکمران محمد نے کئی القاب دے وہ یہ ہیں۔ خواجۂ جہاں اور ملک اُلتاجر |
|---|

اس نے اپنے شاندار فتوحات اور صاف ستھرے انتظامیہ سے بہمنی حکومت کے لیے ایک اعزاز بخشا۔ گاوان نے کونکن، گوا اور بلگام پر قبضہ کرلیا۔ پھر اس کے بعد اڑیسہ پر حملہ کرتے ہوئے وہاں سے کونڈا ویڈ علاقہ پر قبضہ کرلیا۔ 1481 میں کنچی پر حملہ کیا اور بے حساب دولت حاصل کی۔ محمود گاوان بہمنی سلطنت کی ہمہ جہتی ترقی کا سبب بنا محمود گاوان کے خلاف دشمنوں نے حسد کرتے ہوئے سازش کی اور اس کی گردن زدنی کا سبب بنے۔ اس کے بعد سلطنت کمزور ہوکر پانچ حصوں میں بٹ گئی۔




بہمنی سلطنت کے پانچ صوبوں میں تقسیم 1518

| احمد نگر | بیجاپور | برار | بیدر | گولکنڈہ |
|---|---|---|---|---|
| نظام شاہی | عادل شاہی | عماد شاہی | برید شاہی | قطب شاہی |

## ابراہیم عادل شاہ (1580 سے 1627 عیسوی تک):

عادل شاہی بادشاہوں میں سب سے اہم بادشاہ ابراہیم عادل شاہ ثانی اپنی عمر کے نویں سال ہی میں تخت نشین ہوا۔ اس نے سینتالیس سال حکومت کی اس کی ایک لمبی تاریخ ہے۔ اس نے بیجاپور کو شان و شوکت کی انتہائی بلندیوں پر پہنچایا بہترین حکومت دیتے ہوئے فن ادب اور تعلیم کے حلقوں میں قابل لحاظ خدمات انجام دئے۔

©KTBS Not to be republished

کتاب نورس نامی کتاب میں اس نے سرسوتی، گنیش اور نرسمہا کی تعریف میں کلمات سے اس کتاب کا آغاز کیا ہے جو اس کی ایک اہم خصوصیت ہے۔ اس میں اس نے محمد پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بھی ستائش کی ہے۔ یہ کتاب ابراہیم کی علمی صلاحیت اور مذہبی رواداری کی گواہ ہے۔

## بہمنی سلاطین کی ثقافتی خدمات:

بہمنی اور شاہی سلاطین تقریباً دوسو صدیوں تک کرناٹک پر حکومت کی۔ بشمول کرناٹک تملناڈ کے تنجاور تک اپنی حکومت کی توسیع کی۔ اپنا انتظامیہ انہوں نے اسلامی اصولوں کی بنیاد پر چلایا۔

> آپ کو یہ معلوم رہے: ابراہیم عادل شاہ ثانی نے مہی پتی داس کے بھاگوت کی نصیحتوں سے متاثر ہوکر اسے پانے دربار میں خزان دار کے عہدے پر مامور کیا۔ مہی پتید اس بھاگوت کی بھکتی اس نے بادشاہ کے نفس کے محل میں جاگزیں ہوگئے۔

**انتظامیہ:۔** انتظامیہ میں مرکز، ریاست اور دیہات تین مراکز تھے۔ ان میں لگان، عدالت کا انتظامیہ تھا۔ مرکزی سرکار میں سلطان ہی انتظامیہ کا سربراہ ہوتا تھا۔ وزار کی مجلس کو مجلس عزت کہا جاتا تھا۔ اعلیٰ افسران سپہ سالار، علما امرا بادشاہ کے اپنے رشتہ دار اور قابل اعتماد ہوا کرتے تھے۔

گاوان نے اپنی سلطنت میں پہلے سے موجود چاروں صوبوں کو آٹھ علاقوں میں تقسیم کر کے ان کو پندرہ حکومتوں میں بانٹ دیا۔ صوبے دار نامی افسر حکومت میں اہم انتظامی افسر ہوا کرتا تھا۔ حکومت کو کوتوال کے اعتبار سے تقسیم کیا گیا تھا، کوتوال دیش مکھ اور دیسائی نامی افسران پرگنہ کے افسران ہوا کرتے تھے۔

انتظامیہ کی آخری اکائی دیہات میں پیٹل، کلکرنی اور کاول گار (محافظ) نامی افسران ہوا کرتے تھے۔ قریوں کی انتظامیہ اکائی خودمختار ادارے ہوا کرتے تھے۔

## لگان، فوج اور عدالتی نظام:

امیر جملہ لگان کا افسر اعلیٰ ہوتا، زمین کا لگان مملکت کی آمدنی کا اہم ذریعہ ہوتا۔ پیداوار کا 1/2 سے 1/3 حصہ پیداوار زمین کے لگان کی حیثیت سے وصول کیا جاتا تھا۔ گھر معدن تمبا کو چراگاہ تجارت، پیشہ، ملاکر پچاس سے زائد ٹیکس ہوا کرتے تھے۔ ٹیکس سے ہونے والی آمدنی محلات جنگ، محافظین، قلعے وغیرہ کی تعمیر میں لگائی جاتی تھی۔ بہمنی سلطنت فوجی طاقت کی بل چلتی تھی۔ فوج پر آنے والے اخراجات بہت زیادہ ہوا کرتے تھے۔ ان کی



©KTBS Not to be republished

حکومت میں فوجی چار طرح کے ہوا کرتے تھے۔قائم فوج جنگ کے موقعہ پر تقرر کئے جانے والے فوجی۔مذہبی جنگ کے لیے چنے گئے فوجی افراد بادشاہ اور قلعے کی حفاظت کے لیے بنائی گئی فوج۔ پیدل، گھڑسوار فوج، ہاتھی والی فوج اور آتش گیر مادہ رکھنے والی فوج یہ فوج اہم حصے ہوا کرتے تھے۔عادل شاہی کے کئی ایک قلعوں میں بیجاپور کا قلعہ نہایت مضبوط ہے۔

سلطان حکومت کا سب سے بڑا منصف ہوا کرتا تھا۔عادت روایت اور اسلامی قوانین کے عین مطابق فیصلے ہوا کرتے تھے۔قاضی حضرات افسران اعلیٰ انصاف کے عمل میں سلطان کی مدد کیا کرتے تھے۔ان کے مناسب انتظامیہ کی وجہ سے ریاست مالی، سماجی اور تہذیبی حلقوں میں ترقی حاصل کی۔

| |
|---|
| یہ آپ کو معلوم رہے :۔ یوسف عادل شاہ کی بیگم بی بی جی خانم دلشاد آغا چاند بی بی، شہر بانو بیگم اس خاندان کی مشہور عورتیں تھیں۔ |

## معاشی، سماجی اور مذہبی انتظامات :

دیہات کی زندگی کا اہم پیشہ تھا۔ جولا ہے تیل نکالنے والے شکر گڑ سوت کا تنا، کپڑا بننا، چمڑا سازی کمہاری، بڑھئی، خوشبوسازی نقش ونگاری وغیرہ صنعتیں پائی جاتی تھیں۔


دھابول، راجاپور، چولا اور گوا میں بندرگاہیں تھیں، ریشم، شراب، سونا چاندی، تانبہ، سیسہ اور گھوڑوں کی خرید و فروخت سے ہونے والی آمدنی اہم آمدنی کے ذرائع تھے۔تجارتی اور پیشہ ورانہ جماعتوں کا وجود تھا۔ ہنونام کا طلائی سکہ لاری، ٹنکی نام کے چاندی کے سکے رائج تھے۔

## تعلیم، فن اور تعمیر :

ان کی تعلیم کا طریقہ اسلامی تہذیب کا فروغ تھا۔مکتب کے نام سے مدرسے چلتے تھے۔ جو مسجدوں کے زیر انتظام چلا کرتے تھے۔مکتب میں ناظرہ قرآن، مذہب، قانون، شعروشاعری اور فن بلاغت پڑھایا جاتا تھا۔ مدرسہ میں اعلیٰ تعلیم کے مراکز ہوا کرتے تھے۔محمود گاوان خود صاحب علم و فضل تھا اس نے بیدر میں مذہب اسلام اور قانون کی تعلیم دینے کے لیے مدرسہ (اعلیٰ تعلیمی مرکز) قائم کیا۔ یہ مدرسہ 242فیٹ لمبا اور 222فیٹ چوڑا اور 56فیٹ اونچے تین درجے والی عمارت تھی جو کہ دکنی طرز تعمیر کی ایک شاندار عمارت تھی۔اس مدرسہ میں تین ہزار سے زیادہ مخطوطات والی لائبریری بھی تھی جو طلبا اور اساتذہ اور روایاتی افراد کے لیے ایک ٹھکانہ تھا۔ یہاں جغرافیہ، قواعد، ریاضی، فلسفہ، تاریخ اور سیاسی تعلیمات کی پڑھائی ہوا کرتی تھی۔

©KTBS Not to be republished

سلاطین نے انڈو پرشین طرزِ تعمیر کو فروغ دیا۔علی عادل شاہ اول کی تعمیر کردہ جامع مسجد اس زمانے کی ایک اہم یادگار ابراہیم روضہ، گول گنبد، گگن محل، آثار محل ان کی اہم تعمیرات ہیں۔ ان تعمیرات کی بنیاد پر انہیں عالمی شہرت نصیب ہوئی۔ دنیا کی مخصوص عمارتوں میں گول گنبد بھی ایک ہے۔ 1800 مربع فیٹ کے احاطے میں ہے۔اس کے چار کونے سات منزلہ اور ایک ایک مینار ہے اور درمیان میں ایک زبردست گنبد ہے۔



بیدر قلعہ



جامع مسجد

### گول گنبد:-

ہماری ریاست کے بیجاپور شہر میں یہ تاریخی عمارت ہے جسے محمد عادل شاہ نے تعمیر کروایا۔اس عمارت کی تعمیر کا کام تقریبا 1626 میں شروع ہوا اور 1656 میں تکمیل کو پہنچا ایسا کہا جاتا ہے۔ یہ تقریبا 51 میٹر اونچا ہے جو کہ ایک وسیع وعظیم گنبد ہے۔گنبد میں چار ستون ہیں جن پر سے اوپر چڑھنے کے لیے سیڑھیاں بنائی گئی ہیں۔گنبد کی دائرہ والی دیوار کی ایک جانب اگر کچھ کھر پسر کی جائے تو دوسری دیوار پر کان رکھ کر اسے بآسانی سنا جا سکتا ہے۔



گول گنبد

©KTBS Not to be republished

آپ کو معلوم رہے۔ غیر ملکی زبانی الفاظ:

اماتیہ: وزیر جو سلطان کو مختلف کام میں مدد کرتا تھا۔

رایسم: مجلس وزراء کا سکرٹری

رایاسوامی: اہم سکرٹری

کرنی کا: حساب و کتاب وزیر

منے پردھانی: محل کا نگران وزیر

کاریا کرتا: راجا کے کاموں کو پروان چڑھانے والا

امر بائیک: وجے نگر حکمرانوں کے لئے ذیلی امدادی حکمرا جو جنگوں میں مدد کرتے ہیں۔ اور اُن کی خدمت پر راجہ اُن کو زمین کا حق ادا کرتا تھا اور اُس زمین پر اُن کی حکومت چلتی تھی اور اُس علاقہ کو امرا کہا جاتا تھا۔

آئیگار نظام: اس کا مطلب ہر زراعتی زمیندار اپنی سالانہ پیداوار کا ایک حصّہ گوڑا، دھوبی، درزی، تلوارا، موچی، کُمہار، پانی باندھنے والے، وغیرہ جیسے 12 گروہوں کو دینا تھا۔ اور دیہاتی اعتبار سے انکا رول اہم تھا۔

آفاقی: ایران، ٹرانسا کسونیا اور عراق سے آئے مہاجر

وکیل سلطنت: وزیر اعظم امیر جملہ: وزیر مالیہ، کندایہ اور وزیر انتظامیہ

مستاف الملک: امدادی وزیر مالیہ ناظر اشرف: وزیر خارجہ

مفتی: قانون کی وضاحت کرنے والا۔ دبیر: سکرٹری

کوتوال: عوامی محافظ

طرف: صوبے اور ان کا اعلیٰ طرف دار

امیر الامار: اہم فوجی افسر

قاصۂ سلطانی: سلطان کے نگرانی کی آفس

دیش مکھ اور دیسائی: پرگنہ کے لگان انتظامی

©KTBS Not to be republished

## مشقیں

**I. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے خانہ پری کریں۔**

1۔ وجیہ نگر حکومت کی بنیاد پڑنے کا سال ۔۔۔۔ ہے۔

2۔ مدھر وجیا نامی کتاب لکھنے والی شاعرہ کا نام ۔۔۔۔ ہے۔

3۔ پراؤڈھا دیوارا ینا کے وزیر کا نام ۔۔۔۔۔ تھا۔

4۔ اموکتہ مولیہ نامی کتاب تیلگو میں لکھنے والے بادشاہ کا نام ۔۔۔۔۔۔۔

5۔ بیدر میں مدرسہ کی تعمیر کرنے والا ۔۔۔۔۔۔

6۔ کتاب نورس لکھنے والا ۔۔۔۔۔۔۔

**II. ان سوالات کے جواب دیجیے۔**

1۔ وجیہ نگر حکومت چلانے والے چار شاہی خاندانوں کے نام لیجیے۔

2۔ دیوارا یا دوم کی خدمات کیا کیا ہیں؟

3۔ کرشنا دیوارا یا برسرِ اقتدار آنے کے بعد درپیش مشکلات بتائیے۔

4۔ مالی صورت حال اور سماجی صورت حال والی وجیہ نگر کی کیا خدمات ہیں؟

5۔ وجیہ نگر حکومت کے زمانے کی فن اور فنِ تعمیر سے متعلق لکھیے۔

6۔ محمود گاوان بہمنی حکومت کا بہترین وزیرِ اعظم تھا کیسے؟

7۔ بہمنی سلاطین کا انتظامیہ لگان و ٹیکس کا طور طریق بتائیے۔

8۔ بہمنی بادشاہوں کا تعلیمی نظام فن اور فنِ تعلیم کی تفصیل بتائیے۔

©KTBS
Not to be republished

### III. سرگرمی:

1۔ ہمپے میں موجود مختلف تاریخی عمارتوں کی تصویر جمع کیجیے۔

2۔ ہمپے میں موجود مہانوامی ٹیلے پر منائے جانے والے وجے دشمی کے بارے میں مختلف کتابوں کا مطالعہ کیجیے۔

3۔ تینالی رام کرشنا کے قصے اپنے بزرگوں سے معلوم کر کے لکھیے۔

### IV. منصوبہ بند کام:

1۔ ہمپے کا دورہ کیجیے وہاں کی تعمیرات پر مضمون لکھیے۔

2۔ ہمپے میں وجیہ نگر دورِ حکومت کے بازار کے انتظام سے متعلق مضمون لکھیے۔

***

©KTBS Not to be republished

# علمِ سیاسیات
# Political Science
## باب:1
## ہمارا دستور

اس باب میں درج ذیل نکات معلوم کرلیں گے۔

- دستورسازی
- دستورساز جماعت
- دستور کا پیش لفظ
- دستور کی خصوصیات
- بنیادی حقوق ،فرائض ،حکومت سازی کے طریقے

ہندوستان کو آزاد ہونے کے بعد کئی ایک مسائل کا سامنا کرنا پڑا ان میں جو سب سے اہم تھے وہ ہیں فرقہ وارانہ فسادات، قتل وخون ریزیاں کو روکنا پاکستان سے ہجرت کرکے آنے والے متاثرہ افراد کی بازآبادکاری جس وقت ہندوستان نے آزادی حاصل کی اس وقت کئی صوبوں پر انگریز براہ راست حکومت کررہے تھے۔ان سب سے بڑھ کر ملک کے لیے درکار قانون یا دستور سازی ریاستی الحاق کے مسئلہ کو سردار ولبھ بھائی پٹیل نے کامیابی کے ساتھ انجام دیا۔حکومت سازی کے لیے دستور کی ضرورت کے پیش نظر دستور سازی کے سوال کو بھی مناسب انداز میں کامیاب بنایا۔ ہمارے قانون کی تیاری اس کی خصوصیات اوراس میں موجود بنیادی فرائض کے بارے میں جانکاری حاصل کریں گے۔

آپ کومعلوم رہے: مجلس کابینہ لارڈ پیٹرک لارنس ہندوستانی امور کے سکریٹری، سراسٹافورڈ اقتصادی امور کے صدر، اے۔وی الگزینڈر بحری فوج کے سربراہ تھے۔

### ہندوستانی دستوری کمیٹی کا اجلاس:

سارے ملک کو کیسے قابو میں لایا جائے یہ بتانے والے انتظام کو دستور کہاجاتا ہے۔ایسی کمیٹی کی تشکیل سے متعلق موتی لال نہرو کمیٹی کی سفارش اور 1939 میں راشٹریہ کانگریس کراچی میں منعقدہ اجلاس میں لے گئے فیصلوں پرزوردیا گیا نئے دستورسازی کی کمیٹی کا پہلا اجلاس دسمبر 19469 میں ہوا۔اس مجلس میں 389 اراکین شامل رہے۔ ہندوستان دوحصّوں میں تقسیم ہوکر آزاد ہونے کے بعد 229 اراکین شامل رہے۔میسور سلطنت سے 7 اراکین نامزد




© KTBS Not to be republished

کئے گئے ۔ 11 دسمبر 1946 کوراجندر پرساد نے اس کی صدارت کی ۔ اس اجلاس میں جواہرلال نہرو، سردار ولبھ بھائی پٹیل، ڈاکٹر بی۔آر۔ امبیڈکر، مولاناابوالکلام آزاد، سی راج گوپال آچاری، کے۔یم۔منشی، ٹی۔ٹی کرشنما چاری، محترمہ سروجنی نائیڈو، محترمہ سچیتا کرپلانی کرناٹک کے یس نجلنگپا، کے۔سی۔ریڈی، کینگل ہنومتیا، ٹیکورسبرامنیایم وغیرہ نے شرکت کی۔



ڈاکٹر بی۔آر۔امبیڈکر

**مسودہ کمیٹی:**۔ دستور ساز کمیٹی نے ملک سے متعلق مسائل کوتفصیل سے جانچتے ہوئے 22 کمیٹیاں اور 5 ذیلی کمیٹیاں شامل تھی۔ ان میں سے اہم مسودہ کمیٹی کے ڈاکٹر بی۔ امبیڈکرصدر بنے دستور کی تشکیل کی خدمات کے صلے میں ان کودستو کا معمار اس کمیٹی میں بن۔ گوپال سوامی آئنگر الاڈی کرشنا سوامی ایر کے یم منشی وی۔ٹی۔ کرشنما چاری وغیرہ جیسے اہم لیڈران تھے۔



ڈاکٹر بی۔آر۔امبیڈکر

**دستور سازی:**۔ دستور ساز کمیٹی نے دوسال 11 مہینے اور 18 دن کی مدت میں اجلاس منعقد کئے اس کمیٹی نے مسلسل کام کرتے ہوئے مسائل پر بحث ومباحثہ کئے۔ پھر دستورکا مسودہ تیار کیا۔ انگریز حکومت کے جاری کردہ 1909، 1919 اور 1935 کے قواعد برطانیہ کے پارلیمانی انتظام، امریکہ کے بل آف رائٹس، آئرلینڈ کے سماجی قوانین وغیرہ کو شامل کرنے کا فیصلہ لیا گیا۔ آخرکار 29 نومبر 1949 کومنظور ہوا اور 26 جنوری 1950 کوروبہ عمل لایا گیااسی دن ہم »یوم جمہوریہ« مناتے ہیں۔

ہندوستان کا دستور اپنی ہی پیش کش کا نمونہ ہے۔ دنیا بھر کے دساتیر کی اچھی باتیں کو چن کر یہ دستور بنایا گیاہے اس پیش کش میں دستوری بنیادی قوانین قابلیت، کی سچائی شامل ہے۔ دستور کے رگ وریشے، اقدار، فلسفہ، مقاصد کے خلاصے ہی دستور کی پیش کش کی جان ہیں۔ یہ عوامی جذبات کا خیال رکھ کر بنائے گئے اعلیٰ نمونے کے قوانین ہیں۔

| |
|---|
| آپ کومعلوم رہے:26 جنوری 1930 سے لاہور کے اجلاس میں ہندوستان مکمل آزادی کا اعلان منظور کرتے ہوئے اس کی یادتازہ رکھنے کے لیے دستور 26 جنوری 1950 سے جاری کیا گیا۔ |

یہ پیش لفظ 13 دسمبر 1946 کونہرو کے پیش کردہ مبنی براغراض قرارداد کودستور ساز اجلاس 22 جنوری 1947 میں منظور ہوا۔ اس وقت ابھی ملک کی تقسیم نہیں ہوئی تھی۔ آگست 1947 کوملک تقسیم ہوااور آزادی ملنے کے بعداس مبنی براغراض قرارداد میں تھوڑی بہت ترمیمات لاکر اسے منظور کرلیا گیا۔ یہ فیصلہ ہندوستان کی آزادی، جمہوریت،

©KTBS Not to be republished




ہمارے

## ہندوستان کے دستور کا پیش لفظ

ہم ہندوستانی شہری ہندوستان کو ایک اقتدار اعلیٰ والا سماج وادی سماج وادی ہمہ مذہبی ملک برابری کے جذبات جیسے الفاظ 1976 کی بیالیس وین ترمیم کے بعد شامل کئے گئے۔

ہمہ مذہبی ہم آہنگی (لادینیت) جمہوری حکومت کی تشکیل کرنے اوراس کے کل شہریوں کو سماجی، اقتصادی اور سیاسی انصاف اور خیالات کے اظہار، بھروسہ، مذہبی اعتقاد، عقیدے کی آزادی عزت نفس حصول یابی اور شخصی عزت ملک کی وحدت اور اتحاد پیدا کرتے ہوئے سبھوں میں ہندوستانی ہونے کا احساس جگانے کو عقیدے بھرے انداز میں پختہ یقین پیدا کرنے والے ہوتے ہوئے ہم اپنے دستوری مجلس میں مورخہ 26 جنوری 1949 کے دن اس کے ذریعہ اس دستور کو منظور کرتے ہوئے اس کو تسلیم کرتے ہیں اور خود ہی کو ہم پیش کرتے ہیں۔



©KTBS not to be republished

عوام کے اقتدار اعلیٰ کو سموئے ہوئے ہے۔عوام کی سماجی، اقتصادی اور سیاسی انصاف دینے کی بات بتائی گئی ہے۔

ہمارے ہندوستان کے دستور کا پیش لفظ معنی خیز ہے ملک کی سیاسی رسم کی تصویر کشی کرتے ہوئے اور دستور کا چراغ ہے اگر ہم اسے صرف چند ایک دستوری جواہرات کہیں گے تو کے یم منشی نے اسے » سیاسی زائچہ « کا نام دیا۔

### ہم ہندوستانی عوام:

ہندوستان کا دستور ہندوستانیوں ہی سے تیار شدہ ہے۔ہندوستان کے ہی ہم رعایا ہونے کا جذبہ لیکر ہم اس کی حفاظت کے لیے تیار رہے۔

### اقتدار اعلیٰ (مکمل حق خود اختیاری):

**قوم یا ملک:** ہندوستان دنیا کے کسی بھی ملک کا زیرنگیں نہ ہوتے ہوئے اقتدار اعلیٰ والا ملک ہے۔دنیا کے کسی بھی نظریہ میں شامل نہ ہوکر اپنی ہی آزادانہ خارجہ پالیسی انداز منصوبہ بندیوں کی رسم کو اپناتے ہوئے داخلی اور خارجی مکمل اختیار رکھتا ہے۔

سماج وادی:۔ بھارت کے دستور کا ہدف خوشحال ریاست اور سماج وادی ملک بنانا اس کا مقصد ہے۔سماج وادی ملک کی تعمیر کی بنیادر یاستی رہنما قوانین دستور کے 42ویں ترمیم کے ذریعہ لائی گئی۔

**سکیولر ملک :**۔سکیولر ملک کسی بھی دین سے کسی بھی دین سے نہ منسلک ہونے والا ملک سیکولر کا لفظ دستور کے 42ویں ترمیم کے ذریعہ 1976 میں شامل کیا گیا ہے یعنی حکومت نے کسی بھی مذہب کو اپنے مذہب کے طور پر استعمال نہیں کیا۔لہٰذا بھارت ایک لادینی ملک ہے۔عوام کو اپنی پسند کے مذہب کو اختیار کرنے اور اس پر عمل کرنے کی آزادی حاصل ہے۔اس لیے ہندوستانیوں میں ہمہ مذہبی یکسانیت کا جذبہ دیکھا جاسکتا ہے۔

### عوامی اقتدار کا جمہوریہ:

عوامی جمہوریت میں سبھوں کی خوشیوں کو انجام دینے کی ذمہ داری حکومت کی ہوتی ہے۔ملک کے مسائل کو بحث ومباحثے کے ذریعہ حل کرنا۔ پانچ سالوں میں ایک مرتبہ منعقد ہونے والے چناؤ میں آزادانہ چناؤ کا طریقہ ہماری جمہوریت کا آئینہ دار ہے۔ہندوستانی صدر جمہوریہ کو پانچ سالوں میں ایک مرتبہ چناؤ کے ذریعہ انتخاب کرنا یہ بتاتا ہے کہ ہندوستان ایک جمہوری انداز حکومت رکھتا ہے۔

### ہندوستانی دستور کے اہم خصوصیات:

تحریر شدہ اور عظیم دستور: ہندوستان کا دستور تحریری شکل والا ہے۔حکومت کے شعبے مجلس مقننہ، مجلس عاملہ اور مجلس عدلیہ ہیں ان کے اختیارات اور دائرۂ عمل تحریری بنیاد پر ہیں۔ بنیادی حقوق، فرائض، ریاستی ہدایاتی قانون،



©KTBS Not to be republished

تحریری انداز میں ہیں۔ ہمارا دستور بنیادی طور پر 22 حصوں، 8 ضمیموں اور 395 دفعات پر مشتمل تھا۔ بعد میں کئی ایک ترمیمات کے ذریعہ 24 حصے 12 ضمیمے اور 450 قوانین پر مشتمل ایک عظیم دستور بنا ہے۔

## لچکدارا اور غیر لچکدار دستور:

جس ملک کے دستور میں آسانی کے ساتھ ترمیم کی جا سکتی ہو اسے لچکدار دستور کہا جاتا ہے۔ جس دستور کی ترمیم خصوصی طریقہ کار کے ذریعہ ہو اسے غیر لچکدار دستور کہا جاتا ہے۔ ہندوستانی دستور نہایت آسان نہ ہوتے ہوئے اور نہ ہی مشکل ہے بلکہ اس میں آسانیاں اور مشکلات جمع ہیں۔

**پارلیمانی سرکار کا نظام:** ہمارا دستور پارلیمانی حکومت کے نظام کا موقعہ دیتا ہے۔ عوام کی جانب سے منتخب پارلیمنٹ کو اختیار اعلیٰ حاصل ہے۔ مرکز اور ریاستوں میں مجلس عاملہ، مجلس مقننہ کی ذمہ داری ہوتی ہے۔ وزرا کی مجلس مجلس مقننہ کا اعتماد رہنے تک اقتدار میں رہتی ہے۔ مجلس مقننہ کا اعتماد کھونے پر فوراً استعفیٰ دینا پڑتا ہے۔

**جمہوری نظام:۔** دستور نے ہندوستان کو جمہوری ملک قرار دیا ہے۔ اس نظام میں کسی کو بھی موروثی طور پر ملک کی حکمرانی کا حق حاصل نہیں ہے۔ مگر برطانیہ میں یہ نظام جاری ہے لہذا اہم اس حکومت کا جو اگرچہ کہ جمہوری نظام والا ملک ہوتے ہوئے بھی جمہوری ملک نہیں کہلا سکتا مگر ہندوستان کا صدر ملک کا دستوری سربراہ ہوتا ہے۔ جسے انتخاب کے ذریعہ چن کر صدر بنایا جاتا ہے اس لیے اسے جمہوری نظام کہا جاتا ہے۔)

متحدہ نظام:۔ ہندوستان مختلف زبانوں، ذاتوں، لوگوں اور وسیع زمینی علاقوں والا ملک ہونے کی وجہ سے دستور بھی متحدہ نظام کا موقع دیا ہے۔ مرکز اور ریاستوں کے مابین اقتدار کی تقسیم ہوئی ہے (مرکزی حکومت کے تحت ایک 100 معاملات ریاستی حکومت کو 61 اور مشترکہ طور پر 52 معاملات شامل ہیں اس طرح اقتدار تقسیم ہوا ہے۔

ان دونوں حکومتوں کے درمیان واقع ہونے والے اختلافات کو حل کرنے کے لیے سپریم کورٹ کو حق دیا گیا ہے۔

بنیادی حقوق:۔ دستور نے عوام کو جو حقوق براہ راست دئے ہیں ان کو بنیادی حقوق کہا جاتا ہے۔ یہ حقوق ملک کے کسی بھی قانونی دفعہ سے مرکزی ریاستی اور موجودہ سرکار یا موجودہ ادارے کو چھیننے کا حق ہے۔ بنیادی حقوق پر دستوری خلاف ورزی ہونے پر براہ راست سپریم کورٹ (عدالت عظمیٰ) یا عدالت عالیہ کا سہارا لیا جا سکتا ہے۔ اس طرح کے بنیادی حقوق دستور کے تیسرے حصے میں عوام کو آزادی کا حق برابری کا حق، استحصال کے خلاف حق، مذہبی حق، تہذیبی اور تعلیمی حق اور دستوری حق نامی چھ بنیادی حقوق دیکھے جا سکتے ہیں۔ ان حقوق کے تحفظ کی ذمہ داری عدالت عظمیٰ کو حاصل ہے۔ لہذا عدالت عظمیٰ کو ''بنیادی حقوق کا محافظ'' کہا گیا ہے۔

©KTBS Not to be republished

**بنیادی فرائض:۔** ہم حکومت کے لئے کیا کام کریں انہیں کو بنیادی فرائض کہا گیا ان تمام فرائض کو ہمارے دستور کے چوتھے حصہ میں 51 دفعات میں گیارہ بنیادی فرائض شامل ہیں۔ 2002 میں دستور کی 86 ویں ترمیم کے ذریعہ 6 سے 14 سال کی عمر کے سارے بچوں کو ان کے سر پرست تعلیم دلوانے کا موقعہ فراہم کرنے کی گیارویں دفعہ میں یہ فرض شامل کیا گیا ہے۔

**ریاستی ہدایتی اُصول:۔** ہمارے دستور کے چوتھے حصہ میں ریاستی ہدایتی اُصول بتائے گئے ہیں۔ ان کو آئرلینڈ کے دستور سے لیا گیا ہے۔ یہ سماجی اور معاشی جمہوریت کے قیام میں بنیاد کا کام کرتی ہے۔ اگر حکومت ان قوانین کو جاری نہیں کرتی تو ان کو عدالت میں اسے للکارا نہیں جاسکتا مگر بھی یہ قوانین ملک کے انتظام میں بنیادی قوانین ہوتے ہیں۔ قانون بنانے کے بعد ان کو روبہ عمل لانے پر زیادہ توجہ دینی چاہیے۔

**آزاد اور واحد انتظام عدلہ:** ہمارا نظام عدلیہ آزاد اور واحد نظام ہے۔ عوام کے حقوق کی حفاظت کرتے ہوئے بےخوف کام کرنے کی آزادی عدلیہ کو حاصل ہے۔ مجلس مقننہ اور مجلس عاملہ، عدلیہ کے کاروبار میں مداخلت نہیں کرسکتے۔ عدالت عظمی اہم ہوتی ہے۔ اسی کے تحت عدالت عالیہ (ہائی کورٹ) اور دیگر ذیلی عدالتیں کام کرتی ہیں۔

**واحد شہریت:۔** دستور عوام کے متحدہ ریاست کے جذبات کو قابو میں رکھنے کے لیے قومی جذبات کو بڑھاوا دینے کے لیے اکہری شہریت کی سہولت مہیا کی ہے۔ ہندوستان کو جو بھی رعایا چاہے وہ کسی بھی ریاست میں پیدا ہوا ہو چاہے کسی بھی ریاست میں رہ رہا ہو سبھی کو ایک ہی شہریت ملے گی اس سے متعلق قانون بنانے کی ذمہ داری پارلیمنٹ کو دی گئی ہے۔


**بالغ رائے دہندگی کا نظام:۔** ہمارا دستور بالغ رائے دہندگی کے لیے موقع فراہم کرتا ہے بغیر کسی امتیاز کے اٹھارہ سال یا اس سے زیادہ عمر کے تمام شہریوں کو رائے دہندگی کا حق دیا گیا ہے۔ یہ عوام کو مکمل اختیار دینے کی علامت ہے۔

**دوایوانی قانون ساز مجلس:۔** ہندوستان کی مجلس قانون ساز کو پارلیمنٹ کہا جاتا ہے۔ یہ پارلیمنٹ دوایوان والے نظام پر مشتمل ہے۔ ایوان زیریں اور ایوان بالا کے طور پر ہیں۔

**پارٹی نظام:۔** سیاسی پارٹیاں جمہوریت کے نظام کی بنیاد ہوتی ہیں۔ ہندوستان میں کئی ایک سیاسی پارٹیاں ہونے کی وجہ سے کثیر پارٹی نظام کو وجود ہے۔ عام چناؤ میں اکثریت حاصل کرنے والی جماعت حکمراں جماعت کہلاتی ہے بقیہ پارٹی مخالف پارٹیاں ہوتی ہیں۔

©KTBS Not to be republished

**بنیادی حقوق اور فرائض:۔** فرد کی شخصیت کی ترقی کے لیے درکار سماجی اور سیاسی ماحول ہی کو بنیادی حقوق کہا گیا۔سماج میں آدمی شہری زندگی گذارنے کے لیے بنیادی حقوق انتہائی ضروری ہیں۔ یہ حقوق جمہوریت کی کامیابی کے لیے ضروری ہیں۔ ہمارے دستور کے تیسرے حصہ میں سات بنیادی حقوق شامل کئے گئے ہیں لیکن دستور کی چوالیسویں ترمیم میں جائیداد کے حق کو رد کرتے ہوئے موجودہ چھ بنیادی حقوق موجود ہیں۔




©KTBS Not to be republished

یہ آپ کو معلوم رہے: 1895 میں راشٹریہ کانگریس نے عوام کے حقوق کا مطالبہ پیش کیا۔
1895 میں بال گنگا دھر تلک نے سوراجیہ بل میں حقوق پر زور دیا۔
1925 میں شریمتی اینی بیسنٹ کا من ویلتھ آف انڈیا بل میں انفرادی آزادی، عزت نفس کی آزادی بولنے کی آزادی قانون کے سامنے سب برابر قرار دیا۔
1945 کی رپورٹ 1946 کے کیبنٹ مشن کے بنیادی حقوق کی تائید کی۔

### مساوات کا حق:

جمہوریت کی کامیابی کے لیے یہ حق نہایت ضروری ہے۔ قانونی اعتبار سے سماجی اعتبار سے معاشی برابری کی خاطر دیا گیا حق ہے۔ قانون کے سامنے سب برابر ہیں۔ قانون سے بڑھ کر کوئی نہیں ہر ایک کو ریاستی قانون کا پابند رہنا ہوگا۔ ذات مذہب جنس پیدائشی مقام کی بنیاد پر اولیت کا بھید بھاؤ نہیں کرنا چاہیے۔ عوامی جگہوں ہوٹلوں، دکانوں، تفریحی مقامات، مندروں وغیرہ جگہوں پر کسی کو بھی داخلے سے منع نہیں کیا جانا چاہیے۔ سرکاری ملازمت میں شامل ہونے کے لیے ہر ایک کو مساوی مواقع دئے گئے ہیں۔ چھوت چھات کا برتاؤ نہیں کرنا چاہیے۔

### آزادی کا حق:۔

بنیادی حقوق میں آزادی کا حق ایک اہم مقام رکھتا ہے۔ اس حق کے تحت بولنے اور اظہار خیال کی آزادی ، بغیر ہتھیار پرامن طور پر ایک جگہ محفل جمانا اداروں اور تنظیموں کا قائم کرنا، ہندوستان میں چلنے پھرنے رہنے اور کوئی بھی پیشہ اپنانے میں آزادی دی گئی ہے۔ شہریوں کے لیے یہ حفاظتی حقوق ہوتے ہیں۔ مناسب سبب کے بغیر کسی آدمی کو گرفتار نہیں کیا جا سکتا اور ریاست قانون بنا کر کسی بھی آدمی کی آزادی یا زندگی کو چھین نہیں سکتی۔

### استحصال کے خلاف حق:۔

استحصال ایک سماجی بیماری ہے۔ اس بیماری کو ختم کرنے کے لیے استحصال کے خلاف قانون کا حق دستور میں شامل کیا گیا ہے۔ چاہیے ریاست ہو یا کوئی بھی فرد ہو کمزور، غریب، عورتوں، بچوں کا استحصال نہیں کر سکتا۔ بھیک مانگنا ، دیوداسی نظام، ستی کی رسم، غیر اخلاقی سرگرمیاں اور ظلم زبردستی کی آمدنی پر بھی پابندی لگائی گئی ہے۔ چودہ سال سے کم عمر بچوں کو کارخانوں، معدنی کاموں یا خطرناک کاموں میں کام پر لگایا نہیں سکتا۔

©KTBS Not to be republished

**مذہبی آزادی کا حق:**

ہندوستان ایک سیکولر ملک ہے۔کسی بھی مذہب کو ملک کا مذہب نہیں مانا گیا ہے۔ یہاں شہری اپنے ضمیر کی خواہش کے مطابق کوئی بھی مذہب اختیار کرنے اس پر عمل کرنے کی آزادی رکھتا ہے۔ مذہبی اداروں کی تعمیر کے لیے ٹیکس دینے کی ضرورت پر زور نہیں دیا جاسکتا۔ مذہبی اداروں کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال نہیں کیا جاسکتا۔

**تہذیبی و تعلیمی حق:۔** ملک میں رہنے والے شہری اپنی ہی زبان، طرز تحریر اور تہذیب رکھتے ہیں۔ ان کی حفاظت کی ذمہ داری ریاستی حکومت کی ہوتی ہے۔ مذہبی اور لسانی اقلیتوں کے مفاد کے تحفظ کے خاطر یہ حق دستور میں شامل کیا گیا ہے۔اقلیتوں کے اداروں کو ریاستی زر تعاون حاصل کر کے چلائے جانے والے تعلیمی اداروں میں کسی کو بھی داخلے سے منع نہیں کیا جاسکتا۔

آپ کو یہ معلوم رہے:۔ دستور میں 86 ویں ترمیم کرتے ہوئے A-21 دفعہ کے مطابق 2002 میں تعلیم کو ایک حق کا درجہ دیا گیا جس کے مطابق چھ سے اٹھارہ سال تک کے سبھی بچوں کو ریاست ہی مفت اور لازمی تعلیم دے۔ کرناٹک ریاست نے تعلیمی حق قاعدہ (R.T.E 2009) کو روبہ عمل لایا ہے۔

**دستور کی تلافی کا حق:۔** بنیادی حقوق کی حفاظت کے لیے دفعہ 32 میں گنجائش رکھی گئی ہے۔ دستور میں یہ ایک مخصوص خوبی ہے۔جس کی وجہ سے ڈاکٹر بی۔ آر امبیڈکر اس حق کو ''دستور کی روح اور دل'' کہا ہے۔ بنیادی حقوق کو کسی بھی آدمی سے ریاستی یا مرکزی حکومت کی طرف سے کوئی دھکہ لگے بغیر اس کی حفاظت کے لیے براہ راست سپریم کورٹ کو درخواست دی جاسکتی ہے۔اس کی وجہ سے عدالت عظمیٰ کو »بنیادی حقوق کا محافظ« کہہ کر بلایا جاتا ہے۔ یہ عدالت حقوق کی حفاظت کے لیے درج ذیل رٹ عرضی قبول کرسکتی ہے۔

سماجی انداز سے نقصان ہونے والے قوانین کی حفاظت کے لیے یا پھر عوامی بہبود کی حفاظت کے لیے۔عوامی مفادات سے متعلق مقدمات دائر کئے جاتے ہیں۔ دستوری حقوق، زندگی کے لیے درکار مفادات حاصل کرنے والے قوانین، ماحولیاتی اثرات سے زندگی کے تحفظ کے لیے قانون، باعزت زندگی کا حق، تبدیلیوں سے متعلق مقدمات دائر کئے جاسکتے ہیں۔ ان مقدمات کو کوئی بھی تنظیم، افراد، یا جماعت، عدالتوں میں دائر کرسکتی ہے۔ حال ہی میں اطلاعات کی بنیاد پر عدالتیں خود ہی اپنے طور پر عوامی مفادات سے متعلق مقدمات داخل کر لینے کی بات پر غور کر رہی ہیں۔

**1۔ قید بندی:۔** بغیر کسی سبب کے پولس اگر کسی آدمی گرفتار کرتی ہے تو وہ خود ہی یا اس کی جانب سے کوئی اور اس کی رہائی کے لیے یہ رٹ ڈال سکتا ہے۔ گرفتار شخص کو چوبیس گھنٹوں کے اندر عدالت کے سامنے پیش

©KTBS Not to be republished

کیا جانا چاہیے (مجرمانہ ارتکاب جرم کے لیے یہ قانون لاگو نہیں ہوتا)

**2۔ فرمانِ اعلیٰ:۔** اگر کوئی افسر کسی حکم کے چلانے سے انکار کرے یا پھر عوامی فریضہ کی ادائیگی سے انکار کرے تو کوئی بھی ضمنی عدالت اپنا فریضہ ادا کرنے سے انکار کرے تو عدالت عالیہ یا عدالت عظمیٰ متعلقہ افراد کو اپنے فریضہ کی انجام دہی کے لیے دیا جانے والا حکم ہی فرمان اعلیٰ کہلاتا ہے۔

**3۔ پابندی کا حکم:۔** یہ بھی عدالت سے متعلق رٹ عرضی ہے ذیلی عدالت اپنا حق سے بڑھ کر مقدموں کی تفتیش نہ کرے۔ یا فیصلہ نہ کرے تو سپریم کورٹ کی جانب سے جاری کردہ تحریری انداز کا امتناعی حکم ہی امتناعی حکم ہے۔

**4۔ سرشی یوراری:۔** اس رٹ عرضی کے مطابق نچلی عدالتیں اپنے حقوق کے دائرے کو پھلانگ کر فیصلہ دیتی ہیں تو ان کو باطل قرار دے کر اس سے متعلق مقدمہ اس سے اونچی عدالتوں کو منتقل کرتے ہوئے عدالت عظمیٰ کے دئے جانے والے حکم کو ہی کو سرشی یوراری حکم کہا جاتا ہے۔

**کووارنٹے:۔** ناقابل شخص قانون کے خلاف کسی سرکاری عہدے پر مامور ہوتا ہے تو ایسے شخص کے خلاف عدالت میں سوال کئے جانے کو کووارنٹ کہا جاتا ہے۔

**بنیادی فرائض:۔** حق اور فرض دونوں ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں۔ بغیر فرض کی ادائیگی کے حق کو اہمیت ہو یا قدر ہو نہیں ہوتی۔ دستور کی بیالیسویں ترمیم کرتے ہوئے چار اور حصہ کی شق میں دس بنیادی فرائض کو شامل کیا گیا ہے۔ 2002 میں چھیاسویں دستوری ترمیم گیارہویں بنیادی فرائض کو شامل کیا گیا ہے۔ جو درج ذیل ہیں۔

| |
|---|
| بحث کیجیے:۔ بنیادی حقوق کو استعمال کرنے والے خواہش مند افراد اس سے زیادہ بنیادی فرائض کو پہنچاننے کی ضرورت ہے۔ |

1. ہمارے دستور، قومی جھنڈے اور قومی ترانے کا احترام ہو۔
2. جدوجہد آزادی کی تحریک کے جوش و جذبہ کے بنیادی خیالات کی تعمیل کرنا۔
3. ہندوستان کے اقتدار اعلیٰ، وحدت اور عظمت کی حفاظت اور دیکھ بھال کرنا۔
4. ضرورت پڑنے پر ملک کی حفاظت کرتے ہوئے ملک کی خدمت کرنا۔
5. ہندوستانیوں میں اتحاد اور بھائی چارگی کے جذبات کو فروغ دینا اور عورتوں کی عزت کو دھکا پہنچنے والے کاموں سے خود کو دور رکھنا۔
6. ہمارے مشترکہ تہذیبی روایات کی عزت کرنا اور بچانا۔
7. جنگلات، آبی ذخائر ندیاں اور جنگلی جانوروں کے بشمول ماحول کی حفاظت کرتے ہوئے ان کی ترقی

©KTBS Not to be republished

میں شامل ہونا اور زندہ جانوروں کے ساتھ رحمدلی کا سلوک کرنا۔

8. سائنسی اور انسانی اوصاف کی جانکاری اور اصلاحی جذبہ پیدا کرنا۔

9. عوامی جائیداد کی حفاظت کرنا اور تشدد کا راستہ چھوڑ دینا۔

10. انفرادی اور مجموعی سرگرمیوں میں آگے بڑھتے ہوئے اس کا مظاہرہ کرنا اور قومی ترقی کے لیے کوشاں ہونا۔

11. والدین یا سرپرست چھ سال سے لیکر اٹھارہ سال تک کے اپنے بچوں کو تعلیم کا موقعہ فراہم کرنا۔ بنیادی حقوق کی طرح فرائض کے لیے عدالتیں نہیں ہوتیں فرائض کی خلاف ورزی کرنے والوں کو عام قوانین کی طرح سزا جاری کی جاسکتی ہے۔

**ریاستی رہنمائی اُصول فرائض:۔** خوشحالی ریاست کے تصور سے ریاستی رہنمائی اُصول دستور بیان کئے گئے ہیں۔ دستور ساز آئرش دستور سے متاثر ہوکر (سماجی راہنما اصول) کو ہمارے دستور میں بھی شامل کرلیا۔ ریاستی رہنما اصولوں مرکزی اور ریاستی حکومت رہنما اصولوں کے انداز میں ہیں۔حکومت عوام کو مالی، سماجی، سیاسی انصاف دلوانے کے مقصد لیے ہوئے ہوتی ہے۔مگر یہ سب اخلاقی عظمت کی بنیاد پر ہیں۔حکومت ان اصولوں (مرکزی، ریاستی یا مقامی) روبہ عمل نہ لائے تو اسے عدالتوں میں باز پرس نہیں کی جاسکتی۔ یہ اصول سماج وادی، خوشدلی اور گاندھی کے اصولوں کی بنیاد پر بنائے گئے ہیں۔کوئی بھی جماعت ہو،شخصیت ہو اقتدار پر آئے ان اصولوں کا خیال کرتے ہوئے حکومت چلائے۔اس لیے ان کو رہنما اصول کہا جاتا ہے۔

1. تمام شہریوں کو اپنی زندگیاں گذارنے کے لیے سہولیات فراہم کرنا

2. معاشرہ میں موجودہ دولت اور پیداوار کے ذرائع کو چند مٹھی بھر افراد کے حوالے ہونے سے روکنا۔

3. مردوں اور عورتوں کو مساویانہ کام کی مساوی اجرت دینا مزدور کی صحت کی حفاظت کرنا

4. بوڑھوں، بیماروں، کمزور طبقات کو اور نا اہل لوگوں کی مدد کرنا

5. دیش بھر میں ایک ہی شہری قانون کو جاری کرنا

6. چھ سال تک کے سارے بچوں کو پرورش اطفال اور قبل از مدرسہ تعلیم دینے کے لیے حکومت کوشش کرے۔

7. تاریخی آثار اور مقامات کی حفاظت کی جائے۔

8. عدالتوں کو مجلس عاملہ سے علاحدہ رکھا جائے۔



©KTBS Not to be republished

9. بین الاقوامی پرامن خارجہ پالیسی پرعمل ہو، ملک کی سالمیت کی حفاظت کرتے ہوئے عالمی قوانین کی پابندی کی جائے۔
10. گرام پنچایتوں کو قائم کیا جائے۔
11. دیہی اور چھوٹے پیمانے کی صنعتوں کو بڑھاوا دیا جائے۔
12. زراعت اور مویشی پالن کو سائنسی طور پر فروغ دیا جائے۔
13. شراب بندی نافذ کی جائے۔
14. سائنسی بنیاد پر زراعت کو ترقی دی جائے۔

ریاستی رہنما اصول نہایت ہی اہمیت والے ہیں۔ سبھوں کی خوشیاں فراہم ہی اس کا مقصد ہے۔ بنیادی حقوق کا تعلق اگر فرد سے ہے ریاستی رہنما اصولوں کا تعلق معاشرہ سے ہے۔ ریاستی اور مرکزی حکومت کے اوپر بیان کردہ ان رہنما اصولوں کو جاری کرنے کی کوشش کررہی ہیں۔ ہندوستان کی ہمہ جہتی ترقی کے لیے یہ رہنما اصول رخ متعین کرتے ہیں۔

سرگرمی:۔ ریاست میں انسانی حقوق کے کمیشن سے متعلق معلومات جمع کرتے ہوئے انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہونے پر کمیشن کی جانب سے اٹھائے جانے والے اقدامات سے متعلق ذرائع ابلاغ سے تفصیلات جمع کیجیے۔

## مشقیں

I. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پر کریں۔

1۔ ریاستوں کو چلانے والے بنیادی قوانین ہی ۔۔۔۔۔۔ ہے۔
2۔ نئے دستور کی ترتیب دینے والا اجلاس ۔۔۔۔۔۔۔ میں ہوا۔
3۔ دستور کے مسودہ کی کمیٹی کی صدارت ۔۔۔۔۔۔۔ نے کی۔
4۔ ہمارا دستور ۔۔۔۔۔۔ والا نظام رکھتا ہے۔
5۔ عوام کو اقتدار اعلیٰ دینے والی ریاست کو ۔۔۔۔۔۔ کہا جاتا ہے۔
6۔ ہمارا دستور عوام کو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ شہریت کا موقع فراہم کرتا ہے۔
7۔ دستور حقوق ۔۔۔۔۔ وین دفعہ میں شامل کیا گیا ہے۔

©KTBS Not to be republished

8۔ ریاستی رہنما اصول۔۔۔۔۔۔دستور سے لیے گئے ہیں۔

**II. درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔**

1۔ جدید دستور کی ترتیب دینے والی کمیٹی کے صدر کون تھے؟

2۔ ہمارا دستور کب سے جاری ہوا؟

3۔ ہندوستان کے دستور کی پیش کش میں کیا کیا شامل ہے؟

4۔ لادینی ملک سے کیا مراد ہے؟

5۔ دستور کی بنیادی خصوصیات کون کونسی ہیں؟

6۔ دستور میں کون کون سے بنیادی حقوق شامل ہیں؟

7۔ بنیادی فرائض لکھیے۔

8۔ ریاستی رہنما اصول کون کونسے ہیں؟

**III. سرگرمی**

1۔ دستور ترتیب دینے والی کمیٹی میں حصہ لینے والے اہم قائدین کی تصاویر اور موضوع کو جمع کیجیے۔

2۔ آپ جن بنیادی حقوق سے فائدہ اٹھا رہے ہیں ان کی فہرست بنائیے۔

3۔ آپ کے بنیادی فرائض کی فہرست بنائیے۔

4۔ دیش بھر میں ایک ہی طرز کا قانون لانے میں پیش آنے والی رکاوٹوں پر بحث کیجیے۔

**IV. منصوبہ بند کام**

1۔ جماعتی استاد کی مدد سے بنیادی حقوق اور بنیادی فرائض پر مضمون لکھتے ہوئے اس پر بحث کیجیے۔

---

©KTBS Not to be republished

باب:2

# مرکزی حکومت

اس باب میں درج ذیل نکات کو سمجھیں گے۔

- مرکزی مجلس قانون ساز کی لوک سبھا، راجیہ سبھا کی تشکیل رکنیت قابلیت اور کام کاج
- مرکزی مجلس عاملہ صدر جمہوریہ کا انتخاب، اہلیت اور اختیارات
- وزیر اعظم کے کام کاج

ہم نے پچھلے باب میں ہندوستان کے اقتدار اعلیٰ، آزادی، سکیولر عوامی جمہوریہ کے معنے سمجھے ہیں۔ انگلینڈ اور فرانس کی حکومت انفرادی حکومت ہے ہندوستان بھی امریکہ کی طرح متحدہ حکومتی نظام رکھتا ہے۔ یعنی مرکز میں مرکزی حکومت اور ریاستوں میں ریاستی حکومتیں ہیں۔ ہندوستان بھی ریاستوں کا ایک مجموعہ ہے۔ اقتدار بھی مرکز اور ریاستوں میں دستور کے مطابق تقسیم شدہ ہے۔ ملک کے اتحاد اور تحفظ کے نقطۂ نظر سے مرکزی حکومت زیادہ اختیارات رکھتی ہے۔ جن کو مجلس عاملہ، مجلس مقننہ اور عدالتوں کے ذریعہ چلاتی ہے۔

## مرکزی مجلس مقننہ یا قانون ساز:

ہندوستان پارلیمانی طرز کی حکومت رکھتے ہوئے مرکزی مجلس مقننہ یعنی پارلیمنٹ کے نام سے جانی جاتی ہے۔ ہمارے دستور کے 79 ویں دفعہ کے تحت پارلیمنٹ کی تشکیل کا موقعہ فراہم ہوتا ہے۔ یہ پارلیمنٹ دو ایوانوں والی ہے۔ ایوان بالا کو 'راجیہ سبھا' اور ایوان زیریں کو 'لوک سبھا' کہتے ہیں۔

**راجیہ سبھا:۔** راجیہ سبھا کے زیادہ سے زیادہ ممبران 250 ہوتے ہیں۔ 238 ممبران ریاستی اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے ریاستی اسمبلیوں کے ممبران کی جانب سے چنے جاتے ہیں تو 12 ممبران ادب، فن، سائنس اور سماجی خدمات میں خصوصی تجربہ رکھنے والوں کو صدر ہند نامزد کرتے ہیں۔ اسے ایوان بالا کہتے ہیں۔ یا بزرگوں کا ایوان کہتے ہیں۔

**اقتدار کی مدت:۔** راجیہ سبھا ایک مستقل ایوان ہے اسے لوک سبھا کی طرح تحلیل نہیں کیا جاتا مگر ارکان کے اختیارات کی مدت چھ سال کی ہوتی ہے۔ ہر دو سال بعد ایک مرتبہ تین چوتھائی کے برابر ارکان سبکدوش ہوتے

©KTBS Not to be republished

ہیں۔ارکان اپنی نشست باقی رکھنے کے لیے تیار نہ ہوں تو وہ صدر مجلس کو اپنا استعفی پیش کر سکتے ہیں۔

**رکنیت کے لیے درکار اہلیت:**

1. ہندوستانی شہری ہوں
2. تیس سال کی عمر سے زیادہ ہو
3. عدالتی سزا نہ بھگتے ہوں
4. دماغی طور پر صحیح ہوں
5. پارلیمنٹ وقتاً فوقتاً جن قابلیتوں کو طے کرتی ہو اس کے اہل ہوں۔

نائب صدر ہند راجیہ سبھا کے صدر ہوتے ہیں۔اراکین ہی میں سے کسی کو راجیہ سبھا کا نائب صدر چنا جاتا ہے۔ راجیہ سبھا کا اجلاس منعقد کرنے کے لیے 10 / 1 حصہ (کم از کم 25 ارکان) کی حاضری ضروری ہے۔سال میں کم از کم دو بار اجلاس کا منعقد ہونا ضروری ہے۔ارکان کی درخواست پر خصوصی اجلاس بلایا جا سکتا ہے۔

**لوک سبھا:۔** لوک سبھا کے اراکین براہ راست عوام سے منتخب شدہ ہونے کی وجہ سے عوامی سبھا کے نام سے پکارا جاتا ہے۔اراکین کی کل تعداد 545 ہوتی ہے۔جن میں 543 ارکان عام چناؤ میں منتخب ہو کر آتے ہیں۔بقیہ دو رکن اینگلو انڈین طبقہ کے ہوتے ہیں جن کو صدر جمہوریہ نامزد کرتے ہیں۔درج فہرست ذات کے لوگوں کے لیے 79 نشستیں اور درج فہرست قبائل والوں کے اکتالیس نشستیں مخصوص ہوتی ہیں۔

**اختیارات کی مدت:۔** لوک سبھا کے اختیارات کی مدت پانچ سالہ ہوتی ہے۔اس مدت کے ختم ہونے سے پہلے ہی وزیر اعظم کے صلاح پر صدر ہند لوک سبھا کو تحلیل کر سکتے ہیں۔ملک کی ہنگامی صورت حال کے موقعہ لوسبھا کی مدت کی توسیع ایک سال تک کی جا سکتی ہے۔

**اراکین کے لیے درکار قابلیت:**

1. ہندوستانی شہری ہو۔
2. عمر پچیس سال ہو۔
3. وہ کسی بھر سرکاری منصب پر نہ ہو۔
4. دماغی توازن نہ کھویا ہوا ہو۔
5. عدالت سے کسی جرم کی بنا پر سزا یافتہ نہ ہو۔



©KTBS Not to be republished

6. وقتاً فوقتاً لوک سبھا سے اہلیت کے لیے قانون بنائے اس کا اہل ہو۔

**لوک سبھا کے صدرنشین:۔** لوک سبھا کے اراکین ہی میں سے کوئی ایک صدرنشین (اسپیکر) ہوتا ہے تو دوسرا نائب صدرنشین یا ڈپٹی اسپیکر کو چن لینے کا اختیار ہوتا ہے صدرنشین چن لیے جانے کے بعد اسے غیر جانب دار طریقہ سے کام کاج سنبھالنا ہوتا ہے اجلاس کی کارروائیوں کی صدارت سنبھالتے ہوئے پارلیمنٹ میں امن اور نظم وضبط کا لحاظ رکھنا ہوگا۔ پارلیمنٹ میں بحث ومباحثہ رائے دہندگی اور فیصلے رسم ورواج کے مطابق چلانے کی ذمہ داری صدرنشین کی ہوتی ہے۔قوانین کے بارے میں وضاحت اور فیصلہ(Ruling) دینے کا اختیار صرف انہیں کو حاصل ہوتا ہے۔ پارلیمنٹ میں سب (بشمول وزیراعظم کے) صدرنشین کو باعزت طریقہ سے پیش آنا ہی یہاں کا اصول ہے۔ قانونی مسودہ سے متعلق برابر برابر رائے دہی ہوتو ایسے وقت میں صدرنشین اپنا فیصلہ کن ووٹ استعمال کرتے ہیں۔صدرنشین کی غیر حاضری میں نائب صدرنشین اجلاس کی کارروائی چلائیں گے۔حزب مخالف کا رہنما ( Appositoin leader)

| |
|---|
| سرگرمی:۔ اسکول میں نوجوان لوک سبھا کے مقابلے کا انعقاد کرتے ہوئے اس میں وزیراعظیم، اسپکر اور اپوزیشن لیڈر کا تجربہ آپس میں بانٹ لیں۔ |

## مخالف پارٹی کے رہنما کا کردار اور کام کاج:

1. حکمران جماعت اگر غلطی کر رہی ہو تو اجاگر کرنا
2. حکومت کے قواعد وقوانین پر غور وفکر کرنا
3. سرکار، کابینہ اور سرکاری افسران کی تنبیہ کرنا
4. مخالف پارٹی راہنما کو باعزت مقام حاصل ہوتا ہے۔

## پارلیمان کے اختیارات اور کام کاج:

**عمل قانون ساز:۔** پارلیمنٹ بنیادی طور پر قانون ساز عضو ہے۔ مرکزی حکومت کے موضوعات کی فہرست سے متعلق قوانین سازی کا اختیار پارلیمنٹ کو ہے۔ مالیاتی مسودہ لوک سبھا ہی میں پیش کیا جاتا ہے۔ بقیہ مسودات کو کسی بھی ایوان میں پیش کیا جاسکتا ہے مگر مسودہ قانون کو منظوری ملنا ہو تو بحث ومباحثہ کے لیے دونوں ایوانوں میں پیش کر کے منظوری لینی پڑتی ہے۔مسودہ کے حق میں اور اس کے خلاف میں پڑنے والے ووٹ برابر برابر ہوں تو صدرنشین (اسپیکر) اپنے فیصلہ کن ڈال سکتے ہیں۔مسودے پر ایوانوں میں اختلاف رائے پیدا ہو تو

©KTBS Not to be republished

جمہوریہ دونوں ایوانوں کا مشترکہ اجلاس طلب کر کے مسئلہ کو حل کر سکتے ہیں۔ایوانوں میں منظور ہونے پر صدر جمہوریہ کو یہ مسودہ بھیج کر ان کی منظوری حاصل کی جائے گی۔صدر کی منظوری کے بعد یہ مسودہ قانونی حیثیت اختیار کر لیتا ہے۔

سرگرمی:۔ دوردرشن پر لوک سبھا کے اجلاس کا برائے راست معائنہ کرتے ہوئے درج ذیل امور پر نوٹ لکھیے۔صدر جمہوریہ کا کردار، اپوزیشن کا کردار، حکمران پارٹی کا کردار۔

**حکمرانی کا اختیارات:۔** ہندوستان پارلیمانی سرکار ہونے کی وجہ سے وزیراعظم اوران کی کابینہ کے رفقا صحیح معنوں میں مجلس عاملہ ہوتی ہے۔مرکزی کابینہ (مجلس وزا) پارلیمانی کے آگے جواب دہ ہوتی ہے۔پارلیمان مجلس وزرا کو سوالات کے ذریعہ مکمل طور پر مجلس عاملہ پر قابو رکھتی ہے۔ پارلیمانی کا اعتماد بنے تک مجلس وزرا کا اقتدار باقی رہتا ہے اعتماد کھودینے پر کابینہ کو استعفیٰ دینا پڑتا ہے۔مجلس عاملہ پر خصوصاوزیراعظم اور مجلس وزرا (کابینہ) پر لوک سبھا مکمل قابو میں رکھتی ہے۔سرکاری کارکردگی اور کام کاج سے متعلق لوک سبھا اکثریتی اراکین کو اگر اعتماد نہ ہو تو حکومت (وزیراعظم اوران کی کابینہ) کو مستعفی ہونا پڑتا ہے۔

**مالیاتی اختیارات:۔** لوک سبھا کو ملک کے مالیاتی معاملات پر مکمل اختیارات رکھتی ہے۔لوک سبھا کی منظوری کے بغیر حکومت کو کسی بھی قسم کا ٹیکس جمع کرنے یا خرچ کرنے کا کوئی اختیار نہیں ہوتا۔مالیاتی مسودہ (آمدوخرچ) سب سے پہلے لوک سبھا میں پیش کرنے کا قانون ہے۔ مالیاتی مسودے کو لوک سبھا کی منظوری حاصل کرنے کے بعد راجیہ سبھا کو بھیجا جاتا ہے۔راجیہ سبھا مسودے پر چند ایک صلاح مشورہ دینے اور چودہ دنوں تک اپنے قبضہ میں رکھنے کا اسے اختیار ہوتا ہے۔چودہ دنوں کے اندر اگر یہ واپس نہیں کرتی مسودہ کو منظوری حاصل ہوئی ہے سمجھ کر اسے صدر جمہوریہ کی منظوری کے لیے بھیجا جاتا ہے۔

**عدلیہ کا اختیارات:۔** صدر جمہوریہ کو برخاست کرنے کی طرح سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ کے ججوں کو برطرف کرنے کا اختیار پارلیمان کے دونوں ایوانوں کو ہے۔عدالتوں سے متعلق چند ایک تحقیقی رپورٹ پر بحث کرنے کا حق دونوں ایوانوں کو ہے۔

**دستور میں ترمیم کرنے کا اختیارات:۔** دستور میں ترمیم کرنے کے معاملے میں لوک سبھا اور راجیہ سبھا کو برابر کا حق حاصل ہے۔ترمیم سے متعلق مسودہ کسی بھی ایوان میں پہلے پیش کیا جائے مگر منظوری کے لیے دونوں ایوانوں کی منظوری لازمی طور پر چاہیے۔ایک ایوان کا منظور شدہ مسودہ دوسرے ایوان رد کر دے تو دستور میں ترمیم ممکن نہ ہوگی بعض صورتوں میں ترمیم کرتے ہوئے۔ریاستی راجیہ سبھا (کونسل) کی منظوری بھی ضروری ہے۔

©KTBS Not to be republished

## دیگر اختیاری کام کاج:

1. عدالت عظمی اور عدالت عالیہ کے اختیار اور دائرۂ کار سے متعلق قانون سازی۔
2. دو یا دو سے زیادہ ریاستوں کو ایک ہی عدالت عالیہ کا قیام
3. نئی ریاستوں کی تشکیل، نام کی تبدیلی، ریاستوں کی سرحدوں کی حد بندی (طے کرنا)
4. لوک سیوا آیوگ (عوامی خدمات کا کمیشن) انتخابی کمیشن، اقلیتوں کے لیے کمیشن مقرر کرنا وغیرہ کمیشنوں کی رپورٹ پر بحث کرنا۔
5. قومی ہنگامی صورت حال، ریاستی ہنگامی صورت حال اور مالیاتی ہنگامی صورت حال کو منظوری دینا۔




پارلیمنٹ ہاوس

## مرکزی مجلس عاملہ

مرکزی مجلس عاملہ کے تیار کردہ قوانین کو جاری کرنے والی ہی مجلس عاملہ ہے۔ یہ مرکزی سرکار کے پروگراموں اور فیصلوں کو جاری کرتی ہے۔ یہ مجلس عاملہ، صدر جمہوریہ، نائب صدر جمہوریہ، وزیر عظم اور کابینہ پر مشتمل ہوتی ہے۔
صدر جمہوریہ برائے نام اس کے صدر ہوتے ہیں وزیر اعظم اور مجلس وزرا صحیح معنوں میں مجلس عاملہ ہوتے ہیں۔

## صدر جمہوریہ:

ہمارے دستور کی دفعہ 52 کے مطابق صدر جمہوریہ کے مقام کا موقع فراہم کیا ہے۔ ہندوستان کے صدر جمہوریہ دستوری سربراہ ہوتے ہیں۔ ساتھ ہی قوم کے سب سے پہلے شہری بھی، مجلس عاملہ کے صدر اور فوج کے تینوں حصوں (بحری، بری، فضائی) کے سربراہ یا سپہ سالار ہوتے ہیں۔ قوم کے تمام اختیارات ان ہی کے سپرد ہیں۔ اس طرح وہ سب سے زیادہ بااختیار عہدے کے مالک ہوتے ہیں۔ ان کے احکامات کو کسی بھی عدالت مین چیلنج نہیں کیا جاسکتا۔ اس قدر عظیم مرتبہ پر رونق افروز ہونے والا شخص عوام کا طرف دار ہونا چاہیے۔



راشٹر پتی بھون

**صدر جمہوریہ کے انتخاب کا طریقہ:۔** دستور ہند کے 54 اور 55 دفعات کے تحت صدر جمہوریہ کے انتخاب کو شامل کیا گیا ہے۔ صدر جمہوریہ کو دونوں ایوانوں کے منتخب اراکین تمام ریاستوں اور دہلی و پانڈی چیری اسمبلیوں کے منتخب اراکین کی جانب سے ملا کر رائے دہندگان مل کر انتخاب کرتے ہیں۔

ان کی مدت کارکردگی پانچ سال ہوتی ہے۔ دوبارہ چن لیے جانے کے قابل بھی ہوتے ہیں۔ دستور کی خلاف ورزی کرنے پر (مہا ابھیوگ) کے ذریعہ صدر جمہوریہ کو برطرف کرنے کا اختیار پارلیمان کو ہوتا ہے۔

اعلیٰ اختیاری کمیشن: صدر جمہوریہ پارلیمان کے اٹوٹ حصہ ہوتے ہیں ساتھ ہی دستور کے محافظ بھی ہوتے ہیں۔ لہذا کسی کو دستور کی خلاف ورزی نہ کرنے پر نظر رکھیں گے۔ اتفاقاً اگر صدر جمہوریہ ہی دستور کے دفعات کی خلاف ورزی کرتے ہوئے معاملہ کریں تو دستور کی دفعہ 61 کے تحت ان پر الزام دھرا جاسکتا ہے۔ اسے پارلیمنٹ کے کسی بھی ایوان میں کیا جاسکتا ہے۔ اس کے بعد چودہ دنوں کی نوٹس (اطلاع) دے کر تاریخ طے کرتے ہوئے اس پر بحث کی جائے۔ دوتہائی ارکان کی اکثریت مل جانے پر صدر جمہوریہ ہند کو برطرف کیا جاسکتا ہے۔ مگر آج تک ہندوستان میں اس طرح کا واقعہ پیش نہیں آیا۔

## قابلیتیں:

(1) ہندوستان کا شہری ہو۔ (2) پارلیمان کا رکن بننے کے لیے درکار ساری صلاحیتیں رکھتا ہو۔
(3) 35 سال سے زیادہ عمر والا ہو۔ (4) وہ کسی بھی سرکاری عہدے پر مامور نہ ہو۔

## صدر جمہوریہ کے اختیارات:

**قانون ساز کا اختیارات :۔** ملک کے سبھی انتظامات صدر جمہوریہ کے نام ہی سے چلتے ہیں۔ وزیر اعظم کا تقرر صدر جمہوریہ ہی کرتے ہیں۔ پھر وزیر اعظم کے مشورے پر دیگر وزرا کا تقرر کرتے ہیں۔ ہندوستان کے اعلیٰ اختیاری عہدے ، اٹارنی جنرل، کنٹرولر اینڈ آڈیٹر جنرل، سپریم کورٹ کے منصفین (ججس) عدالت عالیہ کے ججس ، مالیاتی کمیشن کے نائب صدر اور اراکین، مرکزی لوک سیوا کمیشن کے صدر، اراکین، انتخابی کمشنر، محافظ افواج کے سپہ سالاروں اور مختلف قوموں (ملکوں) کے لیے سفیروں کی نامزدگی کا اختیار صدر ہند کو ہوتا ہے۔ اسی طرح اوپر بتائے گئے اختیارات پابند دستور ہوتے ہوئے خلاف ورزی کرنے پر ان کو برطرف کرنے کا اختیار صدر جمہوریہ کو ہوتا ہے۔

دستوری اختیار: صدر جمہوریہ پارلیمان کے اجلاس بلائیں گے یا اسے ملتوی کریں گے۔ دونوں اجلاسوں کو ایک ساتھ مخاطب کرتے ہوئے تقریر کریں گے اور ساتھ ہی لوک سبھا کو تحلیل کرنے کا حق بھی رکھتے ہیں۔ پارلیمان کے دونوں ایوانوں میں منظور شدہ مسودے کو منظوری دینے، دوبارہ غور کرنے، واپس کرنے یا روکے رکھنے کا حق رکھتے ہیں۔ لوک سبھا کے لیے دو اینگلو انڈین اور راجیہ سبھا کے بارہ اراکین کے نامزد کرنے کا اختیار بھی ہے۔ یہ سارے اختیارات وزیر اعظم اور مجلس وزرا (کابینہ) کے مشورہ کے مطابق انجام دیتے ہیں۔

**عدلیہ اختیارات :۔** عدلیہ مجرموں کو دی گئی سزائیں کم کرنے، موت کی سزا جیسی سخت سزا کو رد کرنے کا حق رکھتی ہے۔ ملک کے قانون سے متعلق جیسے اہم معاملات میں سپریم کورٹ سے صلاح کی جا سکتی ہے۔

**مالیاتی اختیارات :۔** صدر جمہوریہ کی اجازت کے بغیر مالیاتی مسودہ پارلیمنٹ میں پیش نہیں کیا جا سکتا۔ مالیاتی کمیشن کی رپورٹ اکاؤنٹنٹ جنرل اور آڈیٹر کی دی گئی رپورٹ پارلیمنٹ میں بحث و مباحثہ کرنے کی صدر ہند سفارش کریں گے۔ خرچ کے لیے مخصوص رقم انہیں کے نام ہوتی ہے۔ سپریم کورٹ کے جج، لوک سیوا کے صدر اور ارکان کو اس رقم سے تنخواہ جاری کی جاتی ہے۔ مجموعی طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ مالیاتی مسودہ کا قانون اگر چاہیے تو اس کے لیے صدر جمہوریہ کی منظوری ضروری ہے۔

©KTBS Not to be republished

**فوجی اختیارات:۔** صدر جمہوریہ تمام فوجی شعبوں کے سربراہ ہوتے ہیں۔ بری فوج، فضائی فوج اور بحری فوج کے سپہ سالار مجلس وزرا کے صلاح ومشورہ پر صدر جمہوریہ نامزد کرتے ہیں۔ پارلیمنٹ کی منظوری کے بعد جنگ یا امن کا اعلان کرنے کا اختیار انہیں ہے۔

**ہنگامی حالات کے اختیارات:**

مجلس وزرا کی تحریری شکل کی سفارش پر صدر جمہوریہ تین موقعوں پر ہنگامی حالات کو نافذ کر سکتے ہیں۔(1)352 کے دفعہ کے تحت قومی ہنگامی صورت حال (2)356 دفعہ ریاستی ہنگامی حالات (3) مالیاتی ہنگامی صورت حال (360 دفعہ کے تحت) ان تینوں ہنگامی حالات کا اعلان ہونے کے بعد اسے ایک مہینے کے اندر پارلیمنٹ کی منظوری حاصل کرنا ہوگا۔ ہمارے دستور کے اٹھارویں حصہ میں ہنگامی حالات کے لیے موقع فراہم کیا گیا ہے۔

> آپ کو معلوم رہے:۔ قومی ہنگامی صورت حال: (دفعہ 352) سارے ملک یا ملک کے کسی حصہ کی حفاظت کی خاطر جنگ یا باہری حملہ کی صورت میں ملک کی سالمیت کو دھکہ لگنے یا اندرونی فسادات کی وجہ سے دھکہ پہنچے تو ایسی ہنگامی صورت حال کا اعلان کیا جا سکتا ہے۔ مثال 1961، 1975 میں۔

**ریاستی ہنگامی حالات:۔** 356 دفعہ کسی ریاست کے گورنر کی رپورٹ کی بنیاد پر یا دیگر اسباب کی بنا ریاستی حکومت دستور کے قوانین کے مطابق حکومت نہ چلانے کی صورت میں 356 دفعہ کے تحت صدر جمہوریہ ہنگامی حالات کا اعلان کر سکتے ہیں۔ قومی ہنگامی صورت حال یا ریاستی ہنگامی صورت حال کا اعلان کرنے کے چھ مہینوں کے اندر انتخابات کا انعقاد ہونا چاہیے۔

مالیاتی ہنگامی حالات: (دفعہ 360) ملک کی مالی صورت حال کی ابتری کا پتہ چلے تو دفعہ 360 کے تحت ہنگامی صورت حال کا اعلان ہو سکتا مگر آج تک ایسی صورت کا اعلان نہیں ہوا۔

**مخصوص اختیارات:۔** صدر جمہوریہ مجلس وزرا کے مشورے کے بغیر بھی چند ایک اختیارات چلا سکتے ہیں وہ یوں ہیں۔

لوک سبھا کے عام انتخابات میں کسی بھی جماعت کو واضح اکثریت نہ ملنے کی صورت میں کسی بھی جماعت کے لیڈر کو سرکار بنانے کی دعوت دینے کا اختیار ہے۔







پارلیمان کے منظور کردہ مسودہ کو صدر جمہوریہ کی منظوری کے لیے بھیجنے پر اسی کو ایک بار پھر دوبارہ غور وخوص کرنے کے لیے واپس بھیج سکتے ہیں۔



©KTBS Not to be republished

وزیراعظم کے مشورہ کے مطابق لوک سبھا کی تحلیل کا اختیار۔

## ہندوستان کے صدور

| | | | |
|---|---|---|---|
|  |  |  |  |
| راجندر پرشاد<br>1962-1950 | آر سرواپلی رادھا کرشن<br>1967-1962 | ڈاکٹر ذاکر حسین<br>1969-1967 | وی سی گری<br>1974-1969 |
|  |  |  |  |
| فخرالدین علی احمد<br>1977-1974 | نیلم سنجیوا ریڈی<br>1982-1977 | گیانی ذیل سنگھ<br>1987-1982 | آر وینکٹ رمن<br>1992-1987 |
|  |  |  |  |
| شنکر دیال شرما<br>1997-1992 | ڈاکٹر کے آر نارائن<br>2002-1997 | اے۔ پی جے عبدالکلام<br>2007-2002 | شریمتی پرتبھا پاٹل<br>2012-2007 |
| | | |  |
| | | | پرنب مکرجی<br>-2012 |

©KTBS Not to be republished

# وزیراعظم

دستور میں جیسا کہ بتایا گیا ہے صدر جمہوریہ کو انتظامیہ میں تعاون کرنے اور صلاح ومشورہ دینے کے لیے وزیراعظم سمیت مجلس وزرا ہوتی ہے مگر وزیراعظم کی حیثیت مرکزی ہوتی ہے اس لیے ساری قوم کے انتظامیہ کو سنبھالنے کی ذمہ داری وزیراعظم کی ہوتی ہے۔صدر جمہوریہ ملک کے سربراہ ہوتے ہیں اور وزیراعظم حکومت کے سربراہ ہوتے ہیں۔لوک سبھا کا اعتماد رہنے تک وزیراعظم اقتدار میں باقی رہ سکتے ہیں۔

**وزیراعظم کے اختیارات:**

وزرا کا تقرر،قلمدانوں کی تقسیم اور وزرا کو برطرف کرنے کا حق مجلس کے وزرا کے سربراہ وزیراعظم مختلف محکوں کے وزرا کا تقرر کرنے کی صدر جمہوریہ سے سفارش کرتے ہیں اور وزرا کو مختلف قلمدان (پورٹ فیلیو) عطا کرتے ہیں۔ قلمدانوں کی تقسیم کے موقع پر وزیراعظم کو مکمل اختیار ہوتا ہے۔جرم ارتکاب کرنے والے یا مسئلہ یا جھگڑا کھڑا کرنے والے وزیر کو مجلس وزرا سے برطرف کرنے کا اختیار حاصل ہے۔






**حکومت کا سربراہ:**۔حکومت کے سارے کام وکاج کے یہی ذمہ دار ہوتے ہیں۔مختلف قلمدانوں والے وزرا کے درمیان توازن لاتے ہوئے کام کرتے ہیں۔منصوبہ بندی،سلامتی خارجہ پالیسی بناتے ہوئے خصوصی توجہ دیتے ہیں۔

**مجلس وزرا کا رہنما:**۔وزیراعظم کی قیادت میں مجلس وزرا کی بیٹھک ہوتی ہے۔مجلس وزرا کی کارگذاری قومی، بین الاقوامی معاملات پر بحث اور فیصلہ لینا ان ہی کی صدارت میں ہوتا ہے۔ یہ صدر اور مجلس وزرا کے درمیان تعلق کی ایک کڑی (حلقہ) ہوتے ہیں۔

**مجلس وزراء:**۔مجلس وزرا ہی دراصل مجلس عاملہ ہوتی ہے۔ دوطرح کے درجے اسے حاصل رہتے ہیں۔ پہلا درجہ کابینہ کا درجہ دوسرا ریاستی درجہ،مجلس وزرا کی زیادہ سے زیادہ تعداد لوک سبھا کے کل اراکین کا پندرہ فیصد کے برابر ہونا چاہیے۔ یہ مجلس وزرا دوطرح کی ذمہ داری رکھتی ہے۔ ہر شعبہ کا وزیر اپنے قلمدان کی تمام ذمہ داری کی کامیابی وناکامی کا ذاتی طور پر ذمہ دار ہوتا ہے اور مجلس وزرا اپنے انتظامی امور کے چلانے کی ذمہ دار ہوتی ہے۔اصول وضوابط بنانے اور انتظامیہ چلاتے ہوئے لوک سبھا میں مجموعی طور پر ذمہ دار ہوتے ہیں۔اس لیے مجلس وزرا اعتماد رہنے تک اقتدار پر جمے رہتے ہیں۔اعتماد کھودینے پر اور عدم اعتماد کی تحریک کے ذریعہ انہیں اقتدار سے بے دخل کیا جاسکتا ہے۔

©KTBS Not to be republished

# ہندوستان کے وزرائے اعظم

| | | | |
|---|---|---|---|
|  |  |  |  |
| پنڈت جواہر لال نہرو<br>1964-1947 | لال بہادر شاستری<br>1966-1964 | اندرا گاندھی<br>84-1980-77-1966 | مرارجی دیسائی<br>1979-1977 |
|  |  |  |  |
| چرن سنگھ<br>1980-1979 | راجیو گاندھی<br>1989-1984 | وشواناتھ پرتاب سنگھ<br>1990-1989 | آر چندر شیکھر<br>1991-1990 |
|  |  |  |  |
| پی وی نرسمہا راؤ<br>1996-1991 | دیوے گوڑا<br>1997-1996 | اندر کمار گجرال<br>1998-1997 | اٹل بہاری واجپائی<br>2004-1998-96-1996 |



نریندر مودی
2014



ڈاکٹر من موہن سنگھ
2014-2004

©KTBS Not to be republished

یہ آپ کو معلوم رہے :۔تحریک اعتماد: اقتدار چلانے والے وزیر اعظم اوران کی مجلس وزرالوک سبھا میں اکثر اراکین کا اعتماد کھودینے پر یا حمایت واپس لینے پر وزیر اعظم اور مجلس وزرا کو استعفیٰ دینا پڑتا ہے۔اسی کو تحریک عدم اعتماد کہا جاتا ہے۔حکمران جماعت اگر حکومت پر اعتماد نہ ہونے کا سبب بتاتے ہوئے یہ کہے کہ حکومت استعفیٰ دینے کا مطالعہ کرے تو لوک سبھا کے اراکین کا یہ کہنا مرکز میں اور ریاست کے کونسل کے اراکین بھی ایسا مطالبہ کریں تو اسے تحریک عدم اعتماد کہتے ہیں۔اس لیے مرکزی حکومت اور ریاستی حکومتیں کی اقتدار کی مدت بالترتیب لوک سبھا اور ریاستی لیجلیچر (ایوان مقننہ) اعتماد پر منحصر ہوتی ہے۔راجیہ سبھا کے اراکین اور ریاستی کونسل کے اراکین کو یہ اختیار حاصل نہیں ہوتا۔ہندوستان کی تاریخ میں اب تک 34 تحریک عدم اعتماد پیش کی جا چکی ہیں۔

©KTBS
Not to be republished

## مشقیں

**I. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پر کیجیے۔**

1۔ ہندوستان کئی ۔۔۔۔۔۔۔کا مجموعہ ہے۔

2۔ مرکزی مجلس مقننہ ۔۔۔۔۔۔۔کے نام بلائی جاتی ہے۔

3۔ راجیہ سبھا کے صدر نشین ۔۔۔۔۔۔۔ہوا کرتے ہیں۔

4۔ لوک سبھا کا رکن ہونے کے لیے ۔۔۔۔کی عمر ہونی چاہیے۔

5۔ تینوں فوج کے شعبے کے سپہ سالار ۔۔۔۔۔۔ہوتے ہیں۔

6۔ دستور ۔۔۔۔اور ۔۔۔۔۔کی دفعہ کے تحت صدر ہند کے چناؤ کا طریقہ بتایا گیا ہے۔

7۔ مرکزی عوامی خدمات کمیشن کے صدر کو ۔۔۔۔۔۔نامزد کرتے ہیں۔

**II. ان سوالات کے جوابات لکھیے۔**

1۔ پارلیمان کے دونوں ایوانوں کے نام بتائیے۔

2۔ راجیہ سبھا کی تشکیل کیسے ہوتی ہے تفصیل سے بتائیے۔

3۔ لوک سبھا کا رکن ہونے کے لیے درکار شرائط بتائیے۔

4۔ صدر ہند کے انتخاب کا طریقہ بتلائیے۔

5۔ وزیراعظم کے اختیارات کی فہرست بنائیے۔

6۔ مرکزی مجلس وزرا کی تشکیل اوراس کی ذمہ داریاں بتائیے۔

## III. سرگرمی

1۔ مرکزی پارلیمان کی طرح اپنے مدرسہ میں ایک مثال پارلیمان قائم کیجیے۔

2۔ اپنے علاقے کے رکن پارلیمان سے ان کے فرائض پر بحث کیجیے۔

## IV. منصوبہ بندی کے کام

1۔ پارلیمنٹ کی تصویر بنا کر اپنے مدرسہ میں لٹکائیے۔

2۔ روزانہ اخبار میں آنے والے عدالت عظمی کے فیصلوں سے متعلق معلومات اکٹھا کر کے البم بنائیے۔

***

©KTBS
Not to be republished

باب:3

# ریاستی حکومت

اس باب میں درج ذیل نکات کو سمجھیں گے۔

- ریاستی مجلس مقننہ، ودھان سبھا، ودھان پریشد (کونسل) کا نوعیت، رکنیت اور کام۔
- ریاستی مجلس عاملہ میں گورنر، ان کی قابلیت اور کارکردگی
- وزیراعلیٰ کا تقرر اور کام کاج

ہندوستان اُنتیس ریاستوں اور چھ مرکز کے زیرانتظام علاقوں پر مشتمل ایک متحدہ قوم ہے۔ مرکزی سرکار کی طرح ریاستیں بھی اپنی ہی مجلس مقننہ اور مجلس عاملہ رکھتی ہیں۔ ریاستی حکومت ریاستی فہرست میں رہنے والے معاملات پر قانون بناتے ہوئے ان پر عمل پیرا ہونے کے لیے بروئے کار لانے کا اختیار رکھتی ہے۔ پارلیمان کی طرح ودھان سبھا ہوتی ہے ایوان بالا ودھان پریشد نہیں ہوتی۔

**معلوم رہے:۔** کرناٹک، اتر پردیش، آندھرا پردیش میں دو ایوانوں والے ودھان سبھا (اسمبلیاں ہیں) تو مغربی بنگال، آسام اور اوناچل پردیش ریاستوں میں صرف ایک ہی ایوان ہوتا ہے۔

**ریاستی مجلس مقننہ:۔** ریاستی قانون ساز مجلس میں گورنر بھی شامل ہوتے ہیں۔ اس میں ایوان یا صرف ایک ہی ایوان ہوسکتا ہے۔ ایوان بالا کو ودھان پرشید اور ایوان زیریں کو ودھان سبھا کہہ کر بلایا جاتا ہے۔ ودھان سبھا میں عوام کی ترجمانی ہوتی ہے تو ودھان پریشد میں مختلف علاقوں کی ترجمانی ہوتی ہے۔

**ودھان سبھا (مجلس قانون ساز یا مقننہ):۔** ودھان سبھا کے اراکین کی تعداد اس ریاست کی آبادی کی بنیاد پر ہوتی ہے۔ اسی طرح ودھان پریشد کے اراکین اس ریاست کے ودھان سبھا کے اراکین کی تعداد کا ایک بٹہ تین کے برابر ہوتی ہے۔ کسی بھی ریاست کی ودھان سبھا کے اراکین کی تعداد پانچ سو سے زیادہ اور ساٹھ سے کم بھی نہیں ہونا چاہیے۔ پھر بھی چھوٹی موٹی ریاستوں میں ارکان کی تعداد کم ہے مثال کے طور پر میزورام اور گوا میں ہر ایک میں تعداد چالیس ہے۔ کرناٹک ودھان سبھا دوسو پچیس اراکین ہیں ان میں سے دوسو چوبیس اراکین منتخب شدہ ہیں تو ایک رکن اینگلو انڈین کا ہے جو نامزد کیا جاتا ہے۔

©KTBS Not to be republished

## رکنیت کے لیے درکار صلاحیت :

(1) ہندوستان کا شہری ہو (2) پچیس سال کی عمر ہو (3) حکومت کے کسی عہدے پر نہ ہو
(4) عدالت سے سزا یافتہ نہ ہو (5) ذہنی مریض نہ ہو (6) دیوالیہ نہ نکلا ہو
(7) پارلیمان سے منظور شدہ دیگر صلاحیتوں کا حامل ہو

**اختیاری مدت :**۔ دوھان سبھا کی اختیاری مدت پانچ سال ہوتی ہے۔ میعاد سے پہلے ہی کابینہ کی سفارش پر ودھان سبھا تحلیل کی جاسکتی ہے۔ اس موقعہ پر ریاست صدر ہند کے زیر انتظام ہوتی ہے اگر اراکین اپنی رکنیت کو باقی رکھنا نہیں چاہتے تو سبھا کے صدر کو اپنا استعفیٰ دے سکتے ہیں۔

سرگرمی: اپنے علاقے کے رکن اسمبلی سے ملاقات کر کے ان کے کام کاج کے بارے میں معلومات حاصل کیجیے۔

انتخاب میں جیتنے والے اراکین میں سے کسی ایک کو ودھان سبھا کے صدر کی حیثیت سے اور دوسرے کو نائب صدر کی حیثیت سے چنا جا سکتا ہے۔ دوھان سبھا کی کاروائیاں ان کی صدرات میں چلتی ہیں۔ اسمبلی میں امن، نظم وضبط کی دیکھ بھال اس کا وقار بڑھانا، ودھان سبھا کی بیٹھک بلانا یا آگے بڑھانا، اراکین کے حقوق کی دیکھ بھال، ودھان سبھا میں ووٹنگ کی صورت میں برابر برابر ووٹ ہوں تو اپنا فیصلہ کن ووٹ کا استعمال کرتے ہوئے کارروائی کو آگے بڑھانا۔



ودھان سودھا کی تصویر

©KTBS Not to be republished

**اختیاری کام کاج:۔** جیسا کہ پہلے بتایا گیاہے ریاستی فہرست میں آنے والے مسائل پر قانون سازی کا اختیار ودھان سبھا کو ہے۔ دستور کو قانون بنانے کے لیے دونوں سبھاؤں میں منظوری حاصل کرتے ہوئے گورنر کے دستخط حاصل کرنا ہوگا۔ گورنر چند ایک مسودے صدر ہند کی منظوری کے لیے محفوظ رکھ سکتے ہیں۔

**مالیاتی اختیار کا کام کاج:۔** مالیاتی معاملہ میں ودھان سبھا کو زیادہ اختیار حاصل ہوتا ہے۔ مالیاتی بل ودھان سبھا میں پہلے پیش ہونا چاہیے۔ ودھان سبھا میں منظور شدہ مسودہ ودھان پریشد کو بھیجا جاتا ہے۔ ودھان پریشد کو اس مسودے کو مسترد کرنے کا کوئی حق نہیں ہوتا پھر بھی چودہ دنوں تک اپنے پاس رکھ سکتا ہے۔

**مجلس عاملہ پر قابو:۔** ریاستی مجلس عاملہ ودھان سبھا کو جواب دہ ہوتی ہے۔ ودھان سبھا کا اعتماد رہنے تک مجلس وزرا اپنا کاروبار جاری رکھ سکتی ہے۔ اعتماد کھو دینے پر استعفیٰ دینا پڑتا ہے۔

مجلس وزرا (کابینہ) کا ہر ایک وزیر انفرادی طور پر اور ساری مجلس وزرا مجموعی طور پر ودھان سبھا کی ذمہ دار ہوتی ہے۔

**انتخابی کام کاج کا اختیار:۔** صدر ہند، راجیہ سبھا اراکین، ودھان پریشد کے اراکین، ودھان سبھا کے صدر (اسپیکر) نائب صدر چناؤ کے ذریعہ انتخاب کرنے کا حق ودھان سبھا کو ہوتا ہے۔

**دیگر اختیاری کام کاج:۔** چند ایک مسائل سے متعلق مرکزی پارلیمان کے منظور کردہ مسودۂ قانون پر ودھان سبھا میں بحث کا موقع آئے تو اپنے اختیار کا استعمال کیا جاتا ہے۔ ریاست عوامی خدمات کمیشن کی رپورٹ اور دیگر بیانات پر اسمبلی میں بحث کی اجازت ہوتی ہے۔

| |
|---|
| سرگرمی: اسمبلی کے اجلاس کے موقعہ پر وہاں جا کر اجلاس کا جائزہ لیجیے وہاں ہونے والی بحث پر مختصر نوٹ لکھیے۔ |

**ودھان پریشد:۔** ریاستی قانون ساز ایوان بالا کو ودھان پریشد کہا جاتا ہے۔ اس کے اراکین کی تعداد اس ریاست کے ودھان سبھا کے اراکین کی تعداد کے ایک بٹہ تین کے برابر ہوتی ہے۔ مگر اراکین ودھان سبھا کی تعداد چالیس سے کم نہیں ہونا چاہیے۔ اسی وجہ سے بعض ریاستوں میں ودھان پریشد نہیں ہوتی۔ کرناٹک کے ودھان پریشد کے اراکین کی تعداد پچھتر ہوتی ہے۔ یہ اراکین سماج کے پانچ حلقوں کی نمائندگی کرتے ہیں۔ ودھان سبھا کے اراکین سے، مقامی اداروں کے اراکین سے، گریجویٹ حلقوں سے، اساتذہ کے حلقوں سے چند ایک اراکین چنے جاتے ہیں۔ فن، ادب، تعلیم، سماجی خدمات، سائنس وغیرہ حلقوں کی خدمات کا لحاظ کرتے ہوئے گورنر ان کو نامزد کرتے ہیں۔ ودھان پریشد ایک مستقل ادارہ ہوتا ہے۔ ہر دو سال کے بعد ایک مدت پوری ہونے پر وہ وظیفہ یاب یا سبکدوش ہوجاتا ہے۔

©KTBS Not to be republished

## اراکین کے لیے درکار صلاحیت:

(1) ہندوستانی شہری ہو (2) تیس سال کی عمر والا ہو (3) ودھان سبھا کا رکن بننے کے لیے درکار صلاحیت تمام قابلیتیں رکھتا ہو۔ منتخب رکن کے اختیار کی مدت چھ سال ہوتی ہے۔ ہر دو سال بعد تین بٹہ ایک اراکین سبکدوش ہوتے ہیں۔ ان اراکین میں سے ایک صدر نشین ہوتا ہے تو دوسرا نائب صدر نشین ہوتا ہے۔ صدر نشین ودھان سبھا کی صدارت سنبھالتے ہوئے ودحان سبھا کی کاروائی کو کامیابی کے ساتھ سنبھالتے آگے بڑھانے کا اختیار رکھتے ہیں۔

## اختیارات:

**قانونی اختیار:۔** قانون سازی میں ودھان پریشد بھی اپنا اختیار رکھتا ہے۔ عام مسودۂ قانون دونوں سبھاؤں میں پیش کیا جانا چاہیے۔ ایک سبھا کی منظوری کے بعد مسودۂ قانون دوسرے سبھا میں پیش کرنا چاہیے ایک سبھا میں مسودۂ قانون منظور ہونے کے بعد دوسرے سبھا کو بھیجا جاتا ہے۔ ودھان پریشد مسودۂ قانون کو تین مہینے تک روک رکھ سکتا ہے۔ دوسری مرتبہ بھیجے جانے پر ایک مہینے کے اندر منظوری دیدی جانی چاہیے ورنہ دونوں سبھاؤں سے منظور شدہ ہے سمجھ کر گورنر کی منظوری کے لیے بھیجا جائیگا۔

## قانون سازی کا عمل:

**پہلے پڑھنا:۔** سبھا میں مسودہ پیش کرنے والا بلند آواز سے پڑھے گا۔

دوسری بار پڑھتے وقت مسودۂ قانون پر بحث کی جائے گی یا مسودہ متعلق کمیٹی کو بھیجا جائے گا کمیٹی تفصیلی جانچ کے بعد ایک رپورٹ تیار کر کے سبھا کو واپس بھیجے گی۔ سبھا اس رپورٹ پر بحث کرتے ہوئے ووٹوں کے ذریعہ منظور کرسکتی ہے یا مسترد کرسکتی ہے۔

تیسری دفعہ پڑھنے میں مسودہ زبانی یا تقریری طور پر بحث کی جاسکتی ہے اس کے بعد مسودہ قانون منظور کرتے ہوئے دوسری سبھا کو بھیجا جائے گا۔ اس سبھا میں بھی اوپر بتائے گئے سارے عمل کئے جائیں گے اور گورنر کے پاس دستخط کے لیے بھیجا جائے گا۔ گورنر اسے منظوری دے سکتے ہیں یا پھر صدر جمہوریہ کے پاس بھیجنے کا فیصلہ محفوظ کرسکتے ہیں۔

**مالیاتی اختیار:۔** مالیاتی معاملات میں ودھان سبھا زیادہ اختیارات رکھتی ہے۔ ودھان پریشد کو صرف چودہ دنوں تک اپنے پاس رکھنے کا حق رکھتی ہے۔ چودہ دنوں سے زیادہ اپنے پاس رکھ لینے کی صورت میں دونوں سبھاؤں میں منظوری مل چکی ہے سمجھ کر گورنر کی منظوری کے لیے بھیجا جاسکتا ہے۔

**انتظامی اختیار:۔** یہ انتظامیہ پر کم اختیار رکھتا ہے۔ اراکین، وزرا سے سوالات کے ذریعے معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر جواب اطمینان بخش نہ ہو تو وزیر کے استعفیٰ کا مطالبہ کیا جا سکتا ہے مگر عدم اعتماد کی تحریک پیش نہیں کی جا سکتی۔

**بحث کا اختیار:۔** سرکار کے کام کاج، طور طریق کے فیصلے اور مسودات کے متعلق بحث کی جائے گی۔ یہ بڑی سبھا ہونے کی وجہ سے بحث نہایت سنجیدہ ہو سکتی ہے۔

| |
|---|
| سرگرمی:۔ اپنے گرام پنچایت کے وارڈ لوک سبھا کے ممبر تک کے مختلف عوام نمائندوں کے ناموں کی فہرست بنائیے۔ |

## ریاستی مجلس عاملہ:

ریاستی مجلس عاملہ گورنر، وزیر اعلیٰ اور کابینہ مجلس وزرا پر مشتمل ہوتی ہے۔ گورنر دستوری اعتبار سے اگر اعلیٰ ہوں تو وزیر اعلیٰ کے ساتھ مجلس وزرا ہی اصلی مجلس عاملہ ہے۔ گورنر خود ہی یا اپنے ماتحت افسران کے ذریعہ اختیار کو استعمال کر سکتے ہیں۔

**گورنر:۔** مرکز کے وزیر اعظم اور مجلس وزرا کی سفارش پر گورنر کا تقرر ہوتا ہے۔ ہر ایک ریاست کا ایک ایک گورنر ہونے کا قاعدہ ہے۔ مگر ایک یا ایک سے زیادہ ریاستوں کو ایک ہی گورنر کا تقرر ہو سکتا ہے۔

### قابلیت، مدت اختیار اور تنخواہ کی سہولت:

(1) ہندوستانی شہری ہو (2) 34 سال سے زیادہ عمر والا ہو (3) کسی بھی سرکاری عہدے پر نہ ہو (4) پارلیمانی یا ریاستی مجلس عاملہ کا رکن نہ ہو۔ اگر رکن ہے تو گورنر کی جانب سے نامزد ہونے کے بعد رکنیت سے استعفیٰ دینا ہوگا۔ گورنر کی مدت اختیار پانچ سالہ ہوتی ہے۔ مگر اگلے گورنر کی نامزدگی تک یہ اپنے اقتدار میں باقی رہیں گے۔ مرکزی مجلس وزرا کی سفارش پر صدر جمہور یہ گورنر کو مدت ختم ہونے سے پہلے واپس بلا سکتے ہیں۔ ان کو پارلیمان کی جانب سے مقرر کردہ تنخواہ، بھتہ بغیر کرایے کا مقررہ مکان (راج بھون) دیا جائیگا۔ ان کے اختیارات کے کام وکاج کو عدالت میں لے جایا نہیں جا سکتا اور نہ ہی مجرمانہ مقدمہ دائر کیا جا سکتا ہے۔

**اختیارات کے کام کاج:۔** پابند قانون سارے اختیارات گورنر کے پاس ہوتے ہیں۔ درحقیقت مجلس وزرا کے ساتھ وزیر اعلیٰ ان اختیارات کا استعمال کرتا ہے باوجود اس کے گورنر کے اختیارات حسب ذیل ہیں۔

یہ مجلس عاملہ کے سربراہ ہوتے ہیں۔ ریاست کے وزیر اعلیٰ اور ان کی سفارش پر دیگر وزرا کا تقرر ہوتا ہے۔

©KTBS Not to be republished

ریاستی عوامی خدمات کمیشن کا سربراہ ریاست کی تمام یونیورسٹیوں کے چانسلر یہی ہوتے ہیں۔ یونیورسٹیوں کے وائس چانسلر اور دیگر افسران کے تقرر کا اختیار انہیں کو ہوتا ہے۔

**قانونی اختیار:۔** سبھا کی بیٹھک بلانے کا یا ملتوی کرنے کا یا وزیر اعلیٰ کی سفارش پر اسمبلی کو تحلیل کرنے ودھان سبھا کو ایک رکن اور ودھان پریشد کو ایک بٹہ چھ اراکین کو نامزد کرنے کا اختیار رکھتے ہیں۔ مجلس عاملہ کے منظور کردہ مسودہ کو اپنی منظوری دینے اور روک رکھنے کا اختیار رکھتے ہیں۔ ضرورت پڑنے پر صدر جمہوریہ کی منظوری کے لیے بھی بھیج سکتے ہیں۔

**مالیاتی اختیارات:۔** گورنر کی منظوری کے بغیر مالیاتی مسودہ ودھان سبھا میں پیش نہیں کیا جا سکتا۔ ریاستی مالیاتی کمیشن، منصوبہ کمیشن کے لیے نامزد کرنے کا اختیار رکھتے ہیں۔ ریاست کی ہنگامی مالی دفعہ ان کے تصرف میں رہتی ہے۔ قحط، سیلاب، زلزلہ جیسی حادثاتی واقعات کو سنبھالنے کے لیے یہ رقم جاری کرنے کا اختیار انہیں ہوتا ہے۔

**عدالتی اختیارات:۔** جرم کا ارتکاب کرنے کے بعد سزا یافتہ کو معاف کرنے یا سزا گھٹانے یا آگے بڑھانے یا سزا ہی بدل دینے کا حق ان کو رہتا ہے۔ ریاستی اڈوکیٹ جنرل، ریاستی جج کے نامزد کرنے کا انہیں اختیار رہتا ہے۔

سرگرمی: ریاستی قوانین کو گورنر کے حکم کے مطابق، قومی قوانین کو صدر جمہوریہ کے نام سے جاری کیا جاتا ہے کیوں؟ اساتذہ سے بحث کرتے ہوئے معلوم کیجیے۔

**غور وفکر کا اختیار:۔** ریاست کے وزیر اعلیٰ کے تقرر کے موقعہ پر غور وفکر کرتے ہیں۔ مجلس عاملہ کے منظور کردہ مسودہ صدر جمہوریہ کے دستخط کے لیے محفوظ کرنا، ریاست میں دستوری بحران یا دستوری ناکامی پیدا ہونے کی صورت میں صدر جمہوریہ کو رپورٹ بھیج کر صدر جمہوریہ کا انتظامیہ لاگو کرنے اور وزیر اعلیٰ، مجلس وزرا کو برطرف کر سکتے ہیں۔ ودھان سبھا کو تحلیل کر سکتے ہیں۔

**ریاستی مجلسی وزرا:۔** ہمارا دستور ریاستی وزیر اعلیٰ کی قیادت والی مجلس وزرا کی موقعہ دیا ہے مجلس وزرا گورنر کے کام کاج میں تعاون کرتی ہے اور ودھان سبھا کو جواب دہ رہتی ہے یہ مجلس وزرا کئی ایک کام انجام دیتی ہے۔

(1) ریاستی سرکار کا موقف طے کرتی ہے۔ (2) ریاست کی آمدنی وخرچ کا حساب تیار کر کے اراکین کی مجلس میں پیش کرنے کی دیکھ بھال کرتی ہے۔ (3) ریاستی عوامی خدمات کمیشن کے صدر، اراکین، لوک آیکتہ کے افسران کا تقرر کرتے ہوئے ان کے متعلق گورنر سے سفارش کرتی ہے۔ (4) ہر ایک وزیر اپنے قلمدان سے متعلق کام کاج کو سنبھالنے اور چلانے کی نگرانی کرنا۔ (5) مختلف محکموں کے کام کاج کی سرپرستی یا نگرانی کرتے ہوئے ان کی مابین تال میل پیدا کرنا اس طرح مجلس وزرا ریاست کی اصلی مجلس عاملہ کی طرح کام کاج کی نگرانی کرتی ہے۔

©KTBS Not to be republished

**وزیراعلیٰ:۔** وزیراعلیٰ ریاست کی حکومت کے سربراہ ہوتے ہیں۔ ریاستی سرکار کی کامیابی یا زوال ان کی ذاتی صلاحیت پر مبنی ہوتی ہے۔ ریاست کے سارے کے سارے اقتداران ہی کے ذمہ ہوتے ہیں۔ یہ مجلس عاملہ، مجلس قانون ساز اور کثریت والی جماعت کے قائد ہوتے ہیں۔ وزیراعلیٰ بننے والے ریاست کی مجلس قانون ساز اسمبلی کے کسی ایک ایوان کی رکنیت رکھنا ضروری ہے۔ اسمبلی کا کوئی بھی رکن وزیراعلیٰ بن سکتا ہے۔ مگر چھ ماہ کے اندر کسی بھی ایک ایوان کی رکنیت حاصل کرنا ضروری ہوتا ہے۔

| |
|---|
| سرگرمی: ہماری ریاست کے اب تک کے وزیرائے اعلیٰ کے ناموں کی فہرست اوران کی مدت کار کی فہرست تیار کیجیے۔ |

## وزیراعلیٰ کے اختیاری کام کاج:

1. وزرا کی فہرست تیار کرتے ہوئے گورنر کو ان ناموں کی سفارش کریں گے۔
2. وزرا کو قلمدانوں کی تقسیم کرنا ان میں تبدیلی لانے کی سفارش کریں گے۔
3. سرکار پر یقین نہ رکھنے والے مجلس وزرا کے خلاف کام کرنے والے، مجرمانہ کام کے مرتکب وزیر کو کابینہ سے برطرف کرنے کی گورنر سے سفارش کرنا۔
4. حکومت کا سربراہ ہوتے ہوئے طور طریق کی تیاری میں اہم کردار نبھاتے ہیں۔
5. مجلس وزرا کی صدارت سنبھالتے ہوئے مجلس کا اجلاس بلانے، ملتوی کرنے کا اختیار رکھتے ہیں۔
6. مختلف محکموں کے کام کاج کی مستعدری کی جانچ کرتے ہوئے ان کے مابین تال میل پیدا کرنے کا کام کرتے ہیں۔
7. مدت کار ختم ہونے سے پہلے گورنر کو اسمبلی تحلیل کرنے کی سفارش کرسکتے ہیں۔
8. گورنر اور مجلس وزرا کے مابین ملاپ کا پل کی حیثیت سے کام کرتے ہیں۔
9. وزیراعلیٰ گورنر کے مشیر کی حیثیت سے رہتے ہوئے مختلف عہدوں کی نامزدگی کے لیے سفارش کریں گے۔

## مشقیں

**I خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پر کریں۔**

1۔ ہندوستان ۔۔۔۔۔۔ ریاستوں اور ۔۔۔۔۔۔ مرکز کے زیرانتظام علاقوں پر مشتمل ہے۔
2۔ ریاست کے ودھان سبھا میں ایک اینگلو انڈین کو ۔۔۔۔ نامزد کرتے ہیں۔

©KTBS Not to be republished

3۔ کرناٹک ریاست کے ودھان پریشد کے۔۔۔۔۔اراکین ہوتے ہیں۔
4۔ ریاستی مجلس وزرا۔۔۔۔۔اور۔۔۔۔۔پر مشتمل ہوتی ہے۔
5۔ گورنر۔۔۔۔کو نامزد کرتے ہیں۔
6۔ ریاست کے اڈوکیٹ جنرل کو۔۔۔۔۔۔نامزد کرتے ہیں۔

## II درج ذیل سوالوں کے جوابات دیجیے۔

1۔ ریاست کی ودھان سبھا کی تشکیل کے بارے میں بتائیے۔
2۔ ریاست کی ودھان سبھا کے اراکین کن کن علاقوں کی نمائندگی کرتے ہیں۔
3۔ گورنر کی صلاحیت اور مدت اختیار کی تفصیل بتائیے۔
4۔ وزیر اعلیٰ کے متعلق ایک نوٹ لکھیے۔

## III. سرگرمی

1۔ کرناٹک کی ودھان سبھا اور ودھان پریشد کا دورہ کیجیے اجلاس کی کاروائی دیکھتے ہوئے اس کی کاروائی درج کیجیے۔
2۔ ریاستی مجلس قانون ساز کا دورہ کرتے ہوئے مدرسہ سبھا کی تشکیل کیجیے۔
3۔ اپنے علاقے سے قریب کی عدالت کا دورہ کرتے ہوئے عدالتوں کے اجلاس پر غور کیجیے اور ایک رپورٹ تیار کیجیے۔

## IV. منصوبہ جاتی کام:

1۔ اپنے علاقہ کے رکن اسمبلی، اسمبلی اجلاس سے متعلق بحث کیجیے۔
2۔ اب تک کے کرناٹک کے وزرائے اعلیٰ کی تصاویر پر مشتمل ایک البم تیار کیجیے۔

***

©KTBS Not to be republished

# سماجیات

Sociology

باب:1

# خاندان

اس باب میں درج ذیل نکات معلوم کرلیں گے۔

- خاندان کے معنی
- خاندان کے خصوصیات
- خاندان کے اقسام
- مشترکہ ملاجھلا خاندان کے خصوصیات

## خاندان:

اپنے بنیادی اور اشد ضروریات کو پورا کرنے کی غرض سے انسان نے کئی سماجی اداروں کی تشکیل کر لی ہے۔ اس طرح کے سماجی اداروں میں خاندان بہت اہم ہے۔ خاندان سب سے چھوٹا سماجی ادارہ ہونے کے باوجود سماج کا ایک اہم بنیادی ادارہ مانا گیا ہے۔ سماج کی تمام سرگرمیاں خاندان کے انحصار پر ہوتی ہیں۔ خاندان کے افراد ہی سماج کے رکن ہوتے ہیں۔ خاندان کے خصوصیات کو سمجھتے ہوئے ہم خاندان کے متعلق معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

خاندان کو انگریزی زبان میں ''فیاملی'' کہا جاتا ہے۔ لفظ فیاملی لاطینی زبان کے فیامیولس (Famulus) سے ماخوذ ہے۔ پچھلے زمانے کے کنبوں کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ ان کنبوں میں بیوی اور شوہر اور بعوں کے علاوہ بھی کنبے میں دیگر افراد بھی ہوا کرتے تھے لیکن آج کل صرف بیوی شوہر رکھنے والے خاندان بھی موجود ہیں اور لے پالک بچے رکھنے والے کنبے بھی موجود ہیں۔

خاندان کے افراد کے اندروانی رشتے خون کے رشتوں پر مشتمل ہوتے ہیں۔ شادی بیاہ۔ خون کے رشتے سب رکھنے والے خاندان ہوتے ہیں۔ یہ جملہ اراکین ایک ہی گھر میں زندگی گذارتے ہیں۔ بیوی شوہر ماں باپ بچہ بچی بھائی بہن جیسے رشتوں کو رکھتے ہوئے اپنا مقام کے مطابق اپنا کردار بھی ادا کرتے ہیں اور تمام تمدن کو اپنانے کی کو شش میں لگے رہتے ہیں۔ کنبے کے معنی عام طور سے طویل عرصے تک تولیدی شمولیت اور تولیدی غیر شمولیت کے ساتھ شوہر اور بیوی کی متحدہ زندگی ہوتا ہے۔ اس کے اہم وسیلے جذبات اور خون کے رشتے ہوتے ہیں۔ کنبہ صرف تولیدی اور پرورشی افعال کو ہی اہم نہ سمجھتے ہوئے سماجیت کے عمل کے ذریعے اپنے اراکین کو سماج کی توسیعی مل میں



© KTBS Not to be republished

بھی ڈھالنے کا کام کرے۔ اسکا مطلب ہے کہ سماج کا عمل سماجی درپیش خوبیاں اور خامیاں اور اسکے اندرونی کیفیات جیسے موضوعات کے لئے کنبہ حسبِ توقع طور پر اپنے افعال کو سرانجام دیتا ہے۔

## کنبے کے خصوصیات:

کنبے کے خصوصیات کو سمجھتے ہوئے ہم کنبے کی اہمیت کو معلوم کر سکتے ہیں۔

### 1. کنبہ ہمہ گیر ہے:

دنیا کے تمام سماجوں میں اپنے اپنے علاقوں کے موافق چند ایک تفریقات کے باوجود ہر سماج میں کنبہ کا وجود ہوتا ہے۔ شادی پرورش بھائی چارگی رشتہ داری جائیداد جیسے موضوعات میں کنبہ اپنے مخصوص اصولوں کو اپنا تا ہے۔ عام طور سے کنبہ کے تمام افراد ایک ہی مقام پر اور ایک ہی گاؤں میں مقیم رہتے ہیں۔

### 2. سماج کے تمام سرگرمیوں کی بنیادی اکائی کنبہ ہوتا ہے:

کسی بھی سماج کی تمام سماجی سرگرمیاں کنبے ہی سے شروع ہوتی ہیں۔ سماج کی سیاسی معاشی تعلیمی اور دیگر سرگرمیاں کنبے ہی سے جنم لیتی ہیں۔ پچھلے دور میں معاشرے کے اہم کاموں کو سرانجام دینے کے لئے کنبہ ہی اپنے افراد کو استعمال کرتا تھا۔ لیکن آج کل کے پیچیدہ سماج نے اپنے کام وکاج کو سماج کے دیگر اداروں کو سونپ رکھا ہے۔

### 3. ذمہ داری کا تسلسل اور سماج کی ذمہ داری:

کنبہ اپنے افراد کو اس بات کی وضاحت کراتا ہے کہ وہ سماج کے دیگر اداروں کے ساتھ مختلف حالات میں کس طرح سے پیش آئے اور انکے ساتھ کس طرح ردعمل ہو اور اسکی ذمہ داریاں کیا ہو۔ اپنے بچوں کو اطراف واکناف اور پڑوسیوں کے ساتھ کس طرح سے پیش آئیں اور اسکے ساتھ انکا عمل کس طرح ہو یہ بھی واقف کرواتا ہے۔ اور ساتھ ساتھ سماجی ذمہ داریاں بھی بتلاتا ہے۔ مثال کے طور پر عوام کا استعمال کئے جانے والا پانی کو کس طرح سے آلودہ ہونے سے بچائے اور اس میں انکی کیا ذمہ داریاں ہوگی۔

### 4. پرورش اور دیکھ بھال:۔

کنبہ اپنے افراد کو ابتدائی مرحلوں میں اسکے متعلقہ حقوق سے آگاہی کرواتا ہے۔ اور انکے تحفظ کے اقدامات میں اپناتا ہے۔ بچوں کی دیکھ بھال اور پرورش بھی کرتے ہوئے انکے لئے اخلاقی راہ بھی دکھلاتا ہے۔ کنبہ اپنے بزرگ افراد جیسے دادا دادی ماں باپ کی دیکھ بھال اور پرورش واحترام کی ذمہ داری کنبے ہوئے انکا تحفظ کرتا ہے۔

©KTBS Not to be republished

## 5. کنبہ سماجی کردار کو سکھلاتا ہے:

سماجی نشوونما کے مرحلوں میں بچپن اور لڑکپن اہم ہیں۔ بچہ گھر میں بول چال کی مادری زبان کو سب سے پہلے سکھتا ہے۔ اور اسی مادری زبانکی مدد سے سماج کے دیگر بنیادی پہلوؤں کو معلوم کرتا ہے۔ کنبے کے اطراف واکناف کے ماحول کی کیفیت کو اپنے اندر ڈھال لیتا ہے۔ اور اسی ماحول کے مطابق اخلاق وکرادر کو اپنے اندر نشوونما کرتا ہے۔ کنبہ اس بات کو بھی سکھا تا ہے کہ اپنے افراد اپنے عمروں بزرگوں اور دیگر گروہوں کے ساتھ مختلف حالات میں کس طرح پیش آئیں۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ سماجی کرداراور سماج کے فیصلوں کا بچہ پر براہ راست اثر پڑ تا رہتا ہے۔ بچپن لڑکپن جوانی اور بڑھاپےمیں دوستی آزادی اور تحفظ جیسے اہم کرداروں کا مطالعہ بھی کنبہ ہی کرواتا ہے۔

## کنبہ روایتی رشتوں کانسل کا درس دیتا ہے:

کنبہ مختلف قسم کے رشتوں پر ہی کھڑا ہوتا ہے۔ روایتی رشتے اور نسل خون کے رشتوں کا تعارف کراتے ہیں۔ دادادادی ماں باپ اور بچوں کے رشتوں کو بیان کرتے ہیں۔ دادادادی اور بزرگ والدین پہلی نسل کے ہوتے ہیں۔ اور ماں باپ دوسرے ضمرے سے تعلق رکھتے ہیں۔ اور بچے تیسرے ضمرے سے تعلق رکھتے ہس ے۔ اس طرح نسلوں اور خاندانی شجروں کو ہماری روایتیں بتلاتی ہیں کہ

i) ماں باپ اور بچے والا کنبہ دوسرے شجرے کا کنبہ کہلاتا ہے:

ii) دادادادی ماں باپ اور دیگر رشتوں سے بھرا کنبہ تیسرے شجرے کا کنبہ کہلاتا ہے۔

iii) دادادادی ماں باپ بچے اور پوتے وغیرہ سے بھرا کنبہ چوتھے درجے کا وسیع کنبہ کہلاتا ہے۔

## کنبے کے اقسام:

کنبے میں سماج معاشرہ اور اس علاقے کے روایتیں ہوتی ہیں۔ سماجی ماہرین اناورنفسیاتی ماہرین نے کنبہ کی تشکیل اور ساخت پر مبنی کنبے کے اقاسم بتلائیے ہیں۔ اوپر بتائے ہوئے ضمروں کے مطابق کنبہ کی شناخت کی جاتی ہے۔ بیوی اور شوہر کے مل جھل کر رہنے والے کنبے میں بچوں کے لئے مرکزی کنبہ ہوتا ہے۔ اگر کنبے میں زیادہ تعداد میں شجرے میں رہے ہوں تو اسکو مشترکہ کنبہ کہتا ہے۔

شادی کے اصولوں پر کنبوں کو مختلف اقسام میں بانٹا گیا ہے۔ اسطرح سے واحدازواجی کا کنبہ کثیرازواجی کنبہ اور کثیر شوہر کنبہ کے نام سے تین حصوں میں بانٹا گیا ہے۔

1) خون کے رشتوں پر مبنی کنبہ 2) جوڑوں (میاں بیوی) کے رہائشی مقام پر مبنی کنبہ جیسے

3 ) مادری کنبہ اور پدری رہائشی کنبہ

©KTBS Not to be republished

کنبے کے اقتدار پر منحصر کنبوں میں ماں کی رہنمائی والا کنبہ اور باپ کی رہنمائی والا کنبہ جیسے کنبوں میں درجہ بندی کی گئی ہے۔ عین اس طرح نسل اور ذات پر مبنی کنوں میں ماں کی نسل کا کنبہ اور باپ کی نسل کا کنبہ جیسے دو اقسام ہیں۔

## ماں کی رہنمائی والا خاندان:

ماں کی رہنمائی والے کنبے میں جائیداد کا حق اور تمام اقتداری حقوق عورت کو ہوتے ہیں۔ جائیداد ماں سے بیٹی کو منتقل ہوتی ہے۔ عام طور سے ماں ہی اس خاندان کی سربراہ ہوتی ہے۔ اور اسی کے نام سے تمام لین دین اور جائیداد کے آپسی لین دین ہوتے ہیں۔ عام طور سے کرناٹک کے ساحل علاقوں کے ایک معاشرہ میں اس قسم کے کنبے کے جنوب مغربی علاقوں کے آدی واسی معاشرہ میں ماں کی رہنمائی والے کنبے نظر آتے ہیں اس طرح ماں کی رہنمائی والے خاندان کا مطلب یہ یکہ عورت کے نام پر لین دین، عورت کا نسلی اقتدار اور انکے حقوق ماں سے منتقل ہونے کا نام ہے۔

## باپ کی رہنمائی والا خاندان:

باپ کی رہنمائی والے خاندان میں باپ ہی کنبے کا اعلیٰ سربراہ ہوتا ہے۔ جائیداد اور دیگر حقوق مرد کو مرکوز ہوتے ہیں۔ باپ کی رہنمائی والے خاندان میں شادی شدہ لڑکیاں اپنے شوہر کے گھر میں ہی زندگی بسر کرتے ہیں۔ اس قسم کے کنبے میں سب سے بڑے گھر کے سب سے بڑے بیٹے کو مذہبی رسومات کو ادا کرنا کا اعلی مقام ہوتا ہے اس قسم کے باپ کی رہنمائی والے کنبوں کا رواج یونان روم ہندوستان اور چین میں کئی برسوں سے چلا آ رہا ہے۔

## جدید مرکزی خاندان:

کنبے کی تشکیل اس میں موجود افراد کی تعداد پر تقسیم کرتے ہوئے مرکزی خاندان مشترکہ خاندان اور توسیع خاندان میں درجہ بندی کی گئی ہے۔ باپ ماں اور غیر شادی شدہ بچے اگر کنبے کے افراد ہوں تو اسکو مرکزی خاندان کہتے ہیں۔ آج کے جدید سماج میں مرکزی خاندان عمل میں ہے۔ شخصیت شخص وانفرادی خوشی سکھ جائیداد کا حق بدلتے ہوئے سماجی اقدر سائنس جیسے اور تکنالوجی میں ہورہی ترقی شہری ترقی جمہوری طرز عمل اور مساوات کے حقوق جیسے کئی عوامل ہی موجودہ مرکزی خاندان کی مقبولیت کے اسباب ہیں۔ مرکزی خاندان میں دکھائی دینے والے اہم خصوصیات درج ذیل میں ہیں۔

1) ساخت میں بہت چھوٹا ہے۔

2) آسان سماجی قابو



©KTBS Not to be republished

3) جدیدیت کاذوق

4) افرادکوآزادی

5) ملاجھلاردعمل (مشترک پن)

**مشترکہ خاندان:۔** مشترکہ خاندان میں دادادادی انکے بچے پوتے پوتیاں پڑپوتے پوتیاں اور چنداوقات میں اوربھی وسیع طور سے شجروں سے بھی زیادہ افراد ہوتے ہیں۔ یہ تمام ایک ہی (باورچی خانے) رسوئی گھر میں تیار ہوا پکوان ہی استعمال کرتے ہیں۔تمام کنبے کے افراد ایک ہی قسم کی مذہبی رسومات ادا کرتے ہیں۔ عام طور سے مشترکہ خاندان خون کے رشتوں سے بندھے ہوئے رشتوں پر مشتمل گروہ ہوتا ہے۔



سرگرمی:۔
تمہارے پڑدادا کے زمانے سے آج تک کے یا شجری خاکہ کو اپنے بزرگوں سے گفتگو کرتے ہوئے تشکیل کیجئے۔

**مشترکہ خاندان کے خصوصیات:۔**

➢ **ساخت میں بڑا ہوتا ہے:۔**

دو سے زیادہ نسل کے اشخاص ایک ہی گھر میں زندگی گذارتے ہیں۔ افراد کی تعداد زیادہ ہوتی ہے اوراس کنبہ کی ساحت بڑی ہوتی ہے۔

➢ **امداری اور باہمی شرکت:**

مشترکہ خاندان میں افراد کے آپسی امداد سے ہی روزانہ سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ تمام کام وکاج انجام پاتے ہیں۔کنبہ کا مالک سربراہ اعلی ہونے کے باوجود وہ کنبہ کے تمام افراد سے رائے ومشوروں سے ہی چند اہم فیصلے لیتا ہے۔اس طرح کے کنبے میں تمام افراد کا ہرسرگرمی اور ہرایک کام وکاج کو کرنے میں شامل ہونا دکھائی دیتا ہے۔عمرجنس اورمحنت ہی بنیاد پراس قسم کے کنبے میں کام وکاج کی تقسیم بھی دکھائی دیتی ہے۔



©KTBS Not to be republished

➢ رہائشی اور باورچی خانہ:۔

مشترکہ خاندان کے تمام افراد ایک ہی چھت کے نیچے زندگی گذارتے ہیں مختلف وجوہات کی بنا پر جیسے پیشہ مزدوری تعلیم کی غرض سے الگ جگہوں پر گھر بنا کر رہتے ہوئے بھی چند خاص موقعوں جیسے عیدین اور مذہبی تہواریات پر سب ایک ہی جگہ جمع ہو جاتے ہیں۔ اور آپس میں اتحاد سے جشن منانے کا منظر بھی دکھائی دیتا ہے۔ اس کنبے کے افراد ایک ہی باورچی خانے میں غذا اور پکوان کی تیاری کر کے طعام کرتے ہیں۔

➢ مذہب: ۔ مشترکہ خاندان میں تمام افراد ایک ہی مذہب کو ماننے والے ہوتے ہیں اور ایک ہی مذہب کے تہوارات کو منانے والے ہوتے ہیں۔ اور انکے عبادات اور پرستش کے طریقے بھی ایک ہی قسم کے ہوتے ہیں۔

➢ اپناپن :

مشترکہ خاندان ایک اپنے پن کی اکائی کی طرح ہوتا ہے۔ اور اپنے تمام افراد کے ضروریات کو پورا کرنے کے لئے مشترکہ کنبے کوشش کرتا ہے۔

➢ اقتداری ساخت:۔ مشترکہ خاندان میں کنبہ کے بزرگ افراد ہی ذمہ داریوں اور اقتدار کو سنبھالتے ہیں۔ اور اس کو کنبے کے اہم موضوعات میں فیصلے لینے کا مکمل اختیار ہوتا ہے اور اقتدار کی منتقلی بھی روایتیں انداز سے اور عمر کے اعتبار سے ہی کیا جاتا ہے۔

**سرگرمی:۔**

تمہارے دادا کے زمانے میں تمہارے مشترکہ خاندان کے افراد (عورت اور مرد) اور انکے کئے جانے والے کام وکاج اور افعال اور ذمہ داریوں کے متعلق اپنے والد کی مدد لے کر معلومات اکٹھا کیجئے۔

## مشقیں

**I. خالی جگہوں کو بھرتی کیجئے۔**

1. خاندان لفظ لاطینی زبان سے ____________ لفظ سے ماخوذ ہے۔
2. ____________ سماج کا خلیہ کہلاتا ہے۔

©KTBS Not to be republished

3. اگر باپ خاندان کا سربراہ اعلی ہوتو اس کنبے کو __________ کہتے ہیں

4. کیرلا کے ملبار کے نائر خاندانوں میں __________ کنبہ دکھائی دیتا ہے۔

## II. درج ذیل سوالات کے جوابات لکھئے۔

1 کنبہ سماج کی اکائی ہے۔کس طرح؟

2. کنبے کے اقسام کے نام لکھئے

3. مشترکہ خاندان کسے کہتے ہیں؟

4. مرکزی خاندان کسے کہتے ہیں؟

5. ایک شخص کی سماجی ترقی کے اہم مرحلوں میں کنبے کا رول کیا ہوتا ہے؟ بیان کیجئے۔

6. کنبے کے خصوصیات بیان کیجئے۔

7. مشترکہ خاندان کے اہم خصوصیات بیان کیجئے۔

8. چھوٹا کنبہ دن بدن بڑھنے کے اہم وجوہات کیا ہیں؟

## III. سرگرمیاں:

1. مشترکہ خاندان اور چھوٹا خاندان کے اہم خوبیوں اور خامیوں پر تبصرہ منعقد کیجئے۔

2. آدی واسی کنبے کے متعلق معلوم کیجئے۔انکے رہائشی مقامات کی سیر کیجئے۔

## IV. تفویضی کام:

1. ماں کی رہنمائی باپ کی رہنمائی والے کنبوں کے متعلق مزید معلومات حاصل کیجئے۔

2. تمہارے دادا کے زمانے سے آج تک کی شجری خاکہ کو اپنے گھر کے بزرگوں کی مدد سے تیار کیجئے۔

☆☆☆

©KTBS Not to be republished

## باب:2

# سماجیت

اس باب میں درج ذیل نکات معلوم کرلیں گے۔

- سماجیت کا مفہوم
- سماجیت کا افعال
- سماجیت کے اہم تکنیک اور آلات
- جنس اور سماجیت

### سماجیت کا مفہوم:

افراد کے اجتماعی زندگیوں سے ہی سماج کا عروج ہوتا ہے۔انسان ایک سماجی عمل ہے۔انسان اپنی پیدائش پر صرف ایک جانور تھا۔پھر آہستہ آہستہ ایک سماجی جانور کا روپ اختیار کرتا ہے۔بچہ اپنی پیدائش کے فوراً بعد سے ہی سماجی کرداروں کو سیکھنے لگتا ہے۔سماجی کردار کا سیکھنے کے عمل کو یا سماجی شخص کی شکل میں تبدیل ہونے کے عمل کو ہی سماجیت کہا جاتا ہے۔جب بچہ بات کرنے اور سوچنے سمجھنے کی قوت کو اپناتا ہے اسی وقت سے وہ سماج کے دیگر اشخاص سے رابطہ بڑھاتا آتا ہے۔دوسروں کے ساتھ بات چیت کرنے کے لئے کوشش کرتا ہے۔اپنے قریبی لوگوں کی تقلید کرنے کے لئے کئی کھیلوں کو کھیلنا شروع کرتا ہے۔اس طرح سے وہ مرحلہ بہ مرحلہ سماجی ماحول سے متاثر ہوتا ہے۔اس عمل میں شخص اور سماجی اثرات دکھائی دیتے ہیں۔

''سماجیت'' ایک ایسا عمل ہے جس میں سماج کے جاندار آپسی و باہمی انحصار کرتے ہوئے اپنے اپنے افعال اور ذمہ داریوں کو سمجھ کر ترتیب وار زندگی گذارتا ہے۔سماجیت ایک ایسا مسلسل عمل ہے جو پیدائش سے لے کر موت تک مسلسل چلتا رہتا ہے تک مسلسل چلتا رہتا ہے۔

انسان کی پیدائش کے بعد سے درپیش ہونے والے حالات سماجی چال چلن کے اثر سے سماجی ماحول اور سماجی واقعات کے مطابق عمل پاتے ہیں۔اتنا ہی نہیں بلکہ سماجی کردار کو اپنے آپ میں ڈھالتے ہوئے جانداروں انسان کی شکل بھی اختیار کرتا ہے۔اور اس کو سماجیت کہا جاتا ہے۔

### سماجیت کا اہم افعال:

1) انسان کو سماجی انسان بناتا ہے۔

©KTBS Not to be republished

2) مختلف مہارتوں کے ذریع سکھلائی تقلید اور اسکو اپنانے کے موقع دیتی ہے۔

3) سماجی تعلقات کو پروان چڑھاتا ہے اور سماجی انتظام کی حمایت بھی کرتا ہے۔

4) شخصیت کی نشوونما میں مدد کرتا ہے۔

5) روایات کو آگے بڑھانے میں مدد کرتا ہے۔

## سماجیت کے اہم آلات:

سماجیت پر اثر انداز ہونے والے اہم نکات کو دو اقسام میں بانٹا جا سکتا ہے پہلی قسم میں عمر تجربہ اور بزگوار کے تاثرات دوسری قسم میں ہم عمروں سے ہونے والے اثرات پہلے حصہ میں ماں باپ اساتذہ و بزرگ حضرات اور دیگر شامل ہوتے ہیں۔اور اسی کی بنیاد پر سماجیت کے اہم عوامل کے طور پر درج ذیل کو نشاندہی کیا گیا ہے۔

**1) کنبہ:۔** بچہ کی سماجی زندگی میں کنبہ کا بہت ہی اہم رول ادا کرتا ہے۔ماں اور باپ بچوں کو راست خون کے رشتہ دار ہوتے ہیں۔ماں ہی بچہ کا پہلا مدرسہ کہلاتا ہے۔اور یہ ایک حقیقی بات ہے ماں اور باپ کے مشورے اور انکی نصیحتیں اور اخلاقی واقداری حکایات بات چیت کا طریقہ یہ سب بچوں کے جذباتی فروغ میں بے حد نمایاں کردار ادا کرتی ہیں پیار محبت بھروسہ مندی صبر و استقلال رحمدلی امداد جیسے اہم اقدار کو بچہ گھر ہی میں سیکھتا ہے۔کنبہ کے ستائشات اور تعریف اور تحسین بچہ کی زندگی میں فائدہ مند سکھلائی کے گر ہوتے ہیں۔ماں اور باپ کی عمری تقاضے انکے عظیم تجربات اور انکی بزرگیت کے موافق بچے بھی اپنر عمل کرتے ہیں ماں باپ کے آپسی پیار محبت اور آپسی تصادات سے بھی بچے بے حد متاثر ہوتے ہیں۔اس طرح بچوں کے ذہن سماج سے سماجی عمل سے پروان چڑھتا ہے۔اور اسکی بنیاد کنبہ ہی ہوتا ہے۔

**2) ہم عمر کے گروہ:۔** ہم عمر اور ہم اسباق سماجی عمل کے عوامل میں سے اہم ہے۔اپنے ساتھ بڑھنے والے کھیلنے والے دوست احباب اس گروہ میں ہوتے ہیں یہ تعلق امداد اور آپسی مشابہت پر منحصر ہوتی ہیں عام طور پر یہ تمام ایک جیسی عمر والے ہوتے ہیں۔اپنے ماں باپ اور والدین سے نا سیکھنے والے اہم سماجی کردار کے موضوعات کو وہ دوستوں سے سیکھتے ہیں۔یہ سکھلائی ہی سماجی تعلقات اور کرداری نقطہ نظر سے ضروری اور اہم ہوتے ہیں۔

**3) مذہب:۔** سماجیت کے عمل میں مذہب کا اہم رول ہوتا ہے۔انسان کا عقیدہ اور مانا ہوا مذہب سماجی زندگی کا بنیاد ڈالتا ہے۔مذہب اصولوں اور عقائد پر مبنی زندگی گذارنے کی ترجیح دیتا ہے۔ماں باپ بزرگ اور رشتہ دار مذہبی مقدس جگھوں کی زیارت کرتے ہوئے عبادات پوجا پاٹ عیدیں و تہواروں اور جلسہ و جلوس میں شرکت ہو کر

انکو اعلی پیمانے پر مناتے ہوئے بچوں کے ذہن کو مذہبی بناتے ہیں ہر مذہب اپنے اپنے طریقے سے ہی تہواروں کا انعقاد کرتے ہیں۔

**4) مدرسہ:۔** مدرسہ بھی سماجیت کے عمل میں اہم رول ادا کرتا ہے۔ مدرسوں میں تعلیم وتربیت کا اثر بچوں اور طالب علموں کے شخصیت پر راست ہوتا ہے تعلیم وتربیت سے بچے سماجی کردار سماجی چال چلن سماجی معلومات اور سماجی تجربات کی تشکیل کرتے ہیں۔ اور بچوں میں معاشراتی رویہ بھی رونما ہوتا ہے۔ اور سماجی عملی زندگی کو پروان چڑھاتے ہیں۔ بچوں کے سماجی عمل میں اساتذہ کا بھی کردار اہم ہوتا ہے۔ مساوات رواداری سماجی انصاف اور اخلاقی کردار جیسے اساتذہ کیا ہم خصوصیہات بچوں کی زندگی میں متاثر ہوتے ہوئے بچوں میں پیار محبت بھروسہ مندی ہم دردی اتحاد واتفاق رحم دلی ایثار وقربانی صبر واستقلال جیسے اقدار کو فروغ دیتے ہیں۔ ساتھ ساتھ غیر نصابی سرگرمیاں بھی بچوں میں تشکیلی سرگرمیوں اور پروگراموں میں حصہ لینے کے لئے اکساتی ہیں۔



**4) ذرائع ابلاغ:۔** جدید سماج میں ذرائع ابلاغ سماجیت کے عمل کا اہم آلہ ہوتا ہے۔ ریڈیو ٹیلی ویژن سنیما اخبار میگزائن اور ڈرامے وناول اور دیگر کو ذرائع ابلاغ ادب کے طور استعمال کرتا ہے۔ اشتہارات ریڈیو پروگرام کہانی قصے نظمیں داستانیں ڈرامے موسیقی کیا دب روز نامہ ماہ نامے عظیم اشخاص کے بیانات وغیرہ سے ہم گیرانی سے متاثر ہوتے ہیں۔ خبریں کوئز کے سوالات کے پروگرامس تعارفات بحث ومباحثہ سمینار مقالوں کی پیش کش مختلف مقامات کا مشاہدہ تحقیقات یہ سب ذرائع ابلاق ہی کے لئے مفید اور فائدہ مند ہوتے ہیں۔ عظیم اور بہترین شخص نشوونما میں مددگار بھی ہوتے ہیں۔ تعلیمی اہمیت کے پروگرامس موثر اثرات سماجی عمل میں ڈالتے ہیں۔

**6) پڑوس:۔** پڑوس کے معنی آس پاس اطراوا کناف والے ہوتے ہیں۔ یہ سماجی خصوصیات کو رکھنے والا چھوٹا

Not to be republished

سا گروہ ہے۔ یہ ساخت میں چھوٹا ہوتا ہے اور اس کے لوگ باہمی تعلقات رکھے ہوئے ہوتے ہیں اور اپنے آس پاس کے مقیم لوگوں کو آپسی مدد کرتے رہتے ہیں۔ پڑوس کا رول دیہی اور شہری دونوں قسم کے سماجوں میں دیکھنے کو ملتا ہے۔ پڑوس کے لوگ آپس میں اپنے دکھ سکھ کو بانٹتے ہوئے خوشیوں کے موقعوں پر آپس میں بانٹتے ہوئے ایک کنبہ کے افراد کی طرح زندگی کرتے ہیں۔خواہشات دلچسپیاں عید وتہوار شادی بیاہ اور مذہبی تہوارات کے موقعوں پر ایک دوسرے کے ساتھ دیتے ہیں۔ دیہی معاشرہ میں کسی بھی موقع پر پڑوس پر منحصر ہوتے ہوئے زندگی گذارنے کا رواج آج بھی موجود ہے۔اور پڑوس پر منحصر ہو کر زندگی گذارنے والے لوگوں کی تعداد بھی دیہی معاشرے میں زیادہ ہے۔ لیکن شہری معاشرہ میں اس طری پڑوسی پر منحصر زندگی گذارنے کے طریقے کم نظر آتے ہیں۔ عام طور سے شہروں میں پڑوس کو ''ہمارے کہنے کے بجائے انفرادی ریہ سے دیکھنا ہی زیادہ ملتا ہے۔

## جنس اور سماجیت:

ہمیں اس بات کا علم ہوا ہے کہ سماجیت ہر انسان کے لئے کس حد تک ضروری ہے تمام کنبوں میں سماجیت کا عمل ایک جیسا نہیں ہوتا بلکہ والدین کے تعلیمی سطح دلچسپیاں خواہشات انکے لین دین اور آپسی تال میل کو والدین راست اور بالواسطہ طریقے سے سکھلاتے رہتے ہیں۔مثال کے طور پر جب لڑکے کھیل کود کے بعد گھر کو دیر سے آئیں تو انکو ڈانٹنا اور اگر لڑکی گھر کو دیر سے آئے تو اسکو ڈانٹنے میں کافی بہت فرق بھی دکھائی دیتا ہے عام طور سے لڑکے کو آ گیا کیا اب گھر کو اور لڑکی کو اتنی دیر کیوں ہوئی گھر کو اندھیرا ہونے سے پہلے آجانا چاہیئے نا کہیں گے خصوصی طور سے ہندوستان جیسے ملک میں پکوان اور دیگر گھریلو کام وکاج کے لئے لڑکیوں پر منحصر ہوتے ہیں۔اور لڑکوں سے اس کی توقع نہیں کرتے عین اسی مطابق لڑکیوں کو کھیلنے کے لئے گڑیاں جیسے کھلونے اور لڑوں کے لئے گینداور بلاخرید کر دیتے ہیں۔اس طرح کے جنسی تفریق کو ظاہر والے سماجی طور طریقے ہمارے سماج میں ہوتے رہتے ہیں اور ان کے فرائق کو ہی سماجی عمل کہا جاتا ہے۔

جدید دور کے پیچیدہ سماج میں خواتین اور عورتوں کے مقام میں بہت ساری تبدیلیاں نظر آ رہی ہیں۔ یہ زمانے کے اعتبار سے ہر ملک میں الگ الگ ہوتے ہیں۔ ہندوستان کے قومی اور جمہوری نظریے اور جدید معاشیت اور جدید تعلیمی نظریات نے عورت پر استحصالی رویے کو دور کرتے ہوئے نئے نئے ترقیاتی منصوبے پیش کر رہی ہے۔

پچھلے دور میں جن حقوق کو صرف مرد ہی حاصل کر سکتے تھے انکو اب عورتوں کو حاصل کرنے کا حق ملا ہے۔کان کنی لوہے غاروں کو کھودنے کا کام سمندروں کی تہہ سے معدنی وسائل کو باہر نکالنے کا کام طبی پیشے وکلاء کے پیشے یونیورسٹی سطح کے تحقیقاتی کام صنعتوں کے کام فوجی پیشے جنگی ہتھیارات کی تیاری کے کام میں بھی عورتوں کی شرکت

©KTBS Not to be republished

ہو رہی ہے۔۔اسطرح سے مساوات اور مساوی موقعات کے مدنظر سماجی عمل کی ترقی ہوتا ہے۔

آزادی کے بعد سے ہمارے ملک ہندوستان میں ہو رہے مساوات کے نظریات سے لڑکیوں کی تعلیم کے لے سرکار کے جانب سے اٹھائے گئے اقدام معاشی ترقی شہری علاقوں کی ترقی بدلتے ہوئے سماجی کیفیات نے سماج میں جنسی تفریقات میں مساوات لانے میں اہم رول ادا کر رہے ہو۔

## مشقیں

**I. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے بھرتی کیجئے۔**

1. انسان کے سماجی شخص ہونے کا عمل __________ کہلاتا ہے۔
2. ماں ہی بچے کا پہلا __________ ہے۔
3. سماجیت کا اہم آلہ __________ ہے۔
4. ریڈیو سماج عمل کا اہم __________ آلہ ہے۔

**II. درج ذیل سوالات کے جوابات آپسی گفتگو کرتے ہوئے دیجئے۔**

1. سماجیت میں مدرسے کا رول سمجھا لیے
2. کنبے کے افراد کے ساتھ مل کر بچوں سے سیکھے جانے والے اقدار کونسے ہیں؟
3. سماجیت کے عمل کی اہمیت بیان کیجئے۔
4. سماجی عمل کس بات کی نشاندہی کرتا ہے؟ بیان کیجئے۔
5. سماجی عمل میں ذرائع ابلاغ کی طری تعاون کرتے ہیں؟ سمجھایئے۔
6. سماجیت میں پڑوسیوں کے کردار پر بحث کیجئے۔

**III. سرگرمی:۔**

1. سماجیت کے عمل پر اپنی زندگی کے واقعات اس عنوان پر ایک مضمون نویسی کا مقابلہ منعقد کیجئے۔
2. سماجیت کے عمل سے متعلق تحریر اور تصویر کو اکٹھا کر کے ایک البم بنایئے اور مختصراً بیان کیجئے۔

**IV. تفویض کام**

1. کنبہ مدرسہ، ذرائع ابلاغ سماجیت میں کس طرح مددگار ہیں اس پر تصاویر کش یا مصوری کروائیں۔

☆☆☆

©KTBS Not to be republished

# جغرافیہ

Geography

باب:1

# ہماری ریاست کرناٹک

اس باب میں درج ذیل نکات معلوم کرلیں گے۔

- ہماری ریاست کی عظمت اور رسم و رواج (ورثہ) کے بارے میں۔
- کرناٹک کے نام کا پس منظر اور ریاست کی ابتدا کے بارے میں۔
- جغرافیائی مقامات، رقبہ وسعت اور پانی کی سرحدیں اور اس کے پڑوسی ممالک کے بارے میں۔


پچھلی جماعت میں آپ قدرتی جغرافیائی خصوصیات کا مطالعہ کر چکے ہیں۔ اب آپ ہماری ریاست کنڑی ناڈو کرناٹک کے متعلق پڑھیں گے۔ یہ ہندوستانی ریاستوں میں سے ایک ہے جس کی خود اپنی ایک منفرد تہذیب ہے اور یہ ثقافت سے مالا مال ہے۔ یہ مختلف جغرافیائی خصوصات، نباتیاتی اور حیواناتی، مٹی کی مختلف اقسام آبی ذرائع معدنیات اور انسانی وسائل پر مشتمل ہے۔ یہ ادب، فن، اپنی منفرد تہذیب، مذہب روحانی اور مشہور تاریخی زیارت گاہوں کے مراکز کی خوشحال ریاست ہے۔ یہ ایک عالمی ورثہ گاہ کے طور پر اپنی فطری خوبصورتی اور جنگلی جانوروں کی کثرت کے لیے مشہور ہے۔

**نام کا پس منظر:۔** ماہرین کے مابین اس ریاست کے نام پر اتفاق رائے نہیں ہے لفظ کرناٹک نام قدیم زمانے سے ہی استعمال میں تھا۔ اس زمین کو ''کروناڈو'' (کرو+ ناڈو= کالی مٹی کی زمین) کہا جاتا تھا۔ تمل کے قدیم ادب شلپا دی کرم میں لفظ ''کروناٹ'' کرناٹک سے منسوب ہے۔ کروناٹ سے مراد وہ زمین جو بلندی پر واقع ہے۔ نروپتنگا کی گرامر کتاب ''کوئی راج مارگ'' میں بیان کیا گیا ہے کہ کرناٹک کی وسعت کاویری ندی سے لے کر گوداوری ندی تک تھی۔ آزادی کے بعد ہندوستان کئی ریاستوں میں تقسیم ہوا۔ 1947 میں 9 جنوری ضلعوں کو جو تب بھی میسور مہاراجاؤں کی سلطنت کے ماتحت تھے میسور ریاست کی تشکیل کے لیے ضم کر لیے گئے۔ بعد میں زبان کی بنیاد پر دوبارہ جب ریاستوں کی از سر نو تشکیل ہوئی تو کنڑ بولنے علاقوں جیسے ممبئی حیدرآباد، مدارس اور کوڈ گو صوبوں کو ضم کرلیا گیا۔ اس طرح 1 نومبر 1956 میں عظیم میسور ریاست وجود میں آئی۔ یہ اسی واقع کی یادگار کا جشن ہے جو ہر سال نومبر میں ''راجیتسو'' کے طور پر منایا جاتا ہے۔ 1973 میں کنڑ والوں کی خواہش کے تحت ہماری ریاست کو نیا نام دیا گیا ہے۔ ''کرناٹکا'' (اس وقت شری دیوراج ارس وزیر اعلیٰ تھے)۔

©KTBS Not to be republished

## جغرافیائی محل وقوع:

کرناٹک 29 ریاستوں میں سے ایک ریاست ہے۔ یہ سطح مرتفع کے مغربی وسطی علاقے کے جنوب میں واقع ہے۔اس کی وسعت 31-°11 شمالی عریض البلد سے 45-°18 اور جنوبی عرض البلد تک ہے اور 12-°74 مغربی طول البلد سے 40-°78 مشرق طول لبلد تک ہے۔اس کی لمبائی 750 کلومیٹر ہے۔اس کا پھیلا وشمال میں بیدر کے اوراد تعلقہ جو ریاست کی سب سے پہلی نوک سے لیکر جنوب میں ضلع چامراج نگر تک ہے۔اس کی چوڑائی مغرب سے مشرق میں 400 کلومیٹر ہے۔شمالی کینرا ضلع میں کاروار مغربی ساحل سے لے کر کولار ضلع میں ملباگل کے مشرقی کنارے تک ہے۔کرناٹک میں زمین اور ندیاں بھی ہیں۔مغرب میں بحر عرب، شمال میں مہاراشٹر مشرق میں آندھر پردیش، جنوب مشرق میں تمل ناڈو اور جنوب مغرب میں کیرلا شمال مغرب میں گوا کی سرحدیں بنی ہیں۔





©KTBS Not to be republished

کرناٹک کا جو کی شکل سے مشابہت رکھتا ہے۔

وسعت: کرناٹک کا رقبہ 11,97,91 مربع کلومیٹر پر مشتمل ہے۔ رقبہ کے لحاظ سے یہ ہندوستان کی آٹھویں سب سے بڑی ریاست ہے اور 2011 کی مردم شماری میں 6. 11.30.704 آبادی کے ساتھ نویں مقام پر ہے۔ کرناٹک ہندوستان کے کل جغرافیائی رقبہ کے لگ 5.83٪ حصہ پر مشتمل ہے۔

فی الحال ہماری ریاست کے 30 اضلاع ہیں جو کل 176 تعلقہ، 747 گاؤں 347 شہر اور 29,340 دیہات پر مشتمل ہیں۔ بنگلورو شہری ضلع سب سے چھوٹا ہے۔ بنگلورو کرناٹک کا صدر مقام ہے۔ ریاست کو انتظامی سہولیات کے لیے چار ڈویژن میں تقسیم کیا گیا ہے۔ وہ یہ ہیں: بنگلورو، میسورو، بیلگاوی، کلبرگی۔




©KTBS Not to be republished

آپ کو معلوم رہے ۔ مرکزی سرکار کا خصوصی مقام حاصل کردہ حیدرآباد کرناٹک کے اضلاع بیدر، رائچور، کلبرگی، کپّل، یادگیر اور بلاری۔

## مشقیں

**I. مناسب الفاظ سے خانہ پری کیجیے۔**

1. ۔۔۔۔۔۔۔کو ہم کرناٹک راج اتسو مناتے ہیں۔
2. ۔۔۔۔۔۔۔عیسوی میں کرناٹک کا نام دیا گیا۔
3. کرناٹک کے مشرق میں ۔۔۔۔۔۔۔ریاست واقع ہے۔
4. ۔۔۔۔۔۔۔رقبہ کے لحاظ سے سب سے ضلع ہے۔
5. کرناٹک کا کل رقبہ ۔۔۔۔۔۔۔مربع کلومیٹر ہے۔

**II. ذیل کے سوالات کے جوابات لکھیے۔**

1. کرناٹک کے عرض البلد اور طول البلد کی تفصیل لکھیے۔
2. ہماری پڑوسی ریاستوں کے نام لکھیے۔
3. کرناٹک کے چار انتظامی حصوں (درجات) کون کونسے ہیں؟
4. کرناٹک ہندوستان کے ۔۔۔۔۔۔۔علاقے میں واقع ہے۔

**III. سرگرمیاں:**

1. کرناٹک کا نقشہ کھینچ کر اس کے اضلاع کے نام درج کریں اور اس میں عرض البلد اور طول البلد کی بھی نشاندہی کریں۔

**IV. پروجیکٹ:**

1. اپنے ضلع / گاؤں کا نقشہ کھینچیں اور اپنے استاد کی مدد سے اس کے عرض البلد اور طول البلد پڑوسی ضلعوں کی نشاندہی کریں۔

☆☆☆

©KTBS Not to be republished

باب:2
# طبعی حصے

اس باب میں درج ذیل نکات معلوم کرلیں گے۔
- کرناٹک کے طبعی خصوصیات کے متعلق جاننا۔
- کرناٹک کے طبعی حصوں کے متعلق جاننا۔
- کرناٹک کے پہاڑ اور بلند چوٹیوں کی جانکاری حاصل کرنا۔

کرناٹک برصغیر ہندوستان کا ایک حصہ ہے اور اس کی مختلف طبعی خصوصیات ہیں۔اس کا جنوبی حصہ کئی اتار اور چڑھاؤ کی بدولت ناہموار ہے۔ جبکہ شمالی حصہ وسیع میدان ہے۔ اس کے ساحلی اور پہاڑی علاقوں میں کافی فرق پایا جاتا ہے۔زمین مشرق کی جانب ڈھلوان ہے اور مغرب کی جانب اونچی ہے۔کئی کوہستانی علاقوں کی وادیاں اور ان میں تنگ راستے بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔ریاست کا بڑا علاقہ سطح سمندر سے 450 سے لے کر 900 میٹر بلند ہے۔ چند علاقے تو سطح سمندر سے 1800 میٹر سے بھی زیادہ بلند ہیں۔

کرناٹک کو تین قدرتی حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ جو زمین کی بناوٹ اور سطح زمین کی خصوصیات پر منحصر ہیں۔

1. ساحلی میدان 2. کوہستانی علاقے 3. میدان

**ساحلی میدان:۔** زبان کی بنیاد پر ریاستوں کی تشکیل کے نتیجہ میں کرناٹک کے ساحلی پٹی اور ساحلی میدان ہی اس کی سرحد کی مانند ہے۔ یہ قدرتی خطہ بحرعرب اور ملناڈو کے پہاڑی علاقوں کے درمیان پھیلا ہے۔ساحلی پٹی جنوب میں منگلور سے لے کر شمال میں کاروار تک 320 کلومیٹر تک پھیلی ہے۔اس کی چوڑائی 12 کلومیٹر سے 64 کلومیٹر ہے۔ یہ جنوب میں زیادہ وسیع ہے اور شمال میں کئی ڈھلوانوں کی وجہ سے تنگ ہوتی جاتی ہے۔اس کی بلندی سطح سمندر 200 میٹر ہے۔اسے کینرا یا کرناٹک کا ساحل کہا جاتا ہے۔سمندری لہروں کے ٹکراؤ کی وجہ سے اس میں سے کئی ندیاں نکلتی ہیں جو کھارے پانی کی جھیلوں کا سبب بنتی ہیں مگر وہ ندیوں کے منبع زمین کا حصہ نہیں بنا سکتے۔

ساحلوں پر کئی بندرگاہیں ہیں جس میں نیو منگلور کرناٹک کی سب سے بڑی بندرگاہ ہے۔بھٹکل مالپی کاروار کمٹہ ، بیلی کیری اور ہوناور ماہی بندرگاہیں ہیں۔ کئی خوبصورت ساحلی کنارے سیاحوں کی توجہ کا مرکز ہیں چند ساحلی کناروں میں منگلور کے قریب سومیشور بیچ ، پنامبورالال،اوڈی کے قریب مالپے، کاروار، ہوناور کے قریب مرڈیشور،


©KTBS Not to be republished

مراونتی اور گوکرن کے قریب اوم بیچ اہم ہیں۔سمندری ساحل کے قریب بے شمار جزائر ہیں جن میں سینٹ میری جزیرہ (ناریل کا جزیرہ) کاروار کے قریب انجنا جزیرہ دیوگڑھ کنجی گڈ جزیرہ بہت اہم ہیں ساحلی لوگوں کا عام پیشہ ماہی گیری ہے۔زراعت ان کا دوسرا اہم پیشہ ہے۔فصلیں جیسے کاجو، ناریل، سپاری، الائچی اور دھان اگاتے ہیں جنوبی کینرا شمالی کنیرا اور اُڈپی کرناٹک کے ساحلی ضلع ہیں۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

نیو منگلور پورٹ کو کرناٹک کا گیٹ کہا جاتا ہے۔

سینٹ میری جزیرہ کو مقامی طور پر ٹونسپار کہا جاتا ہے۔




## پہاڑی یا کوہستانی علاقے:

ہماری ریاست میں مغربی گھاٹ ملناڈ یا کوہستانی علاقہ سے منسوب کیا جاتا ہے۔ انہیں سہیادری ہلز بھی کہتے ہیں۔ جو ملناڈو سے ساحل تک شمال سے جنوب میں یہ متوازی طور پر پھیلا ہے۔اس میں مغرب کی جانب سیدھے ڈھلان ہیں۔مشرق کی جانب جب ہم رخ کرتے ہیں تو کم ڈھلوان پاتے ہس۔اس لیے انہیں گھاٹ کہا جاتا ہے۔وہ 650 کلومیٹر لمبے ہیں۔50 سے 76 کلومیٹر ان کی چوڑائی ہے۔سطح سمندر سے بلندی تقریباً 900 میٹر سے 1500 میٹر ہے۔یہ پہاڑ بحر عرب سے چلنے والے بارش برسانے والے بادلوں کو رکاوٹ بنتے ہیں اور 200

©KTBS Not to be republished

سینٹی میٹر سے زیادہ بارش برسنے کا سبب بنتے ہیں۔اس خطے میں سب سے بلند چوٹیاں ملّیا نا، کدرے مکھ، کلھٹگیر ی، رودر گیری دے ور منّا بیٹّا ہیں۔ یہ سب چک منگلور ضلع میں واقع ہیں۔ان کے علاوہ بلال راین دُرگا، مرٹی گڈا، پشپ گیری، کوڈ چدری بھی مغربی گھاٹ کی بلند چوٹیاں ہیں۔جن میں ملیان گیری 1913 میٹر کرناٹک سب سے اونچی چوٹی ہے۔ یہ بابا بڈھن گیری پہاڑوں واقع ہے جسے کوہ چندر درونا بھی کہا جاتا ہے۔

کرناٹک کے مشرقی میدانوں کے رخ سے مغربی گھاٹ کے اس پار ساحلی میدانوں کو پہاڑی رخ یا گھاٹ کا علاقہ کہا جاتا ہے۔گھاٹ کے اہم علاقے یہ ہیں۔

1۔ چارمڑی گھاٹ یہ منگلور اور چکمنگلور کو جوڑتی ہے۔
2۔ شرڈی گھاٹ یہ ہاسن سے سکلیشپور اور منگلور کو جوڑتی ہے۔
3۔ آگمبے گھاٹ یہ اڑپی اور شیموگہ کو جوڑتی ہے۔
4۔ ہولکل گھاٹ یہ شیموگہ اور کنداپور کو جوڑتی ہے۔

ملناڈ میں شدید بارش ہوتی ہے۔ لہذا اس میں خوبصورت گھنے سدابہار جنگلات پائے جاتے ہیں۔ یہ کئی ندیوں کے منبع ہیں۔ جب یہ سیدھے ڈھلوانوں سے بہتے ہیں تو آبشار تشکیل پاتے ہیں۔ان میں انچلی، مگڑو، گوکاک، شیون سمدر، آبی آبشار اہم ہیں اور ہندوستان کا سب سے اونچا آبشار جوگ فال (شراوتی ندی پر) ہے۔ندیاں اور راستوں کو تشکیل دیتے ہیں۔ یہاں پر کافی، چائے، ربر کے درخت اور مسالوں کی پیداوار کثرت سے کی جاتی ہے۔ چکمنگلور میں کافی کی بے شمار پیداوار ہوتی ہے۔اس لیے اس کو ''کافی کی سرزمین'' کہا جاتا ہے۔کوڈگو ضلع کو کرناٹک کا کشمیر کہا جاتا ہے۔اس لیے کہ وہاں سرد موسم رہتا ہے۔کوڈگو ضلع میں کافی مقدار میں موسمبی کی پیداوار ہوتی ہے۔اس لیے اسے موسمبی کی زمین کہا جاتا ہے۔ حال ہی میں ملناڈ کو مختلف انواع کا علاقے کے طور پہچانا گیا ہے اور تحفظ کیا گیا ہے ہاسن کوڈگو، شموگہ اور چکمنگلور ملناڈ کے ضلع ہیں۔

| کیا آپ جانتے ہیں:۔ بابا بڈن گیری کو پہلے کوہ چندر درونا کہا جاتا تھا۔ |
|---|


**3۔ میدان:۔** ملناڈ کے مشرق میں تقریباً 450 میٹر سے 760 میٹر کی بلندی پر وسیع میدان واقع ہیں۔ اس میں کرشنا تنگ بھدرا اور کاویری کے آبپاشی کے علاقے ہیں۔اس کا ڈھلوان مشرق کی جانب ہے اور جنوب سے شمال کی جانب ابھرہوا ہے میدانوں کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

1. شمالی میدان 2. جنوبی میدان



©KTBS Not to be republished

**شمالی میدان:** یہ کالی مٹی وسیع میدان ہے اور یہ وسیع سطح مرتفع ہے۔ یہ سطح سمندر سے 365 میٹر سے 610 میٹر اونچائی پر ہے۔ اس میں پہاڑ اور ٹیلے دیکھے جاسکتے ہیں۔ اس میں نرگند کا پہاڑ، پارس گڑھ ٹیلہ اور الکل کا ٹیلہ بے حد اہم ہیں۔ سودتی کے مشرق میں اور بدامی کے علاقے (بیاسالٹ پتھر) بُر بُرا پتھر سے بھرے ہیں۔ گوکاک آبشار جو گھٹاپر بھا ندی کا منبع ہے 62 میٹر کی بلندی سے گرتا ہے ور سیاحوں کی تفریح کا مرکز ہے۔ ان آبشاروں کے ساتھ ساتھ چھایا بھگوتی سوگالہ آبشار بھی شمالی سطح مرتفع میں پائے جاتے ہیں۔ شمالی مرتفع میں بیدر، بیجاپور، گلبرگہ، یادگیر، گدگ، کوپل، رائچور، بلاری، ہاویری، باگل کوٹ اور بیلگاوی اور دھارواڑ ضلع کے چند حصے شامل ہیں۔ جب یہ علاقہ موسم گرما میں شدید گرم ہوتے ہیں تو اسے اونچے درجے کی حرارت کا علاقہ کہا جاتا ہے۔ خشک کاشتکاری کی فصلیں جیسے مکئی، باجرا، مونگ پھلی، کپاس دالیں اور مسور یہاں خاص طور پر اگائی جاتی ہیں۔


مدھوگری کا ایک چٹان والا پہاڑ


مولیا نا پہاڑ

**جنوبی میدان:** ۔ یہ علاقہ شمال میں تنگ بھدرا ندی سے لے کر جنوب میں چامراج نگر ضلع تک پھیلا ہوا ہے۔ یہ سطح مرتفع لال مٹی کی کثرت سے بھرا ہے۔ یہ کئی اتار چڑھاؤ سے ناہموار زمین ہے اور 900 میٹر سے 975 میٹر بلندی پر واقع ہے۔ یہ شمالی سطح مرتفع سے بھی زیادہ اونچا ہے اور مشرق کی جانب ڈھلان ہے۔ بلی گیری، رنگن بیٹے پہاڑ، ملے مہادیشورا پہاڑ نارائن درگا، نندی پہاڑ، شیوگنگا، ساون درگا، اس سطح مرتفع کے اہم پہاڑ ہیں۔ مدھو گیری پہاڑ ایشا کا سب سے بڑا ایک ہی قسم کا پتھر والا پہاڑ ہے۔ چک بلاپور ضلع کا نندی گردھام چن کیشو پہاڑ، کولے درگ ارسکند گیری (ہری ہر دیشور پہاڑ) منڈیا ضلع کا آدی چنچن گیری پہاڑ، چامراج نگر ضلع بلی گیری رنگن بیٹے، ملے مہادیشورا پہاڑ گو پال سوامی پہاڑ، میسور ضلع کا چامنڈی اہم پہاڑیاں ہیں۔ یہ علاقے بھی بارش کے ساتھ سایے والے علاقے ہیں۔ کاویری، پالار اور پینار، اس علاقے میں بہنے والی اہم ندیاں ہیں۔ راگی، دھان، گنا، مونگ پھلی، کھٹے جامن پھل پھول اور ترکاریاں اس علاقے کی اہم پیداوار ہیں۔ ڈاونگیرے، چتر درگ، ٹمکور، کولار، منڈیا، میسور اور چامراج نگر، جنوبی سطح مرتفع کے ضلع ہیں۔

سرگرمی: اپنے ضلع کی قدرتی تنوع کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

© KTBS Not to be republished

## مشقیں

**I. مناسب الفاظ پر کر کے خانہ پری کیجیے۔**

1۔ ماپلی کے قریب۔۔۔۔۔۔۔۔جزیرہ ہے۔

2۔ سہیا دری کو۔۔۔۔۔۔کہا جاتا ہے۔

3۔ آگمبے گھاٹ۔۔۔۔۔۔۔اور۔۔۔۔۔۔۔کو جوڑتی ہے۔

4۔ کرناٹک کا کشمیر۔۔۔۔۔۔کو کہتے ہیں۔

**II. مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات لکھیے۔**

1۔ کرناٹک کے اہم طبعی حصوں کے متعلق لکھیے۔ 2۔ ملناڈ علاقے کے خصوصیات پر مختصر نوٹ لکھیے۔

3۔ کرناٹک کے ساحلی میدانوں پر مختصر نوٹ لکھیے۔ 4۔ جنوبی کرناٹک کے اہم پہاڑیوں کے نام لکھیے۔

5۔ مغربی گھاٹ کی اہم گھاٹیاں کے متعلق لکھیے۔

**III. جوڑیاں بنائیں۔**

| الف | ب |
|---|---|
| 1۔ جوگ آبشار | منگلور |
| 2۔ ادم پیچ | شمالی سطح مرتفع |
| 3۔ نندی پہاڑی قیام گاہ | شراوتی ندی |
| 4۔ ایک قسم کا پتھر | گوکرن |
| 5۔ ایک گرم علاقہ | چک بلاپور |
| | مدھوگیری پہاڑی |

**IV سرگرمی:**

1۔ کرناٹک کے نقشہ پر ساحلی ضلع اور ملناڈ کے ضلعوں کی نشاندہی کر کے نام لکھیے۔

پراجکٹ: 1) کرناٹک کے اہم تفریحی اور پہاڑی علاقہ اور پارکس کے متعلق معلومات حاصل کر کے اُن پر نوٹس لکھئے۔

2) کرناٹک کے اہم آبشاروں کی فہرست بنا کر اُن کے تصاویر اکٹھا کر کے لکھئے۔

☆☆☆



©KTBS Not to be republished

باب:3

# کرناٹک کی آب وہوا مٹی جنگلات اور حیوانات

اس باب میں درج ذیل نکات معلوم کرلیں گے۔

- کرناٹک کی آب وہوا کی خصوصیات کی جانکاری حاصل کرنا
- کرناٹک کی آب وہوا میں موسمی تبدیلیوں کو جاننا
- کرناٹک میں موسمی برسات کی تقسیم اور نتائج کے معلومات
- کرناٹک میں مختلف اقسام کی مٹی اور اس کی تقسیم
- کرناٹک کے قدرتی جنگلات قسمیں حیوانات کے مختلف اقسام کی تفصیلی معلومات حاصل کرنا

## کرناٹک کی آب وہوا:

کرناٹک میں گرم متعدل مانسونی آب وہوا پائی جاتی ہے۔اس آب وہوا کی اہم خصوصیات یہ ہیں کہ موسم گرما میں درجہ حرارت زیادہ اور مرطوب ہوتا ہے اور موسم سرما سرد اور خشک ہوتا ہے۔ پھر بھی آب وہوا میں تغیر پایا جاتا ہے۔اس کے لیے جغرفیائی مقام،سمندر،طبعی خصوصیات جنگلات اور مانسونی ہوا بھی اہم سبب ہے۔اس لیے سالانہ درجہ حرارت اور بارش کی تقسیم ریاست بھر میں یکساں نہیں ہوتی۔


موسم: کرناٹک کے موسم کو سالانہ طور پر 4 حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے جیسے ہندوستان کی آب وہوا کو 4 حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

1. موسم گرما — مارچ سے مئی
2. موسم بارش — جون سے ستمبر
3. موسم مانسون — اکتوبر سے نومبر
4. موسم سرما — ڈسمبر سے فروری

**موسم گرما:۔** اس موسم کے دوران درجہ حرارت شدید گرم اور خشک رہتا ہے۔ مارچ کے بعد درجہ حرارت ریاست بھر میں یکساں طور پر بڑھنے لگتا ہے اور اپریل اور مئی کے دوران انتہا کو پہنچتا ہے۔رائچور میں درجہ حرارت

©KTBS Not to be republished

45.6°c کا ریکارڈ درج کیا گیا ہے۔ جو ریاست میں سب سے زیادہ درجہ حرارت کا ریکارڈ ہے۔شمالی سطح مرتفع کے دیگر ضلعوں میں بھی درجہ حرارت زیادہ رہتا ہے۔مجموعی طور پر اس موسم میں کرناٹک بھر میں موسم گرم رہتا ہے۔شمالی سطح مرتفع بمقابل جنوبی سطح مرتفع کے کم مرطوب رہتا ہے۔موسم گرما میں انجما د آبی بخارات کی زیادتی کی وجہ سے بادل نمودار ہوتے ہیں۔جس سے گرجدار بجلیوں آندھیوں کے ساتھ بارش ہوتی ہے۔کہیں کہیں پر گارے بھی پڑتے ہیں ایسا اکثر دوپہر میں تھوڑی دیر کے لیے ہوتا ہے۔ یہ بارش کافی کے پودوں کو اگنے میں مدد کرتی ہے اس لیے شاہ دانہ کھلانے والی بارش (Cherry Blossom Rain) کہا جاتا ہے اور آموں کی فصل کو بڑھانے مدد گار رہوتی ہے۔اس لیے اسے ''آموں کی پھوار'' بھی کہا جاتا ہے۔اس موسم کے دوران 7% فی صدی سالانہ بارش ہوتی ہے۔




موسم بارش:۔ اسے جنوب مغربی مانسونی ہواؤں کا موسم بھی کہتے ہیں۔ بحر عرب سے چلنے والی آبی بخارات سے لدی ہواؤں کو مغربی گھاٹ روک لیتی ہے تو شدید بارش ہوتی ہے جیسے ہی ہم مشرق کی جانب رخ کریں تو بارش کی مقدار کم ہوتی ہے۔نتیجہ کے طور پر مشرقی سطح مرتفع بارش کا سایہ دار علاقہ میں تبدیل ہوتا ہے۔آگمبے شدید بارش کا علاقہ ہے۔اس لیے اسے جنوب کا چراپونجی کہتے ہیں۔بھاگ منڈل، ہلی کا شدید بارس کے اہم مقامات ہیں۔ چتر درگ کے چلی کیری کے قریب نائیکن ہلی میں سب سے کم بارش کا ریکارڈ درج ہے۔ اس موسم کے دوران پوری ریاست بھر میں نمی اور آبی بخارات ہونے کے ساتھ ساتھ درجہ حرارت زیادہ رہتا ہے اور پوری

©KTBS Not to be republished

فضا بادلوں سے بھری رہتی ہے۔ اس موسم کے دوران کرناٹک میں تقریباً 80 % بارش ہوتی ہے یہ ربیع (موسم بہار) فصل کے لیے مفید ہے۔

**موسم پسپائی مانسون:۔**

اسے شمال مشرقی مانسونی ہواؤں کا موسم بھی کہتے ہیں درجہ حرارت کے گھٹنے اور دباؤ کے بڑھنے کی وجہ سے ہوائیں شمال مشرق سے جنوب مغرب کی جانب چلنے لگتی ہیں۔ یہ ہوائیں خشک ہوتی ہیں کیونکہ یہ زمین سے چلتی ہیں جب ان ہواؤں کا گزر خلیج بنگال سے ہوتا ہے تو جنوبی سطح مرتفع کے کچھ ضلعوں میں تھوڑی بارش ہوتی ہے۔ نومبر اور ڈسمبر کے دوران، طوفانی ہواؤں کے اثر کی وجہ سے بارش واقع ہوتی ہے۔ اس دوران کرناٹک میں 12 بارش ہوتی ہے۔ اس موسم میں آب وہوا میں تبدیلی نمایاں ہوتی ہے۔

**موسم سرما:۔** اس موسم کے دوران درجہ حرارت نمی وانجماد والی بارش کم رہتی ہے ہم آسمان کو صاف اور نیلا پاتے ہیں۔ اوسط درجہ حرارت 25°c سے 27°c رہتا ہے۔ جنوری سب سے کم درجہ حرارت کا مہینہ ہوتا ہے۔ اس مہینے کو ریاست کے سیاحوں کا مہینہ کہا جاتا ہے۔ بیلگام میں کم سے کم درجہ حرارت 7°c .6 ریکارڈ درج ہے۔ شمالی ضلعوں میں کم درجہ حرارت پایا جاتا ہے۔ مڈکیری اور بلاری اوسط 10.°c درجہ حرارت پایا تا ہے۔ موسم سرما میں کم از کم بارش ہوتی ہے۔ کل بارش صرف ایک فی صد بارش اس موسم میں ہوئی ہے۔ کبھی کبھار صبح میں بھاری شبنم ودھند چھائی رہتی ہے۔

**کرناٹک کی مٹی:۔** زمین پر پتلی پرت کو مٹی کہا جاتا ہے۔ زراعت کے لیے زرخیز مٹی لازمی ہوتی ہے۔ کرناٹک میں مختلف اقسام کی مٹی پائی جاتی ہے۔ مٹی مختلف قسم کی معدنیات اور ڈھانچوں سے مالا مال ہوتی ہے۔ مٹی کو چار قسموں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ (1) لال مٹی (2) کالی مٹی (3) خشنہ (مسام دار) یا لیٹرائٹ مٹی (4) کناروں کی سیلابی مٹی۔

**لال مٹی:**

اس قسم کی مٹی میں گرینائٹ میگنیز اور لوہے کے آکسائیڈ کا آمیزہ ہے۔ اس لیے اس کا رنگ لال ہے۔ اس مٹی میں چونے اور نمک کی مقدار زیادہ ہے جبکہ نائٹروجن کی مقدار کم ہے اور یہ ہلکی ہوتی ہے۔ پتلی پرت والی یہ مٹی بہت زرخیز نہیں ہوتی۔ اس میں نمی کو برقرار رکھنے کی کم صلاحیت رہتی ہے۔ یہ کرناٹک کے بڑے علاقے میں پائی جاتی ہے۔ اور جنوبی تمباکو اور مونگ پھلی اس مٹی میں اگائی جاتی ہیں۔ آبپاشی والے علاقوں میں دھان، گنا، آلو، ترکاریاں کیلے ناریل اور سپاری وغیرہ آگائے جاتے ہیں۔ لال مٹی ٹمکور بنگلور، رام نگر، چک بلاپور، کولار چامراج نگر، منڈیا اور میسور میں پائی جاتی ہے۔


**کالی مٹی:** اس قسم کی مٹی بسالٹ چٹان کے ریزہ ریزہ ہونے سے بنتی ہے۔ یہ المونیم، میگنیشیم اور لوہے کے



©KTBS Not to be republished

آکسائیڈ سے مالا مال ہوتی ہے۔اس لیے اس کا رنگ کالا ہوتا ہے۔اسے سیاہ روئی والی مٹی بھی کہا جاتا ہے۔اس مٹی میں پانی کی نمی کو کئی دنوں تک برقرار رکھنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔یہ بھرپور غذائیت والی ہونے سے اس مٹی میں کئی قسم کی فصلیں اگائی جاسکتی ہیں۔خشک فصلیں جیسے کپاس، جوار، سورج مکھی، مرچ، دھان اور پیاز اگائے جاسکتے ہیں۔اس قسم کی مٹی شمالی کرناٹک کے ضلع دھارواڑ، گدگ، بلاری، کوپل، گلبرگہ یادگیر باگل کوٹ بیلگاوی اور چترادرگ میں پائی جاتی ہے۔

**لیٹرائیٹ مٹی:۔** اس قسم کی مٹی ان علاقوں میں پائی جاتی ہے جہاں شدید بارش ہوتی ہے اور درجہ حرارت زیادہ رہتا ہے۔ پانی میں گھلنے والا چونا اور سلکیٹس بارش کے پانی میں پگھل کر مٹی کی تہہ میں جم جاتے ہیں۔لوہا اور المونیم جو ناقابل تحلیل ہیں مٹی کی اوپری پرت پر رہ جاتے ہیں۔ یہ موسم بارش میں نرم بنتے ہیں اور موسم گرما میں خشک ہو کر لیٹرائیٹ پتھر کی شکل اختیار کرتے ہیں۔ یہ پتھر تعمیراتی مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ کاجو، کافی، چائے، الائچی، کالی مرچ ، ربر، ناریل اور دیگر فصلیں اس مٹی میں اگائی جاتی ہیں۔ شمال کینرا اڈپی جنوبی کینرا کورگ چک منگلور، شیموگہ اور بیلگام میں یہ مٹی پائی جاتی ہے اور بیدر، کولار، بنگلور شہر اور گلبرگہ کے بھی چند حصوں میں پائی جاتی ہے۔





**ساحلی سیلانی مٹی:۔** سمندر اور ندیوں سے مٹی کے کٹاؤ کی وجہ سے سیلابی مٹی بنتی ہے۔ جیسا کہ



© KTBS
Not to be republished

کرناٹک کے ساحلی ضلعوں جیسے اڑپی شمالی وجنوبی کینرا میں یہ مٹی پائی جاتی ہے۔اس میں ریت اور مٹی ملی ہوتی ہیں۔ یہ نامیاتی غذائیت سے مالامال ہوتی ہے۔دھان کا جو ناریل سپاری کیلیے اور دیگر فصلیں اسی مٹی میں اگائی جاتی ہیں۔

**قدرتی نباتیات:۔** قدرتی طور پر اگنے والے مختلف اقسام کے پودے اور درختوں کو قدرتی نباتات کہتے ہیں۔کرناٹک ضلع بھی مختلف قسم کے پودے اور درخت رکھتا ہے۔ پودوں کی قسمیں ماحولیات کے توازن کو برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔درختوں سے عمارتی لکڑی، جلانے کی لکڑی، صنعتوں کو خام مال، جڑی بوٹیاں شہد، بانس، بید وغیرہ مہیا ہوتے ہیں۔جنگلات جو جانوروں کا مسکن ہوتے ہیں۔کرناٹک کے جنگلات میں ہم شیر، شیر ببر، چیتا، جنگلی بھینس، ہاتھی، ہرن اور مور کو دیکھ سکتے ہیں۔یہ جنگلات تفریح گاہیں اور سیاحوں کے مراکز ہیں۔یہ ماحولیاتی آلودگی کو قابو میں رکھتے ہیں۔صندل ایک خوشبودار درخت کرناٹک کے جنگلوں میں پایا جاتا ہے۔ اس سے عطر سازی، نقش نگاری کے ساز وسامان، صابون اور ادویات وغیرہ تیار کی جاتی ہیں اور پوری دنیا میں مشہور ہیں۔اس لیے وہ نہ صرف پورے ملک بھر کی ضرورت کو پوری کرتے ہیں بلکہ بیرونی ممالک کو بھی برآمد کئے جاتے ہیں۔اس لیے کرناٹک کو صندل کی زمین کہا جاتا ہے۔




## پودوں کے اقسام:

کرناٹک کے پودوں کے اقسام کو بارش کی مقدار زمین کی خصوصیات اور مٹی کے اقسام کے مطابق تقسیم کیا گیا ہے وہ ہیں: سدابہار جنگلات، پت جھڑ کے جنگلات، مخلوط جنگلات اور گھاس کے میدان۔

**1. سدابہار جنگلات:۔** وہ علاقے جہاں سالانہ 250 سینٹی میٹر سے بھی

©KTBS Not to be republished

زیادہ بارش ہوتی ہے۔وہاں سدابہار جنگلات پائے جاتے ہیں۔مثلا مغربی گھاٹ کے ڈھلان،شدید بارش اور زیادہ درجہ حرارت کی وجہ سے پھیلے ہوئے شاخوں والے اونچے درخت اگتے ہیں۔یہ جنگلات شدید گھنے ہونے کے سبب ناقابل گزر ہیں۔سورج کی روشنی کسی بھی صورت میں زمین تک نہیں پہنچ پاتی ہے۔اونچے اونچے عمارتی لکڑی کی مختلف اقسام کے درخت جیسے بیٹے (کالی لکڑی) مہوگنی، ہونی، ساگوان، متی، نندی، بیبلسو ان جنگلات میں اگتے ہیں۔ان درختوں کے سایے میں گھنی جھاڑیاں اگتی ہیں۔مختلف قسم کی جڑی بوٹیاں دارچینی الائچی، لونگ اور ادوایات کے پودے بھی کثرت سے اگتے ہیں۔اس قسم کے جنگلات شمالی وجنوبی کینرا، شیموگہ، ہاسن، چک منگلور، چامراج نگر اور کورگ ضلع میں پائے جاتے ہیں۔

**2. پت جھڑ کے جنگلات:۔** موسم سرما کے بعد فضا میں نمی کی وجہ سے درختوں کے پتے جھڑنے لگتے ہیں۔ موسم بہار میں وہ پھوٹنے لگتے ہیں۔ان جنگلات کو پت جھڑ کے جنگلات کہتے ہیں۔60 سے 120 سینٹی میٹر سالانہ بارش جن علاقوں میں ہوتی ہے۔وہاں اس قسم کے جنگلات پائے جاتے ہیں مثلاً چک منگلور، میسور، چامراج نگر، ہاسن کے مشرقی علاقے، ٹمکور، چک بلاپور کولار کے جنوبی علاقے منڈیار، رام نگر اور بنگلور دیہی ضلع، ساگوان، ہونی، مہوگنی، نیم، آم پھنس، (کٹھیل) مٹوگا، میموسہ، بڑ، صندل اور بانس وغیرہ کثرت سے اگتے ہیں۔یہ درخت کافی گھنے نہیں ہوتے۔

**3. مخلوط جنگلات:۔** سدابہار جنگلات اور پت جھڑ کے جنگلات کے ملنے سے مخلوط جنگلات بنتے ہیں۔ 120 سینٹی میٹر سے 150 سینٹی میٹر سالانہ بارش کے علاقوں میں اس قسم کے جنگلات پائے جاتے ہیں۔مثلاً اڑپی شمالی وجنوبی کینرا کے کچھ حصوں کورگ کے مشرقی حصوں اور چک منگلور، ہاسن اور میسور کے علاقے، ساگوان، ہونی، مہوگنی ،متی نندی دنڈگ ،صندل کٹھل اور بانس کثرت سے اگتے ہیں۔تجارتی لحاظ سے اس کی کافی قدر ہے۔

> **آپ کو معلوم رہے:۔** کرناٹک میں تین اہم شیروں کی حفاظت کے علاقے ہیں۔(1) بنڈی پور (2) ناگر ہولے علاقہ (3) بھدرا علاقہ کرناٹک میں مشہور پرندوں کا علاقہ رنگنا تھّو۔

**4. معتدل گھاس کے میدان:۔** 60 سنٹی میٹر سے بھی کم بارش کے علاقوں میں اس قسم کے پودے اگتے ہیں۔بے حد قلیل بارش اور خشک آب وہوا کی وجہ سے کانٹے دار جھاڑیاں اور سوکھے نباتات کثرت سے اگتے ہیں۔ مثلاً کلی، کاتھلی، کالی جالی، ببیل، پام کے درخت ہنچی اور کنٹی گھاس وغیرہ کبھی کبھی بڑ نیم، پیپل کے درخت مٹوگا کے درخت بھی کہیں کہیں دیکھنے کو ملتے ہیں۔اسی قسم کے جنگلات بیدر کلبرگی یادگیر، رائچور کوپل، وجیاپورا، بلاری، چتر درگ اور دیگر علاقوں میں دیکھے جاتے ہیں۔

ساحلی علاقوں میں خلیج، کھارے پانی کی جھیلیں (لیگون) اورعقبی آب تار نما جڑوں کے پودے ہوتے ہیں اور



©KTBS Not to be republished

کھارے پانی میں اگتے ہیں۔انہیں مینگرو کے جنگلات کہا جاتا ہے۔ایسے جنگلات کی مقدار کم ہے۔

سطح سمندر سے 1400 میٹر سے زیادہ بلند علاقوں کی آب وہوا سرد ہوتی ہے۔مثلاً کدرے مکھ بابا بڈن گیری، بی۔آر ہلز، برہم گیری (کورگ) میں گھاس کے ڈھلان ہیں۔ان علاقوں کی گہری وادیوں میں کئی جھرنے اور آبشار ہیں۔ان علاقوں میں مخصوص شولے جنگلات بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔

| |
|---|
| **کیا آپ کو معلوم ہے۔** بنگلور کے قریب راموہلی میں سب سے بڑا برگد کا درخت ہے۔<br>سیدلگٹہ کے وینکٹاپور کے قریب سب سے بڑا نیم کا درخت ہے۔<br>ساونور کے قریب بہت بڑا املی کا درخت ہے۔ |

**جنگلات کی تقسیم:۔** ریاست کرناٹک میں اندراج کیا گیا جنگلاتی علاقہ 43.4 لاکھ مربع کلومیٹر ہے۔یہ جغرافیائی علاقے کا %22.6 حصہ پر مشتمل ہے۔ملک میں بھرے جنگلاتی وسائل میں کرناٹک ساتویں مقام پر ہے۔شمالی کینرا ضلع زیادہ سے زیادہ جنگلاتی علاقے سے بھرا ہے۔شیموگہ اور چامراج نگر ضلعوں کا دوسرا نمبر ہے۔ سب سے کم جنگلاتی علاقہ بیجاپور ہے۔


## حیوانی وسائل:

کرناٹک اتنے حیوانی وسائل سے بھرا ہے جتنے یہاں درخت اور جنگلات ہیں۔اس کی اہم وجہ کثیر جنگلاتی علاقہ ہے۔حیاتیاتی تنوع کے لیے مشہور دنیا کے اہم مقامات (Hotspots) میں سے مغربی گھاٹ کو بھی درجہ حاصل ہے۔اسے عالمی وراثتی علاقہ قرار دیا گیا ہے۔ملک بھر کے حیوانات میں سے 25 حیوانات اور 10 شیر کرناٹک میں دیکھے جاتے ہیں۔مزید اس کے دیگر قسم کے حیوانات بھی ہیں۔چیتا، ریچھ، خارپشت ہرن، بارہ سنگھا، جنگلی سور، ارنا بھینسا کے ساتھ ساتھ سانپ اور مختلف رنگین پرندے دیکھے جاسکتے ہیں۔

مغربی گھاٹ کا وسطی علاقہ ملناڈ واپنے قدرتی حیاتیاتی تنوع کو برقرار رکھا ہے۔لہذا یہ زیادہ سے زیادہ حیوانی وسائل کا علاقہ ہے۔کرناٹک کے حیوانی وسائل والے علاقوں کو 6 حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔وہ یہ ہیں (1) ساحلی حلاقہ شمالی کینرا اور بیلگام (2) سہیادری پہاڑی علاقہ مثلاً بابابڈھن گیری کا علاقہ، بی آر ہلز، مالے مدسورا، گوپال سوامی ہلز سے جنوبی سطح مرتفع بنا ہے۔(3) رانی بنور شمالی سطح مرتفع کا اہم جنگلی حیوانات کا مسکن ہے۔(4) کرناٹک میں پانچ

©KTBS Not to be republished

نیشنل پارک، چار پرندوں کے قیام گاہ اور تقریباً 17 جنگلی حیوانات کی پناہ گاہیں۔




## مشقیں

**I. مناسب الفاظ سے خانہ پری کیجیے۔**

1۔ موسم گرما کا آغاز ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مہینے میں ہوتا ہے۔

2۔ زیادہ بارش کا موسم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

©KTBS Not to be republished

3۔ شمالی کینرا میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی مٹی دیکھی جاتی ہے۔
4۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔علاقہ سدا بہار جنگلات کا ہے۔
5۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔ضلع میں کثرت سے جنگلات پائے جاتے ہیں۔

**II. ذیل میں دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔**

1۔ کرناٹک کے چار موسم کے نام لکھیے۔
2۔ کرناٹک میں موسم بارش پر مختصر نوٹ لکھیے۔
3۔ کرناٹک میں پائی جانے والی مٹی کے اقسام کون کونسے ہیں؟
4۔ کرناٹک کے قدرتی نباتات کے نام لکھیے۔
5۔ صندل کی زمین کرناٹک کو کیوں کہا جاتا ہے؟
6۔ ہمارے جنگلات میں پائے جانے والے حیوانات کے نام لکھیے؟

**III. جوڑیاں بنائیں۔**

| الف | ب |
| --- | --- |
| 1۔ آدی چن چن گیری | پرندہ کی قیام گاہ |
| 2۔ مندگد | نیشنل پارک |
| 3۔ ناگرہولے | پت جھڑ کے جنگلات |
| 4۔ صندل کا درخت | مور کا مسکن |
| | لال مٹی |

**IV. سرگرمی:**

کرناٹک کے جنگلی جانوروں کی تصویریں جمع کر کے البم تیار کریں۔
پرندوں جنگلی جانوروں کے قیام گاہوں کی فہرست تیار کریں۔
منصوبہ کام: 1) تمہارے ضلع میں نظر آنے والے قدرتی نباتات کے متعلق گروہی بحث کر کے بیان کیجئے۔

☆☆☆



©KTBS Not to be republished

باب:4

# کرناٹک کے آبی وسائل

اس باب میں درج ذیل نکات معلوم کرلیں گے۔

- کرناٹک کی اہم ندیاں
- کرناٹک میں آبپاشی کے مختلف اقسام
- آبی برقی توانائی کی اہمیت
- کرناٹک کے اہم باندھ
- ندیوں کے پانی کی تقسیم کے متعلق تنازعات اور ندیوں کے پانی کے تحفظ کی اہمیت

©KTBS Not to be republished

**کرناٹک کی ندیاں:** ۔ندیاں پانی کا اہم ذرائع ہیں۔کرناٹک میں کئی اہم ندیاں ہیں۔کرناٹک کی ندیوں کو دوگروہوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ایک وہ جومغرب سے مشرق کی جانب بہتی ہیں دوسری جومشرق سے مغرب کی جانب بہتی ہیں۔


کیا آپ جانتے ہیں۔کاویری کے تین آبشار ہیں ۔ چن چن کٹے ،شیوسمدرم اور ہوگین کل اور اس کے تین جزیرے ہیں۔سری رنگ پٹن شیوسمدرم اور سری رنگا

کیا آپ جانتے ہیں۔کوڈل سنگم میں مل پر بھا اور کرشناندی سے ملتی ہے کوڈلی۔تنگا اور بھدرا ندیاں ملنے کی جگہ کرشناراج ساگر کے قریب ہیماوتی ندی کاویری سے ملتی ہے۔

**مشرق کی جانب بہنے والی ندیاں:** ۔کرشنا کاویری پینار اور پالار ندیاں مشرق کی جانب بہتے ہوئے خلیج بنگال سے جاملتی ہیں۔کرشناندی جنوبی ہند کی دوسری اہم ندی ہے۔یہ مہابلیشور سے نکل کر 1392 کلومیٹر مشرق کی جانب مسافت طے کرتے ہوئے خلیج بنگال سے ملتی ہے۔مگر کرناٹک میں اس کے بہنے کی مسافت 480 کلومیٹر ہے۔

بھیما، تنگ بھدرا گھٹ پر بھا اور مل پر بھا اس کے معاون ندیاں ہیں۔ کرشنا ندی کے نظام سے شمالی کرناٹک کی آبپاشی اور آبی برقی توانائی کی پیداوار آسانی ہوگئی ہے۔

کاویری کرناٹک کی سب سے اہم ندی ہے۔ دکشن گنگا کے نام سے مشہور ہے۔ کوڈگو ضلع کے تلکاویری سے نکل کر کرناٹک اور تمل ناڈو میں سے گزرتے ہوئے 804 کلومیٹر کی مسافت طے کر کے خلیج بنگال سے ملتی ہے۔ کرناٹک میں 380 کلومیٹر کا فاصلہ طے کرتی ہے۔ یہ ندی دیگر چھوٹی چھوٹی ندیوں کو بھی جوڑ لیتی ہے مثلاً ہیماوتی، ہارنگی، لوکپاونی، ارکاوتی، شمشا، لکشمن تیرتھ، کبلے، سورن وتی اور کر پی۔ بجلی کی پیداوار گھریلو استعمال کے لیے یہ بے حد فائدہ مند ہے۔ پینار پالار ندیاں کولار ٹمکور اور بنگلور ضلعوں میں سے بہتے ہوئے آندھر پردیش اور تمل ناڈو میں داخل ہوتی ہیں۔ شمالی پینار اور جنوبی پینار نامی دو الگ الگ ندیاں ہیں۔




©KTBS Not to be republished

**مغرب کی جانب بہنے والی ندیاں:۔** یہ ندیاں ملناڈ میں جنم لے کر مغرب کی جانب بہتے ہوئے بحر عرب میں مل جاتی ہیں۔مثلاً شراوتی کالی ندی،گنگاوتی (بیڈتی) نیترا وتی، واراہی، گھناشنی وغیرہ۔ یہ سیدھے ڈھلانوں سے بہتے آبشاروں کی تشکیل دیتے ہیں۔آبی توانائی کی پیداوار کے لیے کارآمد ہیں۔شراوتی ندی پر بنا آبشار دنیا بھر میں مشہور ہے۔ یہ بھارت کا سب سے اونچا آبشار ہے۔ 253 میٹرز دیگر اہم آبشار گوکاک ( گھٹ پربھا) بنڈاجے نیترا وتی اونچلی (اگھناشنی) چھایا بھگوتی (ڈونی ندی) چنچنکٹے شنشا، گگن چکی، بھرچکی ( کاویری) ماگوڈ آبشار بیڑتی وغیرہ۔

**آپ کا معلوم رہے:۔** پینارندی کا دوسرا نام پناکنی ہے تملناڈو میں دکشن پنیارندی کو پنّیا رکھا جاتا ہے۔

**کرناٹک میں آبپاشی:۔** زراعت کے لیے مصنوعی طریقے سے پانی مہیا کرنے کو آبپاشی کہتے ہیں۔ان مقامات میں آبپاشی زراعت کے لیے ضروری ہے جہاں بارش کی مقدار غیر موسمی اور غیر مساوی ہے۔کرناٹک میں مختلف طریقوں سے کاشتکاری کرنا قدیم رواج ہے۔آبپاشی کے اہم ذرائع کنواں ،نہر اور تالاب ۔ پہلے دیہاتوں میں کنویں کھودے جاتے تھے آبپاشی کے لیے پانی کو ندی سے کھیتوں تک پہنچانے کے لیے نہروں کی تعمیر شروع ہوئی۔ بڑے بڑے تالاب آج بھی دیکھے جاتے ہیں۔مثلاً شانتی ساگر (سلی کیسرے) ضلع داونگیرے۔گیارویں صدی میں کھودے گئے گلبرگہ ضلع کے کنویں وجیہ نگر کے شاہی دور کے تنگ بھدرا نہریں،میسور راجہ کی تعمیر کردہ وانی والاس ساگر اور کرشناراج ساگر باندھ وغیرہ کرناٹک کی آبپاشی کی ترقی کے سنگ میل ہیں۔آج ریاست میں ندیوں کا پانی اور زیر زمین پانی دونوں کو آبپاشی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔زیر کاشت زمین کا 26.2 حصہ پر آبپاشی کے سہولیات فراہم ہیں۔ بھارت کے آبپاشی حلقوں کرناٹک کا مقام 9 ہے۔

**کیا آپ جانتے ہیں:۔** کرناٹک کا سب سے بڑا آبی ذخیرہ وانی ولاس ساگر 1907 میں ہیرپور کے قریب تعمیر کیا گیا۔اسے ماری کنوا (ماری وادی) منصوبہ بھی کہا جاتا ہے۔

رائچور ریاست کا سب سے زیادہ نہروں سے آبپاشی والا ضلع ہے۔تالاب سے آبپاشی سب سے زیادہ شیموگہ میں کی جاتی ہے۔کنوؤں سے آبپاشی بیلگام کو پہلا مقام حاصل ہے۔حال میں ٹیوب ویل کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے۔ ضلع کے اعتبار سے آبپاشی کا نمبر دیکھا جائے تو بیلگام اول نمبر پر ہے جب کہ کوڈگو ضلع آخری میں ہے۔

**آپ کو معلوم رہے:۔** کرناٹک کے بڑے اہم تالاب:


تالاب مدگدا (کدور کے قریب)　　تنور تالاب (پانڈواپور کے قریب)

ہائی ری کے تالاب (ہنسور کے قریب)



©KTBS Not to be republished

ریاست کے اہم آبپاشی کے منصوبے یہ ہیں کرشنا راج ساگر باندھ، تنگ بھدرا ہیماوتی، کبنی ہارنگی، وانی ولاس ساگر (ماری کنوے) کرشنا کا بالائی منصوبہ آلمٹی، تارائن پور، مل پربھا، کارنجا بیٹھورے منصوبہ، ہیپر گی بیریج، بھدرا منصوبہ وغیرہ۔





**آبی توانائی:۔** ہندوستان میں آبی توانائی کی پیداوار میں کامیابی حاصل کرنے والی پہلی ریاست کرناٹک ہے۔ کوئلہ اور پیٹرولیم سے محروم ہماری ریاست کو آبی توانائی کی تیاری کے لیے کافی مواقع فراہم ہیں۔ ریاست بھر میں بھرپور توانائی کے لیے درکار ندیاں اور وادیاں کرناٹک میں ہیں۔ مشرق کی جانب بہنے والی ندیوں سے زیادہ مغرب کی جانب والی ندیوں میں توانائی کے پیداوار کی صلاحیت زیادہ ہے۔

کولار کے سونے کی کان کو مہیا کرنے کے لیے 1902 میں شیون سمدر کے قریب ہائیڈرو الیکٹرک پاور اسٹیشن قائم کیا گیا۔ یہ کاویری ندی پر تعمیر کردہ منصوبہ اس کے قریب ہی 1940 میں ریاست کا دوسرا آبی توانائی کا منصوبہ شمشا ندی پر تعمیر کیا گیا۔ بجلی کی بڑھی ہوئی مانگ کو پورا کرنے کے شراوتی ندی پر جوگ آبشار کے قریب مہاتما گاندھی آبی توانائی کا منصوبہ 1947 میں قائم کیا گیا۔ بعد میں کئی آبی توانائی پروجیکٹ پنچ سالہ منصوبوں کے تحت جاری کئے گئے۔ ان تمام ترقیات کے نتیجہ کے طور پر کرناٹک ریاست آبی توانائی کی پیداوار میں اول نمبر پر ہے۔

**کرناٹک کے اہم آبی توانائی کے پروجیکٹ:۔** شوسمدرم، شمشا (کاویری ندی) شراوتی لنگن مکی، گیروسوپ اور مہاتما گاندھی آبی توانائی مرکز سوپ ناگھری کدرا کوڈسلی (کالی ندی) وارھی اور ماریکنویں (واراھی ندی) بھدرا، تنگ بھدرا گھٹ پر بھا اور آلمٹی (کرشنا ندی) منصوبے۔

**ندیوں کے آبی تنازعات:۔** ہندوستان میں کئی ندیاں بین ریاستوں سے گزرتی ہیں تو ان کے پانی کے استعمال کو لیکر کئی تنازعات پیدا ہو گئے ہیں۔ اس میں کاویری اور کرشنا ندی کے پانی تنازعہ بھی شامل ہے۔ کاویری ندی کے پانی کا علاقہ کرناٹک، تمل ناڈو پانڈیچیری پھیلا ہوا ہے۔ کرناٹک اور تمل ناڈو کے مابین پانی کی تقسیم کا تنازعہ صد سالہ پرانا ہے۔ آج بھی یہ حسّاس مسئلہ بنا ہے۔ کرشنا ندی بھی بین ریاستوں مہاراشٹر، کرناٹک اور آندھرا میں بہنے والی ندی ہے۔ اس سے بھی کرناٹک کے ندی کے پانی کا تنازعہ اٹھ کھڑا ہوا ہے۔

©KTBS Not to be republished




## مشقیں

**I. مناسب الفاظ سے خانہ پری کیجیے۔**

1۔ کاویری ندی کا منبع کوڈگو ضلع کے ۔۔۔۔۔۔ میں ہے۔

2۔ مشہور جوگ آبشار ۔۔۔۔۔۔ ندی پر ہے۔

3۔ کرشناراج ساگر باندھ ۔۔۔۔۔ ضلع میں ہے۔

4۔ کرناٹک کا پہلا آبی توانائی پروجیکٹ ۔۔۔۔۔۔ ہے۔

©KTBS
Not to be republished

5۔ المٹی باندھ ۔۔۔۔۔۔۔۔ندی پر تعمیر کیا گیا ہے۔

**II. مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھیے۔**

1۔ کرناٹک کی اہم ندیوں کے نام لکھیے۔

2۔ کرشنا ندی پر مختصر نوٹ لکھیے۔

3۔ کاویری ندی کی معاون ندیوں کی فہرست بنائیے۔

4۔ کرناٹک میں آبپاشی کی قسموں کے نام لکھیے۔

5۔ ہماری ریاست کے اہم آبی توانائی اسٹیشن کے متعلق بیان کیجیے۔

6۔ کس طرح ندیاں ریاستوں میں ہم آہنگی کو فروغ دیتی ہیں؟

**III. جوڑیاں بنائیں۔**

| الف | ب |
|---|---|
| 1۔ لنگن مکی باندھ | آبی توانائی منصوبہ |
| 2۔ گنگن چکی بھر چکی آبشار | ندی |
| 3۔ وانی ولاس ساگر | کالی ندی |
| 4۔ ناگ جھری | کاویری ندی |
| 5۔ پینار | شیراوتی |
| | ماری کنویں |

**IV. سرگرمیاں:**

1۔ کرناٹک کی ندیوں اوران کے معاون ندیوں کی فہرست تیار کریں۔

2۔ کرناٹک کے اہم آبی توانائی کے مراکز کی فہرست تیار کریں۔

**V. پروجیکٹ:**

1۔ کرناٹک نقشہ میں باندھوں کی نشاندہی کر کے ان کے نام لکھیں۔

2۔ اپنے گاؤں کے قریب پائے جانے والے تالاب، نہریں، نالے، ندیاں اور آبی ذخائر کو جا کر ان کی خوبصورتی و دلکش کا نظارہ کریں۔

☆☆☆

©KTBS Not to be republished

باب:5

# کرناٹک کے زمینی وسائل

اس باب میں درج ذیل نکات معلوم کرلیں گے۔
- کرناٹک کی زمین کے استعمال کے مختلف طریقے
- زراعت کی اہمیت اور طریقے اور پیداوار
- کرناٹک کی اہم فصلوں کی تقسیم

کرناٹک ریاست جغرافیائی لحاظ سے مالامال ہے۔ یہ مختلف طبعی خصوصیات مٹی، جنگلات، معدنیات، پانی اور زیرزمین پانی سے بھری ہے۔ ایسے قدرتی ذرائعوں کے ہونے سے زمین اہم ہے۔ اس کا نفع استعمال ریاستی کی ترقی کا ضامن ہے۔

**زمین کا استفادہ:۔** مختلف مقاصد کے لیے زمین کا استعمال زمین کا استفادہ کہلاتا ہے۔ اس میں زیر کاشت زمین جنگلاتی زمین، افتادہ زمین، رہائش کے قابل زمین راستوں کی تعمیری کے لیے، ریلوے، باندھ، نہریں، بنجر زمین چراگاہی کے لیے چھوڑی گئی زمین وغیرہ شامل ہے۔ زمین کا صحیح استعمال معاشی ترقی کی بنیاد ہوتی ہے۔


کرناٹک ریاست کل 19.05 لاکھ ہیکٹر جغرافیائی علاقے پر مشتمل ہے۔ جو مندرجہ ذیل اہم مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

## کرناٹک کے زمینی استفادہ کی قسمیں:

### 1۔ کل قابل کاشت زمین:

ریاست بھر میں قابل کاشت زمین یکساں نہیں ہے۔ ریاست میں سب سے زیادہ قابل کاشت زمین کا ضلع گلبرگہ ہے۔ اس کے بعد بیلگام، بیجاپور، ٹمکور، رائچور، باگل کوٹ، بلاری، چترِ درگ اور میسور ضلعوں کا مقام ہے۔ شہری وسعت کی بدولت سب کم قابل کاشت زمین کا ضلع بنگلور ہے۔

©KTBS Not to be republished




**2: جنگلاتی علاقہ:۔** شمالی کینرا سب سے زیادہ جنگلات والا علاقہ ہے۔شیموگہ، چامراج نگر، چک منگلور، کوڈگو بیلگام، جنوبی کینرا، اڑپی ، بلاری ضلعوں میں زیادہ طور پر دکھائی دیتے ہیں۔سب سے کم جنگلات والا علاقہ بیجاپور ہے۔بنگلور، بنگلور دیہی، رائچور، بیدر اور گدک میں کم جنگلات پائے جاتے ہیں۔

**3: زراعت کے لیے غیر دستیاب زمین:۔** یہ وہ زمین ہے جو زراعت کے بجائے دیگر مقاصد کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔اس میں ریلوے کے راستے، بری راستے، رہائش، صنعت، آبپاشی کے منصوبے اہم ہیں۔حالیہ دور میں ترقی کے لیے اس طرح زمینی استعمال میں اضافہ ہوا ہے۔بنگلور شہر ضلع پہلے مقام پر ہے۔شیموگہ، ٹمکور بیلگام، بلاری، میسور، جنوبی کینرا ضلعوں میں زیادہ مگر بیدر ضلع میں سب سے کم اور دیگر ضلعوں میں معتدل پیمانے پر ہے۔

**4: زراعت کے لیے غیر استعمال شدہ زمین:۔** یہ زمین مستقل چراگاہوں، درختوں اور پیڑوں کے جھنڈ پر مشتمل ہے۔یہ شیموگہ، ٹمکور، کولار، چک منگلور اور چتر درگ ضلعوں میں کثیر تعداد میں پائے جاتے ہیں۔ایسی زمین گدک، باگل کوٹ اور دھارواڑ ضلع میں زرخیز بنا کر زراعت کے لیے ڈھالی جاسکتی ہے۔

**5: افتادہ زمین:۔** دو یا تین سالوں سے زیادہ کاشتکاری نہ کی گئی زمین کو افتادہ زمین کہتے ہیں۔حالیہ دنوں میں افتادہ طور پر چھوڑی گئی زمین کم ہے۔ریاست کے چند ضلعوں میں افتادہ زمین دیکھی جاسکتی ہے۔گلبرگہ سب سے زیادہ افتادہ زمین کا ضلع ہے۔رائچور بیلگام بیجاپور، کوپل اور ٹمکور افتادہ زمین کے دیگر ضلع ہیں کم افتادہ زمین کے ضلع چک منگلور، کوڈگو، میسور، شمالی کینرا اور اڑپی ہیں۔ایسی زمین کو زرخیز بنا کر اور استعمال کر کے زرعی زمین کی طرح بنایا جاسکتا ہے۔

©KTBS Not to be republished

## زراعت:

زمین کی جتائی (ہل چلانے) کے کام کو زراعت کہا جاتا ہے۔ انسان زمین میں مختلف اقسام کے بیج بوکر اپنے گزارے کے لیے درکار غذائی اجناس اور خام مال پیدا کرتا ہے۔ اس کے علاوہ مویشی پالنا، مرغی پالنا، شہد پالنا، ماہی پروری، بھی زراعت سے جڑے ہیں۔ کرناٹک 61.47% فی صد دیہاتوں میں بسے لوگ زراعت پر انحصار کرتے ہیں۔

**اہمیت:۔** زراعت کرناٹک کے قدیم اور ابتدائی پیشوں میں سے ایک ہے۔ یہ ذرائع معاش کا اہم ذرائع ہے۔ یہ ہماری ریاستی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی مانند ہے۔ معاشی ترقی زراعت پر منحصر ہوتی ہے۔ گزارے کے لیے روزگار فراہم کرتی ہے اور ساتھ ہی لوگوں کو غذا اور صنعتوں کو خام مال فراہم کرتی ہے۔ یہ ریاستی مالیت کا اہم ذریعہ ہے اور زرمبادلہ کماتی ہے۔ کافی، ریشم، مسالے، تمباکو، کپاس وغیرہ برآمد کئے جانے والے اشیا ہیں۔ ثلاثی پیشوں جیسے نقل وحمل، بینکنگ اور بیمہ کی ترقی کے لیے بھی یہ مددگار ہوتی ہے۔ یہ ریاست کے سیاسی اور سماجی نظام میں ایک اہم کردار ادا کرتی ہے۔

**زراعت کی اقسام:۔** کرناٹک میں گھنی زراعت کا رواج ہے۔ مقبوضہ اراضی کا رقبہ، زرخیزی، پانی کی دستیابی اور بارش کی مقدار آب وہوا، طبعی خصوصیات، بازاری سہولیات کے مطابق مختلف اقسام کی فصلیں اگائی جاتی ہیں۔ ان عوامل کے مطابق زراعت کے اقسام کی درجہ بندی کی گئی ہے۔

**گزریہ فصلیں:۔** آبپاشی والی فصلیں، خشک فصلیں نہروں تالابوں اور کنوؤں سے پانی لے کر فصلیں اگانے کو آبپاشی والی فصلیں کہتے ہیں۔ دھان اور گنا آبپاشی کی اہم فصلیں ہیں۔ بارش پر انحصار کرنے والی فصلوں کی کاشتکاری کو خشک فصلیں کہتے ہیں۔ یہاں کم بارش کے موسم میں بھی، زمین کا اپنی نمی کو برقرار بہت اہم ہوتا ہے۔ مثلاً راگی، جوار، تیل کے بیج وغیرہ۔

تجارت کی غرض زرخیز زمین پر چند سالانہ فصلیں اگائی جاتی ہیں۔ جن کو باغاتی فصلیں کہا جاتا ہے۔ مثلاً کافی، چائے، ربر، کوکو وغیرہ۔ گھریلو استعمال کے علاوہ، غیر ملکی بازاروں کا خیال رکھتے ہوئے اگائی جانے والی فصلوں کو تجارتی فصلیں کہا جاتا ہے۔ مثلاً تمباکو، کپاس، پٹ سن وغیرہ۔

کسانوں کے گزر بسر کے لیے اگائے جانے والی فصلوں کو گزر بسر زراعت کہا جاتا ہے۔ یہ قدیم طرز کی زراعت ہے۔

حالیہ دور میں مخلوط زراعت کو شہرت حاصل ہے۔ اس میں فصلوں کو اگانے کے ساتھ ساتھ ڈیری فارمنگ، مویشی پالن، شہد مکھی پالنا ماہی پروری وغیرہ اس میں شامل ہیں۔

©KTBS Not to be republished

**کرناٹک کی اہم فصلیں:۔** مختلف اقسام کی زراعت کی طرح فصلیں بھی مختلف اقسام کی ہوتی ہیں۔مختلف اقسام کی مٹی،آب وہوا،جغرافیائی صورت حال،آبپاشی کے سہولیات،کسانوں کے ریت رواج زرعی بازارکاری اس کے اہم اسباب ہیں۔

کرناٹک کی فصلوں کو مندرجہ ذیل اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے۔غذائی فصلیں دھان، راگی، مکئی، دال، جوار تجارتی فصلیں، گنا، کپاس تمباکو،شہتوت، تیل، بیج،مونگ پھلی،تل،السی،سورج مکھی وغیرہ۔ باغاتی فصلیں کافی، ناریل،پھنس، ربراور کیلے۔ان کے علاوہ باغبانی اور پھولبانی (Floriculture) بھی رائج ہے۔اب آگے کرناٹک کو اہم فصلوں کے متعلق جانیں گے۔

**غذائی فصلیں:**


**دھان:۔** یہ کرناٹک کی غذائی فصل ہے۔ چاول کرناٹک کے لوگوں کی مرغوب غذا ہے۔ قابل کاشت زمین 28.2% حصہ پر دھان اگائی جاتی ہے۔ دھان کی پیداوار میں اضافہ کے لیے آبپاشی سہولیات کیمیاوی کھاد، پیداوار بڑھانے والے ہائی بریڈ بیج کا استعمال کیا گیا ہے۔

دھان گرم معتدل فصل ہے۔ دھان کی پیداوار کے لیے شدید بارش اور زیادہ درجہ حرارت درکار ہے۔کم بارش کے علاقوں میں آبپاشی ضروری ہے۔صاف اور ہموار زمین کا ہونا دھان کی پیداوار کے لیے ضروری ہے۔مثلاً میدانی زمین، چکنی مٹی سے ملی ہوئی زرزخیز مٹی، کیمیائی کھاد، درختوں کے پتے، کثیر تعداد میں مزدور دھان کی پیداوار کے لیے ضروری ہوتے ہیں۔70% دھان کی بوائی جون اور اگست میں کی جاتی ہے۔اور کٹائی نومبر اور ڈسمبر میں ہوتی ہے۔ اسے ربیع کی فصل کہا جاتا ہے۔ موسم گرما میں بھی آبپاشی سہولیات کے علاقوں میں دھان اگایا جاتا ہے۔(فروری۔ جون)اسے خریف کی فصل کہا جاتا ہے۔ ملناڈ میں دھان اچھال کر اگایا جاتا ہے اور میدانی علاقوں میں بویا جاتا ہے۔


| کرناٹک کی جغرافیائی علامتیں | | | |
|---|---|---|---|
| نجن گڈھ | میٹھے کیلے | | |
| بیاڈگی | مرچ | ٹپٹور | ناریل |
| میسور | پان | بنگلور | نیلے انگور |
| دیون ہلی | چکوت | رارنگیرے | بیگن |
| نپاّنی | تمباکو | | |

کیا آپ کو معلوم ہے! دھان ''پوئیسی'' گھاس کا پودا ہے۔اس کا سائنسی نام اریئسہ راسٹیوا ہے۔

**دھان کی پیداوار کے علاقے:۔** دھان کرناٹک کے تمام ضلعوں میں اگایا جارہا ہے۔ کرشنا تنگ بھدراوادی، کاویری وادی اور ساحلی ضلع دھان کی پیداوار کے لیے مشہور ہیں۔ دھان کی پیداوار میں رائچور کو پہلا مقام حاصل ہے۔اس کے بعد داونگیرے، میسور، شیموگہ، منڈیا، کوپل، شمالی کینرا اڑپی جنوبی کینرا اور کلبرگی ضلع اہم ہیں۔ ریاست کے اہم دھان پیدا کرنے والے دیگر علاقے میں ٹمکور، ہاسن، چک منگلور، کوڈگو اور بیلگاوی ضلع آبپاشی میں اگائی جانے والی دھان کی فصل عمدہ معیاری اور زیادہ پیداوار والی ہوتی ہے۔




©KTBS Not to be republished




**2۔ جوار:۔** چاول کے بعد جوار کرناٹک کی دوسری بڑی فصل ہے۔ اس سے پہلے چاول کے علاقہ سے بڑا جوار کا علاقہ تھا۔ حال میں جوار اگانے والا علاقہ محدود ہوگیا ہے۔ زرعی زمین کا کل 26 فی صد حصہ جوار اگائی جاتی ہے۔ ہندوستا ن میں جوار کی پیداوار میں کرناٹک دوسرے مقام پر ہے۔ مہاراشٹر پہلے مقام پر ہے۔


جوار شمالی کرناٹک میں لوگوں کی اہم غذا ہے۔ اس سے عام طور پر روٹیاں بنائی جاتی ہیں۔ جوار کے تنوں کو مویشیوں کے چارے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ جنوبی کرناٹک میں جوار صرف مویشیوں کے چارے کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

یہ فصل بھی گھاس کے حلقہ میں شمار ہوتی ہے۔ اس کا نباتاتی نام » سورگم اولگیر « ہے۔ یہ گرم خطہ کی فصل ہے۔ پیداوار کے لیے معتدل بارش، خشک ہوا، کالی لال اور سیلابی مٹی ہو تو بہتر ہے۔ جوار کی بوائی کے دوران بارش کا ہونا ضروری ہے۔

**جوار اگانے والے علاقے:۔** جنوبی کرناٹک کے چند ضلعوں میں جوار کی کاشت ہوتی ہے۔

Not to be republished ©KTBS

وجیاپور، کلبرگی باگل کوٹ بیدر، بلاری، داونگیرے، کوپل اور گدگ ضلعون میں جوار کثرت سے اگائی جاتی ہے۔ کلبرگی کا جوار کی پیداوار میں پہلا مقام ہے۔ چتردرگ، شیموگہ، چامراج نگر، ہاسن، ٹمکور اور منڈیا میں چھوٹے پیمانے پر جوار کی پیداوار کی جاتی ہے۔




**راگی:۔** یہ بھرپور غذائیت رکھنے والی غذائی فصل ہے۔ اس کا نباتیاتی نام یلنین کوراکان ہے۔ راگی مدہ، گنجی، روٹی بھونا آٹا، مالٹ، دوسا وغیرہ کے پکوان تیار کئے جاتے ہیں۔ کرناٹک میں دھان اور جوار کے بعد راگی تیسری اہم فصل ہے۔ یہ سستی فصل ہے۔ راگی کا چارہ مویشوں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اور اسے لمبے عرصہ تک ذخیرہ کیا جاسکتا ہے۔

یہ گرم خطے کی فصل ہے۔ زیادہ درجہ حرارت معتدل بارش، لال اور سیلابی مٹی پیداوار کے لیے موزوں ہے۔ یہ قحط اور خشک سالی میں بھی اگائی جاسکتی ہے۔ کہیں کہیں آبپاشی کی سہولیات والے علاقوں میں راگی کی پیداوار ہوتی ہے۔ راگی کی بوائی گھاس اور کچرا صاف کرنے کٹائی کرنے اور راگی کی ذخیرہ اندوزی کے لیے کئی مزدوروں کی ضرورت پیش آتی ہے۔ یہ جنوب مغربی مانسون پر انحصار کرنے والی اہم فصل ہے۔ آبپاشی کی مدد سے یہ موسم گرما میں اس کی پیداوار کی جاتی ہے۔

©KTBS Not to be republished

**راگی کی پیداوار کے علاقے:۔** راگی کی پیداوار کے لیے ہندوستان میں کرناٹک پہلے مقام پر ہے۔ حالیہ دنوں میں راگی کا استعمال کم ہو رہا ہے۔ اس لیے راگی کا علاقہ بھی محدود ہوتا جا رہا ہے۔ زرعی زمین کل 14 فی صد حصہ پر راگی اگائی جاتی ہے۔ جنوبی میدانی ضلع راگی کا مرکز بن گئے ہیں۔ یہ قدیم میسور صوبے کی رسمی فصل ہے۔ شمالی کرناٹک میں جوار کو اہم مقام حاصل ہے تو جنوبی کرناٹک میں راگی کو، ٹمکور کرناٹک میں سب سے زیادہ راگی اگانے والا ضلع ہے۔ اس کے بعد رام نگر، بنگلور دیہی، ہاسن، منڈیا کولار، چک بلاپور، شیموگہ، چک منگلور، چامراج نگر اور داونگیرے ضلع راگی کے لیے مشہور ہیں۔

## تجارتی فصلیں:

**گنا:۔** یہ کرناٹک کی اہم تجارتی اور صنعتی فصل ہے۔ یہ تقریباً تین میٹر لمبا اونچا ہوتا ہے۔ گنے کی پیداوار میں کرناٹک ہندوستان میں چوتھے نمبر پر ہے۔ یہ گرم علاقے کی پیداوار ہے۔ یہ گرم علاقوں شدید بارش کے علاقوں اور آبپاشی کے علاقوں میں اگایا جاتا ہے۔ گنے کے لیے ریت سے ملی لال مٹی موزوں ہے۔ گنے کی کٹائی کے فوراً بعد کارخانے کو پہنچانے کے لیے بہتر نقل وحمل کی سہولیات ہونی چاہیے۔

یہ فصل بھی گھاس کی ذات میں شمار ہوتی ہے۔ اسکا نباتاتی نام «سکھیارام آفسی نیرم«اس میں مٹھاس ہوتی ہے۔ شکر اور گڑ بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ یہ ایک سال سے زیادہ والی فصل ہونے کے سبب آبپاشی کا ضروری ہے۔

**گنے کی پیداوار کے علاقے:۔** بیلگام کرناٹک میں سب سے سے زیادہ گنا اگانے والا ضلع ہے۔ آلمٹی منصوبے سے آبپاشی کے سہولیات پانے والا باگل کوٹ ضلع کو دوسرا مقام حاصل ہے۔ منڈیا میسور بیجاپور، بیدر بیلاری، شیموگہ داونگیرے، ہاسن، کوپل، ہاویری گنا اگانے والے دیگر اضلاع ہیں۔ آزادی ہند کے پہلے سے ہی منڈیا گنے کی پیداوار کے لیے مشہور ہیں۔

**کپاس:۔** یہ ایک ریشے والی فصل ہے۔ کپڑے کی صنعت کے لیے خام مال کے طور پر اگائی جاتی ہے۔ اس کے بیجوں سے غذائی تیل نکالا جاتا ہے اور اس کے باقیات (ہنڈی) سے مویشیوں کو غذا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ گرم علاقوں اور معتدل علاقوں کی فصل ہے۔

| سرگرمی:۔ آپ کے ضلع میں پیدا ہونے والی غذائی فصلوں اور تجارتی فصلوں کی فہرست بنائیے۔ |
| --- |

معتدل بارش زیادہ درجہ حرارت اور کالی مٹی کپاس کے لیے موزوں ہے۔ ہماری ریاست میں کئی دنوں سے کپاس کے استعمال کا رواج ہے۔ لمبے اوسط اور چھوٹے ریشے والی کپاس کی اقسام ہیں۔ مگر کرناٹک میں زیادہ تر اوسط او چھوٹے ریشے والی کپاس اگائی جاتی ہے۔ کرناٹک میں کپاس اگست ستمبر مہینوں میں بوئی جاتی ہے۔ اسے

© KTBS Not to be republished

بارش کے مہینوں میں زیادہ تر بویا جاتا ہے اور آبپاشی کی مدد سے بھی پیداوار کی جاتی ہے۔

**پیداوار کے علاقے:۔** ریاست میں کپاس، اگانے والے ضلع یہ ہیں: ہاویری دھارواڑ گدگ ،میسور، بلاری، رائچور، کلبرگی بیلگاوی داونگیرے، چترا درگ، کوپل اور بیجاپور۔ ہاویری ریاست میں سب سے زیادہ کپاس اگانے والا ضلع ہے۔ دھارواڑ دوسرے مقام پر ہے۔

کپاس کی کاشت میں کیڑے اور بیماری کا تدراک ایک مسئلہ بن گیا ہے۔ ایگریکلچرل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کی جانب سے دستیاب شدہ مخلوط النسل کے بیج اور بیماری میں قابو میں رکھنے سے کپاس کی پیداوار میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔

**تمباکو:۔** یہ نکوشیا گروپ سے تعلق رکھنے والی فصل ہے۔ اس میں نکوٹین نامی نشیلا مادہ پایا جاتا ہے۔ یہ بیڑی سیگریٹ سگار، ناس وغیرہ کی تیار میں استعمال کیا جاتا ہے۔ 1700 میں پرتگالیوں نے ہندوستان میں تمباکو کا تعارف کردیا۔ اس کے بعد کرناٹک میں اگایا جانے لگا۔ اب یہ کرناٹک کی اہم تجارتی فصلوں میں سے ایک ہے۔ یہ معتدل بارش زرخیز رکھنے والے زیادہ درجہ حرارت رکھنے والے علاقوں میں اگایا جاتا ہے۔

کرناٹک میں ورجنیا تمباکو عمدہ درجہ کا ہونے کے سبب زرمبادلہ حاصل ہوتا ہے اور ریاستی خزانے کو داخلی محصولات کے طور بے انتہا آمدنی حاصل ہوتی ہے۔

تمباکو اگانے والے علاقہ: ہندوستان میں کرناٹک تمباکو اگانے والی چوتھی سب سے بڑی ریاست ہے۔ میسور کو تمباکو پیداوار میں پہلا درجہ حاصل ہے۔ ہاسن شیموگہ کوڈگو بیلگام ، بلاری، چترا درگ، رائچور، داونگیرے ٹمکور اور گدگ میں تمباکو اگایا جاتا ہے۔ بیلگام ضلع میں نپانی بیڑی بنانے کے لیے کافی مشہور ہے۔ کرناٹک میں اگایا جانے والا تمباکو دنیا کا سب سے عمدہ تمباکو ہے اور یہ زیادہ تر برآمد کیا جاتا ہے۔

**کافی:۔** کافی کرناٹک کی مشہور باغاتی اور مشروباتی فصل ہے۔ کافی کی پیداوار میں ہندوستان میں کرناٹک کو پہلا مقام حاصل ہے۔ 1670 ے دوران بابا بوڈھن نامی کسی صوفی نے چک منگلور کے پہاڑی سلسلوں میں کافی کے پودے لگوائے۔ اس ان پہاڑوں کا نام بابا بوڈھن گیری پڑا مگر منظم طریقے سے کافی کی کاشت 1826 میں انگریزوں کی حکومت کے دوران ہوئی۔ آج کرناٹک میں وسیع طور پر کافی کے پودے دیکھنے کو ملتے ہیں۔

سرگرمی:۔

کسانوں کو مدرسہ میں مدعو کر کے ان کی جانب سے پیدا ہونے والی فصلیں اور ان کی تجارت سے متعلق بات چیت کیجیے۔



©KTBS Not to be republished

کرناٹک میں دوقسم کی کافی اگتی ہے۔(الف)عربکہ(ب)ربوسٹہ ان دونوں میں عربکہ کافی عمدہ قسم کی ہے۔جس کی بین الاقوامی بازار میں بڑی مانگ ہے۔کافی گرم علاقے کی فصل ہے۔جوشدید بارش کے علاقوں میں پہاڑوں کے ڈھلوانوں پر پیداوار کی جاتی ہے۔اس کے لیے چکنی مٹی درکار ہوتی ہے۔اس کی فصل کو سورج کی دھوپ سے بچا کر گھنے پیڑوں کے سائے اگایا جاتا ہے۔

عام طور پر کافی کے لیے درکار تمام شرائط والے کرناٹک کے ملناڈ علاقے میں اگائی جاتی ہے۔

کافی اگانے والے علاقے 70 فی صد کافی ہندوستان میں اگائی جاتی ہے۔خصوصاً کوڈگو ضلع میں چکمنگلور اور ہاسن بھی کافی کے اہم علاقے ہیں۔شموگہ چامراج نگر اور جنوبی کینرا ابھی چھوٹے پیمانے پر کافی اگائی جاتی ہے۔

| |
|---|
| سرگرمی: نامیاتی زراعت سے متعلق مزید معلومات حاصل کیجیے۔ |

کرناٹک میں عمدہ قسم والی کافی اگائی جاتی ہے۔جو لذت اور تازگی کے لیے مشہور ہے۔لہٰذا مقامی اور بین الاقوامی بازاروں میں اس کی زبردست مانگ ہے۔اس لیے کرناٹک کو کافی کی سرزمین کہتے ہیں۔

## مشقیں

**I. ذیل کی خانہ پری کیجیے۔**

1۔مختلف مقاصد کے لیے زمین کے استعمال کو۔۔۔۔۔۔کہا جاتا ہے۔

2۔ ۔۔۔۔۔۔ضلع میں سب سے زیادہ قابل کاشت زمین ہے۔

3۔ گام ولگر نامی فصل۔۔۔۔۔کا سائنسی نام ہے۔

4۔ کرناٹک میں سب سے زیادہ گنا اگانے والا ضلع۔۔۔۔۔۔

5۔ تمباکو میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نامی مادہ ہوتا ہے۔

**II. مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات لکھئے۔**

1۔ کرناٹک کے زمین کے استعمال کے اقسام کے نام لکھیے۔

2۔ کرناٹک میں زراعت کی اہمیت پر مختصر نوٹ لکھیے۔

3۔ آبپاشی سے کیا مراد ہے؟ آبپاشی کی مدد سے اگنے والی فصلوں کے نام لکھیے۔

4۔ مخلوط زراعت سے کیا مراد ہے؟



©KTBS Not to be republished

5۔ راگی کا استعمال بیان کیجیے۔

**III. ذیل میں دیئے گئے مناسب جوڑیاں بنائیں۔**

| الف | ب |
|---|---|
| 1۔ کافی | تجارتی فصل |
| 2۔ کپاس | مخلوط زراعت |
| 3۔ نیپانی | تمباکو |
| 4۔ مویشی پالنا | ریشے دار فصل |
| 5۔ بکرا پالن | باغانی فصل |

**IV. سرگرمیاں:**

1۔ کرناٹک میں اگنے والے مختلف اقسام کی غذائی اجناس اور دلہنیں جمع کریں۔

2۔ کرناٹک کے نقشہ میں جوار، راگی اور دیگر غذائی اجناس اگانے والے علاقوں کی نشاندہی کیجیے۔

**V. پروجیکٹ**

1۔ اپنے آس پاس کے علاقوں میں اگائی جانے والی فصلوں کا خاکہ بنائیں اور ان کی تصویر اکھٹا کریں۔

☆☆☆

©KTBS Not to be republished

# معاشیات

[Economics]

باب:1

# قدرتی وسائل

سب کی تمناؤں کو پورا کرنے کے لیے اس زمین پر سب کچھ موجود ہے، لیکن پوری خواشہات کے لئے نہیں
مہاتما گادھی

اس باب کو پڑھنے کے بعد آپ نیچے دیئے گئے موضوعات کو سمجھئے۔

- وسائل کی کمی۔
- وسائل کی حفاظت کی ضرورت۔
- معمارے ماحولیاتی قدموں کے نشانات کو کم کرنے راہ اور اس کی تجویزین۔
- آبادی کی افزائش، صحت اور آبادی کے معیار کو ترقی کے نکات

اس سے پہلے آپ سمجھ چکے ہیں کہ ساری خواہشوں کی حد نہیں۔ان کو پورا کرنے کے لئے وسائل کی کمی ہے۔ اس کمی کے باعث مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ وسائل ایک بہت ہی گہرا مطلب رکھنے والا لفظ ہے۔انسان کی تمام معاشی سرگرمیاں انکی پیداوار ان کا لین دین اور ان کے استعمال میں آنے والی تمام چیزوں کی طرف اشارہ کرتی ہیں۔نعمتیں قدرت کی دین ہیں۔ ان کے بغیر زندگی کا تصور ہی ممکن نہیں، سورج کی کرنیں، پانی، ہوا جنگلات، مٹی، زندگی کی نیرنگیاں، معدنیات وغیرہ انسانی زندگی کے لئے بہت ہی اہمیت رکھتے ہیں۔لیکن دنیا کی آبادی سات سو کروڑ سے بھی زیادہ ہوجانے کی وجہ سے اکثر،لوگوں کو اپنی کم از کم ضرورتوں کو بھی کرنے میں مشکلات کا سامنا ہے اس باب میں آپ وسائل کی کمی ماحول کی حفاظت اور ماحول کی جانب بڑھنے والوں کے قدموں کو کم کرنا۔ پڑھیں گے۔

## وسائل کا مطلب اور اس کے اقسام:

ماحولیات کا حصول اسی حالات میں ان کا موجود رہنا ایک بڑی دولت اسکو سمجھنا، اپنی چیزوں کو ماحولیاتی وسائل کہا جاتا ہے۔اسی طرح اناج کی پیداوار کرنے والی مٹی، ہماری بے شمار سرگرمیوں کی بنیاد بہنے والا پانی، کئی ایک خدمات



©KTBS Not to be republished

انجام دینے والے پیڑ پودے، زندگیوں کو سانس سے بھرنے والی ہوا، معیاری کئی ایک پیداواری چیزوں کیلئے ضروری خام مال اور معدنیات وغیرہ کو معم وسائل کہتے ہیں۔ اگر یہ نہ ہوتے تو معیاری زندگی اتنی آرام دہ نہ ہوتی۔

قدرتی وسائل کو ''تجدیدی'' اور ''غیر تجدیدی'' دو اقسام میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ اس کے بارے میں ہم معلومات حاصل کریں گے۔ نئی زندگی پانے والے از سرِ نو اٹھنے والے تجدیدی وسائل یہ ہیں۔ کئی قدرتی وسائل کو ہم جیسے جیسے استعمال کرتے جاتے ہیں ویسے ہی وہ اسی بنیادی روپ کو پا کر مسلسل ہمارے استعمال میں آتے رہتے ہیں۔ ایسے وسائل کو از سرِ نو تجدید پانے والے، یا پھر سے پیدا ہونے والے یا نہ ختم ہونے والے وسائل کہا جاتا ہے۔ پانی، زمین، جنگلات، ہوا سورج کی گرمی وغیرہ ایسے وسائل ہیں جو کہ ختم نہیں پاتے۔

**غیر تجدیدی یا ختم ہونے والے وسائل:۔** کئی قدرتی وسائل ایسے ہیں جنہیں ہم جیسے جیسے استعمال کرتے جاتے ہیں یا ختم ہوتے جاتے ہیں، انہیں پھر سے پیدا نہیں کیا جا سکتا، ایسے وسائل کو ختم ہونے والے کہتے ہیں لوہے کی معدنیات تانبے، پیتل، سونا میگنیز وغیرہ معدنیات کوئلہ پٹرولیم قدرتی گیس یورینیم تھوریم وغیرہ ایندھن ایسے ہیں جو کہ استعمال کے ساتھ ختم ہوتے جاتے ہیں۔ انہیں قدرت پھر سے تیار نہیں کرتی اسی وجہ سے انہیں ''پھر سے نیا نہ بنایا جا سکنے والے وسائل کہا جاتا ہے۔

وسائل کو زندگی بھر کے نامیاتی اور غیر زندگی بھرے یا غیر نامیاتی وسائل میں تقسیم کیا گیا ہے۔ نامیاتی چیزوں سے ملنے والے وسائل کو نامیاتی وسائل کہا جا سکتا ہے۔ درختوں پودوں اور جانور نامیاتی وسائل ہیں پانی، مٹی، معدنیات، وغیرہ غیر نامیاتی وسائل ہیں۔

## وسائل کی کمی:

ہماری ساری بنیادی ضرورتیں جیسے، اناج، مکان، کپڑے، مختلف قدرتی وسائل ہوا، پانی، مٹی، معدنیات، کوئلہ، پٹرولیم، جانور اور پیڑ پودوں سے حاصل کی جاتی ہیں لیکن یہ ساتے وسائل اور کتنے دن ہمارے لئے مل پائیں گے۔ بڑھتی ہوئی آباد، تیزی سے بڑھتی ہو صنعتیں اور نہروں کے پھیلاؤ کی وجہ سے وسائل کی مانگ بے پناہ اضافہ ہوا ہے۔ پھر اگر ہم انسان کی بڑھتی ہوئی حد سے زیادہ خواہشات کو دیکھیں تو ان کے سامنے وسائل بہت ہی کم ہیں۔

ختم ہونے والے وسائل ایک خاص مقدار تک مہیا ہو رہے ہیں۔ اس کے ساتھ بھی ان کا مسلسل استعمال ہونے کی وجہ سے یہ وسائل کم ہوتے جا رہے ہیں۔ جہاں تک نہ ختم ہونے والے وسائل کا سوال ہے انکا استعمال بھی



©KTBS Not to be republished

اس قدرزیادہ ہے کہ وہ اسی تیزی سے تیار ہو نہیں پار رہے ہیں زیادہ ہوتی ہوئی کیمیائی ایک اہم صورت حال رکھتی ہے۔

غذا اور زراعت کے ادارے کی رپورٹ کے مطابق نہروں کے اطراف موجود ساتے جنگلات زراعت اور ہمیشہ پانی اپنے میں سموئے رکھنے والی زمین کا 50 فیصد سے زے ادہ اب تبدیل ہو چکا ہے صرف گذشتہ صدی سے لےکر اب تک تقریباً 3000 لاکھ ہیکٹر جنگلات ختم ہو چکے ہیں (دنیا کے جنگلوں کی حالت 2021 یس ایف او)

**1. حد سے زیادہ بڑھتی ہوئی آبادی:۔** بہت سی زیادہ بڑھتی ہوئی آبادی کے لئے اناج اور مکان دینے کے لئے زیادہ زمین کی ضرورت ہوتی ہے۔اس کے لیئے جنگلات کو ختم کر کے انہیں زرعی زمین میں تبدیل کیا جارہا ہے تو زرعی زمین ختم کر کے مکانات، بیوپاری علاقے اور صنعتیں قائم کی جارہی ہیں۔

**2. بڑھتا ہوا صنعت کاری نظام:۔** صنعتوں کی تعداد بڑھنے کے ساتھ ہی معدنیات کا خام تیل اور پانی کو باہر نکالنے کا عمل زیادہ ہوتا ہے۔اسی وجہ سے کئی ایک معدنی کان، تیل کے کنویں اور پانی کے سوتے ختم ہو گئے ہیں۔

**3. بڑھتے ہوئے شہری کے علاقے:۔** ایک مخصوص زمین کے علاقے میں بسنے والی آبادی کو ہم شہر کہتے ہیں۔ایسے شہروں میں وسائل کا استعمال فطری طور پر زیادہ ہوتا ہے اور کچرا بہت زیادہ پیدا ہوتا ہے۔اس سے وسائل کی کمی ہوتی ہے اور اسکا معیار بھی کم ہوتا جاتا ہے۔کئی سوکلومیٹر دوری سے پینے کا پاک وصفاف پانی لایا جاتا ہے، انسان اور صنعتیں اسے استعمال کرتی ہیں پھر وہ انتہائی گندہ پانی میں تبدیل ہوجاتا ہے۔اس قدگندہ کہ اس کے تصور سے ہی اس بات کو سمجھا جاسکتا ہے۔

**4. ہواؤں میں کثافت:۔** رکازی ایندھن جیسے کوئلہ، ڈیزل اور پٹرول کے جلانے سے نقصان دہ اشیاء جیسے کہ کاربن ڈائی آکسائیڈ ہائیڈروجن سلفائیڈ کا ملنا مشکل ہوجاتا ہے۔

**5. پانی کی آلودگی اور گھٹتی زمین:۔** انسان، ہسپتالوں اور صنعتوں دیگر ذرائع سے پیدا ہونے والی گندگی کو کھلی زمین پر ڈالنے سے وہاں کی زمین بھی استعمال کے کم قابل رہتی ہے اور پانی زراعت اور خاندانوں کی سرگرمیوں سے بھی پانی آلودہ ہوجاتا ہے۔اس کی وجہ سے زمین کی زرخیزی کم ہوتی اور پیداوار بھی۔اس طرح بڑھتی ہوئی آبادی اور اس کی سرگرمیوں سے وسائل میں زیادہ کمی کے علاوہ ان کے معیار کے گراوٹ کی ایک وجہ ہے۔

لیکن اس کمی کو نیچے سمجھائے گئی سرگرمیوں سے اور اس کے ٹھیک استعمال سے اس معیار ک گراوٹ کو روکا جاسکتا ہے۔

©KTBS Not to be republished

1. نئے بنیادی وسائل کے بارے میں ریسرچ کرنا اور کھوج نکالنا:

2. نئے اور بدلتے ہوئے چیزوں کا استعمال (مثلاً کوئلے پر مبنی صنعتوں میں سورج کی کرنوں سے تیار ہونے والا ایندھن، ڈیزل کے بجائے ایتھنال، عمارتی ساز وسامان میں لکڑی کے بجائے پلاسٹک کا استعمال وغیرہ۔ وسائل کے بہتر طریقہ سے استعمال (مثلاً 2 اسٹروک انجن کی بجائے 4 اسٹروک والے انجن میں پٹرول کم خرچ ہوتا ہے۔

4. وسائل کا غیر ضروری استعمال کے روکنے اور آلودگی کم کرنے کے لئے سرکاری قوانین پر عمل کرنا

5. روزمرہ زندگی میں وسائل کی حفاظت اور آلودگی کو دور کرنے کے سلسلے میں عوام میں بیداری لانا

6. وسائل کی تحفظ :۔ وسائل کے حد سے زیادہ کے استعمال سے پیدا ہونے والی کثافت لوگوں کو بہت سنگین مسائل سے دو چار کر رہی ہے۔ ہمیں پینے کا پاک پانی نہ ملنے کا امکان، پاک وصاف ہوا سانس لینے کے لئے نہیں ملی گی کئی ایک وسائل ختم ہو جائیں گے، زندگی کی رنگنیاں بھی بدل جائیں اس طرح ساری دنیا ہی آلودگی سے بھر پور ہو جائے گی، ان تمام باتوں کا خطرہ برقرار رہے۔ ان وسائل کا سامنا کیسے کرنا چاہئیے۔ اس کو صرف وسائل کے تحفظ کے ذریعہ کیا جاسکا ہے۔

7. وسائل کا تحفظ کا مطلب ہے، انکا کم سے کم استعمال کرنا، ان کا صحیح استعمال کرنے کے لئیے لوگوں میں بیداری لانا اس طرح ماحولیات اور وسائل کے درمیان توازن قائم ضروری ہے موجودہ انسانی نسل اور آنے والی نسلوں کی خواہشوں کو پورا کرنے کے لیے اس زندگی میں ضروری وسائل کا صحیح استعمال اور ان میں توازن قائم رکھا ضروری ہے۔ تحفظ کی تشریح اسی طرح کی گئی ہے۔ قدرتی وسائل کی ٹھیک ٹھیک حفاظت اور دیکھ بھال کے لئیے ضروری ہے کہ اسے حد سے زیادہ استعمال نہ کیا جائے اس سے آنے والے خطرات کم ہوتے ہیں اور اسکا زوال روکا جاسکتا ہے۔ اس طریقۂ کار سے وسائل سے بھر پور فائدہ اٹھاتے ہوئے بھی ان کا توازن اور اسکے معیار دونوں ہے برقرار رکھنے کی سرگرمیوں کی لڑی ہے۔

وسائل کی حفاظت ہم سب کا فرض ہے۔ اس کو کس طرح کیا جاسکتا ہے۔ چار R تجاویز کے ذریعہ اسے کامیاب کیا جاسکتا ہے۔ Reduce (یعنی وسائل کا کم استعمال کرنا) Reuse (وسائل کا پھر سے استعمال کرنا)۔ Recharge (وسائل پھر سے بھرتی کرنا) یا Regnerate (وسائل کو پھر سے نئی زندگی دینا) اور Research (ریسرچ کرنا) اب ان کے بارے میں مختصر طور سے جانکاری حاصل کریں گے۔



©KTBS Not to be republished

1) وسائل کا کم استعمال کرنا(Reduce):۔ جس قدر ہو سکے وسائل کا کم استعمال کرنا اور انہیں غیر ضروری طور سے ضائع نہیں کرنے کی جانب توجہ دینی ہے۔کسی بھی کام کے لئے ضروری وسائل کا استعمال جس قدر ہو سکے کم کر نے کی کوشش کرنی چاہئے۔مثال کے طور پر بار بار موٹر سائیکل کے استعمال کی بجائی سائیکل کا استعمال یا پیدل ہی جانا، ہر شخص کو چاہئے کہ وہ اپنی ذاتی گاڑی کے استعمال کی بجائے عوامی بس سروس کا استعمال کرے اس سے پیٹرول اور ڈیزل کی بھی بعت ہوتی ہے علاوہ اس کے ماحولیات کی کثافت بھی کم ہوتی ہے۔

2) وسائل کا پھر سے استعمال کرنا:۔(Reuse) یہ وسائل کے تحفظ ایک سیدھا سادا قدم ہونے کے باوجود بہت ہی اثر دار قدم ہے۔ان وسائل کو الگ الگ کاموں کے لئے بھی اور بار بار بھی استعمال کیا جا سکتا ہے ۔مثال کے طور پر نہانے کا پانی باغ کی سیرانی کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔استعمال شدہ کاغذ پیکٹ بنانے کے لیئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

3) وسائل کو پھر سے بھرتی کرنا (Recharge) اور پھر سے زندگی دینا(Regenerate) مادی یا لاکی بھری وششوں سے وسائل پھر سے جلا بخشنے کا کام اس طرح ہوتا ہے۔پانی کے ممبرنوں کو پھر سے زندہ کرنے کے لیئے جنگلات کو بڑھانے درختوں کے زیادہ تعداد میں اگانے اور خود بھی مختلف ترکیبوں کے ذریعہ اواس کے پھیلا۔سے ان مثالوں سے اس کام کو آگے بڑھایا جا سکتا ہے۔

4) ریسرچ(Research) ہمیشہ کے لئیے ختم ہونے والے وسائل کی بجائے دوسرے وسائل کو تلاش کرنا،اس کے لئیے مسلسل ریسرچ کرنا ضروری ہے۔اب ہم جو ایندھن استعمال کر رہے ہیں اس کی بجائے سورج سے بجلی کی طاقت اور ہوا سے بھی طاقت حاصل کرنا جاری ہے۔

**سرگرمیاں:۔** اپنے مکاں اور اسکول میں استعمال لائے جا سکنے والے چار قسم کی ٹکنالوجی کے ناموں کی فہرست بنایئے۔

نیچے سمجھائے گئے تجویزوں سے وسائل کی حفاظت کے لئے آپ کیا کر سکتے ہیں۔

- کم سے کم سامان کی خریدی (اب جو بھی موجود ہے اسے جس قدر طویل عرصے تک استعمال کیا جا سکتا ہے،کرنا نیا خریدنے سے پہلے اپنے آپ سے سوال کیجئے کہ کیا یہ ضروری ہے)
- غیرضروری پیکنگ سے پرہیز کیجئے۔(مثلاً بوتل سے پانی پینے کی بجائے نل سے پیجئے)

©KTBS Not to be republished


- میٹل ڈبے، پرانے سیل فون اور پلاسٹک بوتلوں کو پھر سے استعمال کیجئے
- پرانی چیزوں سے تیار کردہ سامان کو زیادہ سے زیادہ استعمال کیجئے۔
- ماحولیات کو گندہ کرنے کی بجائے پانی اور ہوا کو پاک کیجئے۔
- زمین کو بنجر ہونے سے بچایئے۔
- اگر ایک درخت کو ضروری وجہ سے کاٹنا پڑے تو اس کے بدلے میں ایک پودا لگایئے
- اپنی گاڑی کو کم چلایئے۔عوامی نقل وحمل کے ذرائع کو استعمال کیجئے۔سائیکل استعمال کیجئے یا چل پھریئے۔

گھر میں ایندھن بچایئے۔(مثلاً جب ضروری نہیں روشنی بجھا دیجئے) انہی حفاظتی اقدامات کو دنیا کے اکثر مما لک قائم رہنے والی ترقی کے ذریعہ اپنا کر کامیابی حاصل کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔دیر پا ترقی نما مطلب ہے آنے والی نسلوں کو اچھی زندگی کی سطح تک لے جانے کے لیئے ،وسائل کا انصاف پسندانہ انداز سے استعمال کرنا۔خود حفاظتی اقداثات اوران وسائل کی اچھائیوں کا بچاؤ کرتے آگے بڑھنا بھی ایک راہ ہے۔

## نامیاتی وسائل کی جانب ہمارے قدم کو کم ہی سے جانا ہے۔

انسان زمینی وسائل پر کس قدر دباؤ ڈال رہے ہیں اس کو ناپنے کا کوئی آلہ ہمارے پاس ہے؟ ورلڈ وائلد لائف فنڈ (WWF) نامی ادارہ نامیاتی وسائل کے قدموں کے نشان نامی نمایاں کارنامہ انجام دیتے ہوئے ملک یا کسی بھی ملک کا ایک شخص کے وسائل کے استعمال اور اسکی وجہ سے پیدا ہونے والی گندگی کی مقدار کے ذریعہ وسائل پر پڑنے والے کل دباؤ کو ناپنے کی کوشش کررہا ہے۔ جوٹکنالوجی اس وقت مل رہی ہے اس کے ذریعہ ایک شخص زمین کے کس قدر حصے کو اپنا کر زندگی گذارتا ہے۔اسکی طرد اشارہ کرتے رہنے والا نمایاں کام ہی وسائل کے قدموں کے نشان ہے۔ایک طبعیاتی زمینی حصہ سے ایک شخص کے لیئے ضروری اناج ، پانی ایندھن ،کپڑے اور تعمیرانی سامان پیدا کی جاتی ہے۔اس نامیاتی طبعیاتی حصے کے علاوہ اس شخص کی جانب سے پیدا ہونے والی گندگی کو بھی اپنے اندر جذب کر لینے کے لئے جگہ چاہئے۔یعنی ایک فرد کی زندگی کے لئے اس کی خواہشات کے مطابق وسائل کی جانب بڑھتے قدموں کو ناپا جاسکتا ہے۔

©KTBS Not to be republished



WWF ادارہ نے زندگی بھرے وسائل کے قدم کی تشریح یوں کی سے اس ملک میں استعمال ہونے والی غذا، کپڑے اور عماتوں کی تعمیر کے لیئے ضروری ساز وساں کی پیداور کے لیئے ضروری ساری زراعت جانوروں کی چراگاہیں۔ جنگلات کی زمین کے رقبہ کے علاوہ ایندھن کے استعمال سے پیدا ہونے والی گندگی یا کثافت کو جذب کرنے کے ضروری زمین کا رقبہ اور بنیادی سہولتوں کی فراہمی کے ضروری زمین کا رقبہ۔

اسی ادارہ نے 2014 میں تائع شدہ ایک Planet Report میں 2010ء سال کی ک گلوبل کے زندگی برے وسائل کی مقدار 181 کڑوڑ ہیکٹر یعنی فی شخص کے لئے 2.6 ہیکٹر کی اوسط مقدار چاہیئے۔ لیکن کل زمین یہ زندگی بھرے وسائل سے بھی 50% فیصد زیادہ وسائل کا استعمال 2010 میں کر رہا ہے یعنی زمین جو وسائل میں دیتی ہے اسکا دیڑھ گنا زیادہ حصہ ہم استعمال کر رہے ہیں۔ اگر ہم وسائک کا استعمال اسی طرح کرتے رہے وسائل کا استعمال اسی طرح کرتے رہے تو آئندہ کئی دہوں کے اندر ہی تمام زمینی وسائل مکمل طور سے ختم ہو جائیں گے، ہماری زندگی کی گاڑی چلانے کے لیئے ہمیں ایسی ہی پانچ اور زمین یعنی کرۂ ارض کی ضرورت پڑے گی۔ اسی کے لیئے کیا کرنا چاہتے حالات میں یہ پیغام دیتے ہیں کہ ہمیں اسی زندگی گذارنے کے طریقۂ کار کو بدلنا ہوگا اور کم وسائل کو استعمال کرنا ہوگا۔

ہم میں سے ہر ایک قدم زندگی بھرے وسائل کی جانب ہے، ضرورت اس بات کی ہے کہ ان قدموں کے نشانات کو زیادہ کرنے کے لئے ہماری جانب سے بھی ان وسائل کو بڑھانے کی کوشش کرنی چاہیئے۔ اسی لئے ممبروں قدموں کو زیادہ نہیں بلکہ کم اور بہت سی کم کرنا چاہیے اس کے لئے خود میں آگے بڑھ کر اس سلسلے میں

اس بارے میں کئی ایک اور بھی کام ہو سکتے ہیں۔ اول تو خود میں اس بارے میں پوری جانکاری حاصل کرنی ہے ہمارے قریبی بوتوں کے فن کو بھی بدلنا ہے، کلی طور پر عوام کو زیادہ سے زیادہ جانکاری اس بارے میں بتانا ہے۔ اس سلسلے میں آپ کا اثر یعنی خبر ثابت ہوگا۔ مثال کے طور پر گندگی کی صحیح طریقے نکاسی سے اگر آپ غور کرینگے تو اس سے یہ آپ کے گھر والے بھی یہی کام کرینگے اس کے اچھے اثرات اڑوس پڑوس پر بھی ہونگے۔ حالانکہ یہ ایک چھوٹا سا قدم ہے لیکن یہی چھوٹا قدم آگے چل کر بہت بڑی تبدیلی لائے گا۔

©KTBS Not to be republished

## آپ کے ماحولیاتی قدم کوکم کرنے کے لئے کیا کرنا چاہے:۔

**غذا:۔**

- اطراف میں وار مقامی طور پر پیداوار خریدیئے۔
- ایک چھوٹا باغ گائے (غذاءوغیرہ سے ہونے والی کثافت، مصنوعی کھاداورشہری ضرریات کو کرتے ہوئے، آپ کوتازہ تازپ ترکاریاں خودملیں گی)
- دوکانوں کوخودآپ اپنی تھیلی لیتے ہوئے جایئے
- ممکنہ حرتک فیکٹریوں سے تیارکردہ کھانےکم استعمال کیجئے ۔
- فروٹ جوس بسکیٹ خریدنے کی بجائےخودفروٹ کارس تیارکیجئے ۔
- گوشت اورڈائری اشیاء کااستعمال کم لیجئے۔آپ کودوسرے ذریعہ سے پروٹین حاصل ہوجاتے ہیں۔
- باہر سےغذامنگا کرکھانے سےبہتر ہے کہ گھری میں تیارکرکےکھایئے۔

**ایندھن/بجلی:**

- استعمال کے بعدتمام بلب بندکردیجئے۔
- رات کےوقت ایرکنڈیشنر اورہیٹر بندکردیجئے
- گھرکے باہرآیئے، آپ جوش وخروش سے بھرجائیں گے باہرکے ماحول سےکم سےکم ایندھن استعمال کیجئے۔
- گھراورکارہی کھڑکیاں سردی گرمی میں بندرکھئے۔

**نقل وحمل:**

- اسکول کوسائیکل لےجایئے یاچل کرجایئے
- عوامی نقل وحمل کے ذرائع میں استعمال لیجئے۔
- ماہرجاتے ہوئےاگرراہداری دورہےتوکارپول استعمال کیجئے۔

**کم سےکم پیداکرنا:**

- جس قدرہوسکےاسی قدکم پیا کیجئے شدہ چیزیں استعمال کیجئے۔

©KTBS Not to be republished

- صرف شدید ضرورت پرانے تو تھیلی مانگیئے کا
- ممکنہ حد تک پھر سے استعمال کیجئے اور ایسی چیز خریدیئے جسے پھر استعمال کیا جاسکتا ہو
- ٹوٹے ہوئے سامان کو جوڑ کر مرمت کیجئے۔
- بار بار استعمال ہونے والے ساماں کی خریداری کیجئے۔

**پانی:**

- دانت صاف کرتے ہوئے نلکا بند رکھیئے۔
- گندی نالیوں میں زہریلی چیزیں مت پھینکئے
- برتن اور کپڑے دھونے کیلئے استعمال میں آنے والی مشینوں کو پورے طور سے بھرا کر استعمال کیجئے
- فلش ٹینک میں ایک اینٹ رکھنے سے کا گی پانی کی بچت ہوسکتی ہے۔
- بھارتیہ انداز کے طہارت خانے استعمال کیجئے۔

**(عوام) قوم کے لوگ:**

- قوم یا معاشرہ کے لوگوں کے ماحولیاتی قدم کے بارے میں تفصیل بتایئے اور اس کو کم کرنے کے کیا کرنا یہ بھی بتایئے۔
- مقامی طور پر اگر کوئی ایسا ادارہ ہے جو کہ پانی کی دولت کی حفاظت کرتا ہو اور اسے پاک وصاف کرتا ہو تو ایسے ادارہ کا ممبر بن جائیں۔
- پھر سے استعمال کرنے والی باتوں میں زیادہ دھیان دیجئے۔
- آپ کو اسکو ل کے استعمال میں آنے والے ایندھن کے بارے میں آڈٹ کیجئے۔ کس طرح سے بجلی بچائی جاسکتی ہے اور روپیہ کی بھی کیسے بچت ہونا ہے۔
- اسکول کی جانب قدم کے بارے میں بھی حساب کتاب کیجئے۔

(WWW mytoot print . org) کے دیب سائٹ اور زیادہ معلومات حاصل کیجئے۔

اس طرح سیدھی سادی ترکیبوں سے وسائل کی حفاظت کا انمول کام کیا جاسکتا ہے۔ کیونکہ مہاتما گاندھی جی نے کہا تھا ''دوسروں میں جن اچھی باتوں کو آپ دیکھئے، پہلے خود آپ ویسے ہی بننے کی کوشش کرو)

©KTBS Not to be republished

کہا تھا ''دوسروں میں چن اچھی باتوں کو آپ دیکھئے، پہلے خود آپ ویسے ہی بننے کی کوشش کرو)

# مشق

**I نیچے دیئے جملوں میں خالی جگہوں کو پر کیجئے۔**

1. قدرتی وسائل قدرت کے............. ہوتے ہیں۔
2. ............. وسائل ایک وقت مقررہ وقت کے اندر پھر سے پیدا ہو جاتے ہیں۔
3. لوہے کی معدنیات ............. وسائل ہے۔
4. وسائل کی ضرورت اسکی کمی سے بھی زیادہ ہوتو ............. ہوتا ہے۔
5. آنے والی نسلوں کی ضرورتوں کو پورا کرنے کیلئے ترقیاتی ٹکنالوجی کو ............. ترقی کہتے ہیں۔
6. 2010 میں انسانوں کو اپنی اپنی خواہشات پورا کرنے کیلئے......... زمینوں کے برابر رقبہ چاہیئے۔

**II. نیچے لکھئے گئے سوالات کے جوابات ایک ہی جملہ میں لکھئے۔**

1. قدرتی سائل کا مطلب کیا ہے؟
2. پھر سے نئی زندگی کو پانے والے مشہور مسائل کی مثال دیجئے۔
3. زندگی والے وسائل کی دو مثالیں دیجئے۔
4. تحفظ کرنے کا مطلب کیا ہے؟
5. نامیاتی وسائل کی جانب سفر کرنے والے قدم کی تشریح کیجئے۔
6. پھر سے استعمال کرنے کا مطلب کیا ہے

**III. ان سوالات کے جوابات پانچ یا چھ جملوں میں دیجئے۔**

1. تجدید وسائل اور ہمیشہ کے لئے ختم ہونے والے وسائل کے درمیان فرق سمجھائیے۔
2. وسائل کے کم ہوتے جانے کے اسباب کیا ہیں؟

©KTBS Not to be republished

3. 4R کا مطلب کیا ہے۔ مختصر لکھئے۔
4. آپ کے گھر اور اسکول میں ایندھن میں بجانے کے لئے کیا کیا اخدامات اٹھائیں گے
5. نامیاتی وسائل کی جانب بڑھتے قدم کو کم کرنے کے لئے کیا اقدامات کرتے ہیں۔

## IV. عملی پراجکٹ

روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والے اشیاء کی فہرست بنایئے اور 4R کے اصول پر تقسیم کیجئے ۔

## V. سرگرمیاں

آپ کے اسکول کے ایندھن کا بجٹ تیار کیجئے۔ اسے کس طرح اور کہاں کم کیا جاسکتا ہے اس کے بارے میں غور کیجئے۔

☆☆☆

©KTBS Not to be republished

باب:2

# ہندوستان کے انسانی وسائل

اس باب میں آپ مندرجہ ذیل حصوں پر بڑھاتی کرینگے۔

- انسانی وسائل کا مطلب اوراس کی اہمیت اور خصوصیت۔
- ہندوستان کی آبادی کی خواندگی شرح،جنسی ( مردعورت کا تناسب ) دیہی اور شہری اور عمر کے تناسب کی بنیاد پر تقسیم آبادی کا حجم۔
- آبادی کی تبدیلی کے بارے میں ایک مکمل تصور۔
- بچوں کی پیدائش،صحت اور آبادی کی مردم شماری کے معیار کے سدھار کے متعلق ضروری حصّے

قدرتی وسائل اورانسانی آبادی بھی ایک ملک کی جائداد سمجھی جاتی ہے۔کسی بھی ملک میں بسنے والے لوگ اس ملک کی آبادی ہوتے ہیں اس میں بچے ، بڑے ، بوڑھے بھی رہتے ہیں۔ 14 سال سے کم عمر والوں کو بچے ، 15 سے 60 تک والوں کواڈھیڑعمر والےاور 60 سال سےاوپر والوں بزرگ شہری کہا جا تا ہے۔اڈھیڑعمر والے کمائی کرنے کے لائق ہوتے ہیں۔کمانے والے یہ لوگ ملک کے انسانی وسائل کہا جا تا ہے۔اس وقت بھارت میں نوجوانوں کی زیادہ تعداد ہےاس لئے کمانے کی طاقت زیادہ ہوگئی ہے۔

انسانی وسائل کواگراعلی تعلیم ، ہنراورصحت ضمانت دی جائے توانسانی سرمایہ بن جاتی ہے۔یہ ملک کی آمدنی بڑھانے کا سبب بنتے ہیں۔اورسماجی تبدیلی لانے کی طاقت رکھتے ہیں۔بچوں کی علم اورصحت ہرسرمایہ کاری کی جائے تو یہ آگے چل کرزیادہ آمدنی پیدا کرنے والے ہونگے۔سماج کے لئے بہتر مدد کرنے والے ثابت ہونگے۔اسی لئے سرکاریں اپنے عوام کے لئے بہترین تعلیم اورصحت فراہم کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔

### لوگ اہم قدرتی وسائل:

تعلیم اور ہنرحاصل کرنے لوگ زیادہ روزگار کمانے کی قوت رکھتے ہیں،یہ بات ہم سب اپنے ماحول میں دیکھ

©KTBS Not to be republished

سکتے ہیں۔اس سے ملک کی آمدنی بھی زیادہ ہوتی ہے۔اس کا مطلب ہے صحت منداور کمانے والے تعلیم یافتہ لوگ ہی ملک کے انسانی وسائل ہوتے ہیں۔سامان اور خدمات کی تیاری میں فطری اور طبعی (Physical) سرمایہ سے زیادہ انسانی وسائل زیادہ قیمتی ہوتے ہیں۔

انسانی وسائل پیداوار کے لئے ضروری علم اور محنت کی توانائی دیتے ہیں۔زراعت ،صنعت اور خدمات کے میدان میں مختلف کاروبار میں کمانے والے لوگوں کو محنت کی توانائی کہتے ہیں۔انسانی وسائل کمائی کے ضروری محنت کی قوت کو پورا کرتی ہیں یہی انسانی توانائی گہرائی سے ریسرچ کرتے ہوئے عام انسانوں کو زیادہ سہولتیں فراہم کرتی ہے۔ بجلی،ٹی وی،کمپیوٹر،موبائل موٹر گاڑیاں وغیرہ انسانی توانائی کی ہی دین ہیں۔

کافی عرصہ سے یہ سمجھا جاتا رہا ہے کہ بھارت میں حد سے زیادہ آبادی ہے جو کہ ملک کیلئے زبردست بوجھ ہے۔ لیکن چین کی معاشی ترقی کے بعد آبادی کو بھی وسائل سمجھا جارہا ہے۔تعلیم،ہنرمندی اور صحت کی سہولتوں کواگر دیا جائے تو لوگوں کو ملک کی پیداواری جائیداد میں تبدیل کیا جانا ممکن ہے۔اس کے باوجود آبادی کا ایک حد کے اندر رہنا ہی اچھا ہے۔

آپ کو معلوم ہونا چاہیئے ۔

- خواندگی کی شرح میں اضافہ سے غریبی بھی کم ہوتی جاتی ہے۔
- عورتوں کے تعلیم یافتہ ہونے سے پیدا ہونے والوں کی تعداد بھی کم ہوتی جاتی ہے۔
- زرعی تعلیم زیادہ ہوتو زرعی پیداوار بھی زیادہ ہوتی ہے۔
- انسان جتنا زیادہ تعلیم یافتہ ہوتا ہے اسی قدراس کی کمائی بھی زیادہ ہوتی ہے۔

## بھارت کی آبادی کی خصوصیات:

آبادی کی خصوصیات کا مطلب ہے اس کا حجم،ترکیبی عناصر اس کی تشکیل،اس کا معیار وغیرہ اس سے لگاؤ رکھنے والی خصوصیات ہیں۔کسی بھی ملک کی آبادی سے تعلق والے مسائل سمجھنے کے اس کی خصوصیات کی مکمل جانکاری حاصل کرنا ضروری ہے۔بھارت میں مردم شماری (ہر ایک فرد سے تعلق رکھنے والی اطلاعار کا جمع کرنا) دس سالوں میں ایک بار ہوتی ہے۔حال ہی میں یعنی 2011 میں مردم شادی ہوئی تھی۔ 2011 کی اس مردم شماری کے مطابق بھارت کی آبادی کی خصوصیات یوں ہیں۔

©KTBS Not to be republished

**1. گنجان آبادی اور تیز رفتا نشونما:۔** 2011 میں بھارت کی آبادی 121.1 کڑوڑتھی۔آبادی کے لحاظ سے دنیا کا دوسرا بڑا ملک ہے، چین کے بعد اس ک سب سے بڑی آبادی ہے۔دنیا کا ہر چھٹا آدمی ہندوستانی ہے۔اس کی آبادی 1.2 بڑھنے کی شرح 1.8 ہے۔آسٹریلیا کی کل جتنی آبادی ہے، اسی قدر آبادی ہر سال بھارت کی بڑھی جارہی ہے۔اس طرح اس کی آبادی کے حجم کو ہم سمجھ سکتے ہیں۔اس صورت حال کو آبادی کا دھماکہ کہتے ہیں۔ 2022 میں ہم دنیا کے سب سے زیادہ آبادی والا ملک بن جائیں گے۔

**2. آبادی کی تبدیلی کی دوسری سطح:۔** بھارت اس وقت آبادی کی تبدیلی کے دوسرے اسٹیج پر ہے۔ اموات کم ہورہی ہیں (فی صد اموات) اور عمر بڑھتی جارہی ہے۔(ہر ایک ہزار پیدا ہونے والے بچوں کے حساب سے) ابھی اور زیادہ 2010 میں پیدا ہونے والوں کی تعداد 22.1 تھی اور رنے والوں کی تعداد 7.1 تھی۔یعنی اس سال ہر ایک ہزار افراد میں 15 افراد کا اضافہ ہوجا تا جارہا تھا۔خیال کیا جاتا ہے کہ یہ بہت زیادہ ہے۔

**3. تیزی سے بڑھتی اور گھٹتی ہوئی آبادی:۔** ایک مربع کلومیٹر میں لینے والی آبادی کو گنجان کہا جاتا ہے۔ ایک ملک کی کل آبادی کو کل رقبہ میں تقسیم کرنے سے آبادی گنجان کا حساب گنجان کہا جاتا ہے۔ایک ملک کی کل آبادی کو کل رقبہ میں تقسیم کرنے سے آبادی گنجان کا حساب مل جل جاتا ہے۔2011 میں بھارت کا گنجان 382 تھا۔دوسرمما لک کے مقابلے میں بہت ہی زیادہ ہے۔بھارت کل زمین کا 2.4 فیصد پر پھیلا ہوا ہے اور دنیا کی 16.7 فیصد آبادی رکھتا ہے۔

**4. جنسی تناسب میں غیر معمولی فرق:۔** ایک ہزار مرد کے لئے رہنے والی عورتوں کی آبادی کو جنسی تناسب کہا جاتا ہے 2011ء کی مردم شماری کے مطابق یہ تناسب صرف 943 تھا۔یہ تناسب عورتوں کو خود اختیار بنانے اور ایک صحت مند سماج کی تعمیر کے لئے مناسب نہیں ہے۔

**5. کم عمر والوں کی تعداد زیادہ ہونے والا ماحول:۔** بھارت میں آبادی کے حجم میں کم عمر یعنی 0-14 سال سے کم عمر کے بچوں کی تعداد زیادہ ہے۔2011 کی مردم شماری کے مطابق کم عمر والوں کی تعداد 30.7% فیصد ہے۔ یہ تعداد بہت زیادہ بڑھتی ہوئی آبادی کی طرف اشارہ کرتی ہے۔اس کو پیدائش کی تعداد پر قابو پا کر کم کیا جاسکتا ہے۔

**6. زیادہ دیہی آبادی کا تناسب:۔** اب ملک میں بسنے والی شری و دیہی آبادی کا تناسب اس ملک کی صنعتی ترقی کی علامت کے طور پر جانا جاتا ہے۔بھارت کی آبادی اہم طور سے دیہاتوں میں بستی

ہے۔ 2011 میں 68.8% فیصد آبادی دیہاتی علاقوں میں بستی تھی، اس سے پتہ چلتا ہے کہ بھارت کی آبادی کا شہری بننے کا رجحان بہت ہی دھیما ہے۔

**7. آبادی کا گھٹتا ہوا معیاد:۔** آبادی کا معیاد اس کی تعلیم، ہنرمندی اور صحت مندی کی حالت سے معلوم ہوتا ہے۔ یعنی علم، ہنرمندی اور عمر کی حد سے اس کے معیاد کا پتہ لگایا جا سکتا ہے۔

**(a) علم کی کمی کی شرح:۔** بھارت ابھی تک سو فیصد تعلیم یافتہ ملک نہیں بن پایا ہے۔ 'ساکشرتا' یعنی علم کا حاصل کرنا اسکا مطلب ہے پڑھنا اور لکھنا دونوں کا آنا۔ 2011 میں بھارت کی صرف 74% فیصد آبادی پڑھنا لکھنا جانتی تھی اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تقریباً 31 کروڑ سے زیادہ لوگ ان پڑھ تھے۔ عورتوں کی تعلیم کا معیار بھی کم رہا ہے۔ یعنی 65% فیصد عورتیں پڑھی لکھی ہیں۔

**(b) تعلیم اور تربیت کی مقدار میں کمی:۔** بھارت میں 25-20 سال کی عمر والوں کا اعلیٰ تعلیم میں داخلہ حاصل کرنے کا تعداد صرف 20.4% فیصد ہے۔ یہ بہت ہی کم تعداد ہے یہ ترقی یافتہ ممالک کے مقابلے میں صرف ایک چوتھائی ہے۔ اتنا ہی نہیں بھارت میں ہر ایک ہزار افراد کے لئے 0.7% میڈیکل ڈاکٹروں کا تناسب ہے تو انجیروں کا تناسب 210 ہے۔ یہ اس بات کو دکھاتا ہے کہ ہنرمندوں کا تناسب غیر متوازن اور کم ہے۔

**(c) کم عمری:۔** ایک فرد کی اوسط عمر کو زندگی کا اوسط کہا جاتا ہے۔ 2013 میں عمر کا اوسط صرف 65.8 سال تھا۔ اس کو اگر دوسرے ممالک سے موازنہ کیا جائے تو بہت ہی کم ہے۔

**8. روزگار میں حصہ لینے والوں میں کمی:۔** کام کرنے والوں کی تعداد کو کل آبادی کے فیصد سے حساب لگایا جائے تو اس آبادی میں روزگار کرنے والی تعداد معلوم ہو جائے گی۔ بھارت میں یہ تعداد کم ہے۔ 2011 میں صرف 39.8 لوگ برسر روزگار تھے۔ یعنی کام کرنے والوں پر انحصار کرنے والوں کی تعداد زیادہ ہے۔

**9. کثیر آبادی:۔** یہ کہا جاتا ہے کہ اناج کی پیداوار میں کافی اضافہ ہونے کے باوجود ملک میں شیطانی رقص کرنے والی غریبی، بھوک، غیر معیاری غذا، بے روزگاری، کم آمدنی کے ساتھ گندی بستیوں میں زندگی گذارنے والوں کی بڑی تعداد وغیرہ پر غور کیا جائے تو صاف دکھائی دیتا ہے کہ آبادی سنبھالے جانے سے بہت زیادہ بڑھی ہوئی ہے۔ یہ کچھ بھی ہے بڑھتی ہوئی آبادی کا نتیجہ ہے۔

©KTBS Not to be republished

## 4. آبادی میں تبدیلی:

معاشی ترقی اور بڑھتی آبادی کے درمیاں قریبی رشتہ ہے۔ معاشی ترقی کے ساتھ اس ملک کی آبادی بھی کم ہوتی جاتی ہے۔ اس کو آبادی میں تبدیلی کے اصول کے ذریعہ تشریح کرتے ہیں۔ ملک کی ترقی تین منزلوں کو پھلانگ کر آگے بڑھتی ہے۔ وہ یہ ہیں۔ پیچھڑے پنی کی منزل آگے بڑھنے والی منزل اور آگے بڑھی ہوئی منزل

**1. پسماندہ مرحلہ:۔** کوئی بھی ملک معاشی حیثیت سے بچھڑا ہوا ہوتو وہاں غریبی، بے روزگاری زیادہ رہتی ہے۔ عوام کو تعلیم اور صحت کی سہولتیں۔ عوام اندھے عقائد اور رسم و رواج کے قیدی ہوتے ہیں۔ اس سے جینے اور مرنے دونوں کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔ آبادی کی سطح بھی بہت ہی کم ہوتی ہے۔

**2. ترقی پذیر مرحلہ:۔** بچھڑا ہوا ملک معاشی ترقی حاصل کرنے کے لئے بہت کوشش کرتا ہے سرکار سب سے پہلے انہیں تعلیم دینے اور صحت کی سہولتیں فراہم کرنے کے لئے آگے بڑھتی ہے متعدی بیماریوں پر قابو پاتی ہے۔ اس سے مرنے کی سطح فوراً ہی کم ہوجاتی ہے۔ لیکن پیدا ہونے کی رفتار زیادہ ہی رہتی ہے۔ فی الحال بھارت اسی مرحلے پر ہے، اس طرح آبادی بڑھتی ہی جارہی ہے۔

**3. ترقی یافتہ مرحلہ:۔** ترقی پذیر ایک ترقی کی سرگرمیوں کو تیز کرنے کے ذریعہ دھیرے دھیرے آگے بڑھتے ہوئے ترقی یافتہ ملک میں تبدیل ہوجاتے ہیں۔ اس وقت ملک کے سارے لوگ تعلیم یافتہ اور جانکاری رکھنے والے ہوتے ہیں۔ اس سے اس مرحلہ پر جنم لینے اور مرنے والے کم ہوجاتے ہیں اور آبادی بھی بہت کم ہوجاتی ہے۔ اس طرح پچھڑے ملک معاشی ترقی کرتے ہوئے مرحلہ وار آگے بڑھتے ہوئے ترقی یافتہ ملک میں تبدیل ہوجاتے ہیں اور آگے بڑھے ہیں۔

یاد رکھیے:۔

| | |
|---|---|
| پسماندہ ملک:۔ | پیدا ہونے والے اور مرنے والوں کی تعداد آبادی کا کم تناسب سے بڑھنا |
| ترقی پذیر ملک:۔ | پیدا ہونے والوں کی تعداد زیادہ اور مرنے والوں کی کم آبادی کے بڑھنے کا زیادہ تناسب |
| ترقی یافتہ ملک:۔ | جنم لینے والے اور مرنے والوں کی کم تعداد آبادی کے بڑھنے کی رفتار کم |

©KTBS Not to be republished

## 5. بچوں کی افزائش، صحت اور تندرستی اور آبادی کا معیار:

صحت انسان کی بہت ہی قیمتی بنیادی سہولت ہے۔ اچھی صحت سے انسان کی زندگی کا معیاد بلند ہوتا ہے اور ان کے کام کرنے کا معیاد میں بلند ہوتا ہے۔ اسی لئے ترقی کی رفتار اگر تیز کرنی ہو تو ملک کے لوگوں کی صحت کے معیاد کو سدھارنے کی ضرورت ہے۔

اولاد کی پیدائش تمام نامیاتی چیزوں کا ایک اہم کام ہے۔ آبادی کا معیاد بھی پیدا ہونے والے بچوں کی تعداد اور ان کی صحت پر انحصار کرتا ہے۔ صحت مند بچے صحت مند نوجواں بن کر ملک کی ترقی کے لئے کوشاں ہوتے ہیں۔ عورت کے حاملہ ہونے سے لے کر بچے کے جنم دینے تک اس کی صحت اور طاقت ور غذا کا خیال رکھا جانا چاہے۔ زچگی کے بعد ماں بچے دونوں کی دیکھ بھال کے ضروری سامان فراہم کرنے چاہیں۔ عورتیں اگر صحت منداور بیماریوں سے دور ہوں تو بچے بھی صحت مند ہی پیدا ہوتے ہیں۔ اور انکی پرورش بھی اسی طرح ہوتی ہے۔ اسی لئے صحت کے متعلق ضروری سہولتیں نہ ملتی ہوں تو، بیماریوں کی روک تھام کے لئے اچھی دیکھ بھال کے لئے غذائیت سے بھر پور غذا دینا اور تجربہ کاردائیوں کی دیکھ ریکھ میں زچگی کروانہ چاہیئے۔ یہ بات زچہ اور بچہ دونوں کی صحت کے لحاظ سے بہت ضروری ہے۔

اس طرح تمام ممالک کی سرکاروں کو چاہیے کہ صحت کے بارے میں سہولتیں عوام کو فراہم کرنے کی کوشش کریں بچوں کی پیدائش کے لئے ضروری سہولتوں کے دیئے جانے سے ماں اور بچہ دونوں کی زندگیاں بچے جس نے کا امکاں درہتا ہے۔ اس سے بچوں کی پیدائش کی تعداد اھی کم ہوگی۔ اور یہ آبادی پر قابو پانے کے لئے ضروری اولین اقدام ہے۔ علاوہ اس کے بچوں، زچاؤں حاملاؤں کی صحت تنومندی کے لئے اقدامات اٹھائے جانے سے بچوں اور ماؤں کی اموت کی شرح میں کمی آتی ہے۔

بھارت میں 98-1997 میں 398 زچاؤں کی اموات ہوئی (یہ امداد شمار 10,000 زچاؤں کے حساب سے ہے) اوپر دیئے گئے تمام اسباب کی وجہ سے 2012 میں یہ اموات 167 تیس کم ہونے والے یہ اعداد شمار ایک تسلی بخش بات ہے۔ اسی طرح بچوں کی اموات (ہر ایک 1000 زندہ پیدا ہونے کے بعد مرنے والے، ایک سال کے اندر) 1990 میں 80 تھی۔ 2012 میں وہ 47 تک کم ہوگئی (بچوں کا تناسب فی 1000 کے فیصد سے گذشتہ باغ سا لوں کا اوسط 1991 میں 115 تھا اور 2010 59 تک گر گیا۔

لیکن غذائیت والی خوراک کے سلسلے میں بھارت کی حالت بڑی ہی خراب ہونے کی وجہ سے زیادہ تعداد میں



©KTBS Not to be republished

بچے اس غیر مقوی کی خوراک سے مرتے ہیں۔ 9-2008 کے بین الاقوامی ادارہ کے اعداد وشمار کے مطابق 40% فیصد بچے کم وزن رکھتے تھے۔ اس طرح آدھے سے زیادہ حاملہ عورتیں خون کی کمی کا شکار ہیں۔

| |
|---|
| یونیسف کی رپورٹ کے مطابق پانچ سال سے کم عمر کے بچوں کی اموات میں بھارت کا مقام سب سے پہلے ہے۔ اس میں آدھے سے زیادہ بچے غذائیت بھری غذا کے نہ ملنے سے مرتے ہیں۔ دنیا کے آدھے سے زیادہ پانچ سال سے کم عمر کے بچے پانچ ملکوں میں ہی مرتے ہیں وہ ہیں بھارت، نائجیریا کانگو پاکستان اور چین بھارت کا اس میں حصہ ہے 22% اور نائجیریا کا 13% ہے۔ |

بھارت کی صحت کی قومی پالیسی ہے عوام کے صحت کا تحفظ خاندانی بہبودی اور غذائیت سے بھرپور غذا کو اور بہتر بنانا اسکا اصل منشاط ہے۔ اس میں سب سے زیادہ دھیان سہولت سے محروم غریبوں اور پہاڑی علاقوں پچھڑے ہوئے قبائل کو دیا جارہا ہے۔ گذرے ہوئے چھ دہوں کے عرصے کے دوران صحت کی زیادہ سے زیادہ بنیادی سہولتوں کے فراہم اگئے جانے کے ذریعہ عوام کی صحت کا معیار بڑھانے کی کوشش کی جارہی ہیں۔

حکومت کی ان کوششوں سے عوام کی معیاد بڑھا ہے۔ اندازے کے مطابق عمر کے اوسط میں بھی اضافہ ہوا ہے جس سے عوام کے معیاد زندگی کے بڑھنے کی طرف صاف اشارہ ملتا ہے۔ ماں اور بچے کا تحفظ غذائیت بھری چیزوں کا میسر آنا، بیماریوں سے بچوں کی تحفظ وغیرہ اقدامات کا نتیجہ یہ ہے کہ بچوں کے مرنے شرح اب کم ہوتی جارہی ہے

حال میں بھارتیہ آر دگیا آندولن کے ذریعہ ماں بچے کی اموات کی شرح کو کم کرنے کے لئے چند اقدامات اٹھائے تھے۔ ان میں سے اہم یہ ہیں۔

i. حفاظت کے ساتھ پیدائش کے لئے اداروں میں زچگی کروانے کی جانب رغبت دلانا سرکار اپنی 7×24 مفت ایمبولنس سروس کے ذریعہ اداروں میں زیادہ سے زےادہ زچکیاں کروانے کے لئے کوشاں ہے

ii. چھوٹے ہسپتالوں بنیادی کے مراکز عوامی صحت کے مراکز اور ضلع ہسپتالوں کو اور بھی مضبوط کرتے ہوئے وہاں بھی زچگی اور بچہ کی دیکھ بھال کے سہولتیں فراہم کی گئی ہیں

iii. صحت کی سہولتوں سے فائدہ اٹھانے کے عوام کو راغب کرنے کے لئے آشا نوکروں کو رکھا گیا ہے۔

iv. صحت اور غذائیت کے بارے میں تعلیم دینے اور معلومات فراہم کے ذریعہ غذا میں لوہے کے پروٹین زیادہ کرنے کے سلسلے کارروائی کرنا۔



©KTBS Not to be republished

v. تمام بچوں کو ٹیکے لگانے کے ذریعہ موذی بیماریوں پر قابو پانا۔

vi. حاملہ عورتوں اور بچوں کو مقوی غذا فراہم کرتے ہوئے کمزوریوں کو کم کرنا بچوں کی مکمل نشوونما کے لئے امدادی ہے۔

یہ ساری کاروائیاں عورتوں اور بچوں کی صحت کی نہ صرف ترقی کے لئے ملکہ اموات کی شرح کو اور بھی کم کرنے میں مدد دیتی ہیں۔

**اچھی صحت کی علامت:**

ایک ملک کی انہیں کے بارے میں معلومات کرنے کے کچھ رہنما اصولوں کو استعمال کرتے ہیں وہ ہیں۔

متوقع عمر کی شرح نوزائیدہ بچوں کی موت کی شرح بچوں کی اموات کی شرح اور ماؤں کی اموات کی شرح

متوقع عمر کی شرح:۔ پیدا ہونے والے ہر ایک بچے کی زندگی کی حد یعنی عمر کا اندازہ

نوزائیدہ بچوں کی اموات کی شرح:۔ ہر ایک ہزار پیدا ہونے والے بچوں میں ایک سال کے اندر مرنے والے بچوں کی تعداد۔

بچوں کی اموات کی شرح:۔ ہر ایک ھزار پیدا ہونے بچوں میں پانچ سال کی عمر سے پہلے مرنے والوں کی تعداد

ماؤں کی اموات کی شرح:۔ ہر ایک لاکھ لوگوں میں سے مرنے والی ماؤں کی تعداد

## مشق

**I. نیچے دئے گئے جملوں میں خالی جگہوں کو پر کیجئے۔**

1. کسی بھی ملک میں رہنے والی تخلیقی علم، ہنرمندی وار قابلیت رکھنے والے کمانے والے لوگوں کو ........................ کہہ کر پکارا جاتا ہے۔

2. 2011 میں بھارتکی جنسی شرح................ تھی۔

3. بھارت میں مردم شماری ہر............. سالوں میں پھر سے کی جاتی ہے

4. ایک ملک کی آبادی کی صلاحیت..........اور............ پر منحصر ہے۔

©KTBS Not to be republished

5. ایک سال میں پیدا ہونے والے ہر ایک ھزار بچوں میں مرنے والے نوزائیدہ بچوں کی اوسط تعداد................ کہتے ہیں۔

6. بھارت میں پیدا ہونے والوں کی اوسط تعداد زیادہ ہوتے ہوئے مرنے والوں کا اوسط............ ہونے کی وجہ سے آبادی کے بڑھنے کی رفتار زیادہ ہے۔

**II. نیچے لکھے گئے جملوں کا جواب ایک ایک سطر میں دیجئے۔**

1. کمانے والے افراد کہہ کس کو شناخت کیا جاتا ہے۔
2. انسانی وسائل کا مطلب کیا ہے
3. 2011 کی مردم شماری کے مطابق بھارت کی آبادی کتنی ہے۔
4. پیدائش کی شرح کا مطلب کیا ہے۔
5. 2011 میں بھارت کی تقریباً پیدائشی شرح 22 ہے اور تقریباً مرنے کی شرح 6 ہے۔ تو تقریباً آبادی کی بڑھنے کی شرح بتائیے۔
6. 2011 کی مردم شماری کے مطابق بھارت کی آبادی کا گنجان کس قدر تھا۔
7. ترقی یافتہ ممالک میں آبادی کے بڑھنے کی رفتار کم ہے، کس لئیے؟

**III. نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات پانچ چھ جملوں میں لکھئے۔**

1. گنجان آبادی کا مطلب کیا ہے۔ ایک ملک کی آبادی کے گنجان کا حساب کیسے لگایا جاتا ہے۔
2. پیداوار کے میدان میں انشان ہی بہترین سرمایہ ہوتا ہے کیوں ہم ایسی تشریح کر سکتے ہیں
3. انسانی سرمایہ کو معیادی بتانے میں صحت اور تعلیم کا کردار کیا ہے
4. ترقی پذیر ممالک میں ہی آبادی کیوں بڑھتی ہے، اس کا سبب کیا ہے
5. آبادی کے معیاد کو بڑھانے کے لئے آپ کن اقدامات کی صلاح دیتے ہیں۔

**IV. پراجکٹ ورک**

کسی ایک گاؤں کو جایئے وہاں کی آبادی کی مردم شماری کیجئے۔ اس میں مردوں اور عورتوں کی تعداد کو الگ الگ کر کے جنس (مذکر مونث) کی شرح کا حساب لگایئے۔

☆☆☆

©KTBS Not to be republished

# تجارتی تعلیم

Business Studies

باب:1

# تجارتی مطالعہ۔تجارتی انتظامیہ

اس باب میں درج ذیل نکات معلوم کرلیں گے۔
- تجارت کے معنے
- تجارت کے اہم اصول
- فیصد لینے کی اہمیت اوراس کا عمل
- تجارت کے عملی احاطے

©KTBS
Not to be republished

تجارتی انتظامیہ تمام اداروں کے لیئے ضروری ہے۔ چاہے وہ ادارے نفع بخش ہوں یا غیر نفع بخش بڑے ہوں یا چھوٹے غیر پیداواری ہوں یا پیداواری ہوں تمام اداروں کے لیے اس کا لزوم ہوتا ہے۔

انتظامیہ کے معنی اور تعریف:

لفظ انتظامیہ کسی مطالعہ کے شعبہ یا کسی معلوماتی شعبہ کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔J.K ہیز (Hayes) کے مطابق »انتظامیہ لوگوں کے ذریعہ حالات کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کا فن ہے۔ جارج آر ٹیری کے مطابق انتظامیہ اپنے مقصد کو پورا کرنے عوام اور قدرتی وسائل کے استعمال سے ادارے کے اہم فیصلے اور حاصل کرنے کے طریقہ، کارکردگیاں، لگن اور محنت اور تمام کے مساوی استعمال کا علاحدہ عمل ہے۔

اوپر ذکر کے گئے جملوں سے پتہ چلتا ہے کہ انتظامیہ ادارے کے ذریعہ پہلے سے بنائے گئے اصول جو تکمیل تک پہنچانے کی غرض سے لوگوں کی برابر کی کوشش ہونی چاہیے اس طرح کے انتظامیہ (الف) پلان بنانا (ب) خاکہ (ج) کوشش (د) ملازمت پسند افراد (ہ) ہدایت (ز) قابو پانا (Co Ordinated) جیسے اہم کام کے ذرائع ہیں۔

## انتظامیہ کے اصول (:(Principles of Management

تجارتی ادارہ، اچھے انداز سے اور صحیح طریقہ سے کام انجام دینا ہو تو چند اصول کو اپنانا ضروری ہوتا ہے۔ ہنری قبل کے اصول مندرجہ ذیل ہیں۔

**کام کی تقسیم(Division of work):**

کام کرنے والا یا ملازم پیشہ کے درمیانی کام کی تقسیم سلیقہ سے تقسیم کرنا ضروری ہے۔اس سے اشیا کی تیاری میں اضافہ ہوتا ہے اور منافع بھی زیادہ ہوتا ہے۔جس کی وجہ اشیا کی تیاری میں نقصانات کی کمی ہوگی ایسے اصول ادارے کے دیگر مرحلے میں رائج کر سکتے ہیں۔

**حاکم اور ذمہ داری:۔** یہ اصول حاکم اور ذمہ دار سے جڑے ہوتے ہیں۔ان دونوں ذرائع سے حاکم اور ملازم کے ذمہ داریاں واضح کرتا ہے اور اسے دونوں ذرائع حاکم کی عقل مندی، جدید تجربہ، پرانے تجربہ، اخلاقی کردار وغیرہ پر مشتمل ہیں۔

**تنظیم:۔** یہ اصول عہدادار (حاکم) اور ملازمت پیشہ (مزدور) کے درمیان کام انجام دینے والے سب ادوار میں دیکھا جاتا ہے۔اس قسم کے کام جدوجہد کی بنا پر حاصل ہوتا ہے۔اعلیٰ افسران میں تنظیم واضح طور پر یہ انصاف دلوانے اور سزا دینے میں بھی برابری ہونا ضروری ہے۔

**ایک جیسا حکم:۔** ایسے اصول سے ملازم اپنے سے برتر افسر کے حکم کو انجام دینا ضروری ہوتا ہے۔

**ایک جیسا انتظام:۔** یہ اصول ایک ہی مقصد سے جڑی ہوئی اجتماعی سرگرمی کے ہیں جو ایک حکم پر کام انجام پاتا ہے۔

انفرادی خواہش کو مجموعی خواہش کے تابع کرنا: اس اصول کے تحت انفرادی خواہش، الگ الگ خیالات کی بنا عام تکمیل کو پہنچنے کے لیے رکاوٹ پیدا نہ کرنا۔

**مزدور کی تنخواہ:۔** اس اصول کے تحت مزدور کی تنخواہ اطمینان بخش ہونی چاہیے۔

**مرکزی انتظامیہ:۔** اس اصول کے تحت مرکزی عہدہ دار، تجارت اور کارکردگیوں کو صحیح نتیجہ پر پہنچانے والا ہو۔

**درجوں کی کڑی:۔** اس اصول کے تحت ہر تنظیم میں عہدہ دار کے درجے ہونے چاہیں عہدہ دار کی تنخواہ، عہدہ دار اور مزدوروں کے درمیان واضح ہونی چاہیے۔

**برابری:۔** اس اصول کے تحت عہدہ دار افسران اور عام مزدور کے درمیان آپسی سمجھوتا اور میل جول ہونی چاہیے۔

**مزدور ور عہدادار کا استحکام:۔** انتظامیہ، مزدوروں کو استحکام کا عمل اپنانا چاہیے مزدور گروہ کو اپنا کام پسندیدہ نظر نہ آئے تو افسر اسے نکال دینے کو کہتا ہے۔کام کرنے والا مزدور جلد ہی اس ادارہ سے چھٹکارہ لے لیتا ہے۔

©KTBS Not to be republished

**اقدام:۔** انتظامیہ کے اقدام دلی جذبے کے ذریعے پورے ارادے کے ساتھ اچھے کام انجام دیتے ہوئے پائے تکمیل تک پہنچنا چاہیے۔

**یکتا کی طاقت:۔** اس اصول کے تحت ایک تنظیمی گروہ کے تمام مزدور یکجوئی کے ساتھ اپنا ہی کام سمجھ کر کام انجام دینا۔

**تنظیمی جدوجہد کے فیصلے:۔** کام اور کارکردگی کے فیصلے، تجارتی انتظامیہ کی ایک اہم کاروائی ہوتی ہے یہ کاروائی کی سرگرمیوں میں ایک اہم سرگرمی کہلاتی ہے۔

**فیصلے لینے کی اہمیت:۔** رائے مشورہ سے ہی فیصلے لیے جاتے ہیں۔ ہر ایک تجارتی گروہ اپنے ہی ایک مقصد اور ہدف رکھتا ہے۔ یہ اپنی منزل اور مطلب پانے کی خاطر ایک فیصلہ لینا ضروری ہے۔ چھوٹی کاروائی میں بھی بہت سارے اختیارات ہوتے ہیں۔ مثلاً ایک تاجر اشیا کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کے لیے اسے اشیا کی نقل وحمل کے لیے موٹر گاڑی ٹیمپو، ریل، یا ہوائی جہاز کا استعمال کرتا ہے۔ اسے عمل فیصلہ یا ارادہ کہتے ہیں۔ یہ فیصلے تجارت میں سب سے اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ صحیح فیصلے لینا تجارت کی غرض سے سب سے عمدہ طریقہ ہے۔ جدید بھارت میں عروج پر آنے والے تجارتی ادارے عمل میں آتے ہیں۔ آنے والے دور میں اور زیادہ تعداد میں اسے ادارے عمل پیرا ہوں گے۔ اس لیے اچھے فیصلے لینے کی ضرورت اہمیت رکھتی ہے۔ فیصلے لینے کے طریقہ کو دوررس نگاہوں کے ساتھ دو حصوں میں بانٹا جاسکتا ہے۔

شخصی فیصلہ　　　　اجتماعی فیصلہ

تنہا (اکیلا) تجارت چھوٹے پیمانے کی تجارت ہوتی ہے۔ اکیلا ہی فیصلہ لینا ہے۔ اسے شخصی فیصلہ کہتے ہیں۔ یہ فیصلہ شخصی قابلیت پر منحصر ہے۔

ایک گروپ کے ذریعے لیے جانے والے فیصلے کو اجتماعی فیصلے کہتے ہیں حصہ دار ادارے، اجتماعی مالی امداد کے ادارے کوآپریٹیو ادارے وغیرہ

**فیصلہ اور عمل کے اہم کردار:**

| | |
|---|---|
| پایہ تکمیل کی نشاندہی کرنا | تکمیل کا اندازہ |
| دیگر فیصلوں کی تلاش | تخمینہ عمل |
| معقول سوچ اور ارادے | اندازہ |



© KTBS Not to be republished

## جائزہ:

فیصلہ لینے کی اہمیت: تجارتی ادارہ میں آنے والی مشکلات کا صحیح فیصلے ہی اس کا حل ہوتے ہیں۔ اچھے اور صحیح فیصلے سے ہی ادارے اچھا نفع حاصل کرتے ہوئے صحیح راہ اختیار کرتے ہیں۔ اسی طرح غلط فیصلے لینے والے ادارے نقصان اٹھاتے ہیں۔ فیصلے لینے سے پہلے مندرجہ ذیل کو مدنظر رکھنا ضروری ہے۔

جائزہ تجربہ عقل مندی اٹل ارادے ہمت اور صحیح طریقہ

کوئی بھی ایک مشکل کا حل ڈھونڈنے کے لیے صحیح فیصلے کی ذریعہ ہی ہوسکتا ہے۔ فیصلہ لینے کے لیے مندرجہ ذیل کو اپنانا چاہیے۔

| | |
|---|---|
| مشکلات کا جائزہ | انجام تک نتیجے کا خاکہ تیار کرنا |
| متبادل طور طریقے اپنانا | منصوبہ بندی کا خیال |
| جلد اور صحیح فیصلے کی قوت رکھنا | |

انتظامیہ کا احاطہ: انتظامیہ دوسروں کے ذریعے کام کروانے کا ایک ذریعہ ہے۔ انتظامیہ دوسروں کے ذریعے کام کروانے کے لیے ایک کے بعد ایک طریقۂ کار کو اپنانا ہے۔ اس طرح بڑھانے والے سرگرمی کو انتظامیہ کا احاطہ کہتے ہیں۔

انتظامیہ کے کام کو انجام دینے کے لیے الگ الگ بڑے احاطہ کے ذریعے کام انجام دینا پڑتا ہے۔ مندرجہ ذیل اہم ہیں:

## پلان (خاکہ) منصوبہ:

| | |
|---|---|
| تنظیم | مزدوروں کی فراہمی |
| راہ نمائی | ترتیب دینا |
| قابو پانا | پلان خاکہ |

یہ انتظامیہ کے حدود کا ایک اہم احاطہ ہے۔ پلان کے معنے مستقبل میں وقتی طور پر ہوکر گذرنے والے کام کا اندازہ جائزہ ہے۔ جس کی وجہ سے پلان کے ذریعے سے ادا کرکے مقاصد اور کارکردگیاں، کام کے فیصلے، سچائی طریقے کار، پروگرام کاروائی اور تخمینہ عمل میں آتے ہیں۔

تنظیم :۔ تنظیم کے معنے انسانی طاقت اور مادی وسائل دونوں کی یکجوئی کے ہیں۔ چند اشیا اور مشینی وسائل کے



©KTBS Not to be republished

ذریعے انسانی وسائل کو یک جوئی کر کے کام کروانا ہی ادارے کے اہم مقاصد ہوتے ہیں۔ ایسے کام کے لیے نمائندہ کو چن کر علاقائی حدود میں نمائندوں کے ذریعے ضروری سہولیات کے ساتھ الگ الگ ادوار میں مزدوروں کا ایک جیسا کام کرنے کروانے کا منشا ادارے کا ہوتا ہے۔

**مزدوروں کی فراہمی:۔** اس اصول کے ذریعے صحیح طریقہ سے تنظیم چلنے کے لیے مزدوروں کا تقرر صحیح انداز سے ہونا چاہیے۔ تقرر، رہائشی، تربیت کے ذریعے حاصل کی جائے گی۔

**راہ نمائی:۔** اس اصول کے ذریعے کام کی تکمیل کے لیے مزدوروں کو رہ نمائی کرنا آپسی بحث ومباحثہ کے ساتھ سمجھوتا، ہدایت، بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والی کارکردگی ہوتی ہے۔ نچلے طبقہ کے مزدوروں کو ہدایت اور حکم کے ذریعے کام کا جائزہ لیا جاتا ہے۔

**ترتیب دینا:۔** اس کے ذریعے اندازہ کئے گئے تکمیلی کام کے لیے مختلف ادارے کے ماہرین سے آسان فہم کے ساتھ سلیقہ سے کام انجام دیا جاتا ہے۔

**قابو پانا:۔** یہ انتظامی کاموں کے لیے اہم کردار ادا کرتا ہے یہ تمام تجارتی انتظامیہ سرگرمیوں کو پورا کرتا ہے یہ تمام انتظامی کاموں پر نظر رکھتا ہے۔ اس کام کی تنظیم کے ہر اعلیٰ عہدہ دار انتظام کو انجام دینا ہوگا۔ قابو پانے کے اہم مقاصد یہ ہیں:

(الف) ادارے میں نظم وضبط کا ماحول پیدا کر کے کی جانے والی سرگرمی پورے طریقہ سے جوڑ کر عمل کیا جانا۔

(ب) گذشتہ منصوبوں کے مطابق لگاتار سرگرمیوں کو جاری رکھنا۔

(ج) ادارے کے تمام مجموعی صلاحیتوں کی ترقی کو بڑھاوا دینا۔

## مشقیں

**I. مندرجہ ذیل سوالات کے جواب ایک یا دو جملوں میں لکھیے۔**

1۔ انتظامیہ کے معنے کیا ہیں؟

2۔ فیصلہ لینا کا مطلب کیا ہے؟

3۔ شخصی فیصلہ اور اجتماعی فیصلہ کے بارے میں لکھیے۔

4۔ انتظامیہ کے اصول میں عہدادار کے ذمہ داریاں کیا ہیں؟

**II. مندرجہ ذیل سوالات کے جواب چار یا پانچ جملوں میں لکھیے۔**



©KTBS Not to be republished

1۔ ہنری فیلور کے مطابق انتظامیہ کے اصول کیا ہیں؟

2۔ انتظامیہ کی کارکردگی لکھیے۔

3۔ عہدادار اور ذمہ داری، مرحلے کی کڑی اور مرکزی اصولوں کے ساتھ تجارتی اداروں کی لئحہ عمل کے بارے میں لکھیے۔

4۔ تجارتی انتظامیہ میں لئے جانے والے فیصلے کی اہمیت کیا ہے؟

5۔ فیصلے کے کردار میں رکاوٹ آنے والے اہم اصول کونسے ہیں؟

6۔ فیصلہ لیتے وقت ذہن نشین کر لینے والے اصول کونسے ہیں؟

7۔ تنظیم اور ادارے انتظامیہ میں کونسے اہم کردار ادا کرتے ہیں؟

8۔ وہ کونسے کام ہیں جو تنظیم پر قابو رکھتے ہیں؟

9۔ قابو میں رکھنے کے اہم اصول کونسے ہیں؟

10۔ تجارتی انتظام میں راہ نمائی اور جوڑ کرا اہم کردار کیا ہیں؟

**III. سرگرمی:**

1۔ آپ کے پڑوسی میں رہنے والے لوگوں میں شخصی تجارت کرنے والے اشخاص سے ملاقات کر کے جانکاری حاصل کر لیجیے کہ وہ روزانہ کس طرح کے فیصلے لیتے ہیں اور اس پر مضمون لکھیے۔

☆☆☆

©KTBS Not to be republished